غداری وخیانت کا فرقہ ، کفر ونفاق کا مجموعہ
الشیعہ
یہودیوں کا ایجنٹ کافر گروہ
هل اتاك حديث الرافضة
للامام الشهيد ابو مصعب الزرقاوی رحمه الله
اجماع اهل العلم والايمان على
رفض دين مجوس طهران للصادق الكرخی
(اردو ترجمه)
اعداد وتقديم :
ابومعاويه حسن علی فاروقی

غداری وخیانت کا فرقہ، کفر و نفاق کا مجموعہ الشیعۃ یہودیوں کا ایجنٹ کافر گروہ

هل اتاك حديث الرافضة

للامام الشهيد ابو مصعب الزرقاوى رحمه الله

اور

اجماع اهل العلم والايمان على رفض دين مجوس طهران للصادق الكرخى

کا اردو ترجمہ

اعداد و تقدیم: ابو معاویۃ حسن علی فاروقی

انٹرنیٹ ایڈیشن:

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

http://www.muwahideen.co.nr

حقوقِ طبع تمام مسلمانوں کے لیے محفوظ ہیں!!

- ☆ اس کتاب کا حق ہے اس کا مطالعہ کیجیے!!
- ☆ دوسروں کو مطالعہ کے لیے دیجیے!!
- ☆ انٹرنیٹ پر دوستوں کو ای میل کیجیے!!
- ☆ اس کے کاپی پرنٹ لیکر تقسیم کیجیے!!
- ☆ بیرون ممالک اردو جاننے والوں کو پہنچایئے!!
- ☆ ان طریقوں پر عمل پیرا ہو کے کتاب کو بڑے پیمانے پر پھیلایا جاسکتا ہے۔
- ☆ اسکی قیمت ہے.........

اگر آپ حق کو سمجھ گئے ہیں تو اپنی ذمہ داری کو ادا کیجیے اور رافضیت کے خلاف توحید وخلافت کے قیام کے لیے جدوجہد کیجیے!!

اللہ ہم سب کا حامی ناصر ہو

(وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤى اَمۡرِهٖ وَلٰـكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ لَا يَعۡلَمُوۡنَ‏)

اور اللہ اپنے امر میں غالب ہے لیکن اکثر لوگ اس بات کو نہیں جانتے

فہرست

انتساب

سیرتِ سید کونین آقا و مولیٰ امام المجاہدین ﷺ کی طرف کہ جس نے مجھے خیر و رحمت اور شجاعت و وفاء معانی سمجھا دیے...

امتِ مسلمہ کی طرف... خیر الامم کی طرف...

ایسے ربانی علماء کی طرف جو اللہ کے دین کے معاملے میں حق بات کہتے ہوئے کسی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے اور سوائے خالق کے کسی سے خوف نہیں کھاتے...

ان داعیوں کی طرف جو لوگوں کو خیر کی بات پہنچانے میں کسی قسم کی سستی و کاہلی کا مظاہرہ نہیں کرتے...

ہمارے سرداروں کی طرف... یعنی مجاہدین کی طرف جو اللہ کی راہ میں اپنے خون کو پانی سے بھی سستا بہا دیتے ہیں... باطل کے ایوانوں کو ڈھانے والے... صلیبی حملوں کو اپنی غیرت مند روحوں کے ساتھ روکنے والے...

ان نیک لوگوں کی طرف جو رات کے تاریک سناٹوں میں کپکپاتے ہاتھ لیے اپنے بھائیوں کے لیے فتح و نصرت کی دعائیں کرتے ہیں... ہر اس شخص کی طرف جو اللہ کی رضاء کی تلاش میں اہل السنۃ والجماعۃ کے منہج پر گامزن ہے...

ہر اس مومن کی طرف جو نبی کائنات کے جانثار صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ اور اہلِ بیتِ اطہار علیہم السلام کے ساتھ سچی محبت کا دم بھرتا ہے...

ان پاکدامن و پاکیزہ و مقدس عورتوں کی طرف جو نئی نسل کی تیاری میں اس لیے جہد وجہد کرتی ہیں تاکہ وہ اسلام کے مجاہد بن کے دین وملت کے دفاع کا فریضہ سرانجام دے سکیں...

میں ان کی طرف اپنے کلمات کا ہدیۃ پیش کرتا ہوں

{اللھم فتقبل منی انك انت السمیع العلیم}

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ

وہی دشمن ہیں پس ان سے بچو!

عراق میں جاری جہاد کے دوران جب اچانک مجاہد حلقوں کی طرف سے شیعہ پر حملوں کا اعلان کیا گیا تو میں بہت حیران ہوا کہ ایسے وقت میں جبکہ اتحاد کی ضرورت تھی اور دوسری طرف مقتدیٰ الصدر بھی ظاہراً مزاحمت کررہا تھا اور اس طرح صلیبی دشمن دو فرنٹ پہ مشغول تھا۔ اس کی ضرورت کیوں آن پڑی کہ اس کڑے وقت میں آپس کی یہ لڑائی چھیڑ دی گئی۔ ظاہر ہے شیعہ کے متعلق بہت سے حقائق جاننے کے باوجود میں بھی ایک عام آدمی کی طرح یہی سوچتا تھا کہ جہاد کی مضبوطی کے لیے ابھی ایسا محاذ کھولنا چنداں ضروری نہ تھا۔

لیکن یہ لڑائی شدید سے شدید تر ہوتی چلی گئی اور بظاہر یوں محسوس ہوتا تھا کہ دشمن شیعہ سنی جنگ چھیڑ کر اپنی گردن بچانے میں کامیاب ہوگیا ہے۔ باہر بیٹھا ہوا آدمی بھی یہی سوچتا تھا کہ یہ کدھر کی ہوا چل نکلی اور اس کی ضرورت کیا تھی!... اس سے بہت نقصان ہوگا!...خانہ جنگی شروع ہوجائے گی!... وغیرہ وغیرہ۔ ایسے کئی خدشات ہیں جو یقیناً اور فطرتاً اذہان میں ظاہر ہوتے ہیں۔ پھر سوچ اس طرف جاتی کہ امام الزرقاوی شہیدؒ نے یہ اقدام اٹھاکے غلطی کی اور خود اسے شروع کیا جس کا خمیازہ جہاد اور مجاہدین کو بھگتنا پڑے گا!

یہ بھی حقیقت ہے جیسے کہ عربی کا مقولہ ہے ''صاحب البیت ادریٰ مافیہ'' گھر کا مالک جانتا ہے کہ گھر میں کیا ہے!۔ بعین ہی اسی طرح میدانِ جنگ سے باہر بیٹھا ماہر تجزیہ نگار سو فیصد درست اندازہ نہیں لگا سکتا کہ جنگ کس رخ پر ہے اور اس کا اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا۔ پس جب تلک میں نے بھی امام الزرقاوی شہیدؒ کے ان تین دروس { بعنوان هل اتاك حديث الرافضه } کو نہ سنا تھا میں

نہ جانتا تھا کہ حقیقت کیا ہے اور کیوں ایسا فیصلہ کیا گیا۔اسی لیے میں نے بڑی شدت کے ساتھ پھر اس مسئلہ کی وضاحت کی ضرورت محسوس کی تاکہ حق سامنے آجائے اور باطل اندھیروں میں گم ہوجائے۔صورتِ احوال کچھ یوں ہے آج امت کو پھر سے ایک تاتاری اور صلیبی حملہ کا سامنا ہے جس میں رافضی وہی کردار ادا کررہا ہے جو اس نے صدیوں پہلے دار لخلافۃ بغداد کی تباہی میں دکھلایا اور پھر عبیدیوں کی حکومت گرنے پر صلاح الدین ایوبی کے خلاف دکھایا۔ تاریخ اپنے آپ کو دہرا رہی ہے ۔اس لیے حالات کی توضیح کے بعد یہ بات سمجھ آتی ہے کہ اس ناسور کو کاٹنا ضروری ہے ورنہ سارا جسم ہی اس مرض کا شکار ہوجائے گا۔پس شیعہ کا کردار اللہ عزوجل کے دین کے خلاف جنگ میں اور جملہ حوادثِ زمانہ میں سامنے آتا ہے جب وہ اسلام کے دشمنوں کے ساتھ ان کے ادیان، قوم اور حکومتوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے ان سے دستِ تعاون دراز کرتے ہیں۔اس کو سمجھنے کے لیے کفر کے ساتھ ان کے تین موجودہ اتحادوں کو جاننا بہت اہم ہے...

(۱)موجودہ رافضی صلیبی اتحاد

(۲)روسی رافضی اتحاد

(۳)رافضی ہندی اتحاد

(۱) موجودہ صلیبی رافضی اتحاد

اس اتحاد کی حقیقت مسلمانوں پر اس وقت آشکار ہوئی جب صلیبیوں نے یہودیوں کے تعاون کے ساتھ اپنے مکروہ منصوبوں کو نافذ کرنے کا آغاز کیا اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے دین کے خاتمہ (لاقدر اللہ) کو اپنا ہدف بنایا۔اس اتحاد کی قبیح شکل دو اہم ترین محاذوں پر سامنے آئی اور وہ ذیل ہیں...

☆ جہادِ افغانستان...شیعہ کا مکروہ چہرا اس وقت ظاہر ہوا جب پوری دنیا میں شیعہ کی سرپرستی کرنے والے مجوسی ملک ایران نے افغانسان کے خلاف صلیبی جنگ میں بدترین کردار ادا کیا اور صلیبیوں کو ہر طرح کا عسکری ولاجسٹک تعاون فراہم کیا۔اس کے ساتھ ہی ایران نے صہیونی امریکی افواج کے لیے

افغانستان کے ساتھ متصل اپنا بارڈر کھولتے ہوئے انہیں راہداری بھی فراہم کر دی۔ اس کے بعد اس نے اپنی افواج کو لڑنے کے لیے اپنے زیرِ اثر شیعہ علاقوں میں شیعہ حزبِ وحدت اور ہزارہ قبائل کی طرف بھیجا اور اس کے ساتھ بدبودار شمالی اتحاد کی بھی بھرپور مدد کی تاکہ سنی حکومت کو گرایا جاسکے جو کہ طالبان کی شکل میں متمکن تھی۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ شیعہ جو افغانستان کے صوبہ بامیان میں ایک اقلیت کے نمائندہ ہیں انہوں نے روس دور میں افغان جہاد کے دوران بھی اپنے باپ ابن اُبیَ سلول کی سنت پر عمل جاری رکھا۔ ان کا کام اس وقت بھی مجاہدین کے راستے کاٹنا، ان کی جاسوسی کرنا اور روسی مفادات کا تحفظ کرنا تھا۔ پھر جب امریکی دشمن یہاں نمودار ہوا تو انہوں نے وہی کردار پھر دہرایا تاکہ وہ افغانستان کے اہل السنۃ کے خلاف اپنے حقد و کینہ کا اظہار کر سکے۔ لہذا جنگ کے شروع ہوتے ہی ایران نے افغانستان کے ساتھ متصل علاقہ ہرات میں اپنا ایک بیس کیمپ بنایا تاکہ طالبان کی مخالف قوتوں کی مدد کی جاسکے اور ساتھ ساتھ صلیبیوں کو مدد بہم پہنچائی جاسکے۔ پھر جب مرتدین کی حکومت قائم ہوئی تو ایران نے سب سے پہلے وہاں اپنا سفارت خانہ قائم کیا تاکہ وہ جاسوسی اور صلیبیوں کے ساتھ منصوبہ بندی کو مزید آگے بڑھا سکے۔ ایران کے رافضیوں کی ذلالت کو ظاہر کرنے کے لیے ان کے ایک مسئول کا یہی بیان کافی ہے ''اگر ایران نہ ہوتا تو افغانستان کا سقوط نہ ہوتا''!!!

☆ جہادِ بلاد الرافدین (عراق)... ہم میں سے کون جانتا ہے اس نجس کردار کو جو عراق کے سقوط میں اور صلیبیوں کے قبضہ میں شیعہ نے اور ان کے مجوسی ایرانی شیعہ بھائیوں نے ادا کیا ہے۔ ایرانی شیعہ تو صدیوں سے عراق پر قبضے کے خواب دیکھ رہے تھے تاکہ وہ وہاں صفویوں اور بویہیوں کی حکومت دوبارہ قائم کر سکیں۔ شیعہ کو کسی دین سے کوئی سروکار نہیں اسی لیے انہوں نے عراق میں سب سے پہلے ایرانی مدد کے تحت صلیبیوں کے ساتھ دستِ تعاون دراز کیا۔ اس وقت عراق میں ایران کے زیرِ اثر چلنے والی چند خبیث شیعہ جماعتیں موجود تھیں جن میں سرِ فہرست تھی ''المجلس الاعلیٰ للثورۃ الاسلامیۃ'' جس کا سربراہ محمد باقر الحکیم تھا۔ اس کے ساتھ شیعہ وفود صبح شام اپنے قبلہ امریکہ کا رخ

کرتے اور ظاہر اً بہتاناً وکذباً "شیطانِ اکبر (امریکہ) کے خلاف جنگ" کا جھنڈا اٹھائے ہوئے جاتے تاکہ وہ اپنے قدیم دینی (صلیبی) بھائیوں کے تعاون واشتراک سے عراق پر قبضے کا خواب پورا کرسکیں۔ جبکہ صلیبیوں اور رافضیوں کے اہداف جلی طور پر سامنے آگئے...

صلیبیوں کو ذیل کے اہداف کے علاوہ کسی چیز سے کوئی سروکار نہیں!!!

☆ عراق کو آئندہ جنگوں کے لیے اپنا بیس کیمپ بنانا اور باقی عالمِ اسلام کے خلاف اپنے مکروہ عزائم کو پورا کرنا یعنی (اللہ انہیں رسوا کرے) اسلام کا خاتمہ!

☆ ان کا دوسرا ہدف عراق سے ابتدا کرتے ہوئے مسلمانوں کے ثروات و وسائل پر قبضہ جمانا ہے۔ اس لیے کہ وہ اپنی اقتصادی مشکلات کو حل کرسکیں اور اہلِ اسلام کے خلاف خون ریزی و قتل و غارتگری کا بازار گرم کرسکیں اور اس لیے بھی کہ یہ کام بہت سارے اموال کا محتاج ہے!

☆ اسرائیل کی حکومتِ کبریٰ کا قیام نیل کے ساحل سے فرات تک۔

☆ مسیح دجال کے لانے میں جلدی جس پر یہ تینوں گروہ یہودی، صلیبی اور رافضی متفق ہیں!

جہاں تک شیعہ کا تعلق ہے تو انہیں اس سے کوئی سروکار نہیں کہ عراق پر یہودی حکومت کرے یا صلیبی کیونکہ ان کا دین ان لوگوں کے مجمل دین کے ساتھ کسی صورت متعارض نہیں ہے۔ ان کا اہم ترین ہدف صرف ایک ہی ہے اور وہ ہے عراق کے اہم ترین کلیدی عہدوں پر قبضہ کرنا تاکہ رافضی یہودی فکر کو پھیلانے اور اہل السنۃ کا خاتمہ کرنے کے لیے انہیں استعمال کیا جاسکے۔ اسی لیے وہ صلیبیوں اور یہودیوں کے لیے راہ خالی کردیتے ہیں تاکہ وہ عسکری اور اقتصادی میدان کو سنبھال لیں اور یہ آرام سے اپنے مکروہ ایجنڈے کو پورا کرسکیں۔ یوں لگتا ہے کہ اس منصوبہ کی تنفیذ کا آغاز ہوچکا ہے۔ جب سے حجازِ مقدس (سعودیۃ) کے مشرقی علاقوں میں شیعہ کو فورسز میں بھرتی کیا گیا تاکہ وہ مستقبل میں اس مقدس سرزمین کی عراق کی طرح تقسیم میں اہم کردار ادا کرسکیں۔ پھر اس کے بعد یہ شیعی ایرانی طوق

عراق و سعودیۃ سے ہوتا ہوا باقی خلیجی ممالک لبنان، اردن اور شام کے علاقوں کو بھی پہنا دیا جائے اور اس کے ساتھ یہودیوں کو نیل کے ساحل سے لیکر فرات تک ان کے تعاون سے عراق کی طرح حکومت مل جائے۔

سیاسی و عسکری منصوبے... عراق میں رافضی صلیبی منصوبہ ساز اب بالفعل خبیث شیعہ تنظیموں کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں جیسے کہ ''المجلس الاعلیٰ للثورۃ الاسلامیۃ ''جس کی قیادت محمد باقر حکیم کرتا تھا اور اب اس کا بھائی عبد العزیز کرتا ہے اور ''فِیْلَقُ البدر'' اس مجلس کا عسکری شعبہ شمار کیا جاتا ہے۔ یہ تمام ایسی افواج ہیں جن کی تنظیم سازی اور عسکری ٹرینگ سب ایران میں ہوئی ہے۔ آج یہی افواج صلیبیوں کے ساتھ مل کر عراق میں پر امن سنی گھروں پر دھاوے بول رہے ہیں اور پھر جو بھی ان کے قبضہ کی مزاحمت کرتا ہے وہ مرد ہو یا عورت پابندِ سلاسل کر دیا جاتا ہے اور اسے زنداں میں پھینک دیا جاتا ہے۔ آج ان کے پاس مخالفین کے لیے ایک ہی تہمت ہے وہ اہل السنۃ کے کسی بھی آدمی پر ''سلفی'' یا ''وہابی'' ہونے کا الزام لگا کر اسے دھر لیتے ہیں۔ پس وہ کسی بھی سنی کو نہیں چھوڑتے جو محض مسجد میں نماز پڑھنے ہی جاتا ہو یا اس کا امام مسجد کے ساتھ کوئی تعلق ہو۔

یہ بات بالکل ڈھکی چھپی نہیں کہ یہ کردارِ بد ادا کرنے والے صلیبیوں کے معاون پولیس کے لوگ، فیلق ''بدر'' کے لوگ، بعض کرد ''البیشمرکۃ'' اور وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنا دین دنیا کے تھوڑے فائدے کے عوض بیچ دیا ہے۔ یہ منصوبے اس قدر خطرناک ہیں جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ صلیبی جس علاقے کو چھوڑتے ہیں وہ ''فیلق بدر'' اور ان کے معاون پولیس و شہری دفاع کے لوگوں کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔ پھر فیلق بدر کے یہ لوگ، فلسطین میں الدروز شیعہ کی طرح لوگوں کے گھروں پر دھاوے بولتے ہیں جسطرح انہیں ان کے آقا یہودی املا کرواتے ہیں۔ ان افعال میں وہ ایسے سفاکانہ جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں کہ یہودیوں کو بھی پیچھے چھوڑ دیتے ہیں۔ پس اسطرح باطنی فرقوں کے ان گروہوں کے افراد اس بد کرداری کو کر گذرنے کے لیے پوری طرح تیار کیے گئے ہیں۔ کیونکہ ان کا عقیدہ و تاریخ اور دین ایک ہے اور تاریخ ان کی حرکات کی گواہ ہے جو انہوں نے

مسلمانوں کے خلاف رقم کی ہے! یہاں ہم رافضی خبیثوں کی طرف سے صادر ہونے والے دواعلانات کو نقل کرتے ہیں جن سے قاری ان کے حقد وکنیہ اور اہل السنۃ کے لیے ان خبیث رافضیوں کی کراہت کا بخوبی اندازہ لگاسکتا ہے...

پہلا وثیقہ...

بسم اللہ الرحمن الرحیم

والصلاۃ والسلام علی محمد رسول اللہ وآلہ المعصومین

اے شیعانِ علی علیہ السلام...

صدّامی سنی کافر نظام کے سقوط کے بعد اور ہماری طرف حکومت کا حق لوٹنے کے بعد اور جس کے عراقی مالک ہیں، ثروات، پٹرول، زراعت وغیرہ، پس ان کا خمس علی علیہ السلام کے شیعہ اور حوزۃ العلمیہ کی طرف سے ہمیں پہنچنا شروع ہوگیا ہے۔ جیسے کہ امریکہ اور برطانیہ نے ہمارے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ ایک سال بعد حکومت ہمارے حوالے کردی جائے گی اور اگلے سال ہمیں اختیارات بھی دے دیے جائیں گے لیکن افسوس کے ساتھ یہ بات سامنے آئی ہے کہ بعض شیعہ عامۃ (سنیوں) کے ساتھ تعاون کرتے ہیں اور عراق میں اور خصوصاً بغداد میں قتل وغارتگری اور لوٹنے کے اعمال میں اور اِفسادی اعمال میں ہمارے ساتھ تعاون نہیں کرتے تاکہ اختیارات ہمارے حوالے کردیے جائیں۔

اس لیے (اے شیعہ) تمہارا اہم ترین کام یہ ہے کہ جس قدر علمی مکاتب ہیں انہیں جلادو اور خاص طور پر دینی مکتبہ جات اور ان پرنٹنگ پریسوں کو بھی جلادو جو ان کی تعلیمات کی کتابیں چھاپتے ہیں جنہیں تفسیرِ قرآن، سنت وحدیث اور تاریخِ اسلامی کہا جاتا ہے تاکہ ہم اس کے بعد قرآن وسنت اور حدیث وتاریخ کی نئی تعلیمات کا آغاز کریں اور اہل بیتِ معصومین کی سنت کو جاری کریں اور لوگوں کو خمینی (ملعون) کی تعلیمات سے آشکار کروائیں اور ہر اس چیز کو چھوڑدیں جو عامہ (سنی) لیکر آئے اور اللہ ہمیں محفوظ رکھے۔

قیادات: قوات بدر

دوسرا وثیقہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلاۃ والسلام علی محمد رسول اللہ وآلہ المعصومین

اے شیعان ابوالحسنین علی سلام اللہ علیہ وعلی آل بیتہ

اللہ تمہیں اور تمہارے ان اعمال میں برکت دے جن میں تم نے جلایا اور سلب کیا اور کافروں کے دور کو ختم کیا۔ اے امتِ علی تمہارے پیچھے ایک مضبوط قوت موجود ہے۔ تم اہل السنۃ میں سے کسی سے بھی نہ ڈرو کیونکہ فیلقِ بدر اتحادیوں کے انتظار میں ہیں کہ کب وہ حکومت ہمارے حوالے کرتے ہیں۔ پس اہلِ انبار، تکریت اور اہل موصل تو قلت میں ہیں اور ہم قوی ہیں اور ہمارا مددگار علی ہے کیونکہ وہ اہل ارض وسماء کا امام ہے۔ موجودہ ایام میں ان کے لیے اپنی دشمنی ظاہر نہ کرو۔ ہم تم سے صرف بغداد پر قبضہ چاہتے ہیں اہل عمارۃ اور جنوب کی جانب سے اور یہ کہ ہمارے قائدین کی تصویریں نشر کی جائیں، ان کے کیسٹ اور وڈیوز نکالے جائیں، سڑکوں، چوراہوں اور گاڑیوں پر، مجلات میں۔ اسی طرح خاص طور پر جب انکی (سنیوں) کی اذانیں بلند ہوں یا ان کے خطبے سنائی دیں تو یہ کام کیے جائیں۔ اسی طرح اگر اہلِ جنوب کے پاس بجلی ہے تو یہ ان کی نہیں پس ان سے بجلی منقطع کر دو۔ ان کی کتابوں کو خرید لو جنہیں وہ ''صحاح'' کا نام دیتے ہیں اور انہیں آگ لگادو۔ ان کی مساجد کو گندا کرو اور ان کی نمازوں کو خراب کرو پس ہمارے ملک میں ان کی کوئی نماز درست نہیں یہاں تک کہ اللہ ان کے خلاف ہماری نصرت کر دے ۔ یہ پیغام جو آپ کی طرف آیا ہے یہ تمہارے امام الحجہ ''عج'' کی وصیت ہے!!!

قیادات: قوات فیلق بدر

(۲)روسی رافضی اتحاد

☆ روسی صلیبی بھی اپنے بھائیوں کی مانند ہیں لیکن ان کا فرقہ آرتھوڈوکس ہے اور ان کا کردار چیچنیا میں اسلام کے خلاف اعلانیہ ہے اسی لیے ہم نے ان کا علیحدہ ذکر کیا ہے اور ایران کے ساتھ محبت کے ان کے رشتے کوئی زیادہ ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔

☆ بعض اوقات کوئی یہ سوال کرتا ہے کہ ان دونوں حکومتوں کے تقارب کی کیا وجہ ہے یہ صلیبی کیمونسٹ ہیں اور وہ رافضی حکومت! اس کا جواب یہ ہے کہ روس جو کچھ چیچنیا کے سنیوں کے ساتھ کر رہا ہے وہی اس تعاون کی کافی وجہ ہے اور ہم نے کسی دن نہیں سنا کہ ایران نے چیچنیا میں مظالم بند کرنے کی اپیل کی ہو جبکہ ایران خود اپنے ملک میں اہل السنۃ کا قتل عام کر رہا ہے۔

☆ پھر اس کا تعاون اس وقت بھی واضح ہوتا ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ ایران وسطی ایشیائی نو آزاد ریاستوں میں اپنا اثر ورسوخ بڑھا رہا ہے اور انہی ریاستوں میں اہل السنۃ پر پابندیاں عائد ہیں۔ وہاں اہل السنۃ کی جانب سے کوئی بھی نشاط، حتیٰ کہ امدادی کاروائیاں بھی دہشت گردی شمار کی جارہی ہیں۔ پھر اس کی اور بھی واضح دلیل یہ ہے کہ ایران کے ایٹمی بحران میں جس بڑی طاقت نے سب سے زیادہ اس کی مدد کی اور ظاہراً اسلام کا دعویٰ کرنے والی ریاست کا ساتھ دیا وہ روس ہی تھا!!!

☆ اس تعاون کا راز یہ ہے کہ ایران کافروں کے لیے کوئی خوف پیدا کرنے والا نہیں اور اسلام کے دشمنوں کی خدمت کا فریضہ اس نے قدیم وجدید بہت ادا کیا ہے۔ اسی طرح کون نہیں جانتا ہے کہ روس قیصری صلیبی مملکت کا وارث ہے۔ پس صلیبی مغرب نے شروع سے ہی ایران کے ایٹمی پروگرام پر خاموشی اختیار کی بلکہ مختلف طریقوں سے اس کی پردہ پوشی کی کیونکہ اس نے روس کو یہ کام سونپ دیا تھا کہ مسلمانوں کے خلاف شیعہ کو مسلح ومضبوط کرے!!!

☆ اس لیے بھی کہ سنیوں اور شیعہ کے درمیان طاقت کا توازن پیدا کیا جائے جبکہ پاکستان ایٹم بم بنانے میں کامیاب ہو گیا ہے۔ پس صلیبی اور یہودی اس کے پیچھے ہیں اور وہ نہیں چاہتے کہ شیعہ کی قوت

کمزور پڑ جائے تا کہ وہ انہیں سونپے گئے اپنے منصوبوں کو مکمل طور پر تکمیل تک پہنچا سکیں۔ باوجود اس کے کہ اس وقت پاکستان پر ایک زندیق مرتد کی حکومت ہے اور وہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اس صلیبی جنگ کا حصہ بھی ہے لیکن اس سب کے باوجود اللہ کے دین کے دشمن اس بات سے خوف کھاتے ہیں کہ کسی دن مسلمان حکومت کی کرسی پر متمکن نہ ہو جائیں۔

☆ پھر اس کا مقصد یہ بھی ہے کہ ایران نے اسلام کے خلاف جنگ میں جو تاریخ کے ادوار میں کردار ادا کیا ہے اسے اسکی خدمات کا صلہ دیا جائے۔ اس لیے ایران کے ایٹمی پروگرام کا مقصد یہ ہے کہ مشرق و مغرب سے مسلمانوں پر ایٹمی طوق ڈال دیا جائے اور انہیں حرکت سے منع کر دیا جائے جب وہ ایک مسلمان حکومت قائم کرنے کی کوشش کریں تو کافروں کی مشرق کی جانب سے بہترین مدد ایران کی طرف سے اور مغرب میں اسرائیلی صہیونیوں کی شکل میں آڑ میسر آئے گی۔

☆ جہاں تک امریکی اعتراضات کا تعلق ہے تو وہ محض دکھلاوے کے لیے اور اس ڈرامے کو پردہ میں رکھنے کے لیے ہیں کہ امریکہ ایران کے ساتھ دشمنی رکھتا ہے ورنہ حقیقتاً ان کی اندرونی محبت اسی طرح ہے۔ ہم اس لیے کہے دیتے ہیں کہ ایرانی ایٹمی معاملہ جوں کا توں قائم رہے گا تا کہ اسلام کے خلاف ان مفادات کا حصول ممکن ہو۔ جو کچھ امریکی دبائو اور بیانات سامنے آرہے ہیں وہ محض آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہیں جبکہ امریکہ اس کوشش میں ہے کہ ایران کو علاقے میں اسرائیل کے بعد طاقتور ترین حکومت بنادے!!!

☆ اسی منظر نامہ کا ایک حصہ شام میں اور لبنان میں "حزب اللہ" نام کی ایک رافضی خبیث جماعت ہے جس کے بارے میں ہم بار بار متعدد مہینوں کے بعد سنتے ہیں کہ اسرئیل کے ساتھ اسکی جھڑپیں ہوئی ہیں جبکہ اس کا اصل کام اسرائیل کی شمالی سرحدوں کی حفاظت اور مجاہدین کا راستہ کاٹنا ہے!!!

(۳) ہندوستانی رافضی اتحاد

یہ تعاون ایرانی مجوسیوں کے ہندو کے ساتھ جلی مظاہر لیے سامنے آتا ہے جبکہ ہندوستان میں اس کا سرگرم کردار بھارتیہ جنتا پارٹی ادا کر رہی ہے جس کا مشن پورے ہندوستان سے اسلام کا خاتمہ ہے۔ یہ پارٹی اسلام کے خلاف دشمنی کا اعلانیہ اظہار کرتی ہے جبکہ دوسری ہندوستانی جماعت کانگریس خفیہ خبیث سیاست کی راہ اپنائے ہوئے ہے۔ ایرانی مجوسیوں کا ہندو کے ساتھ یہ تعاون اپنے اندر مسلمانوں کے لیے تمام مکروہات کا سامان لیے ہوئے ہے۔ کیونکہ ہندو بھی اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے دین کے باقی دشمنوں کی طرح یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ شیعہ کی مسلمانوں کے متعلق نیتیں کیا ہیں؟۔ جہاں تک مقبوضہ کشمیر کا تعلق ہے تو ایران نے اس معاملہ میں انہیں ذلیل کرنے اور ان کے مسئلہ کو ترک کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی جیسے کہ وہ باقی اہل السنۃ کے ساتھ کر رہے ہیں۔

اگر ہم ہندوستان کے اسرائیل کے ساتھ مراسم پر نظر ڈالیں اور پھر ہندوستان اور ایران کے تعلقات دیکھیں تو برائی کی یہ خطرناک تکون اپنے اہداف کے حصول کے لیے مشترکہ کوششیں کرتی دکھائی دیتی ہے۔

یہاں ہم یہ ذکر کرنا نہ بھولیں گے کہ شیعہ یہی کردار ایرانی مجوسیوں کے تعاون سے پاکستان میں ادا کر رہا ہے تاکہ فرقہ پرستی اور لڑائی کو ہوا دیکر شیعیت کے افکار کو پھیلایا جائے۔ یہ کردار صرف سلیم طریقوں تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ شیعہ نے عسکری کاروائیوں کے ذریعے اہل السنۃ کے قائدین کو قتل کرنا شروع کیا اور اس کا سب سے پہلا شکار علامہ احسان الٰہی ظہیرؒ تھے جن کا شیعہ کے عقائد و اباطیل کو ظاہر کرنے میں بہت اہم کردار تھا۔ ان کی کتب نے عربی و اردو زبانوں میں بہت سے حلقوں کو شیعہ کی خرافات سے متعارف کروایا۔ لیکن شیعہ نے باطنی فرقہ کی سنت کو جاری کرتے ہوئے یہ عمل جاری رکھا یہاں تک کہ ایک سلسلہ چل نکلا۔ جس کے بعد پے درپے اعلامِ اہل السنۃ شہید کیے جانے لگے۔ علامہ حق نواز جھنگویؒ... علامہ ضیاء الرحمن فاروقیؒ... اعظم طارقؒ...!!! باطنیوں کا یہی وطیرہ رہا ہے کہ وہ قلت میں ہو کر بھی دلیل و برہان کی بات سے جب عاجز آجاتے ہیں تو خفیہ قتل و غارتگری کی راہ چل

پڑتے ہیں اور اس کے حصول میں مددگار اللہ کے ہر دشمن کے ساتھ تعاون کے لیے ہمہ وقت تیار رہتے ہیں۔

ہمارا موقف...!!!

دشمن کا ہدف یہ ہے کہ وہ مسلمان ملکوں پر قبضہ کر کے انہیں شیعہ اوران کی تربیت گاہوں میں خفیہ طور پر تیار کی گئی ان کے مثل جماعتوں اور باطنیوں کے حوالے کر دے۔ اس کے ساتھ دشمن اہل السنۃ کے ساتھ یہ سلوک کر رہا ہے اور کرے گا کہ انہیں کسی بھی حکومتی مشارکت سے اور تحرک سے دور رکھے بلکہ انہیں تنگ راستوں پر ڈال دے تاکہ وہ اپنے دشمنوں کا آسان ترین شکار بن جائیں... آج جو کچھ عراق میں ہو رہا ہے وہ اس حقیقت کو بالکل واضح کر دیتا ہے۔

جن ملکوں میں رافضی موجود نہیں وہاں دشمن اقلیات پر تکیہ کر لیتا ہے تاکہ وہ ایسے ممالک کی سیاست میں اپنا خبیث کردار ادا کریں جیسے کہ مصر اور سوڈان میں عیسائی۔ اسی طرح جن ملکوں میں ایسے گروہ نہ ہوں تو وہاں کیمونسٹوں کی یتیم اولاد روشن خیالوں کی صورت میں کرسیءاقتدار پر براجمان کر دی جاتی ہے اور وہ اپنے مالکوں کے منصوبوں کو نافذ کرنے میں کچھ بھی پس و پیش نہیں کرتے اور تاریخ اس بات پر شاہد ہے!

دشمن کے منصوبے ناکام بنانے میں جہاد کا کردار

عراق کی صورتِ حال اللہ کے دشمنوں کی توقعات کے بالکل برعکس ہے پس عراق کے اہل الکرامہ اور باقی مجاہد بھائیوں نے ایمان وروحانیت کو قوی بناتے ہوئے امت کو یہ درس پڑھایا کہ امت کو پیش آمدہ مسائل سے نکالنے کا ایک ہی ذریعہ ہے اور وہ ہے ایمان، ہجرت اور جہاد فی سبیل اللہ۔ انہوں نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا کہ یہی راہ دشمن کے منصوبوں کو خاک میں ملا سکتی ہے۔ جبکہ صلیبی اور ان کے شیعہ چیلے صدامی نظام کے گرنے کے بعد یہ خواب دیکھ رہے تھے کہ وہ عراق پر مکمل قبضہ کر لیں گے... لیکن اللہ کافروں کو مسلمانوں پر ہر گز راہ نہیں دینے والا!!

پس عراق میں اہل السنۃ اور باقی ممالک سے ان کے مجاہد بھائی اپنے دین اور اپنی ملت کے دفاع کے لیے لپکے اور انہوں نے قربانی کی ایسی تاریخ رقم کی کہ زبان اس کی توصیف سے عاجز ہے اور ہر خاص وعام کی زبان پر انکا ذکر جاری ہو گیا...

ماذا اقول بوصف ما قاموا به عجز البیان وجفت الاقلام

میں کیا وصف کروں ان کی بطولیت کا کہ بیاں سے باہر ہے اور قلم سوکھ گئے ہیں۔

پس اس جہاد نے شیعہ اور ان کے آقاؤں اور صلیبی نگرانی میں شیعی حکومت کے قیام کے منصوبوں کو خاک میں ملا دیا ہے۔ اس اللہ کی قسم جس کے علاوہ کوئی الہٰ نہیں اگر یہ جہاد نہ ہوتا تو اہل عراق اور اس کے اہل السنۃ دشمن کا سب سے آسان شکار بن جاتے اور اللہ ان پر ذلت ورسوائی مسلط کر دیتا اور ذلیل ترین قوم شیعہ اور اس کے اعوان کو ان پر مسلط کر دیتا... اور یہ سب اس حدیث کے مصداق ہوتا:

{اذا تبایعتم بالعینه واخذتم اذناب البقر ورضیتم بالذرع وترکتم الجهاد سلط الله علیکم ذلاً لا ینزعه عنکم حتیٰ ترجعوا الی دینکم}

جب تم سودی کاروبار کرنے لگو گے اور بیلوں کی دمیں پکڑے کھیتی باڑی میں مشغول ہو جاؤ گے تو اللہ تم پر ذلت مسلط کر دے گا اور اسے اس وقت تک دور نہ کرے گا یہاں تک کہ تم اپنے دین کی طرف لوٹ آؤ (صحیح الجامع)۔

یہ اللہ عزوجل کی سنت ہے کہ جو کوئی اس کے رستے میں اس کے دین کی نصرت کرتا ہے تو اللہ اسے لوگوں میں بلند فرما دیتے ہیں اور اس کا خوف دشمن کے دل میں بٹھا دیتے ہیں۔

مجاہدین ہمارے قائد و سردار ہیں...

اس لیے کہ اللہ عزوجل نے ان کے ساتھ ہدایت، راستے اور کامیابی کا وعدہ کیا ہے۔ جیسے کہ اللہ فرماتے ہیں {سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ} وہ انہیں ہدایت دے گا، ان کے معاملات درست کریگا اور انہیں ان کے لیے بلند کی گئی جنتوں میں داخل کرے گا۔ لہذا امید ان جہاد میں کیے جانے والے فیصلوں کا صحیح ادراک گھر میں بیٹھا ہوا تجزیہ نگار نہیں کر سکتا کیونکہ مجاہدین ہی جہاد کے میدان کے احوال کو سب سے زیادہ جانتے ہیں اور وہ اچھی طرح اس بات کا ادراک رکھتے ہیں کہ کسی بات کی کیا تاثیر ہے۔ اس کی وجوہ درج ذیل ہیں...

(ا) مجاہدین لوگوں میں کامل ایمان والے ہیں کیونکہ وہ عظیم جہاد کرنے والے ہیں اللہ کے اس قول کے مصداق {وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ} اور وہ لوگ جنہوں نے ہماری راہ میں جہاد کیا ہم ضرور انہیں اپنے راستوں کی ہدایت دیں گے اور بے شک اللہ احسان کرنے والوں کے ساتھ ہے (ملاحظہ ہو: الفوائد لابن القیم الجوزیہ/ صفحہ 58)۔

جہاد فی سبیل اللہ دین میں امامت کو واجب کرتا ہے کیونکہ مجاہد لوگوں میں سب سے زیادہ صبر و یقین کا محتاج ہوتا ہے اور اللہ کے اس قول کے مصداق یہی وہ دو صفات ہیں جن کے سبب امامت حاصل ہوتی ہے {وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ أَئِمَّةً يَهْدُونَ بِأَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا ۖ وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ} اور ہم نے ان میں امام بنائے جو ہمارے امر سے ہدایت دیتے تھے بسبب ان کے صبر کے اور ہماری آیتوں پر یقین کرنے کے۔(ملاحظہ ہو: مجموع الفتاویٰ لشیخ الاسلام ابن تیمیہ 28/442)۔

کثیر اہلِ علم کا اس بات پر اجماع ہے کہ جب کسی چیز میں اختلاف واقع ہو جائے تو پھر اہلِ جہاد کو دیکھا جائے کہ ان کا کیا موقف ہے جیسے کہ یہ قول نقل کیا گیا عبد اللہ بن مبارک اور احمد بن حنبل سے آیتِ ہدایت سے استدلال کرتے ہوئے (مصدرِ سابق)

اس لیے سب کو چاہیے کہ مجاہدین کا ساتھ دیں کہ وہی ہمارے قائد و سردار ہیں جن کے پاس صحیح طور پہ قیادت کا حق ہے جبکہ انہوں نے سابقہ تاریخی تجربات سے ثابت کر دیا ہے کہ وہی ہمیشہ دین و

ملت کا دفاع کرنے والے... قربانیاں دینے والے اور... مفسد دشمن کو تباہ کرنے والے ہیں !!۔ اس لیے بھی کہ جب مشکل وقت آتا ہے تو اکثریتِ اہل السنۃ بھی گھروں میں بیٹھی غاصب کے ساتھ نہ صرف تعاون کرتی ہے بلکہ ان کی کٹھ پتلی حکومتوں میں نوکریاں کر رہی ہوتی ہے۔ پھر ان کے پیچھے جن لوگوں کا کردار ہے وہ امت کے چند مخلص نوجوان ہیں پس ان کو اچھے مشورے، نصیحت اور نصرت کے ساتھ یاد رکھنا چاہیے۔

حکومتوں کا کردار...

مسلمان حکومتوں میں اگر چہ اہل السنۃ موجود ہیں لیکن انہیں اس سے کوئی سروکار نہیں کہ اسلام کے خاتمہ کے لیے کیا منصوبے بنائے گئے ہیں اور عسکریت کے ذریعے مسلم ممالک پر قبضے کیے جا رہے ہیں۔ کیونکہ ان کا ایک ہی ہدف ہے ایک ہی چاہت ہے... کرسی پر باقی رہنا اور کرسی کا تحفظ کرنا!!!۔ یہ حکام جنہیں شہوتوں نے اندھا کر رکھا ہے، بھول گئے ہیں کہ ان کے دشمن کسی بھی حد پر نہ رکیں گے اور جتنا مرضی وہ اپنے دین سے روگردانی کر لیں ان کے دشمن اسے کافی نہ سمجھیں گے... یہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا قرآن ہے جو ہمیں اس کی خبر دیتا ہے { وَلاَ يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوا (البقرہ:۲۱۷) } اور وہ تم سے لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ اگر ان کا بس چلے تو تمہیں دین سے ہٹا دیں۔ اسی طرح اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کا فرمان ہے { وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَاءً } اور وہ چاہتے ہیں کہ تم بھی ان کی طرح کفر کرو تا کہ تم دونوں برابر ہو جاؤ!!!

اس صلیبی حملہ میں جسکی قیادت امریکہ کر رہا ہے اور ان حملوں میں جہاں شیعہ صلیبیوں کے تعاون سے مسلمان ملکوں پر قبضہ جمانا چاہتے ہیں... تمام مسلمان حکمران اس کے جواب دہ و ذمہ دار ہیں کیونکہ ان پر امت کے دفاع و حفاظت کا فرض ہے۔ لیکن جب وہ اس مجرمانہ خاموشی کے ساتھ اس صلیبی جنگ میں فعال کردار ادا کرنے لگیں تو ان کا یہ کام انہیں دشمنوں کی صفوں میں لا کھڑا کرتا ہے اور پھر امت کو پورا پورا حق ہے کہ ان کے ساتھ وہی تعامل برتے جس کے وہ حق دار ہیں۔

اس پر ان کا یہ کہنا کہ وہ ان حملوں کو روکنے کی قدرت نہیں رکھتے، انہیں مسئولیت سے بری نہیں کرتا جبکہ انہوں نے قیادت بھی اجنبی کو سونپ دی ہے اور وہ مسلمانوں کی سرزمینوں میں دندناتا پھرتا ہے۔ تاریخ ان کا ذکر ایسے ہی کرے گی جیسے کہ ان جیسے لوگوں کا ہوتا ہے اور اندلس کا حال اور ان طوائف الملوکیوں کا حال ہم سے کچھ زیادہ دور کی بات نہیں جنہوں نے اپنا آپ صلیبیوں کو اس ہدف کے ساتھ بیچ دیا کہ وہ کرسی پر براجمان رہیں... انہیں تاریخ کبھی بطورِ خائن وغدار کے نہیں بھولے گی اور ان کے اس کردار کے سبب مسلمان ملکوں میں ان پر لعنت کی جاتی رہے گی۔ یہ مجروح فلسطین جو اللہ سے ابھی تک شکوہ کررہا ہے... اس دن کا جب مسلم حکمرانوں نے اسے اونے پونے بیچ دیا۔ کاش کہ وہ اس وقت اتنا ہی رک جاتے جتنا کہ خلافتِ عثمانیہ کا آخری خلیفہ عبدالحمید ثانی رکا۔ جب یہودیوں نے اسے فلسطین بیچنے کی پیش کش کی تو اس نے انکار کردیا حالانکہ اس کی حکومت اس وقت دشمنوں کے اقتصادی محاصرہ کے سبب مال کی سخت محتاج تھی۔

علمائے مسلمین کا کردار...

علماء کی مسئولیت و ذمہ داری حکمرانوں سے کسی طور کم نہیں ہے اور اس لیے بھی کہ وہ انبیاء کے وارث ہیں اور خیر کی طرف راہنمائی کرنے والے اور معروف کا حکم دینے والے اور وہ امت کی آنکھوں کی مانند ہیں جس سے وہ حق و باطل کو پہچانتی ہے...اور ان کے بغیر امت ضلالت کے میدانِ تیہ میں سرگرداں پھرتی رہتی ہے۔ یہاں علماء سے ہماری مراد ربانی علماء ہیں جو اپنی زندگیوں کو علم و عمل اور دعوت میں فنا کردیتے ہیں اور اس رستے میں آنے والے مصائب اور اذیتوں پر صبر کرتے ہیں۔ وہ ان لوگوں میں سے ہوتے ہیں جو دنیا کو ہرگز ترجیح نہیں دیتے اور اپنی آخرت کو دنیا کے کم فائدے کی خاطر برباد نہیں کرتے۔ نہ ہی وہ اس بات پر راضی ہوتے ہیں کہ دشمن ان کی سرزمینوں کو روندے اور اسے پامال کرے۔ ربانی علماء تو بطل وحریت کی راہ چلتے ہیں اور ہمیشہ جہاد و شہادت کے ذکر کی تذکیر کرتے ہیں۔ پھر جب امت پر کڑا وقت آتا ہے تو وہ امت کی قیادت کرتے ہوئے اسے معرکوں کے میدان میں

لے جاتے ہیں اور رشد و ہدایت کی راہ دکھاتے ہیں... ایسے ہی ہمارے اسلاف تھے اور وہ ایسے ہر گز نہ تھے کہ محض علم کے حلقات پر تکیہ کر کے بیٹھ جائیں۔

امت کے وجود کا دفاع حتمی طور پر ان کی رائے پر موقوف ہوتا ہے اس لیے علماء پر یہ واجب ہے کہ وہ حق جہراً کھل کر بغیر کسی طاغوت سے خوف کھائے بیان کریں تاکہ وہ اللہ کی وعید کا مصداق نہ ٹھہریں۔ اللہ فرماتے ہیں {إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ مِن بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ ۙ أُولَٰئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللَّاعِنُونَ} بے شک وہ لوگ جو ہماری نازل کردہ ہدایت کو کتاب میں ہمارے بیان کیے جانے کے باوجود چھپاتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ لعنت کرتا ہے اور لعنت کرتے ہیں لعنت کرنے والے۔ اور ان پر لازم ہے حق کو ڈنکے کی چوٹ کہنا... {الَّذِينَ يُبَلِّغُونَ رِسَالَاتِ اللَّهِ وَيَخْشَوْنَهُ وَلَا يَخْشَوْنَ أَحَدًا إِلَّا اللَّهَ...} وہ لوگ جو اللہ کی رسالت کا پیغام پہنچاتے ہیں اور اللہ کے علاوہ کسی سے نہیں ڈرتے... اور انہیں ڈرنا چاہیے کہ وہ لوگوں کو حق سے گمراہ کرنے کا وسیلہ بن جائیں {لِيَحْمِلُوا أَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمِنْ أَوْزَارِ الَّذِينَ يُضِلُّونَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ أَلَا سَاءَ مَا يَزِرُونَ} کہ قیامت کے دن وہ اپنا کامل بوجھ اٹھائیں گے اور ان لوگوں کا بوجھ بھی اٹھائیں گے جنہیں وہ بغیر علم کے گمراہ کرتے ہیں تو کیا ہی برا بوجھ ہے جو وہ اٹھائیں گے۔ اس گمراہی میں سے یہ ہے کہ غاصب دشمن کے قبضہ کو تسلیم کرنے کے لیے امت کے سامنے باطل عذر پیش کیے جائیں، عدمِ قدرتِ مزاحمت اور ولی الامر کی عدم مواقفت کے بہانے بنائے جائیں۔ پھر اس کے بعد وہ دوسری بعید اشیاء میں امت کو مشغول کر دیتے ہیں اور اہم ترین امور کو ترک کر دیتے ہیں۔ پس اولین ترجیح جس بات کے بیان و توضیح کی ہونی چاہیے وہ ہے ... ''موجودہ صلیبی جنگ''!! جسے صلیبیوں نے امت کے خلاف شروع کر رکھا ہے۔

ایسے لوگ جو اپنی نسبت علم کے ساتھ کرتے ہیں اور پھر وہ چاہتے ہیں کہ امت دشمن کے ہاتھوں لٹتی رہے اور وہ اس کا خون بہائے، اس کی عزتوں کو پامال کرے اور ان کے وسائل لوٹے... تو وہ سوائے علماء ومشائخ سوء کے اور کچھ نہیں ہیں جنہوں نے اپنا دین دنیا کے تھوڑے فائدے کی خاطر بیچ دیا

ہے۔ پھر ان میں ایسے ہیں جو جہاد سے منع کرنے کے فتوے داغتے ہیں اور اسے فتنہ قرار دیتے ہوئے اس سے بھاگنے کا درس دیتے سنائی دیتے ہیں۔ بعض ان میں تنخواہ دار ہوتے ہیں اور وہ اپنے حاکم کے باطل احکام کی بھی تعمیل کرتے ہیں کیونکہ ان کو اپنی نوکری بچانا ہے اور ''سلامتی'' اختیار کرنا ہے۔ بلکہ ایسے لوگ اپنے افعال کے لیے ان باطل فتووں کا سہارا لیتے ہیں تاکہ وہ اپنے آپ کو ''پکڑ'' سے بچالیں!!

ان لوگوں کا کردار ان صوفیوں کی طرح ہے کہ جب امت اپنے دشمن کے خلاف خونریز معرکہ میں مشغول تھی تو وہ اپنے ذکر میں مشغول تھے۔ یہ ایسے گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جن کی تاثیر صرف جاہلوں پر ہی ہوتی ہے یا ان لوگوں پر جو ان کے منہج پر چل رہے ہوتے ہیں!!!

اس لیے علمائے صادقین کو چاہیے کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے لیے کھڑے ہو جائیں اور اپنا کردار ادا کریں جیسے کہ اس کا حق ہے۔ ورنہ میدان اوپر مذکور گمراہوں اور جاہلوں کے لیے کھلا رہ جائے گا اس لیے وہ اپنے کندھوں پر پڑی بھاری ذمہ داری کو محسوس کریں اور امت کے سامنے بیان کریں کہ دشمن کے ساتھ اسے کیسا تعامل کرنا ہے... کہ یہی وہ فریضہ ہے جس کے لیے اللہ نے انہیں اپنی رسالت کا پیغام پہنچانے کے لیے منتخب کیا ہے۔

''حزب اللہ'' اور امت کی حالت!!!

موجودہ حالات میں اس جماعت کا کردار جو خود کو ''حزب اللہ'' کہتی ہے بہت خبیث ہے۔ اس شیعی رافضی جماعت نے موجودہ حالات میں معاملات کو ملوّن کرنے میں بہت چالاکی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس نے دشمن کے سامنے یہ ظاہر کیا ہے کہ شیعہ ہی غاصب کے سامنے کھڑے ہیں اور اس کے لیے انہوں نے ''تحریکِ مزاحمتِ اسلامیہ'' کا بھیس بھی استعمال کیا ہے اور فلسطینی کارڈ کو بھی خوب استعمال کیا ہے کیونکہ وہ امت کا حساس ترین مسئلہ ہے۔ یہاں سے اس حزب نے لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونکنے اور انہیں گمراہ کرنے کا کام شروع کیا ہے۔ ایسے لوگ ان کا آسانی سے شکار ہو گئے ہیں جو شیعہ کی حقیقت اور اس کے خبیث کردار سے واقف نہیں۔ کون نہیں جانتا کہ یہ حزب ایران کی

سرپرستی اور یہودیوں کی ''برکت'' سے چل رہی ہے اور اسے لبنان کے پڑوسی ممالک کی حمایت بھی حاصل ہے۔ اس حزب کے اہداف کا خلاصہ یہ ہے...

(۱) جنوب سے ابتدا کرتے ہوئے لبنان کے کونے کونے میں شیعیت کو پھیلانا اور سنیوں کا مکمل خاتمہ کرنا!

(۲) لبنان میں اہل السنۃ کی جماعتوں کو ختم کرنا اور انہیں کسی بھی حکومتی عہدہ تک پہنچنے سے روکنا اور معاشرے کی لگام شیعہ اور عیسائیوں کے ہاتھ میں دینا!

(۳) غاصب اسرائیلیوں کے خلاف دشمنی کا ڈرامائی کردار ادا کرنا تاکہ شیعہ کی خیانتوں اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے دین کے دشمنوں کے ساتھ ان کے تعلقات کی شہرت کو کم کیا جائے!

(۴) عام اہل السنۃ کو فلسطینی مسئلہ کی نصرت کے معاملہ میں گمراہ کرنا اور وحدتِ مزاحمت کے پردہ میں سنیوں کو نوکریاں دینا تاکہ ایران کے لیے پراپیگنڈہ کیا جائے۔

(۵) لبنان کو صلیبیوں اور شیعوں کے تمام منصوبوں کی تکمیل کے لیے آماجگاہ بنانا۔

وہ بات جو ہم کہتے ہیں اس کی سچائی کی دلیل اس حزب کا وہ موقف ہے جو اس نے موجودہ احداث میں اپنایا۔ افغانستان پر قبضہ سے لیکر عراق تک شیعہ کی مناصرت اور اجنبی غاصب کی تائید اور اس اثناء میں عوام کو دھوکہ میں مبتلا رکھنے کے لیے امریکہ کے خلاف دشمنی کے جھوٹے کھوکھلے دعوے!!

جبکہ قطعی دلیل جو کسی بھی ادنیٰ سے شک کو باقی نہیں چھوڑتی ہے وہ اس حزب کے سابق ''امین۔ صبحی الطفیلی'' کا بیان ہے جس میں اس نے اس حزب کو اسرائیل کا ایجنٹ اور اسکی شمالی سرحدوں کا محافظ بیان کیا ہے۔ پس میرے ساتھ آپ اس کی گواہی کو سنیں جو اس نے ''الجزیرۃ اور العربیہ'' چینل میں دی۔ اگرچہ العربیہ چینل کے دشمن کا نیٹ ورک ہونے کے باعث میں اس کو نقل نہیں کرنا چاہتا لیکن میں نے نبی ﷺ کے اس قول کے مصداق عمل کیا{صدقك

وھوکذوب} اس نے تجھ سے سچ کہا جبکہ وہ جھوٹا ہے! جبکہ الجزیرہ کے بارے میں بحث کا یہاں موضوع نہیں!! یہ ملاقات جو 23 جولائی 2004 کو ہوئی وہ کچھ یوں ہے...

پروگرام کے میزبان نے کہا "گویا کہ آپ حزب اللہ پر الزام لگارہے ہیں کہ وہ اسرائیلی سرحدوں کی حفاظت کرتی ہے؟!!

صبحی الطفیلی: ہاں... میں کیا الزام لگاؤں اور کیا کوئی ایسا ہے جو اس میں شک کرتا ہو۔ جب سے اسرائیلی اس معاہدے کے ساتھ نکلے ہیں 1996 سے جس میں حزب اللہ نے اعتراف کیا کہ وہ فلسطینی مزاحمت کاروں کو اسرائیلی اہداف کو نشانہ بنانے کی اجازت نہ دے گی۔ یہ ارضِ لبنان کے اندر لبنانی مزاحمت ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ لبنان میں اسرائیلی فوجی موجود ہیں اور انہیں لڑنے کا حق ہے لیکن فلسطین کے معاملے میں اس کی آزادی کے مسئلہ میں مجاہدین کو کوئی حق نہیں... یہی اصل مصیبت ہے!!

اسی طرح العربیہ چینل میں اس نے کہا "کہ اسرائیلی سرحدوں پہ موجود حزب اللہ کا کام اسلحہ اٹھا کر اسرائیلی سرحدوں کی حفاظت کرنا ہے اور جو اس کی تصدیق نہیں کرتا تو وہ وہاں جاکر اسرائیل کے خلاف کوئی کاروائی کرنے کی کوشش کرکے دیکھ لے تاکہ وہ دیکھے کہ اسے کون منع کرے گا... اسے جیل میں ڈالے گا... تعذیب دیگا... اور اس سے کون انتقام لے گا...!

اور جو کوئی ان دو ملاقاتوں کی زیادہ تفصیل چاہتا ہے تو وہ ان چینلوں کی ویب سائٹوں پر موجود ہیں جاکے دیکھ لے تاکہ اس کے لیے حجت قائم ہو جائے... اور وہ بھی جو ابھی تلک رافضیوں کے ساتھ خیر کا جذبہ رکھتا ہے اور ان کے حقیقی تاریخ وعقائد کو بھلائے ہوئے ہے!!!

موجودہ صلیبی جنگ میں مسلمانوں کا کردار...

اب تک صلیبیوں اور شیعہ کے اتحاد کے بارے میں جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے وہ کافی ہے لیکن اہم سوال یہ ہے کہ ہم مسلمانوں کا کیا کردار ہے؟!!... شر کے اس محور کو ختم کرنے میں جس کے پیچھے صہیونی

ہیں جو اپنے اہداف کے لیے ہر دو طبقہ کو استعمال کر رہے ہیں۔اس موضوع میں ہم ہر مسلمان سے مطلوب کردار کو ذیل کے نقاط میں بیان کرنا چاہتے ہیں۔

(۱) رافضہ کی معرفت اس کے حقیقی روپ میں، اور ان کے افکار کی اطلاع اور ان کے اسلام سے انحراف کا علم اور ان کے ساتھ عدم حسنِ ظن رکھنا چاہیے۔اس کے ساتھ ہر مسلمان پر واجب ہے ان کے مکر وفریب پر گہری نظر رکھے!!!

(۲) اسی طرح پوری باریک بینی کے ساتھ رافضی صلیبی اتحاد پر نظر رکھیں تاکہ امت ان کے دھوکہ میں مبتلا ہو کر کسی بڑے خطرہ میں نہ گھر جائے اور اس اتحاد کے خلاف لڑنے کی تیاری کرے اور ان دشمنوں کی جانب سے ہمیشہ بد سے بدتر سلوک کی توقع رکھے کیونکہ یہ اخلاق و دین سے عاری لوگ ہیں۔

(۳)مسلمان اہل السنۃ کے ساتھ مسلسل رابطہ میں رہے اور ان سے جڑا رہے تاکہ ان کی قوت بڑھے اور وہ مل کر دشمن کے خلاف بہتر تیاری کر سکیں۔

(۴) ان غفلت میں پڑے لوگوں کو خبر دار کرے جو ابھی تک رافضیوں کے ساتھ خیر کی توقع اور امیدیں وابستہ کیے ہوئے ہیں۔انہیں بتائے کہ کس طرح یہ لوگ اللہ کے دین کے دشمنوں کے ساتھ ہر قسم کا تعاون کرنے کے لیے مستعد ہیں تاکہ وہ مل کر اس دین کا خاتمہ کر دیں۔

(۵)دشمن کے ان منصوبوں کا قلع قمع کریں جس کے ذریعے وہ شیعیت کے افکار کو پھیلانے کی سعی کر رہا ہے۔اس کی ایک صورت یہ ہے کہ لوگوں کے سامنے ان کی رسوائیت پسندی اور رذالتوں کو بیان کیا جائے اور اسلام کے مفاہیم کو کتاب وسنتِ صحیحۃ کی روشنی میں نشر کیا جائے۔اس کے ساتھ ساتھ ان کوششوں کو بھی روکا جائے جن کے تحت بعض اسلامی ممالک میں رہن سہن کے انداز کو تبدیل کیا جارہا ہے۔یہ کام شیعہ بڑے منظم انداز میں کر رہے ہیں جس میں اس صلیبی جنگ کی لپیٹ میں آئے ملک خاص طور پر شامل ہیں۔

(٦)موجودہ دور کے فتنوں کے سامنے لوگوں کو توحید کی طرف بلایا جائے اور انہیں اہل السنۃ والجماعۃ کے منہج پر گامزن ہونے کی تاکید کی جائے۔کیونکہ توحید ہی وہ بہترین وسیلہ ہے جس کے ساتھ ان رافضی باطنیوں کے افکار کو روکا جاسکتا ہے۔اس لیے بھی کہ انبیاء علیہم السلام کی دعوت توحید کے ساتھ ہی پھیلی اور جب لوگ توحید کو جان جائیں گے تو اسی کے ذریعے شرک کے مظاہر ختم ہوں گے۔

(٧) مسلمانوں کے امور کا اہتمام کیا جائے اور ان کے حالات کے ساتھ تفاعل برتا جائے اور انہیں انانیت وذاتیت سے نکالا جائے اور انہیں اس بات کی یاد دہانی کروائی جائے کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے اور اس بھائی چارے کے سبب دوسرے مسلمان کی نصرت، نصیحت، اور مشکل وقت میں مدد واجب ہے!! جیسے کہ حدیث میں ہے:

{ ما من امریء یخذل امرءا مسلما فی موطن ینتقص فیہ من عرضہ وینتھك فیہ من حرمتہ الا خذلہ اللّٰہ تعالیٰ فی موطن یحب فیہ نصرتہ وما من احد ینصر مسلما فی موطن ینتقص فیہ من عرضہ وینتھك فیہ من حرمتہ الا نصرہ اللّٰہ فی موطن یحب فیہ نصرتہ}

جو کوئی اپنے مسلمان بھائی کو ایسے موقع پر رسوا کرتا ہے کہ اس کی عزت پامال ہو رہی ہو اور اس کی حرمت لُٹ رہی ہو تو ایسے شخص کو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ایسے ہی موقع پر ذلیل کرے گا جس میں وہ اس سے نصرت کی امید لگائے ہوئے ہو گا اور جو اپنے مسلمان بھائی کی ایسے موقع پر نصرت کرتا ہے جہاں اس کی عزت پامال ہو رہی ہو اور اس کی عزت لٹ رہی ہو تو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ایسے شخص کی نصرت کرے گا جہاں وہ اس سے نصرت چاہے گا(صحیح الجامع)

(٨)مسلمانوں کو اپنے مسلمان بھائیوں کی نصرت کے لیے نکلنے کی ترغیب دینا اور انہیں عصبیت اور قومیت کے بھنور سے نکالنا۔انہیں سمجھانا کہ ہمارا سارے مسلمانوں کے ساتھ تعلق صرف اسلام کا ہے اور یہ تعلق ہر تعلق سے قوی ہے جیسے کہ ابن قیم کہتے ہیں{أخوۃ الدین انسب من

أخوۃالنسب } دین کا بھائی چارہ نسب کے بھائی چارے سے زیادہ قوی ہے۔ ان کے غم ایک ہیں وہ دوسرے علاقوں میں بسنے والے افراد ملت کو اتنا ہی اپنے جسم کا حصہ سمجھتے ہیں جتنا وہ اپنے علاقہ کے لوگوں سے محبت رکھتے ہیں۔ ان کے غم اور دکھ ایک ہیں، وہ امتِ واحدہ ہیں اور جب ان کے جسم کے کسی ایک حصہ میں درد ہوتا ہے تو سارا جسم تکلیف میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ یہ سب باتیں اللہ کے دین کے دفاع کی مسئولیت کو تمام مسلمانوں پر فرضِ عین کردیتی ہیں بصرفِ نظر ان کے وطنوں، رنگ وقومیتوں اورذاتوں کے!!!

(۹)علم کا حصول اپنے اوپر واجب سمجھنااور دشمن کے منصوبوں کا احاطہ کرنااللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے اس قول کے مصداق { وَكَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ } اور ہم آیات کو کھول کھول کر بیان کرتے ہیں تاکہ مجرموں کا راستہ واضح ہوجائے۔اس لیے امت کو چاہیے کہ وہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے قول {وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم ...الخ }کے مصداق عمل کرے اور دشمن کو اپنی تیاری کے ساتھ دہشت زدہ کرے اور اسے مرعوب رکھے۔پس مسلمان اپنی جانوں کو ایمانی و بدنی دونوں طور پر تیار کریں اور گھر بیٹھ کے دشمن کا انتظار نہ کرتے رہیں۔

آخر میں، میں کہتا ہوں...

آج امت پہ جو افتاد بن پڑی ہے اسے دیکھ کر ہر مومن کا دل خون کے آنسو روتا ہے۔ کہ زمین کا کوئی چپا ایسا نہیں جہاں کہیں پانی کی طرح روانی کے ساتھ بہتا ہوا خون اگر نظر آتا ہے تو وہ کسی اور کا نہیں بلکہ ماضی قریب میں انسانیت کی اس قائد ملت کا ہے جس نے آتش پرستوں کے وجود کو مٹاڈالا تھا... جس کی اذانوں نے اس زمین کے ہر کونے کو نغمہءتوحید سے معمور کردیا تھا... جس کی دعوت نے انسانیت کو باطل ادیان کے ظلم وجبر سے آزاد کروادیا تھا... جس کے فرشتہ سیرت کردار نے الحاد وزندقہ میں ڈوبے انسانوں کو انگشت بدنداں ہونے پر مجبور کردیا تھا... مدینہ سے لیکر ہندوستان کے ساحلوں تک بائیس لاکھ مربع میل پر حکومت کرنے والی جن کی فوج کو جب کوئی مفتوحہ علاقہ خود سے چھوڑنا پڑتا تھا تو

مفتوح اقوام خود آ کے انہیں عرض کرتی کہ ہمیں چھوڑ کے نہ جاؤ اور کہتیں {لعدلکم احب الینا من ظلم حکامنا مع انکم علی غیر دیننا} تمہارا عدل ہمیں اپنے حکمرانوں کے ظلم سے زیادہ محبوب ہے باوجود اس کے کہ تم ہمارے دین پر نہیں ہو!!! لیکن آج وہ کہاں ہیں... زمین میں ایسے لوگوں کا نشان تک نہیں ملتا...!!! اس کے ساتھ ساتھ قاری کو یہاں اچھی طرح غور کرنا چاہیے کہ کیوں کافر یہودی وصلیبی ہمیں تعلیمی نصاب میں اپنی تاریخ پڑھنے کے بجائے اپنے بدکرداروں کی تاریخ پڑھنے پر لگانا چاہتے ہیں۔ اس کا سبب صاف واضح ہے کہ جب ہم اصل تاریخ سے روشناس ہوگئے تو آئندہ نسلیں اپنے دشمن کو اچھی طرح پہچان لیں گی اور اس کے سدِباب کے لیے سعی کریں گی۔ اسی لیے بعض کمینے ہمیں ہندوستان کی تاریخ یہ کہہ کر پڑھانا چاہتے ہیں کہ پاکستان بھی ہندوستان کا حصہ ہے اور ہماری ثقافت ایک ہے!!!

پس میں اپنے آپ کو اور امت کو اس بات کی دعوت دیتا ہوں کہ اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کی طرف لوٹیں اور اس کے دین کے ساتھ تمسک کریں۔ امت کو پیش آمدہ متوقع خطرات کے حجم کا اندازہ کریں اور اس کے لیے تیاری کریں!!!... اور مبارکباد کا مستحق ہے وہ مسلمان جس نے اپنے نفس کو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی راہ میں قربان کر دیا اور دنیا کی جاہ حشمت کو اپنے پیروں تلے روند ڈالا... اور افسوس کا مستحق ہے وہ مسلمان جو اپنی خواہش کا غلام بنا رہا اور شقی القلب بن کے زندگی گزارتا رہا اور مسلمانوں پر بیتنے والی قیامت سے آنکھیں بند کیے رہا... ہم اسے اس کے خالق ومالک رب کی ان آیات میں تدبر کی دعوت دیتے ہیں

{ وَكَمْ قَصَمْنَا مِن قَرْيَةٍ كَانَتْ ظَالِمَةً وَأَنشَأْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا آخَرِينَ فَلَمَّا أَحَسُّوا بَأْسَنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَرْكُضُونَ لَا تَرْكُضُوا وَارْجِعُوا إِلَىٰ مَا أُتْرِفْتُمْ فِيهِ وَمَسَاكِنِكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْأَلُونَ قَالُوا يَا وَيْلَنَا إِنَّا كُنَّا ظَالِمِينَ فَمَا زَالَت تِّلْكَ دَعْوَاهُمْ حَتَّىٰ جَعَلْنَاهُمْ حَصِيدًا خَامِدِينَ }

اور بہت سی بستیاں ہم نے تباہ کر دیں جو ظالم تھیں اور ان کے بعد ہم نے دوسری قوم کو پیدا کر دیا۔ جب انہوں نے ہمارے عذاب کا احساس کر لیا تو لگے بھاگنے۔ اب بھاگ دوڑ نہ کرو اور جہاں تمہیں آسودگی دی گئی تھی وہیں لوٹو اپنے مکانات کی طرف جاؤ تا کہ تم سے سوال تو کر لیا جائے۔ کہنے لگے ہائے ہماری خرابی بے شک ہم ظالم تھے۔ پھر تو ان کا یہی قول رہا یہاں تک کہ ہم نے انہیں جڑ سے کٹی ہوئی کھیتی اور بجھی پڑی آگ کی طرح کر دیا(الانبیآء 11-15)۔

ہم اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ مسلمانوں کو ان کے دشمنوں کی چالوں سے محفوظ رکھے اور ان کی دشمن کے خلاف مدد کرے اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہماری آنکھوں کو اپنے دین کی نصرت و تمکین کے ساتھ ٹھنڈا کرے... عرب و عجم کے حکمرانوں پر ہمیں ایسا دن دکھائے جس سے ہمارے سینے ٹھنڈے ہو جائیں۔

انه على ذالك قدير وبالاجابة جدير

اخوکم فی الدین

ابو معاویۃ حسن علی فاروقی حفظہ اللہ

هل اتاك حديث الرافضة

کا اردو ترجمہ

کیا تجھے رافضیوں کی خبر پہنچی ہے؟

للامام الشهيد:

احمد فضيل نزال الخلايله { ابو مصعب الزرقاوی رحمہ اللہ }

صاحب مضمون امام الشہید ابو مصعب الزرقاویؒ

تُبکی الصخور لوضعها المأساوی		یا للرجال لحرۃ مأسورۃ
أسد الثّری وقریعها الزرقاویؒ		صرخت۔۔۔۔فعاد لها صداها خلفه
من باول للخائن الغرباوی		غضبان یجزی المجرمین بجرمهم
بالسیف لا بوثیقة وفتاوی		بکتیبة خرساء أسمع صوتها
اعمیٰ أصماً ان دعاه الغاوی		لم یرتض عیش الخلوف کأنه
ك المدخلی ویوسف القرضاوی		لا تسمعن لمرجف ومخذلٍ
وأتی بنهج للعراق سماوی؟!		أیُذم من رکع الصلیب أمامه
وأتی بنهج للعراق سماوی؟!		أیُذم من رکع الصلیب أمامه
فی منبر التوحید خیر مداوی		ان کنت مکلوماً بشبهة خائن

☆ اے طوفانوں میں گھرے آزاد جوانوں تمہاری تکالیف دیکھ کر چٹانیں بھی رو دیتی ہیں

☆ جب میں چیخا تو اسکی کی گونج سے صدا آئی زمین کا سردار شیر "الزرقاوی" ہے

☆ وہ ایسا غضبناک ہے جو پاول اور اس کے خائن چیلوں کو ان کے جرم کی سزا دیتا ہے

☆ ایک ایسے گرجدار گروہ کے ساتھ جسکی آواز فتووں اور بیانات کی نہیں بلکہ تلوار کی آواز ہے۔

☆ اگر کوئی اسے دنیا کی طرف بلائے تو جہاد سے پیچھے رہنے کی زندگی پر وہ ہرگز راضی نہیں ہے

☆ کسی بھی رسوائیت پسند کی طرف تو دھیان نہ دے چاہے وہ مدخلی ہو یا پھر یوسف قرضاوی!

☆ کیا وہ شخص مذمت کے لائق ہے کہ جس کے سامنے صلیب جھک گئی اور اس نے عراق کو آسمانی منہج پہ لگا دیا۔

☆ اگر تو اس نہج کے بارے میں کسی شبہ کا شکار ہے تو منبر التوحید پہ تیرے شکوک رفع ہو جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا تجھے رافضیوں کی خبر پہنچی؟

بسم اللّٰہ الذی له الحکم والامر کله والیه المعاد، والحمد للّٰہ الذی قدر الافتراق لھذه الامة فرقاً فلاتقارب ولایکاد، والصلاۃ والسلام علی من استثنیٰ من ھذه الفرق بالنجاۃ واحدۃ ومن عداہم وعاداھم یکاد۔

امابعد...!

ہم نے تاریخ کا مطالعہ کیا تو اس کے ماضی و حاضر میں اور نہ ہی آنے والے مستقبل میں ہم نے کوئی ایسی قوم رافضیوں سے بدتر پائی ہے جس کی سیرت قباحتوں سے بھرپور ہو۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ان رافضیوں کو رسوا کرے کہ جنہوں نے اس کے دین کو بدل ڈالا اور اس کے سیدھے رستے کو ٹیڑھا کر دیا۔ اس اعلیٰ دین کو انہوں نے ادنی معاملات سے بدل دیا اور یہودیوں کی خباثتوں اور عیسائیوں کی گمراہیوں کا ملغوبہ لے کر ایک ایسا دین نکالا تاکہ وہ نیا دین اسلام کے دشمنوں کے ادیان سے مناسبت رکھے۔ وہ ایک ایسا دین لے کے آئے جو اس بات کی تعلیم دیتا ہے کہ اس امت کے آخری لوگ اس کے پہلوں پر (نعوذ باللہ) لعنت بھیجیں، قرآنِ مجید کا مکمل انکار کر دیں، شریعت کو معطل کر دیں، قبلہ کے بارے میں شرک کا ارتکاب کریں، یہاں تک کہ مسلمان اپنے قبلہ کو چھوڑ کر کربلا و مشہد کی طرف رُختِ سفر باندھنے لگ جائیں اور مسلمانوں میں دین کے نام پر فحاشی کو پھیلایا جائے۔

اس لیے ہم نے اپنے رب سبحانہٗ وتعالیٰ کی طرف معذرت کرتے ہوئے لازمی سمجھا کہ ہم اس قوم کے جرائم کو بے نقاب کر دیں تاکہ شاید وہ باز آجائیں۔

قبل اس کے کہ ہم رافضیوں کی جملہ خیانتوں کے متعلق گفتگو کریں ایک بات کو مد نظر رکھ لینا بہت ضروری ہے کہ!

جب ہم لفظِ ''رافضہ ''بولتے ہیں تو اس سے ہماری مراد وہ بڑا گروہ ہے جو ان ایام میں موجود ہے اور وہ ہیں ''شیعہ جعفریہ، اثناعشریہ'' ۔ اس بات کو بھی ملحوظ رکھنا چاہیے کہ ائمہ نے ان کے اندر موجود ان تمام غالی فرقوں کا اعتبار کیا ہے جو کہ امامیہ کی طرف منسوب ہیں۔ پس جب وہ ان گروہوں، آدمیوں اور حکومتوں کے متعلق بات کرتے ہیں تو اس وقت ان کی مراد تمام وہ لوگ ہوتے ہیں جن کی نسبت ''شیعیت'' کی طرف ہوتی ہے، چاہے وہ اسماعیلیہ سے ہوں، باطنیہ سے ہوں یا وہ دہریہ زندیقوں میں سے ہوں یا غالی مجسمہ میں سے ہوں۔ مثال کے طور پر جب وہ حکومتوں کا ذکر کریں جو کہ پہلے ادوار میں تھیں جیسے کہ فاطمیوں کی حکومت تو ان کی مراد شیعیت ہے حالانکہ وہ اثناعشریہ نہیں تھی۔

اس کے بعد ہم اللہ عزوجل کی توفیق کے ساتھ کہتے ہیں۔

اولاً...

رافضیت ایسا دین ہے جو نبی ﷺ کے لائے ہوئے دین سے بالکل مختلف ہے:

یہ ممکن ہی نہیں کہ شیعیت اسلام کی اکثر فروع واصول میں موافقت کر جائے۔ ایسا کیوں نہ ہو جبکہ ان کے بڑے مزعومہ آیۃ اور علماء نے دلائل کے درمیان ترجیح کے ایسے قواعد مرتب کیے ہیں کہ جو بات اہل السنۃ کے مخالف ہو اسے وہ ''العامہ'' کا نام دیتے ہیں اور اس کے برعکس اسے صحیح ترین قول قرار دیتے ہیں جو ان کی جھوٹی روایات کی سند کے ساتھ ہو۔ وہ قاعدہ ان کے اندر اصل مانا جاتا ہے جو اسلام کی فروع واصول کے ساتھ واضح مخالفت پہ مشتمل ہو۔

ایک رافضی عالم ''الحر العاملی''اپنی کتاب ''وسائل الشیعہ''میں باب باندھتے ہوئے لکھتا ہے''عدم جواز هما یوافق العامه ویوافق طریقتهم'' اس بات کے عدم جواز میں کہ جو بات

عامہ کی موافقت میں ہو۔ پھر کہتا کہ اس بات کے عدم جواز میں وارد احادیث متواترہ ہیں یعنی اس بات پہ عمل کے جواز میں جو عامہ کے موافق ہو اور اس میں صادق علیہ السلام کا قول ہے دو مختلف حدیثوں میں

'' اعرضوا علی اخبار العامہ۔ای اهل السنة والجماعة۔ فما وافق اخبارهم فذروه وما خالف اخبارهم فخذوه''

مجھ پہ عامہ کی خبریں پیش کرو۔ یعنی اہل السنۃ کی۔ تو جو خبریں ان کی آپس میں موافقت کر جائیں ان کو چھوڑ دو اور جو مخالف ہوں انہیں لے لو

وقال علیه السلام ''خذ بما فیه خلاف العامه فما خالف العامه ففیه الرشاد''

اس بات کو لے لو جس میں عامہ کا اختلاف ہو کیوں کہ ہدایت اسی میں ہے۔

اسی طرح ''عیون الاخبار الرضی'' میں ہے کہ ایک صدوق نے علی بن اسباط سے روایت کی وہ کہتا ہے کہ میں نے رضا علیہ السلام سے کہا کہ کوئی معاملہ ہو جاتا ہے لیکن مجھے اس کی حقیقت کے بارے میں معلوم نہیں ہوتا اور جس شہر میں میں رہتا ہوں وہاں کوئی ایسا بھی نہیں کہ اس سے فتویٰ لوں تو انہوں نے کہا:

اِئتِ فقیه البلد فاستفته فی امرك فاذا افتاك بشیء فخذ بخلافه فان الحق فیه

کہ تو شہر کے (سنی) فقیہ کے پاس جا اور اپنے معاملے میں اس سے فتویٰ لے اور جب وہ تجھے فتویٰ دیدے تو اس کے خلاف عمل کر کیوں حق اسی میں ہے۔

یہ بات معلوم ہے کہ اسلام...اجمالاً وتفصیلاً ...خالق کی توحید، مخلوقات کی اللہ عزوجل کے لیے عبادت اور نبی ﷺ کی اقتداء پہ اور متبع غیر بدعتی کی اقتداء پہ قائم ہے۔ یہ تمام باتیں ان دلائل پر مبنی ہیں جو کہ کتاب وسنت میں وارد ہوئے ہیں۔

جبکہ رافضیت بنیادی طور پہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے ساتھ شرک اور مخلوق کی غیر اللہ کیلیے عبادت ،وسیلہ و تضرع کے ساتھ قائم ہے۔ اسی طرح رافضیت اس دعویٰ پہ قائم ہے کہ اللہ عزوجل کی کتاب قرآن تحریف شدہ ہے اور اس میں کمی بیشی کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ سنتِ نبی ﷺ کا بھی انکار کرتے ہیں چاہے وہ صحیح ہو۔ رافضیت ان کی تکذیب کرتی ہے اور انکو ہماری طرف نقل کرنے والوں کی طرف خیانت منسوب کرتی ہے جبکہ وہ امت کے اشراف میں سے ہیں۔ یہاں تک کہ انہوں نے ایسی صحیح ترین کتب کا بھی انکار کر دیا جن کو امت نے اجتماعی طور پہ قبولیت بخشی اور ان کتابوں کو ہماری طرف نقل کرنے والے لوگ انتہائی ثقہ تھے۔ وہ کتابیں جن کا انکار کیا گیا ان میں صحیح بخاری و صحیح مسلم سب سے پہلے ہیں جبکہ ان کے علاوہ جو کچھ ہیں ان کا انکار تو بالاولیٰ ٹھہرا۔

جیسے کہ ان کا دین مسلمانوں کی متفقہ امامت و خلافت کے انکار پہ قائم ہے۔ وہ خلافت کہ جس پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے۔ جبکہ ان آئمہ کی تعریف خود نبی ﷺ نے فرمائی اور انہیں ہدایت یافتہ کے نام سے موسوم فرمایا، انکی سنت کو مضبوطی سے پکڑنے کا حکم دیا بلکہ ان کی سنت کو اپنی سنت کے برابر ذکر کیا۔ لیکن رافضیت تو ام المومنین عائشہ صدیقہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کی برأت کا بھی انکار کرتی ہے جن کی برأت کا اعلان خود اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا اور جن لوگوں نے ان کی عزت کے بارے میں زبان درازی کی اور ان پہ تہمت لگائی، اللہ تعالیٰ نے انکی سخت پکڑ کی اور انہیں تنبیہ فرمائی۔

نعمۃ اللہ الجزائری اپنی کتاب "انوار النعمانیۃ" میں کہتا ہے باب اس بارے میں کہ "روشن بات اور علت امامیہ کے دین میں یہ ہے کہ جس کے سبب ہم عامہ کے مخالف قول کو پکڑتے ہیں"۔ ہم ان کے ساتھ یعنی اہل السنۃ کے ساتھ اتفاق نہیں کرتے نہ کسی برتن پر، نہ کسی نبی پر نہ کسی امام پر اور یہ اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہمارا رب وہ ہے جس کے نبی محمد ﷺ ہیں اور ان کے بعد ان کے خلیفہ ابو بکرؓ ہیں۔ جبکہ ہم یہ بات نہیں کہتے کہ ایسا رب ہمارا رب ہے اور نہ ایسا نبی ہمارا نبی ہے بلکہ ہم کہتے ہیں کہ وہ رب جس کے نبی محمد ﷺ ہیں اور ابو بکرؓ ان کے خلیفہ ہیں وہ ہمارا رب نہیں ہے اور نہ ہی ایسا نبی ہمارا نبی ہے"۔

سید حسین الموسوی کہتا ہے اور وہ ان کے ایسے قلیل علماء میں سے ہے جن کی فطرت کو اللہ تعالیٰ نے سالم رکھا تو اس نے اپنی کتاب {لِلّٰهِ ثُمَّ لِلتَّارِیْخ} میں رافضیوں کے موقف کو یہ کہتے ہوئے باطل قرار دے دیا" کہ ذہنوں میں یہ سوال اٹھتا ہے کہ اگر ہم یہ فرض کرلیں کہ کسی مسئلہ میں حق عامہ یعنی اہل السنۃ کے ساتھ ہے تو کیا پھر بھی ہم پہ یہ واجب ہے کہ ہم ان کے خلاف ہی عمل کریں۔ اس سوال کا جواب ایک دفعہ مجھے سید محمد باقر نے دیا اور کہا، ہاں کہ ان کے خلاف ہی عمل کیا جائے گا کیونکہ اقوال ان کے خلاف عمل کرنے کو ہی کہتے ہیں چاہے وہ غلط ہی کیوں نہ ہو۔ کیونکہ یہ بات اس سے کم تر ہے کہ ہم یہ فرض کرلیں کہ کسی مسئلہ میں حق ان کے ساتھ ہے۔

ثانیاً...

بسم اللّٰہ الذی له الحکم والامر کله و الیه المعاد۔ والحمد للّٰہ الذی قدر الافتراق لهذه الامة فرقا فلا تقارب ولا یکاد والصلاة والسلام علی من استثنی من هذه الفرق بالنجاة واحدة ومن عداهم وعاداهم یکاد۔

امابعد...!!!

پچھلے کچھ عرصہ سے مسلمانوں کے درمیان رافضیوں اور مسلمانوں کے اتحاد و اقتراب کی دعوت بڑے زور شور سے دی جارہی ہے جبکہ بہت سے لوگ یہ سمجھتے تھے کہ رافضیت کی دعوت غرق ہوچکی ہے اور اب دوبارہ یہ واپس نہ لوٹے گی۔

لیکن دجلہ وفرات کے ملک میں رافضیوں کا حقیقی چہرا عیاں ہوگیا جبکہ انہوں نے تقیہ کا لباس اتار پھینکا۔

"یہ بات جان لینی چاہیے کہ فقہاء نے "الرافضہ" کی اصطلاح کیوں استعمال کی۔ اس لیے یہ نام صرف لغوی اور تاریخی اعتبار سے ہی نہیں سمجھنا چاہیے بلکہ ان کے احکام اور معنٰی کو سمجھنا بہت ضروری ہے جس بنا پر انہیں یہ نام دیا گیا امام الشافعی اس کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں (جس نے یہ کہا کہ ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما امام نہیں ہیں تو وہ رافضی ہے { السیر للذہبی فی ترجمہ }۔ امام احمد کہتے ہیں رافضی وہ ہیں جو نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے اصحاب پر تبرا کرتے ہیں اور ان کو گالیاں دیتے ہیں اور ان کی شان میں گستاخیاں کرتے ہیں {السنۃ للخلال}۔ الخرشی کہتے ہیں یہ لقب ہر اس شخص کے لیے استعمال کیا گیا ہے جس نے دین میں غلو کیا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی شان میں طعن کو جائز قرار دیا {شرح مختصر خلیل}۔

الکرمانی بیان کرتے ہیں اہلِ علم واثر اور اہل السنۃ کا اجماع ہے کہ جس نے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے اصحاب کو گالی دی یا کسی ایک کو گالی دی یا ان کی شان میں گستاخی کی یا ان پر طعن کیا یا ان کی عیب جوئی کی یا کسی ایک میں عیب لگایا تو وہ ''رافضی'' ہے۔

لیکن رافضیوں اور مسلمانوں کے ساتھ اتحاد کی یہ دعوت آخر میں کانفرنسوں اور کتابوں کی شکل اختیار کر گئی جس میں اس دعوت کے تمام داعیوں نے ایک ہی کوشش کی کہ مسلمانوں اور رافضیوں کے دین میں کوئی فرق نہیں ہے اور یہ کہ جو کوئی ان دو گروہوں میں تفریق کی کوششیں کرتا ہے وہ مسلمانوں کی جماعت میں تفریق کرنے والا ''تکفیری'' ہے...اور اس طرح بہت سے القاب جو اس دعوت کے داعی اپنے مخالفین کو دیتے ہیں۔

لیکن جو گروہ اس دعوت کے لیے سب سے زیادہ پیچ و تاب کھاتا ہے، وہ اسلام کی طرف منسوب ہے اور حقیقت میں ''العلمانیہ'' کا گروہ ہے...میری مراد جماعۃ الاخوان ہے اپنی تمام مصری، سعودی اور شامی شاخوں سمیت!

''اسلام کا مطلب ہے تمام تر امور میں کتاب و سنت کی نصوص کے آگے جھکنا یہ کہ آدمی اپنی ساری زندگی میں اس رستے پر چلے جو شارع نے اس کے لیے وضع کیا ہے اور یہ اعتقاد رکھے کہ ساری مصلحت شریعت میں ہی ہے۔ لیکن علمانیہ یہ ہے کہ دنیا کی زندگی کو دین اور نصوص سے علیحدہ کر دیا جائے۔ پس اگر کہیں کوئی مصلحت دینی نص کے ساتھ متعارض ہو جائے تو مصلحت کو مقدم کر دیا جائے۔ پس ہر وہ شخص جس کا منہج یہ ہے کہ وہ مصلحت کو نصِ شرعی پر مقدم رکھتا ہے تو وہ ''علمانی'' ہے چاہے وہ جو مرضی اسلامی نام رکھ لے کیونکہ اعتبارِ حقائق کا ہے نہ کہ ناموں کا''۔

عام لوگوں میں فریب کاری اور تلبیس سے کام لیتے ہوئے اس دعوت کے داعی یہ سمجھتے ہیں کہ ان کی یہی سوچ صحیح اسلامی فکر کی عکاس ہے جس پر کہ جمہور فقہاء گامزن تھے۔

پس انہی میں سے ایک ہے فیصل مولوی۔ وہ کہتا ہے کہ جمہور کے کبار علماء کا ماضی و حاضر میں اس بات پر اتفاق ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ مسلمان ہیں اور اہلِ قبلہ میں سے ہے اور کسی بھی محقق عالم نے اس کا انکار نہیں کیا۔

''اس کے رد میں شیخ ابنِ جبرینؒ کا فتویٰ ''حزب اللات'' کی مناصرت کے حکم میں موجود ہے''۔

ایک دوسرا اخوانی عالم اور وہ ہے یوسف القرضاوی۔ وہ کہتا ہے کہ مسلمانوں اور رافضیوں کے درمیان قربت کی دعوت کے مخالفین جو ان کی حقیقت کو واضح کرتے ہیں کہ یہ مخالف دعوت ہے ،خبیث دعوے ہیں جنہیں گمراہ لوگ اچھالتے ہیں اور گمراہ لوگ یہاں بھی ہیں اور وہاں بھی ہیں... جن کی اپنی اغراض ہیں اور وہ دھوکہ میں مبتلاء ہیں۔

'' یہ بیان بتاریخ جولائی 2006 میں اس ادارہ سے صادر ہوا جسے وہ ''الاتحاد العالمی لعلماء المسلمین'' کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ یہ کوئی جدید بات نہیں ہے بلکہ الاخوان کے مئوسس حسن البناؒ خود کہتے ہیں'' یہ بات جان لو کہ اہل السنۃ اور شیعہ دونوں مسلمان ہیں اور انہیں کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ جمع کرتا ہے اور یہی عقیدہ کی اصل ہے اور اس میں اہلِ سنت اور شیعہ برابر ہیں۔ یہ تو ملنے کی بات ہے اور جہاں تک اختلاف کی بات ہے تو وہ ایسے امور ہیں کہ جس میں تقریب ممکن ہے! (بحوالہ ذکریات لا مذکرات للتلمسانی)''۔

اس رسالہ میں ہم مسلمان فقہاء کے موقف پر روشنی ڈالیں گے اور دیکھیں گے کہ حقیقت میں رافضیوں کے بارے میں ان کا کیا موقف ہے تاکہ ہم جان سکیں کہ قربت کی دعوت کو رواج دینے کی حقیقت کیا ہے!

اس رسالہ میں میں نے رافضیوں کے بارے میں نوے سے اوپر فقہاء کے اقوال نقل کیے ہیں جو مختلف اسلامی فقہی مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں۔

''میں نے اس کے ساتھ ان فقہاء کا مختصر تعارف بھی ذکر کر دیا ہے تاکہ پڑھنے والا ان کی قدر و قیمت جان لے اور یہ بات بھی جان لے کہ ان کی مخالفت وہ لوگ کر رہے ہیں جو اپنی نسبت علم کے ساتھ رکھتے ہیں۔ہم یہ نہیں کہتے کہ وہ لوگ چھوٹے ہیں کہ ان فقہاء کے چھوٹے سے شاگرد کی طرح بھی نہیں بلکہ وہ تو ان کے حلقات میں بیٹھنے کے بھی اہل نہیں۔ یہ کہا گیا ہے کہ {ان هذا العلم دين فانظروا عمن تأخذون دينكم} یہ علم دین ہے پس تم دیکھو کہ کس سے اسے حاصل کر رہے ہو''۔

اس کے ساتھ متعدد تاریخی وقائع کا ذکر بھی کیا ہے جو مسلمانوں کے موقف کو واضح کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں { وَمَن يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَىٰ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّىٰ وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا } اور جو کوئی رسول اکی راہ کو چھوڑتا ہے بعد اس کے اس کے سامنے ہدایت واضح ہو گئی اور غیر مومنین کی راہ چلتا ہے تو ہم اسے اسی راہ والا بنادیں گے اور جہنم میں پہنچا دیں گے اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے {النساء 115 }۔

صادق الکُرخی (حفظہ اللہ تعالیٰ)

الفصل (ا)

وہ اقوال جن میں اجماع نقل کیا گیا ہے رافضیوں کے کافر ہونے پر!!!

یہ اجماع ہے !... شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ ان کے ساتھ قتال کے حکم کی بحث کرنے کے بعد طائفہ مُمتَنِعہ (جیسے کہ ان کا حال آج عراق میں ہے) کے متعلق کہتے ہیں کہ ان کے ساتھ قتال کا وجوب روایت کیا گیا ہے۔ لیکن ان کے کسی ایک آدمی کا قتل جو اختیار میں ہو اس میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہے۔ اسی طرح ان کی تکفیر و تخلید میں بھی علماء کے دو مشہور اقوال ہیں اور اس کے بارے میں امام احمد سے دو روایتیں ہیں۔ پھر کہتے ہیں صحیح بات یہ ہے جس کو جاننا چاہیے کہ یہ (شیعیت) رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کی مخالفت سے عبارت ہے اور یہ "کفر" ہے۔ اسی طرح ان کے افعال کافروں کے کفریہ افعال کی جنس سے ہیں اور وہ بھی کفر ہے۔ لیکن کسی ایک معین شخص کی تکفیر و تخلید کفر کے ثبوت کے ساتھ مشروط ہے۔ کیونکہ ہم نصوصِ وعد و وعید، تکفیر و تفسیق کو مطلقاً بیان کرتے ہیں اور کسی معین کو اس عام کے حکم میں داخل نہیں کر سکتے یہاں تک کہ کوئی دلیل اس کے متعارض قائم نہ ہو (بحوالہ مجموع الفتاویٰ مسئلہ فی الرافضہ الامامیہ)۔

عبد القادر بن عبد العزیز "الجامع" میں رافضیوں کی گمراہیوں کے متعلق بحث کے بعد لکھتے ہیں" لیکن اس کے ساتھ کسی نے بھی متعین طور پر رافضیوں کی تکفیر کے بارے میں نہیں کہا بلکہ یہ قول پچھلے سالوں سے بعض سیاسی اسباب کے تحت پھیل گیا ہے جب 1399 میں ایران میں شیعہ حکومت قائم ہوئی تو پٹرول پیدا کرنے والی کمزور عرب ریاستیں رعب میں آگئیں اور ہر اس شخص کی حوصلہ افزائی کی گئی جو شیعہ کے خلاف کچھ بھی لکھتا تھا تو بعض لوگوں نے انہیں کافر قرار دے دیا تو یہ اہل السنۃ کا قول نہیں۔ پھر اس کے بعد جناب کہتے ہیں کہ یہ بات جاننی چاہیے کہ کفر کفر ہی ہے اور جس بات پر ایک رافضی کی تکفیر کی جاتی ہے اسی پر ایک سنی کی بھی کی جاتی ہے لیکن سارے فرقوں میں شیعہ کو خاص کر لیا گیا ہے اور اس میں لکھے گئے مقالات جن میں تکفیر واضح ہے بہت پھیل گئے ہیں۔

اور صحیحین میں... ابراہیم التیمی سے روایت ہے وہ روایت کرتے ہیں اپنے والد سے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں علی بن ابی طالب نے خطبہ دیا تو کہنے لگے کہ جو شخص یہ زعم رکھتا ہے کہ ہمارے پاس کوئی چیز ہے جسے ہم پڑھتے ہیں اور وہ اللہ کی کتاب میں نہیں وہ یہ صحیفہ ہے اور یہ کہ ایسا صحیفہ ان کی تلوار کے ساتھ معلق ہوتا ہے جس میں اونٹ کے دانتوں اور زخموں سے متعلق احکامات ہیں تو ایسا شخص جھوٹ بولتا ہے۔ یہ حدیث صحیحین وغیرہما میں جنابِ علی رضی اللہ عنہ سے ثابت ہے اور یہ رافضی فرقہ پر رد ہے جو یہ گمان کرتا ہے کہ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے علی رضی اللہ عنہ کے حق میں خلافت کی وصیت کی تھی۔ لیکن اگر معاملہ ایسا ہی ہوتا جیسا کہ وہ زعم رکھتے ہیں تو اس بات کو کوئی بھی صحابی رد نہ کرتا کیونکہ صحابہ نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زندگی میں اور آپ کی وفات کے بعد بھی سب سے زیادہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی اطاعت کرنے والے تھے۔ اور یہ ممکن نہ تھا کہ وہ ایسی چیز کو مقدم کرتے یا ایسی چیز کو مؤخر کرتے جسے بغیر نص کے مقدم یا مؤخر کرنا جائز نہ تھا۔ حاشا وکلا جو کوئی صحابہ سے ایسا گمان رکھتا ہے اور نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ساتھ معاندانہ رویہ رکھتے ہوئے ان کی طرف فسق وفجور کو منسوب کرتا ہے۔ پس جو کوئی لوگوں میں سے اس حال پر پہنچ گیا ہے تو وہ اسلام کے دائرہ سے خارج ہو گیا ہے اور امت کے آئمہ اعلام کے اجماع کے ساتھ کافر ہے اور اس کا خون بہانا زیادہ حلال ہے بنسبت شراب بہانے کے۔ (۱۹۔۲۰)۔

اس کے بعد ذیل میں ہم ان اقوال کا ذکر کریں گے جنہوں نے اس اجماع کی طرف اشارہ کیا ہے۔

الفصل (۲)

وہ اقوال جن میں اجمالی طور پر فقہاء کے احکام ہیں رافضیوں کے متعلق

(۱) قاضی ابو یعلیٰ (۲۸) کہتے ہیں کوفہ کے فقہاء کے ایک گروہ نے صحابہؓ کو گالی دینے والے کے قتل کا اور رافضیوں کے کافر ہونے کا فتویٰ دیا ہے۔ (۲۹)

(۲) تقی الدین السبکی (۲۹) کہتے ہیں کہ میں نے کتبِ حنفیہ میں ''الفتاویٰ البدیعیہ'' کو دیکھا اور اس میں ''قسم الرافضة الی کفار وغیرهم'' میں اور ان کے بعض اختلافات کے متعلق جانا اور ان لوگوں کے بارے میں جو ابو بکرؓ و عمرؓ کی امامت کا انکار کرتے ہیں اور صحیح بات یہ ہے کہ ایسا شخص کافر ہے۔ اسی طرح میں نے ''المحیط'' جو کتبِ حنفیہ میں سے ہے اور اس میں امام محمد سے مروی ہے کہ رافضی کے پیچھے نماز جائز نہیں کیونکہ انہوں نے ابو بکرؓ کی خلافت کا انکار کیا جبکہ تمام صحابہؓ کا انکی خلافت پر اجماع ہے۔ اسی طرح ان کی کتبِ اصول ''الخلاصہ''میں ہے کہ اگر وہ صدیقؓ کی خلافت کا انکار کرے تو وہ کافر ہے اور اسی طرح ''تتمة الفتاویٰ''میں ہے کہ وہ غالی رافضی جو ابو بکر کی خلافت کا انکار کرے اس کے پیچھے نماز جائز نہیں۔ ''الغایۃ للسروجیؒ میں اور ''المرغینانی''میں ہے کہ صاحب ہویٰ اور بدعتی کے پیچھے نماز مکروہ ہے اور رافضی کے پیچھے ناجائز۔ پھر انہوں نے کہا کہ اس کا حاصل یہ ہے ایسا شخص صاحبِ ہویٰ جو موجبِ کفر ہو تو اس کے پیچھے جائز نہیں لیکن اگر ایسا نہیں تو کراہت کے ساتھ جائز ہے۔ شرح المختار للابن بلدجی من الحنفیہ میں ہے اور صحابہ میں سے کسی ایک کو گالی دینا اور اس سے بغض رکھنا کفر نہیں ہے لیکن گمراہی ہے کیونکہ علیؓ نے اپنے گالی دینے والے کو کافر نہیں گردانا یہاں تک کہ اسے قتل نہ کیا اور ''الفتاویٰ البدیعیہ'' جو کتبِ حنفیہ میں سے ہے اس میں ہے کہ جس نے ابو بکر الصدیقؓ کی امامت کا انکار کیا تو وہ کافر ہے اور بعض نے کہا وہ بدعتی ہے لیکن صحیح بات یہ ہے کہ وہ کافر ہے اور یہ بھی کہا کہ کہنے والے یہ بھی کہتے ہیں کہ صحابہ کو گالی دینے والا کافر نہیں بلکہ وہ فاسق ہیں۔

اسی طرح انہوں نے کہا کہ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ابو بکر صدیقؓ کو گالی دینا مذہبِ ابو حنیفہؒ کے مطابق اور ایک روایت میں شافعیہ کے مطابق کفر ہے اور جہاں تک امام مالک کا تعلق ہے تو یہ مشہور ہے کہ انہوں نے ایسے شخص کے لیے کوڑوں کی سزا مقرر کی ہے۔ جو اس بات کی متقاضی ہے کہ یہ کفر نہیں لیکن میں نے ان کے ہاں اس کا خلاف نہیں پایا۔ خوارج کے مسئلہ میں انہوں نے کہا کہ وہ کافر ہیں۔ پس مسئلہ ان کے نزدیک دو حالتوں پر ہے۔ کہ اگر وہ صرف گالی دینے تک رہے بنا تکفیر کیے تو اس کی تکفیر نہیں کی جائے گی لیکن اگر وہ تکفیر کرے تو اس کی تکفیر کی جائے گی کہ وہ رافضی ہے (۳۱)۔ اللہ کی اس پر لعنت ہو کہ اس نے تکفیر میں زیادتی کی تو ایسا شخص امام مالکؒ، امام ابو حنیفہؒ اور ایک جہت میں شافعیہ کے نزدیک کافر ہے اور امام احمد کے نزدیک زندیق ہے (۳۳)۔

(۳) جلال الدین السیوطی کہتے ہیں کہ یہ بات جان لو کہ شیخینؓ کو گالی دینے والے کا حکم ہمارے اصحاب (۳۴) کے نزدیک دو جہتوں پر ہے۔ اسے قاضی الحسین (۳۵) وغیرہ نے بیان کیا ہے۔ ایک یہ ہے کہ ایسا شخص کافر ہے اور اس پر جزم کیا ہے المحاملی نے ''اللباب'' میں کہ وہ فاسق ہے اور اسی پر اصحاب کا فتویٰ ہے اور جو کوئی اپنی بدعت کے سبب کافر نہیں ٹھہرتا تو اس کی حالت دو احوال سے خارج نہیں یا کفر یا فسق (۳۶)۔

(۴) ابو المعالی الآلوسی (۳۷) کہتے ہیں ان سے (۳۸) اور سارے ائمۃ اہل السنۃ سے ثابت بات یہ ہے کہ اہلِ قبلہ کی تکفیر نہیں کی جائے گی جب تک ان سے کسی ایسی بات کا صدور ثابت نہ ہو جس کی معرفت دین میں ضرورت کے ساتھ ہے اور اگر ایسا نہ ہو تو اس پر کفر کا حکم لگایا جائے گا جیسے کہ غالی شیعہ... قرامطہ رافضی فرقہ اور اثنا عشریہ وغیرہ۔ پس ماوراء النہر کے اکثر علماء نے انہیں کافر قرار دیا ہے (۳۹) اور انہوں نے ان کے اموال، خون اور ان کی عورتوں کو مباح قرار دیا ہے اس سبب کہ وہ صحابہ کو گالی دیتے ہیں خاص طور پر شیخینؓ کو جبکہ وہ دونوں نبی علیہ السلام کی آنکھوں کے تارے اور آپ کے کان تھے۔ پھر وہ صدیقؓ کی خلافت کی صحت سے انکار کرتے ہیں اور اس کے ساتھ وہ علی رضی اللہ عنہ کو تمام فرشتوں اور تمام اولی العزم پیغمبروں پر فضیلت دیتے ہیں اور ان میں سے وہ بھی جو

انہیں نبی علیہ السلام کے علاوہ ہر ایک پر فضیلت دیتے ہیں اور قرآن کے کامل ہونے کا انکار کرتے ہیں اور اس کے علاوہ ان کی کئی ذلالتیں ہیں(۴۰)۔

(۵)ابو الثناء الآلوسی کہتے ہیں کہ قاضی حسین اس طرف گئے ہیں کہ شیخین کو گالی دینا کفر ہے چاہے اس میں تکفیر نہ ہو۔ یہی مذہب اختیار کیا ہے اکثر حنفیہ نے اور شافعیہ کا صحیح مذہب بھی یہی ہے کہ گالی ایسی جس میں صحابہ کی تکفیر ہو وہ کفر ہے۔ پس یہ ایسی گالی ہے جسے ہمارے زمانے کے شیعوں نے اختیار کر رکھا ہے۔ اس پر کسی کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ ان کے کفر میں شک کرے اس بنا پر صحابہ کو گالی دینے میں کفر ہے یا نہیں۔ ان سے بغض رکھنا وہ بھی کفر ہے جیسے کہ امام طحاوی نے اسکی تصریح کی ہے اور ''الانوار''میں ہے۔ کہ اگر کوئی کسی ایک صحابی کو ایذا دینے کو حلال جانتا ہے وہ بھی کفر ہے اور ''الاعلام''میں ہے کہ غیر صحابہؓ یعنی عام مسلمانوں کو ایذا دینا جائز قرار دینا ہی کفر ہے تو صحابہؓ کے بارے میں کسی کا کیا خیال ہے؟۔ ''البزازیۃ''میں ہے کہ جس نے ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا انکار کیا تو وہ صحیح مذہب کے مطابق کافر ہے اور جو عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا انکار کرے تو فی الاصح کافر ہے۔

فتاویٰ تاتارخانیہ میں بھی ایسے ہی ہے۔ اسی طرح کتاب ''الغُنیۃ''جو شیخ عبد القادر جیلانی کی طرف منسوب ہے اس میں شیخ نے رافضیوں کے مشابہ مسئلہ بیان کیا ہے۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ان کیساتھ یہودیوں اور عیسائیوں کا معاملہ کرے۔ پس وہ بھی ان کے کفر میں ظاہر نظر آتے ہیں(۴۱)۔

اور انہوں نے کہا کیونکہ یہ مخلوق کے سب سے بد عقیدہ لوگ ہیں اور سب سے زیادہ گستاخ اور سب سے زیادہ گمراہ ہیں... انہوں نے ''تبصرۃ الحقائق''میں لکھا کہ ان کے کفر میں شک کرنے والا... یعنی اگر اسے یہ شک ہو کہ کیا یہ قول فاسد ہے یا نہیں ایسا شخص بھی کافر ہے لیکن اگر یہ معلوم ہو جائے کہ ایسا قول گمراہی اور بدعت ہے اور اس کا کفر ہونا مشکوک ہو تو اس میں اختلاف ہے۔ ان میں بعض نے شیعہ کے کفر کا حکم لگایا ہے اور ان کے علاقوں کو ''دارالحرب''قرار دیا ہے۔ ان میں متأخرین کی ایک جماعت جیسے کہ علامہ ابن کمال، شیخ الاسلام ابو السعود وغیرہ شامل ہیں(۴۲)۔

(٦)زین العابدین بن یوسف الکردی(٤٣) کہتے ہیں علماء کے ان تکفیری فتاویٰ کے ذکر میں کہ تحقیق امام مالک اور امام الشافعی نے اس کا فتویٰ دیا اور بہت سے ائمہ مسلمین نے ان کی موافقت کی۔ قاضی عیاض نے امام مالک سے ان کی سزا کی کیفیت کے بارے میں نقل کیا... شیخ طاہر بخاری امام ابو حنیفہ کے کبار اصحاب میں سے ہیں، انہوں نے ''الخلاصہ ''میں کہا کہ رافضی اگر شیخین کو گالی دے اور ان پر لعن طعن کرے تووہ کافر ہے۔ اسی طرح النوع الثالث من الفصل الثالث ''کتاب الاسلام والکفر'' میں ہے کہ جب وہ نبی علیہ السلام کی کسی حدیث کے ساتھ مذاق کرے تووہ بھی کافر ہے... انتہیٰ۔

ان گمراہ لوگوں نے کتنے ہی احادیث کے دیوان جلادیئے ان کی توہین اور ان کا مذاق اڑاتے ہوئے جیسے کہ بہت سے لوگوں نے خود اس کا مشاہدہ کیا۔ امام فخر الاسلام البزدوی اپنے اصول میں لکھتے ہیں کہ قاضی ابو یوسف سے یہ ثابت ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے امام ابو حنیفہؒ سے مسئلہ خلق قرآن میں چھ ماہ مناظرہ کیا اور میری اور انکی رائے متفق تھی کہ جو کوئی کہے کہ قرآن مخلوق ہے وہ کافر ہے اور یہی بات امام محمد سے بھی ثابت ہے۔ پس یہ بھی (خلقِ قرآن) ان گمراہ لوگوں میں واضح ہے کیونکہ یہ معتزلہ کے ساتھ قرآن کے مخلوق ہونے پر اتفاق کرتے ہیں بسبب اس ثبوت کے جو ہماری اور ان کی کتابوں میں مذکور ہے۔ امام الرازی نے اپنی تفسیر میں ان کے کفر کا قول نقل کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ جن علماء نے ان کی صریح تکفیر کی ہے ان میں العالم الزاہد المحقق المدقق مفتی الثقلین استاذ الفریقین ابو السعود قدس اللہ سرہ بھی ہیں اور ان میں العالم الفاضل المدقق الحافل المولیٰ جلال الدین الدوانی اپنے کمال علم کے ساتھ ان گمراہوں کی معرفت رکھتے تھے۔ اسی طرح الفاضل الکامل المولیٰ عصام الدین الاسفر ایینی جو ان کے ساتھ اکثر مناظرے کرتے تھے اور انہیں میں العالم الزاہد المولیٰ الصالح الہکاری بھی تھے۔ اسی طرح محققِ کامل مولیٰ محمد البرقلعی، فقیہ کامل یوسف البرسغی صاحبِ کتاب ''الدلائل والمسائل ''اور انہیں میں ماہر مولیٰ حسین الشفیکی صاحب الفضائل الجلیۃ والمقامات السنیۃ اور ان کے بعد کے بہت بڑے بڑے علماء شامل ہیں۔ ان میں بعض ایسے ہیں جو اجتہاد

کے درجہ وسطیٰ کو پہنچے ہوئے ہیں اور ان میں سے ایسے بھی ہیں جنہوں نے یہ فتویٰ دیا کہ ان کے علاقے دار الحرب ہیں یعنی ایسے علاقے جہاں جھگڑا یا لڑائی جاری ہو۔

(۷) فخر الدین رازی کہتے ہیں (۴۵) کہ اشعری تین وجوہ کی بنا پر رافضیوں کو کافر قرار دیتے ہیں...

(ا) پہلی یہ کہ انہوں نے مسلمانوں کے سرداروں کو کافر قرار دیا۔ پس جو کوئی کسی مسلمان کو کافر قرار دے وہ کافر ہے کیونکہ آپ علیہ السلام کی حدیث ہے کہ جس کسی نے اپنے مسلمان بھائی سے کہا اے کافر تو دونوں میں ایک اس کا حق دار ہو جاتا ہے۔ پس ان کی تکفیر واجب ہے۔

(ب) پھر انہوں نے ایک ایسی قوم کی تکفیر کی ہے کہ جس کے بارے میں جناب رسالت مآب ﷺ سے تعریف و تعظیم کی نصوص وارد ہیں۔ پس ان کا صحابہ کو کافر قرار دینا نبی ﷺ کی تکذیب ہے۔

(ج) تیسری بات، امت کا اجماع ہے کہ جس نے صحابہ کو کافر کہا وہ کافر ہے (۴۶)۔

ابن عابدین (۴۷) کہتے ہیں خلافتِ عثمانیہ کے اکثر علماء اسلام شیعہ مذکورین کے بارے میں فتویٰ دیتے ہوئے کہتے ہیں اور انہوں نے اس میں بہت بحث کی اور بہت سی تصانیف اور رسالے لکھے (۴۸)۔ اس قسم کے فتویٰ دینے والوں میں المحقق المفسر ابو السعود آفندی العمادی شامل ہیں۔ ان کی عبارتوں کو علامہ الکواکبی الحلبی نے شرح منظومہ الفقہیۃ المسماۃ ''الفرائد السنیۃ'' میں ذکر کیا ہے (۴۹)۔

تراجم وحوالہ جات

ابوزرعہ...

☆ امام الذہبی کہتے ہیں الامام سید الحفاظ عبد اللہ بن عبد الکریم بن یزید بن فروخ محدث الری۔ یہ 200 ہجری میں پیدا ہوئے امام احمد ان کے بارے میں کہتے ہیں کہ اس نوجوان نے چھ ہزار احادیث حفظ کی ہیں۔ آپ 264 ہجری میں فوت ہوئے۔

ابوحاتم...

☆ امام الذہبی کہتے ہیں محمد بن ادریس بن المنذر، الامام، الحافظ، الناقد، شیخ المحدثین، الحنظلی، الغطفانی...وہ علم کا سمندر تھے انہوں نے علم کی تلاش میں ملکوں کا طواف کیا اور متن واسناد، جمع وتصنیف ،جرح وتعدیل اور صحیح وعلل میں بہت مہارت حاصل کی۔ 195 ہجری میں پیدا ہوئے۔ خطیب ان کے بارے میں کہتے ہیں ابوحاتم ثابت ائمہ حفاظ میں سے ایک تھے۔ آپ کی وفات 277 ہجری میں ہوئی۔

☆ الرازی کہتے ہیں کہ ہم نے تمام شہروں میں علماء کو... حجاز، عراق، شام اور یمن میں اس حال پر پایا کہ ان کا مذہب یہ تھا کہ رافضیوں نے اسلام کا رفض یعنی انکار کر دیا ہے۔

☆ اسے اللالکائی نے "شرح اصول الاعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ" میں نقل کیا امامین ابوزرعہ اور ابوحاتم کے عقیدہ کے تذکرہ میں۔

ابن حزم الظاہری...

(۱۴)امام الذہبی کہتے ہیں امام الاوحد، البحر، ذوالفنون والمعارف، ابو محمد علی بن احمد بن سعید بن حزم الفارسی الاصل ثم الاندلسی، القرطبی... فقیہ، حافظ، المتکلم، الادیب، الوزیر، الظاہری، صاحبِ تصانیف، ان کو بہت زیادہ ذکاوت وفہم عطاء کی گئی اور آپ کی نفیس کتب بہت زیادہ ہیں۔ 384 ہجری میں

پیدا ہوئے۔ العز بن عبد السلام کہتے ہیں میں نے اسلامی کتب میں ابنِ حزم کی المحلیٰ جیسی کتاب نہیں دیکھی۔ آپ 456 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۴) کہتے ہیں کہ "مسلمانوں کی طرف نسبت رکھنے والے کسی دو فرقوں میں اختلاف نہیں کہ ہم تلاوت کیے جانے والے قرآن سے اخذ کریں لیکن اس میں اختلاف کرنے والے غالی شیعہ کی قوم ہے اور وہ اس کے ساتھ کافر ہیں اور تمام اہلِ اسلام کے نزدیک مشرک ہیں۔

(۱۵) الاحکام فی فصول الاحکام۔ الباب العاشر فی الاخذ بموجب القرآن۔

ابو سعد السمعانی...

(۱۶) الذہبی کہتے ہیں الامام الحافظ الکبیر، الاوحد، ثقہ، محدث خراسان، ابو سعد عبد الکریم... التمیمی السمعانی الخراسانی المروزی صاحب مصنفاتِ کثیرہ۔ 506 ہجری میں پیدا ہوئے۔ ابن النجار کہتے ہیں کہ میں نے ایک مشہور عالم سے سنا کہ ابو سعد کے اساتذہ کی تعداد سات ہزار شیوخ تھی۔ آپ 562 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۷) کہتے ہیں کہ امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ امامیہ کافر ہیں کیونکہ وہ صحابہ کے گمراہ ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں اور ان کے اجماع کا انکار کرتے ہیں اور ان کی طرف ایسی باتوں کی نسبت کرتے ہیں جو کسی صورت ان کے لائق نہیں۔

(۱۸) الانساب؛ باب الزای والیاء۔ الزیدی۔

ابن کثیر کہتے ہیں...

(۱۹) ابن قاضی شہبۃ کہتے ہیں (اسماعیل بن کثیر بن ضوء القرشی البصروی الدمشقی، حافظ ابو الحجاج المزی کے ساتھ ان کی نسبت تھی۔ ان کا لزوم اختیار کیا اور ان سے اخذ کیا اور علم حدیث سیکھا اور بہت کچھ ابنِ تیمیہ سے حاصل کیا اور بہت سے مشایخ کو سنا۔ امام الذہبی کی وفات کے بعد "ام الصالح" کے شیخ بنے سبکی کی موت کے بعد "دارالحدیث الاشرفیہ" کے شیخ بنے تھوڑی مدت کے لیے...وہ ابن تیمیہ کی

آراء کی بہت پیروی کرتے اور ان سے خاص تعلق رکھتے تھے اور اس کے باعث انہیں بہت اذیت سے بھی دوچار ہونا پڑا۔ 701 ہجری میں پیدا ہوئے۔ ان کے بارے میں ان کے شیخ الذہبی کہتے ہیں فقیہ، متفنن، محدث متقن ومفسر نقال اور ان کی کئی تصانیف ہیں۔774 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۰) یہاں المدام کا لفظ استعمال ہوا ہے جس کا معنی ہے شراب۔

(۲۱) بحوالہ البدایۃ والنہایۃ قصۃ سقیفہ بنی ساعدۃ۔

ملا علی القاری...

(۲۲) الشوکانی کہتے ہیں الشیخ ملا علی قاری بن سلطان بن محمد الہروی الحنفی۔ ہرات میں پیدا ہوئے اور مکہ کا سفر کیا اور وہی پہ سکونت اختیار کرلی اور وہاں محققین کی ایک جماعت سے اخذ کیا جیسے کہ ابن الحجر الہیتمی۔ العصامی کہتے ہیں کہ وہ نقلی وعقلی علوم کے جامع تھے اور نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کی سنت کی بہت پیروی کرنے والے تھے۔ مشہور جماہیر میں سے ہیں اولی الحفظ والافہام ہیں۔1014 میں فوت ہوئے۔

کہتے ہیں...ہمارے زمانے میں رافضی خارجی ہیں کیونکہ وہ اکثر صحابہ کے کافر ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں تمام اہل السنۃ کے علاوہ، پس وہ بالاجماع کافر ہیں اور اس میں کوئی نزاع نہیں۔

(۲۳) مرقاۃ المفاتیح میں حدیث ہے {ایما رجل قال لاخیہ کافر فقد باء بھا احدھما} جو کئی بھی اپنے کسی بھائی کو کافر کہتا تو وہ ایک کو اس کا حق دار بنا دیتی ہے۔

ابو السعود العمادی...

(۲۳) ابو السعود محمد بن محمد بن مصطفیٰ العمادی ترک عالم ہیں جنہوں نے عربیت اختیار کر لی۔ قسطنطنیہ کے قریب898ہجری میں پیدا ہوئے درس وتدریس کا سلسلہ مختلف ممالک میں طے کیا بروسہ شہر میں اور اس کے بعد قسطنطنیہ میں قضاء کے عہدہ پر فائز رہے اور انہیں افتاء کا عہدہ بھی دیا گیا۔ بنی عثمان کے سلاطین کے ہاں ان کی بہت ہیبت تھی982ہجری میں فوت ہوئے۔

کہتے ہیں کئی زمانوں کے علماء ان کے قتل کے مباح ہونے پر مجتمع ہیں اور جو کوئی ان کے کافر ہونے میں شک کرے وہ کافر ہے۔

(۲۴) یعنی امام ابو حنیفہ نعمانؒ بن ثابت۔

(۲۵) اور سفیان الثوری اور الاوزاعی کے نزدیک اگر وہ توبہ کر لیں اور اپنے کفر سے رجوع کر لیں تو وہ قتل ہونے سے بچ جائیں گے اور ان کے لیے معافی کی امید ہے جیسے کہ سارے کافروں کے لیے ہے۔ جب کہ امام مالک، امام الشافعی، امام احمد بن حنبل، لیث بن سعد اور تمام علماء عظام کے نزدیک ان کی توبہ قبول نہیں بلکہ وہ بطور حد قتل کر دیئے جائیں گے۔

(۲۵) العقود الدریہ فی الفتاویٰ الحمدانیہ لابن عابدین باب؛ الردۃ والتعزیر۔

ابو الثناء الاٰلوسی...

(۲۶) ابو الثناء شہاب الدین محمود الاٰلوسی۔ الانبار کی ایک بستی کی طرف یہ نسبت ہے۔ البغدادی الحسنی۔ صاحبِ تفسیرِ روح المعانی۔ شافعی المذہب لیکن وہ بہت سے مسائل میں امام ابو حنیفہ کی تقلید کرتے تھے۔ انہیں خلافتِ عثمانیہ کی طرف سے حنفی مفتی مقرر کیا گیا۔ وہ 1217 ہجری میں پیدا ہوئے اور 1270 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۷) کہتے ہیں: آج کے شیعہ کے بارے میں جو ہم جانتے ہیں کہ وہ صحابہ کی صریحاً تکفیر کرتے ہیں اس زعم میں کہ انہوں نے نص کو چھپایا اور نبی ﷺ کی وفات کے بعد علی کرم اللہ وجہ کی بیعت نہ کی جیسے کہ انہوں نے ابو بکرؓ کی بیعت کی۔ اسی طرح وہ صحابہ کے ساتھ بغض رکھنے اور ان کی ایذا رسانی میں بھی تصریح کرتے ہیں اور ان میں خلفاء راشدین کا بھی انکار کرتے ہیں اور ان کو گالیاں دیتے اور ان پر لعنت کرتے ہیں۔ تحقیق کہ مذاہبِ اربعہ حنفیہ، شافعیہ، مالکیہ اور حنابلہ اس بات پر متفق ہیں کہ ایسی صفتوں سے متصف شخص کافر ہے۔

الاجوبۃ العراقیہ علی الاسئلۃ اللاہوریہ؛ الفصل الثالث۔

(۲۸) الذہبی کہتے ہیں الامام، العلامہ، شیخ الحنابلہ، القاضی ابو یعلیٰ محمد بن الحسین... البغدادی الحنبلی ابن القراء۔ فتویٰ اور تدریس میں مشغول ہوئے اور آپ کے پاس بہت سے اصحاب پڑھ کر نکلے اور فقہ میں امامت آپ پر ختم ہوئی اور اپنے زمانے میں وہ عراق کے عالم تھے۔ اس کے ساتھ وہ علومِ قرآن و تفسیر اور نظر و اصول کے بھی ماہر تھے۔ بہت درگذر کرنے والے نفیس النفس، بڑے قدردان اور بہت تقویٰ والے تھے۔ 380 ہجری میں پیدا ہوئے اور 458 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۹) فتاویٰ السبکی باب جامع فصل؛ سب النبی ﷺ

(۳۰) ابن قاضی شہبہ کہتے ہیں علی بن عبد الکافی بن علی، الانصاری الخزرجی، شیخ، الامام، الفقیہ، المحدث، الحافظ، المفسر، المقرئ، الاصولی، المتکلم، النحوی، اللغوی، الادیب، الحکیم، المنطقی، الجدلی، الخلافی، النظار، شیخ الاسلام، قاضی القضاۃ تقی الدین ابو الحسن بن قاضی زین الدین ابو محمد السبکی۔ 683 ہجری میں پیدا ہوئے۔ السیوطیؒ کہتے ہیں تصنیف و فتویٰ کے میدان میں اترے اور انہوں نے 150 کے قریب تصانیف چھوڑی اور آپ کی تصانیف علومِ حدیث میں آپ کی مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ آپ سے بہت سے علماء نے اکتسابِ فیض کیا۔ آپ 756 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۳۱) اس کا بیان اگلی فصل میں آئے گا۔

(۳۲) فتاویٰ السبکی باب جامع؛ فصل سب النبیا

(۳۳) ابو الفضل عبد الرحمن بن ابی بکر بن محمد السیوطی۔ قاہرہ میں پیدا ہوئے 849 ہجری میں اور ان کے اساتذہ کی تعداد 150 کے قریب ہے۔ ان میں مشہور البلقینی، اجلال المحلی، المناوی، ابن، قطلوبغا، اور آپ کی مصنفات کی تعداد 500 تک ہے۔ آپ 911 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۳۴) یعنی الشافعیہ۔

(۳۵) ابنِ قاضی شہبۃ کہتے ہیں الحسین بن محمد بن احمد، القاضی، ابو علی المرودی صاحبِ تلعیقہ مشہورہ فی المذہب، ان سے القفال نے اخذ کیا وہ اور ابو علی قفال کے بہتر تلامذہ میں سے ہیں۔ وہ فقہ میں

بہت وسعت رکھتے ہیں اور ان کا نام بہت مشہور ہے اور وہ بہت بڑے محقق ہیں، پس جب بھی کتبِ مراوزۃ میں القاضی استعمال کیا جائے تو اس سے مراد وہی ہوتے ہیں۔ الرافعی کہتے ہیں کہ وہ بہت باریک بین اور غور وخوض کرنے والے تھے اور انہیں حبر الامہ کا لقب دیا جاتا تھا۔ 462 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۳۶) القام الحجر لمن زکیٰ ساب ابی بکر وعمر، فصل الثالث

(۳۷) محمود شکری بن عبداللہ بن شہاب الدین محمود الآلوسی الحسنی۔ وہ علامہ ابو الثناء آلوسی صاحبِ تفسیر کے بھتیجے ہیں۔ آپ الرصافہ 1273 ہجری میں پیدا ہوئے۔ حنفی المذہب تھے اور آپ بدعتیوں کے بہت سخت مخالف تھے یہاں تک کہ خلافتِ عثمانیہ میں ایک دفعہ آپ کے اعدام کا حکم جاری ہوا لیکن آپ کے بعض محبین کی وساطت سے وہ حکم واپس لے لیا گیا۔ پہلی عالمی جنگ چھڑنے کے بعد خلافتِ عثمانیہ نے 1333 ہجری میں آپ کو صلیبیوں کے ایجنٹ طاغوت آل السعود کے پاس بھیجا تاکہ اس کے صلیبی آقاؤں کے خلاف اسے مسلمانوں کی مناصرت پر ابھارا جائے۔ لیکن ایک کتا اپنے مالک کے خلاف کیسے بھونک سکتا ہے۔ تو آلوسی کی کوششیں رائیگاں گئی اور وہ غمگین ہو کر واپس لوٹ آئے۔ پھر 1335 میں صلیبیوں کے بغداد پر قبضہ کے بعد انہوں نے شیخ آلوسی کو قاضی کا عہدہ پیش کیا تو انہوں نے شدت کیساتھ انکار کر دیا جبکہ وہ ان دنوں بہت تنگ دست تھے اور وہ اپنی مسندِ تالیف پر براجمان رہے اور اپنی مسجد میں معتکف رہے۔ ان کی تصانیف کی تعداد پچاس کے قریب ہے جن میں کتابیں اور رسالے بھی ہیں۔ آپ 1343 میں فوت ہوئے۔

(۳۸) یعنی امام ابو حنیفہؒ

(۳۹) یعنی دریائے جیحون۔

(۴۰) صب العذاب علی من سب الاصحابؓ

(۴۱) الاجوبۃ العراقیہ علی الاسئلۃ اللاہوریہ، الفصل الثالث

(۴۲) الاجوبۃ العراقیہ علی الاسئلۃ اللاہوریۃ الفصل الثالث

(۴۳)زین العابدین بن یوسف بن محمد الطورانی الاردلانی، انہوں نے 1070 میں بغداد میں مسندِ افتاء سنبھالی۔

(۴۴)الیمانیات المسلولۃ علی الرافضہ المخزولۃ۔ المقالۃ الرابعۃ

(۴۵)امام الذہبی کہتے ہیں العلامۃ الکبیر ذوالفنون فخر الدین محمد بن عمر بن الحسین القرشی البکری الطبرستانی۔ الاصولی، المفسر، کبیر الاذکیا والحکماء والمصنفین۔ ان کی تصانیف شہروں میں پھیل گئیں۔ اور آپ بہت ذکی تھے۔544 ہجری میں پیدا ہوئے اور آپ الاشعریہ کے امام تھے اور آخر عمر میں آپ تائب ہوگئے اور کہا کہ میں نے فلسفہ اور علم کلام کے مناہج میں بہت غور کیا تو میں نے دیکھا کہ وہ بیمار کو علاج نہیں دیتی اور نہ بیماری کو ختم کرتی ہیں۔ آپ 606 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۴۶) نہایۃ العقول للرازی، نقلاً عن اصول مذہب الشیعہ الامامیۃ لناصر القفاری۔

(۴۷)محمد امین بن عمر بن عبد العزیز، الحنفی جن کا لقب ابنِ عابدین کے نام سے مشہور ہے کیونکہ ان کا نسب زین العابدین بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب سے جاملتا ہے۔1198 میں دمشق میں پیدا ہوئے۔ اپنے زمانے میں احناف کے امام تھے اور دیارِ شامیہ کے فقیہ تھے۔ المفسر، الاصولی، انہوں نے قرآن حفظ کیا اور اس کی قرأتوں میں مہارت حاصل کی اور لغت، حدیث، تفسیر، تصوف اور میراث کے علوم کے ساتھ مشغول رہے۔1252 میں آپ کی وفات ہوئی۔

(۴۸) یعنی ان کے کفر میں۔

(۴۹)العقود الدریۃ فی الفتاویٰ الحمدانیۃ

الفصل (۳)

تاریخی حوادث جو رافضیوں کے بارے میں فقہاء کا حکم واضح کرتے ہیں

حافظ ابن کثیر 241ہجری کے وقائع بیان کرتے ہیں اوراس میں ہے کہ خلیفہ متوکل علی اللہ نے(۵۰)بغداد کے ایک آدمی کو مارنے کا حکم دیا تو اسے بہت شدید مارا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ اسے ایک ہزار کوڑے مارے گئے یہاں تک کہ وہ مر گیا اور یہ اس سبب تھا کہ اس کے خلاف 17 آدمیوں نے قاضی الشرقیہ ابی حسان الزیادی کے پاس گواہی دی کہ وہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، ام المومنین سیدۃ طاہرۃ عائشہ وحفصہ رضی اللہ عنہما کو گالیاں بکتا تھا۔ تو اس کی شکایت خلیفہ کے پاس پہنچی تو خلیفہ نے اپنے نائب محمد بن عبد اللہ بن طاہر بن الحسین کو لکھا کہ معاملہ کی خبر لے اور اسے حکم دیا کہ اسے لوگوں کے سامنے گالی دینے کی حد لگائی جائے پھر اسے کوڑوں سے مارا جائے یہاں تک کہ مر جائے اور اس کی نعش دریائے دجلہ میں پھینک دی جائے اور نمازِ جنازہ پڑھنے کی بھی اجازت نہ دی جائے تاکہ اہلِ الحاد اور معاندین اس سے عبرت پکڑیں۔ پس اس قبیح ملعون کے ساتھ ایسا ہی کیا گیا۔

پھر حافظ ابنِ کثیر کہتے ہیں کہ ایسا آدمی بالاجماع کافر ہے اگر وہ ام المومنین سیدہ عائشہ طاہرہ رضی اللہ عنہا پر بہتان باندھے اور ان کے علاوہ امہات المومنین پر اگر بہتان باندھے تو اس میں دو اقوال ہیں اور صحیح یہ ہے کہ وہ کافر ہے کیونکہ وہ سب کی سب نبی ﷺ کی ازواجِ مطہرات ہیں۔

ابن ابی الدنیا بیان کرتے ہیں اور وہ اس واقعہ کے خود شاہد ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں پل پر کھڑا تھا تو وہاں قاضی ابو حسان الزیادی آئے۔ متوکل نے ان کی طرف ایک خفیہ چیز بھیجی اور وہ رومال میں بندھا مہر بند ایک دیبقی(۵۱) کوڑا تھا اور انہیں حکم دیا گیا کہ ایک شخص "خان عاصم" نامی کو ہزار کوڑے مارے جائیں کیونکہ اس کے خلاف ثقہ گواہیاں موصول ہوئیں تھیں کہ اس نے ابو بکر صدیق و عمر فاروق اور

عائشہ رضی اللہ عنہم پر بہتان باندھا اور گالی دی۔ تو اس شخص نے اس کا انکار بھی نہ کیا اور نہ ہی توبہ کی تو پھر اسے قاضی کی موجودگی میں مارا جانے لگا اور لوگ وہاں کھڑے تھے تو وہ شخص کہنے لگا اے قاضی تو نے مجھے قتل کر دیا تو ابو حسان قاضی نے کہا کہ تیرا قتل حق ہے بسبب نبی کی بیوی پر بہتان باندھنے کے اور خلفاراشدین المہدیین کو گالی دینے کے (۵۲)۔

مقریزی مصر میں رمضان 353 ہجری کے واقعات بیان کرتے ہیں (۵۳) کہ ایک آدمی کو گرفتار کیا گیا جو ابن ابی اللیث الملطی کے نام سے مشہور تھا اور وہ شیعہ تھا۔ پس اسے دو سو کوڑے اور ایک درہ مارا گیا۔ پھر اسے شوال میں پانچ سو کوڑے اور ایک درہ مارا گیا اور اسکی گردن میں طوق ڈال دیا گیا اور ہر روز اسے بلایا جاتا تا کہ اس پر کسی قسم کی کوئی تخفیف نہ ہو اور اس کے منہ پر تھوکا جاتا۔ وہ اپنی قید کے دوران ہی مر گیا۔ چنانچہ رات کو اس کا جنازہ اٹھایا گیا اور اسکی قبر کو اکھاڑنے کے لیے مسلمانوں کی ایک جماعت گئی لیکن ایک دوسری جماعت نے انہیں منع کر دیا (۵۴)۔

(۳) ابن الجوزی (۵۵) 460 ہجری کے واقعات بیان کرتے ہیں "460 ہجری، نصف جمادی الاول ہفتہ کے دن اصحاب (۵۶) اور فقہاء کی ایک جماعت اور اہلِ حدیث کے اعیان دیوان العزیز میں اکٹھے ہوئے تو انہوں نے وہاں "الاعتقاد القادری" کی بابت سوال کیا اور وہ کتاب وہاں ان کی موجودگی میں پڑھی گئی۔ وہاں لوگوں کی ایک تعداد بھی موجود تھی اور یہ اجتماع الاعتقاد القادری والقائمی پڑھنے کے لیے منعقد ہوا تھا اور اس میں سلطان کہنے لگے "اور رافضیوں پر اللہ کی لعنت ہو وہ سب کے سب کافر ہیں اور جو انہیں کافر نہیں سمجھتا وہ بھی کافر ہے۔ ابن فورک (۵۸) فوراً کھڑے ہوئے تو انہوں نے بدعتیوں پر لعنت کی اور کہا اس میں موجود اعتقاد کے علاوہ ہمارا کوئی عقیدہ نہیں اس پر وہاں موجود جماعت نے ان کا شکریہ ادا کیا۔

(۴) ابن الجوزی 571 ہجری کے حوادث بیان کرتے ہیں کہ ان ایام میں رافضیت بہت زیادہ پھیل گئی تھی تو صاحبِ مخزن نے امیر المومنین کی طرف لکھا کہ ان کے ہاتھ مضبوط کیے جائیں۔ پھر میں نے منبر پر لوگوں کو خبر دی کہ امیر المومنین صلوات اللہ علیہ، کو خبر پہنچی ہے کہ رافضیت پھیلنے لگی ہے اور

انہوں نے حکم جاری کیا ہے بدعتوں کا ازالہ کیا جائے پس جس کسی کو تم سنو کہ وہ صحابہ کی شان میں گستاخی کرتا ہے تو اس کی مجھے خبر دو تاکہ میں اسے ہمیشہ کے لیے قید کردوں چاہے ایسا آدمی کوئی واعظ ہی کیوں نہ ہو۔ تو اس کے بعد لوگ رافضیت سے رک گئے۔

(۵) ابن کثیر 755 ہجری کے حوادث کے بارے میں لکھتے ہیں اہل حلہ جامعہ دمشق کے قریب ایک رافضی شور مچانے لگا اور وہ سب سے پہلے آلِ محمد پر ظلم کرنے والے کو گالیاں دینے لگا اور وہ باز ہی نہ آتا تھا اور نہ ہی وہ لوگوں کے ساتھ نماز پڑھتا تھا اور نہ اس نے وہاں موجود نمازِ جنازہ میں شرکت کی جبکہ لوگ نماز میں مشغول تھے اور وہ بار بار دہراتا اور اپنی آواز بلند کرتا۔ پھر جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو لوگ اس کی طرف لپکے اور اسے پکڑ لیا اور اچانک وہاں جنازے میں موجود شافعی قاضی نمودار ہوئے تو میں اس کے پاس آیا اور اس شخص سے پوچھنے لگا کہ کس نے آلِ محمد پر ظلم کیا تو وہ کہنے لگا ابو بکر الصدیق نے پھر وہ اونچی آواز سے بکنے لگا جبکہ لوگ سن رہے تھے " اللہ کی (نعوذ باللہ) لعنت ہو ابو بکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ، معاویہؓ اور یزیدؒ پر۔ اس نے یہ بکواس تین مرتبہ دہرائی تو حاکم نے اسے جیل بھجوا دیا۔ پھر اسے مالکی نے بلایا اور اسے کوڑے مارے گئے اور وہ چیخ کر لعن طعن کرنے لگا اور ایسا کلام کرنے لگا جو ایک شقی انسان ہی کر سکتا ہے۔ پھر جمعرات کے دن دارالسعادۃ میں ایک عدالت لگائی گئی اور وہاں چاروں قاضی آئے اور اللہ نے چاہا تو اس کے قتل کا حکم دیا گیا۔ پھر اسے تیزی سے لے جا کر قلعہ کے نیچے اس کی گردن اڑا دی گئی۔ پھر عامۃ الناس نے اس کی نعش کو جلایا اور اس کا سر لے کر شہر میں گھومنے لگے اور یہ آواز لگانے لگے... یہ ہے سزا اس شخص کی جو اصحاب رسول اللہ کو گالی دیتا ہے۔ میں نے خود اس جاہل کو مالکی قاضی کے دفتر میں دیکھا تھا جبکہ وہ غالی رافضیوں کے جیسی بکواسات کر رہا تھا۔ اس نے ابن مطہر کے ساتھیوں سے کفر وزندقہ سیکھ رکھا تھا، اللہ کی ان پر لعنت ہو۔

السبکی اسی واقعہ کی تفصیل بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں اور انہوں نے اس میں ایک رسالہ بھی تحریر کیا اور کہا کہ اس رسالہ کی تحریر کا سبب یہ ہے کہ میں جامع اموی میں سوموار 16 جمادی الاولیٰ 755 ہجری کو ظہر کی نماز ادا کر رہا تھا تو میرے پاس ایک شخص کو لایا گیا جس نے نماز کے دوران مسلمانوں کی

صفیں توڑتے ہوئے بھونکنا شروع کیا کہ اللہ کی لعنت ہو اس پر جس نے آلِ محمد پر ظلم کیا تو وہ اس بات کو بار بار دہرانے لگا۔ تو میں نے اس سے سوال کیا وہ کون ہے؟ کہنے لگا ابو بکرؓ، میں نے کہا ابو بکر الصدیقؓ! کہنے لگا ابو بکر عمر، عثمان یزید اور معاویہ رضی اللہ عنہم۔ تو میں نے اسے جیل میں ڈالنے کا حکم دیا اور اسکی گردن میں طوق ڈال دیا۔ پھر اسے مالکی قاضی نے مارا اور وہ اس بات پر مصر تھا اور اس پر یہ زیادہ کرنے لگا کہ ''فلاں بھی اللہ کا دشمن ہے'' اور اس پر میرے کچھ گواہوں نے گواہی دی اور کہا کہ وہ کہتا تھا'' کہ وہ غیر حق کی موت مرا اور اس نے فاطمہؓ کے ساتھ میراث میں ظلم کیا'' یعنی ابو بکر صدیقؓ نے اور اس نے نبی ﷺ کی نعوذ باللہ تکذیب کی اسکو میراث سے محروم کرتے ہوئے۔ تو مالکی نے اسے دوبارہ مارا اور وہ اس بات پر مصر رہا۔ پھر اسے جمعرات 19 جمادی الاولیٰ کو لایا گیا اور اس کے سامنے گواہیاں پیش کی گئی تو اس نے انکار بھی نہ کیا اور کچھ نہ بولا اور پھر کہنے لگا کہ ''اگر میں نے ایسا کہا ہے تو اللہ ہی اسے جانتا ہے''۔ اس پر بار بار سوال دہرائے گئے تو وہ یہی جواب دیتا رہا اور اسے کہا گیا کہ اپنے گناہ سے توبہ کر تو وہ کہنے لگا ''میں نے اپنے گناہوں سے توبہ کرلی''۔ توبہ کرنے کا سوال بار بار دہرائے جانے پر اس نے اس سے زیادہ جواب نہ دیا۔ اس کے بعد مجلسِ عدالت میں بحث ہوئی اور اس کے کفر و توبہ پر غور کیا گیا جس کے بعد مالکی قاضی نے اس کے قتل کا حکم دے دیا۔ پھر اسے قتل کر دیا گیا(۵۹)۔

(۶) ابن کثیر 765 ہجری جمادی الثانی کے احوال بیان کرتے ہیں کہ جمعرات کے دن، دن کے آغاز میں ایک شخص جامع اموی میں پایا گیا جس کا نام محمود بن ابراہیم الشیرازی تھا۔ وہ شیخین کو گالیاں دے رہا تھا اور بہت بلند آواز تھا۔ تو معاملہ مالکی قاضی، قاضی القضاۃ جمال الدین المسلاتی کے پاس لے جایا گیا۔ اسے توبہ کرنے کو کہا گیا اور ساتھ کوڑے مارنے والے کو بلایا گیا۔ پہلی ضرب پے وہ کہنے لگا لا الٰہ الا اللہ، علی ولی اللہ۔ پھر جب اسے دوسری ضرب لگائی گی تو اس نے ابو بکر و عمر پر لعنت کی تو لوگوں نے اسے پکڑ لیا اور اسے خوب مارا یہاں تک کہ قریب تھا وہ ہلاک ہو جائے تو قاضی انہیں روکنے لگے لیکن نہ روک سکے۔ تو وہ رافضی صحابہ کو گالیاں بکنے لگا۔ اور بکنے لگا کہ وہ سب کے سب گمراہ تھے تو اس وقت اسے پکڑ کر نائب سلطنت کے پاس لے جایا گیا اور اس پر گواہیاں دی گئیں تو پھر قاضی نے اس کا خون بہانے کا حکم دیا۔ اسے شہر کے مرکزی حصہ میں لے جایا گیا اور وہاں اس کی گردن اڑا دی گئی اور پھر عام

لوگوں نے اسے جلا دیا۔ اللہ اسے رسوا کرے اور یہ مدرسہ ابی عمرو کا طالب علم تھا پھر اس پر رفض غالب آگیا؛ تو حنبلی نے اسے چالیس دن کے لیے جیل بھیج دیا لیکن اس قید نے اسے نفع نہ دیا اور وہ ہر جگہ پر یہی بکواسات کرنے لگا یہاں تک کہ اسی دن وہ اپنے انجام کو پہنچ گیا۔ اس نے اپنے مذہب کا اظہار جامع اموی میں جا کر کیا اور یہی اس کے قتل کا سبب بن گیا۔ اللہ اسے رسوا کرے جیسے اس سے قبل اس جیسے ملعونوں کو اس نے رسوا کیا۔

(۷) ابن کثیر 574 ہجری کے حوادث کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بغداد میں ایک شاعر رافضیوں کے لیے شاعری کیا کرتا تھا اور صحابہ کرام کو شعروں میں گالیاں دیتا۔ تو اس کے لیے خلیفہ کے حکم پر ایک عدالت لگائی گئی پھر اسے بات کرنے کا موقع دیا گیا تو وہ ایک خبیث رافضی نکلا اور وہ رافضیت کا داعی تھا۔ پھر فقہاء نے اس کی زبان اور ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا تو اس کے ساتھ ایسا ہی کیا گیا۔ پھر اس کے بعد اسے عام لوگوں نے اچک لیا اور وہ سب اسے مارنے لگے یہاں تک کہ اس نے دریائے دجلہ میں چھلانگ لگا دی۔ تو لوگوں نے اسے دریا سے نکالا اور اسے قتل کر دیا۔ پھر لوگوں نے اس کے پاؤں میں رسی باندھی اور لے کر سارے شہر اور اس کے بازاروں کا طواف کیا۔ اس کے بعد اسکی نعش کو گندگی کے ایک جوہڑ میں پھینک دی جہاں سے اسے نکالنا ممکن نہ تھا۔

ابن الجوزی نے ذکر کیا ہے کہ اس شاعر کا نام ''ابو السعادت ابن قرایا'' تھا۔ پھر وہ لکھتے ہیں کہ وہ تسبیح کرنے لگا اور لوگ اسے مارنے لگے یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ پھر انہوں نے اسے نکالا اور اسے جلا دیا پھر اسے ایک گندے جوہڑ میں پھینک دیا گیا۔ حتیٰ کہ کچھ دنوں بعد جب اسے نکالا گیا تو لوگ کہنے لگے کہ مچھلیوں نے بھی اسے کھانا گوارا نہیں کیا۔ لوگوں نے اس کے بارے میں بہت شعر کہے۔ اس کے بعد رافضیوں کی جماعت کا پیچھا کیا جانے لگا اور لوگ ان کی کتابوں کو بنا پڑھے کہ کیا لکھا ہے، جلانے لگے۔ وہ اس خوف سے نہ پڑھتے تھے کہ کہیں ان پر اثر نہ کر جائیں۔ پس یک بارگی رافضیوں کا بیج ختم ہو گیا اور وہ یہودیوں سے بھی زیادہ ذلیل ہو گئے۔

(۸)ابن کثیرؒ 744 ہجری کے واقعات میں لکھتے ہیں کہ 21 جمادی الاولیٰ کو الخیل کے بازار میں حسن بن الشیخ السکا کینی کو قتل کر دیا گیابسبب اس رافضی عقیدے کے جس کا اس نے اظہار کیا۔ قاضی شرف الدین المالکی کے ہاں اسکی گواہی دی گئی اور بہت ساری گواہیاں آئیں جو اس کے کفر پر دلالت کرتی تھیں کہ وہ رافضی عقیدہ کا مالک ہے۔ پس اس میں وہ شیخین رضی اللہ عنہما کی تکفیر کرتا، مومنوں کی ماؤں عائشہ و حفصہ رضی اللہ عنہما پر بہتان باندھتا اور اس کو یہ زعم تھا کہ جبریل نے غلطی سے وحی محمد ﷺ کی طرف کر دی جبکہ انہیں دراصل علی کرم اللہ وجہ کی طرف بھیجا گیا تھا۔ اس طرح کے بہت سے قبیح اقوال کا وہ حامل تھا۔

تراجم وحوالہ جات

(۵۰)الذہبی کہتے ہیں المتوکل علی اللہ، خلیفہ، ابو الفضل جعفر بن معتصم باللہ محمد بن الرشید ہارون بن المہدی بن منصور، القرشی، العباسی، البغدادی۔205 ہجری میں پیدا ہوئے اور خلافت کے لیے ان کی بیعت232 ہجری میں کی گئی۔ خلیفہ بن خیاط کہتے ہیں جب متوکل خلافت پر متمکن ہوا تو اس نے سنت کو عام کیا اور اپنی مجلسوں میں اس کی بات کرتا اور اس نے تمام اطراف میں لکھ بھیجا کہ سنت کو عام کیا جائے اور اس کے اہل کی نصرت کی جائے۔ انہیں 247 ہجری میں قتل کر دیا گیا۔

(۵۱)المقریزی کہتے ہیں دیبق دمیاط کی ایک بستی ہے جہاں بھاری کپڑے، عمامے اور رنگ برنگے شربت بہت بنائے جاتے تھے۔ اور الدیبقی سونے کا رنگ چڑھے جھنڈے کو بھی کہتے ہیں[المواعظ والاعتبار]

(۵۲) تاریخ دمشق لابن عساکر تذکرہ القاضی ابی الحسن الزیادی۔

(۵۳) الشوکانی کہتے ہیں؛ احمد بن علی بن عبد القادر...التقی ابو العباس، الحسینی العبیدی البعلی الاصل،القاہری، المعروف بابن المقریزی۔ یہ بعلبک کے علاقے کی طرف نسبت ہے جسے المقارزہ کہا جاتا ہے۔انہوں نے متعدد فنون میں مہارت حاصل کی فضائل میں مشارکت کی نظم ونثر بھی کہی اور حکومت میں بھی رہے اور انہیں ایک سے زیادہ دفعہ الحسبہ کا محکمہ قاہرہ میں دیا گیا۔۔ابن حجر کہتے ہیں کہ انکی نظم بہت فائق اور نثر بہت اعلیٰ پائے کی تھی۔اور ان کی تصانیف بہت اعلیٰ تھی خاص طور پر تاریخ القاہرہ میں جس میں انہوں نے نقد وجرح کرکے صحیح تاریخ کو نکھارا۔845 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۵۴) المواعظ والاعتبار بذکر الخطط والآثار۔اہلِ مصر کے مذاہب اور جب سے جناب، عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اسے فتح کیا ائمہ کا اعتقاد یہاں پھیل گیا اور وہاں جو احداث ہوتے رہے اس کا تذکرہ۔

(۵۵) الذہبی کہتے ہیں الشیخ العلامہ، الحافظ المفسر،، شیخ الاسلام مفخر العراق، جمال الدین ابو الفرج، عبد الرحمن علی بن محمد... ابن الفقیہ القاسم بن محمد۔ ابن خلیفۃ رسول اللہ ابو بکر الصدیق۔ القرشی البغدادی الحنبلی، الواعظ۔ صاحبِ تصانیف۔509 ہجری میں پیدا ہوئے وہ خود کہتے ہیں کہ میں نے اپنی ان انگلیوں سے دو ہزار جلدیں لکھیں اور ان کے ہاتھ پر ایک لاکھ لوگوں نے توبہ کی اور ان کے ہاتھ دس ہزار لوگوں نے اسلام قبول کیا۔597 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۵٦) یعنی حنابلہ۔

(۵۷)اسے عباسی خلیفہ القادر نے تالیف کیا اور اس کی نص کا تذکرہ ابن الجوزی نے ''المنتظم'' میں کیا ہے 433 ہجری کے واقعات کے تذکرہ میں۔

(۵۸)الذہبی ''السیر'' میں کہتے ہیں الامام العلامہ الصالح، شیخ المتکلمین، ابو بکر محمد بن الحسن بن فورک الاصبہانی۔ وہ اشعریۃ سے تعلق رکھتے تھے اور علم الکلام میں ماہر تھے اور ان سے ابو الحسن الباہلی نے اخذ کیا۔ جبکہ فقہ میں وہ امام شافعی کے پیروکار تھے۔ ابن خلکان کہتے ہیں ان کی تصنیفات کی تعداد سو کے قریب ہے۔406 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۵۹)فتاوی السبکی باب جامع؛ قولہ تعالیٰ (وَ وَرِثَ سُلَیۡمٰنُ دَاوٗدَ) النمل 16۔

الفصل (۴)

اس دعویٰ کا رد کہ فقہاء رافضہ کے حکم میں مختلف ہیں!

اوپر کے صفحات میں ہم نے متعدد فقہاء کے اقوال نقل کیے ہیں جن میں رافضیوں کے گروہ کی تکفیر پر اجماع کی حکایت بیان کی گئی ہے۔ پھر اس کے بعد ہم نے دوسرے چند اقوال نقل کیے جس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ رافضیوں پر حکم میں اختلاف موجود ہے! پھر بعض لوگ سوال اٹھاتے ہیں کہ کیا یہ تناقض نہیں ہے؟

حقیقت یہ ہے کہ یہ تناقض موجود ہے... لیکن فقط ذہن میں جس کسی نے اس مسئلہ میں فقہاء کے اقوال کا احاطہ نہیں کیا یا اس نے بعض سے صرفِ نظر کرتے ہوئے یا پھر رافضہ پر حکم لگایا تو صرف ان کے صحابہ کے بارے میں موقف کی جہت میں اور ان اسباب کو کلی طور پر ترک کر دیا جن کے سبب فقہاء نے ان پر کفر کا حکم لگایا۔ جبکہ ایسے احکام کس قدر کثرت کے ساتھ وارد ہیں۔ رافضہ کے کفر کے اسباب کس قدر ہیں... جیسے ان کا طاغوت کی عبادت کرنا، ان کے لیے دعا نذر اور حج کرنا۔ اپنے بعض ائمہ میں رب کی صفات کا اعتقاد رکھنا۔ جیسے علمِ غیب وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ کی صفات میں نقص بیان کرنا جیسے کہ بدئ، تعطیل صفات۔ اس مسئلہ میں وہ معتزلہ کے بھائی ہیں۔ ان کا تحریفِ قرآن کا عقیدہ رکھنا، سنتِ نبویہ کی نصوص کا انکار کرنا کیونکہ وہ صحابہ سے مروی ہیں اور صحابہ ان کے نزدیک کافر ہیں۔ اسلام کے دشمنوں کی مسلمانوں کے خلاف مدد کرنا... ایسے امور کس قدر مشہور ہیں...!

ابن حجر الہیتمی (۶۰) کہتے ہیں کہ اہل السنۃ علیؓ کو ابو بکرؓ پر فضیلت دینے والے کی تکفیر نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ امت کے جن لوگوں نے رافضیوں کو کافر قرار دیا ہے تو اس کے اور اسباب ہیں جو ان کی قباحتوں میں سے ہیں (۶۱)۔

رافضیت کا دین دوسرے باطل ادیان کی طرح ایک بشر کا بنایا ہوا غیر ثابت دین ہے... جو زمانے کے تغیرات کے ساتھ اپنے رنگ بدلتا ہے۔ اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ کسی دور میں ایک شیعہ فقیہ ایک مسئلہ میں کوئی فتویٰ جاری کرتا ہے تو دوسرے کسی دور میں وہ اس سے بالکل مختلف حکم لگا دیتا ہے۔

امام الذہبی اسی تغییر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ غالی شیعہ صحابہ رضوان اللہ علیہم اور سلف کے زمانہ میں ایسے تھے جو عثمان، طلحہ، زبیر، معاویہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں باتیں کرتے تھے اور ایک جماعت علی رضی اللہ عنہ سے لڑتی تھی اور آج ہمارے زمانے کے شیعہ وہ تمام سرداروں پر تبرا کرتے ہیں اور ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی کو گالیاں دیتے ہیں (٦٣)۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ (٦٤) کہتے ہیں کہ پہلے شیعہ اصحابِ علی تھے اور اس وقت وہ ابو بکر وعمر کی علی پر فضیلت کے بارے میں ذرہ برابر شک نہ کرتے تھے لیکن شیعانِ علی کا ایک گروہ انہیں جنابِ عثمان رضی اللہ عنہ پر فضیلت دیتا تھا۔ (٦٥)۔

پس شیعیت نے اپنا آغاز ایسے کیا کہ وہ علی ص کو جنابِ عثمان رضی اللہ عنہ پر فضیلت دیتے تھے۔ لیکن بعد میں یہ ترقی کرتے گئے اور انہوں نے ایک مکمل طور پر اسلام سے مختلف نیا دین بنالیا۔

یہاں تک کہ عبد اللہ بن عبد الرحمن ابی بطین (٦٦) نے کہا کہ رافضیوں کے متاخرین نے رافضیت کے ساتھ شرک کو بھی جمع کر لیا جب وہ اپنی زیارتوں پر جاکے شرکیہ کاموں کا ارتکاب کرتے ہیں اور ایسا شرک کہ جس حد تک جنابِ رسالتمآب ﷺ کی بعثت کے وقت عربوں کا شرک بھی نہ پہنچا تھا۔

زین العابدین بن یوسف الکردی اس دعویٰ کو رد کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ائمہء متقدمین بالجملہ رافضیوں کے دشمن تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ آئمہ اور علماء جنہوں نے رافضیوں کے کفر کا فتویٰ دیا وہ ان کے احوال سے زیادہ واقف تھے لیکن ان متاخرین رافضہ کا کیا کریں جو کسی بھی چیز پر باقی نہیں بلکہ وہ گمراہ ہیں اور اس قدر غالی ہیں کہ اپنے متقدمین کو پیچھے چھوڑ گئے ہیں۔ آئمہ کو ان کے حال کیا علم؟

یہ ایک جہت سے ہے۔ جبکہ دوسری جہت یہ ہے کہ فقہاء سے منسوب جو اختلاف ذکر کیا گیا ہے وہ محض گالی کی قسم کے اوپر حکم ہے نہ کہ رافضیوں کے عقائد کے اجتماعی حکم بارے میں۔

یہ اس سبب ہے کہ صحابہ کو گالی دینے کا حکم متعدد اعتبارات سے مختلف ہوتا ہے اور اس میں گالی دینے والی کی حیثیت و کیفیت کا بھی عمل دخل ہے۔ کہ کیا وہ محض گالی دینے تک محدود ہے یا پھر وہ گالی اسے تکفیر کی طرف لے جاتی ہے؟ کیا وہ گالی لعنت کرنے کے باب میں ہے یا پھر کسی اور قسم کی؟... کیا اسکی گالی اسے مجرم بناتی ہے یا نہیں؟...الخ جیسے کہ فقہاء کے کلام میں مذکور ہے۔

اسی لیے ابو الثناء الآلوسی رافضیوں کی تکفیر پر اجماع نقل کرنے کے بعد کہتے ہیں " کہ یہ جو روایت کیا گیا کہ گالی دینے والے کو مارا جائے اور شدید ضرب ماری جائے۔ یہ اس بات پر محمول ہے جب اسکی گالی صحابہ کی تکفیر کو لازم نہ کرتی ہو اور اس کے ساتھ کوئی ایسا دعویٰ ان کی نسبت بغض، ارتداد یا استحلال ایذا کا نہ کیا گیا ہو۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ مطلقاً صرف گالی دینے والے کا حکم یہ ہے جیسے کہ اس کا تتابع کرنے والے سے یہ بات مخفی نہیں ہے(۶۹)۔

السبکی کہتے ہیں جو بندہ یہ کہے کہ صحابہ کو گالی دینے والا کافر نہیں ہے تو ایسے شخص سے یہ بھی بعید نہیں کہ وہ اعلام صحابہ کو گالی دینے والے کی بھی تکفیر نہ کرے۔ پس ہمارے نزدیک دو وجوہ ہیں (۷۰) کہ ہم نے اس کو فسق پر محمول کیا جبکہ گالی دینے والا مجرد گالی دے اور یہ موقف امام احمد کا ہے کہ ہم اس کے قتل کے حکم سے اجتناب کریں گے جو مجرد گالی دینے کا ارتکاب کرے(۷۲،۷۱)۔

ذیل میں یہاں ہم ایسے اقوال پیش کر رہے ہیں جن میں فقہاء نے گالیوں کی اقسام میں تفریق کی ہے اور یہ کہ صحابہ کو گالی دینا کفریہ فعل ہے۔ یہ اقوال ان اقوال کی توجیہ ہیں جن میں آئمہ کے رافضیوں کے بارے میں حکم کا اختلاف ذکر کیا جاتا ہے۔

امام مالک (۷۳) کہتے ہیں جس نے کسی ایک صحابی کو گالی دی جیسے کہ ابو بکر صدیق، عمرِ فاروق، عثمانِ غنی یا علی یا معاویہ یا عمرو بن العاص رضی اللہ عنہم کو، پس اگر وہ گالی دینے والا یہ کہے کہ وہ سب

گمراہ تھے اور کافر تھے تو اسے قتل کیا جائے گا اور اگر اس کے علاوہ وہ محض گالی دے جیسے عام لوگ گالی دیتے ہیں تو پھر اسے شدید ضرب لگائی جائے گی(۷۴)۔

(۲) محمد بن عبد الوہاب (۷۵) کہتے ہیں جس نے کسی صحابی کو گالی دینے میں خاص کیا اور ایسا صحابی اس پائے کا ہو کہ اس کے فضل و کمال میں تواتر کے ساتھ ثبوت وارد ہوں جیسے کہ خلفاء راشدین۔ پس اگر ایسا گالی دینے والا حقیقتاً اس کا اعتقاد بھی رکھتا ہے تو وہ کافر ہے کیونکہ وہ اس بات کی تکذیب کر رہا ہے جو نبی اسے قطعیاً ثابت ہے اور اس کی تکذیب کرنے والا کافر ہے اور اگر اس نے گالی بغیر اعتقاد رکھے دی ہے تو وہ فاسق ہے کیونکہ مسلمان کو گالی دینا فسق ہے جبکہ بعض فقہاء نے شیخین رضی اللہ عنہما کو مجرد گالی دینے والے کو کافر قرار دیا ہے (واللہ اعلم)۔ پس اگر کوئی ایسا صحابی جس کے فضل و کمال کے بارے میں تواتر کے ساتھ اخبار وارد نہ ہوں تو ظاہر بات یہ ہے کہ گالی دینے والا فاسق ہے لیکن اگر وہ اسے محض اللہ کے رسول ا کی صحبت اختیار کرنے کی بنا پر گالی دیتا ہے تو وہ کافر ہے اور ان رافضیوں کی غالب اکثریت صحابہ کو خلفاء سمیت گالی دیتی ہے اور حقیقتاً اس کا عقیدہ بھی رکھتی ہے بلکہ وہ اسے واجب سمجھتے ہیں اور اس کے ذریعے اللہ کا تقرب حاصل کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں اور اسے وہ اپنے دین کے امور خیال کرتے ہیں۔ جیسے کہ یہ ان سے منقول ہے(۷۶)۔

(۳) ملا علی قاری کہتے ہیں کہ جو صحابہ میں سے کسی ایک کو گالی دے تو وہ بالاجماع فاسق و بدعتی ہے سوائے اس کے کہ جب وہ اس بات کے مباح ہونے کا اعتقاد رکھے یا اس پر ثواب کی امید رکھے جیسے کہ بعض شیعہ کا حال ہے یا وہ صحابہ کے کفر کا اعتقاد رکھے تو وہ بالاجماع کافر ہے۔ پس دیکھا جائے گا کہ اگر اس کے ساتھ ایسے قرائن پائے جائیں جو تکفیری ہوں وگرنہ دوسری صورت میں وہ فاسق ہے۔ لیکن وہ ہمارے علماء کے نزدیک سیاسی طور پر بھی قتل کیا جائے گا تاکہ ان لوگوں کے شر و فساد کو ختم کیا جائے(۷۷)۔

(۴) ابنِ تیمیہ کہتے ہیں پس جو کوئی صحابہ کو گالی دے تو اس کا یہ گالی دینا کسی طور بھی ان کی عدالت اور دین میں قدغن عائد نہیں کرتا۔ مثلاً کوئی انہیں بخیل، بزدل، کم علم، یا عدم زہد وغیرہ کے الزام

لگائے۔ پس یہ ایسا شخص ہے جو تادیب وتعزیر کا مستحق ہے اور ایسا آدمی محض اس بنا پر کافر نہیں کہا جائے گا۔ پس اسی پر ان علماء کا کلام محمول کیا جائے گا جو ان کی تکفیر نہیں کرتا۔ لیکن جو لعن طعن اور مطلقاً تقبیح کرے تو اس میں ان کے درمیان اختلاف ہے اور وہ بھی اس سبب ہے کہ لعن طعن کے اندر کس قدر شدت اختیار کی گئی ہے اور اس میں اعتقاد کا کتنا عمل دخل ہے۔ لیکن اسکے برعکس اگر کوئی حد سے بڑھتا ہے اور یہ بھونکتا ہے کہ تمام صحابہ نبی ﷺ کی وفات کے بعد کافر ہو گئے تھے سوائے چند ایک کے جن کی تعداد دس سے کچھ اوپر ہے یا یہ کہے کہ ان کے عام لوگ فاسق ہو گئے تھے تو ایسے شخص کے کفر میں کوئی شک نہیں کیونکہ وہ ایسی بات کی تکذیب کر رہا ہے جسے قرآن نے کئی ایک مقامات پر بیان کیا ہے {رَّضِيَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ وَرَضُوۡا عَنۡهُ} بلکہ کوئی شخص جو ایسے آدمی کے کفر میں شک کرتا ہے تو اس کا کفر متعین ہے کیونکہ اس بات کا مضمون یہ ہے کہ کتاب وسنت کے حاملین کافر اور فاسق تھے جبکہ یہ امت وہ ہے جس کے بارے میں اللہ فرماتے ہیں {كُنۡتُمۡ خَيۡرَ اُمَّةٍ اُخۡرِجَتۡ لِلنَّاسِ} تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے لیے نکالی گئی ہے {آل عمران 110} اور اس کا سب سے بہتر دور قرنِ اول ہے۔ یہ کہنا کہ اس امت کے سابقہ لوگ شریر تھے تو ایسے شخص کا کفر دین میں معلوم ہے اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ جس کسی سے اس قسم کے اقوال ظاہر ہوئے تو واضح ہوتا ہے کہ وہ زندیق ہے جبکہ عام زنادقہ اپنے مذہب کے پردے میں رہتے ہیں۔ بالجملہ اس قسم کی گالی دینے والے کے کفر میں کوئی شک نہیں اور ان میں سے بعض ایسے ہیں جن کے کفر کا حکم نہیں لگایا جائے گا اور بعض کا حکم متردد ہے(۷۸)

(۵)ابو عبد اللہ الخرشی(۷۹) کہتے ہیں کہ قسطربی نے مسلم کی شرح میں کہا صحابہ رضی اللہ عنہم کے احترام کے واجب ہونے اور ان کو گالی دینے کی تحریم میں کوئی اختلاف نہیں اور ایسے شخص کے کفر میں اور اس کے قتل کیے جانے میں بھی کوئی اختلاف نہیں جو یہ کہے کہ وہ کفر و گمراہی پر تھے۔ کیونکہ اس نے ایسی چیز کا انکار کیا ہے جو شریعت سے معلوم ہے، پس اس نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی تکذیب کی ہے۔ اسی طرح وہ شخص جو خلفاء راشدین میں کسی ایک کو کافر قرار دیتا ہے یا انہیں گمراہ کہتا ہے تو کیا اس کا حکم مرتد کا حکم ہے کہ اس سے توبہ کروائی جائے یا وہ زندیق ہے کہ اس سے توبہ نہ کروائی جائے اور ہر حال میں قتل کیا جائے؟ ان امور میں قدرے اختلاف ہے۔ پس اگر کوئی انہیں گالی دے

اور اسکی گالی ایسی ہو جو حد واجب کرتی ہو جیسے کہ قذف کی تو اسے قذف کی حد لگائی جائے گی۔ پھر اس کے بعد اسے شدید مار ماری جائے گی اور ہمیشہ کے لیے اہانت کے ساتھ جیل میں پھینک دیا جائے گا سوائے اماں عائشہ سیدہ طاہرہ رضی اللہ عنہا کے، کیونکہ ان پر الزام لگانے والے کو قتل کر دیا جائے گا کیونکہ وہ کتاب و سنت کے ذریعے مبرّا پر الزام لگا رہا ہے۔ لیکن ان کے علاوہ دوسری ازواجِ مطہرات کے بارے میں اختلاف کیا گیا ہے۔ کہا گیا ہے کہ اسے بھی قتل ہی کیا جائے گا کیونکہ اس نے نبی ﷺ کو اذیت دی۔ یہ بھی کہا گیا کہ اس پر حد لگائی جائی گی اور شدید ضرب لگائی جائے گی۔ لیکن جو کوئی اس کے علاوہ گالی دے جس میں قذف نہ ہو تو اسے شدید قسم کے کوڑے مارے جائیں گے۔

ابن حبیب کہتے ہیں اور اسے ہمیشہ کے لیے جیل میں ڈال دیا جائے گا یہاں تک کہ وہ مر جائے۔ امام مالک سے مروی ہے کہ جو اماں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو گالی دے اسے مطلقاً قتل کر دیا جائے گا اور اس کی گالی کو قذف پر محمول کیا جانا ممکن ہے۔ انہوں نے "الاِکمال" میں کہا اور ان کا مشہور مذہب یہ ہے کہ اس میں اجتہاد ہے کہ اس میں گالی کی بکواس کی کیفیت وکیمیت کو دیکھا جائے گا اور ایسے آدمی کا فئے میں بھی کوئی حق نہیں اور اگر کسی نے کہا کہ وہ کفر وگمراہی پر تھے تو اسے قتل کیا جائے گا۔

امام سحنون سے ائمہ اربعہ کی توہین کرنے والے کے بارے میں بھی ایسے ہی مروی ہے کہ اس کے علاوہ میں اسے شدید ضرب لگائی جائے گی۔ ان سے یہ بھی مروی ہے کہ جمیع صحابہ رضی اللہ عنہم کے معاملے میں وہ قتل کیا جائے گا۔ پس ان کے قول سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ امام مالک نے یہ کہا کہ جس کسی نے کسی ایک صحابی کو گالی دی چاہے وہ خلفائے اربعہ کے علاوہ ہوں اسے قتل کیا جائے گا(۸۰)۔

(۶) قاضی ابو یعلیٰ کہتے ہیں کہ فقہاء کا صحابہ کو گالی دینے والے کے بارے میں یہ حکم ہے کہ اگر گالی دینے والا اسے جائز و حلال جانتا ہے تو وہ کافر ہے اور اگر اسے حلال نہیں جانتا تو وہ فسق ہے اور اسکی تکفیر نہیں ہو گی(۸۱)۔

اور وہ کہتے ہیں کہ امام احمد سے سبُّ الصَّحابۃ میں اختلاف روایات کی توجیہ یہ ہے کہ انہوں نے مطلقاً اس بات کو لیا کہ گالی دینے والا کسی صحابی کو گالی دینے سے کافر ہو گا۔ لیکن عبد اللہ اور ابی طالب کی روایت میں انہوں نے قتل سے توقف کیا۔ کمالِ حد اور تعزیر کو جاری کرنے کا مطلب ہے کہ انہوں نے اس میں کفر کا حکم نہیں لگایا۔ اس کا احتمال ہے کہ ان کا قول اس بات پر محمول کیا جائے جو میری رائے میں اسلام کے مطابق ہے کہ اگر وہ گالی دینے کو حلال جانے تو وہ بلا شبہ کافر ہے لیکن اس بندے پر سے قتل ساقط کرنے کا احتمال ہے جو اسے حلال نہ جانتا ہو بلکہ اس نے اپنے اعتقاد کے مطابق اس عمل کو حرام جانتے ہوئے اس کا ارتکاب کیا جیسے کوئی معصیت کا ارتکاب کرتا ہے۔ یہ بھی احتمال ہے میری رائے میں کہاں کا گالی دینا انکی عدالت میں قدغن عائد کر دیتا ہے مثلاً جب وہ کہے کہ انہوں نے نبی ا کے بعد ظلم وفسق کے سبب امارت کو بغیر حق کے چھینا۔ اسی طرح اس سے قتل اس قسم کے قول سے ساقط ہو سکتا ہے ایسی گالی سے جو صحابہ کے دین میں طعن نہ کرتی ہو۔ مثلاً کوئی کہے کہ وہ کم علم تھے، سیاست نہ جانتے تھے ان میں دنیا کی محبت اور لالچ تھی وغیرہ۔ یہ بھی احتمال ہے کہ ان کا کلام ظاہر پر محمول کیا جائے۔ تو ان کی گالی دینے والوں پر دو روایتیں بن گئی ایک میں تکفیر اور دوسری میں فسق (۸۲)۔

اس کی مزید تفاصیل اس تفریق کے ضمن میں وارد ہوں گی۔

تراجم وحوالہ جات

(٦٠) الشوکانی کہتے ہیں احمد بن محمد بن حجر الوائلی السعدی الہیتمی المصری ثم المکی...انہوں نے تمام علوم میں مہارت حاصل کی خاص طور پہ شافعی فقہ میں اور بہت اچھی تصانیف چھوڑیں۔ وہ بہت زاہد و صالح انسان تھے اور سلف صالحین کے طریق پر تھے۔ معروف کا حکم دینے والے اور برائیوں سے روکنے والے۔ 909ہجری میں پیدا ہوئے اور 973ہجری میں فوت ہوئے۔

(٦١) الصواعق المحرقہ، الباب الثالث، الفصل الاول۔

(٦٢) ابن قاضی شہبہ کہتے ہیں محمد بن احمد بن عثمان بن قائماز، الامام العلامہ، الحافظ المقری مئورخ الاسلام ابو عبد اللہ الترکمانی الفاروقی الدمشقی۔ انہوں نے خلقتِ کثیر سے سماع کیا جن کی تعداد بارہ سو کے قریب ہے۔ انہوں نے قراتیں پڑھیں اور ان میں مہارت حاصل کی اور باقی علوم کو بھی پڑھا۔ پھر وہ حدیث کی طرف متوجہ ہوئے اور اس میں مہارت حاصل کی اور آپ کے پاس پڑھ کر بہت سے حفاظ نکلے۔ آپ نے بہت مشہور تصانیف چھوڑیں۔ آپ انتہائی متقی و پرہیز گار تھے۔ 673ہجری میں پیدا ہوئے۔ السبکی کہتے ہیں محدث العصر، خاتم الحفاظ، حاملِ علمِ اہل السنۃ والجماعۃ، حفظ میں اپنے دور کے لوگوں کے امام اور مہارت میں ایسے مایہ ناز کہ ان کے عصر کے لوگ حیران رہ جاتے اور کہتے کہ ہم اس بات کا انکار نہیں کرتے کہ تم ہم سے زیادہ حافظ ہو ہمارے شیخ و استاد ہو اور ہماری تخریج کرنے والے ہو۔ 748ہجری میں فوت ہوئے۔

(٦٣) میزان الاعتدال فی ترجمۃ اَبان بن تغلب۔

(٦٤) ابن رجب کہتے ہیں احمد بن عبد الحلیم بن عبد السلام... ابن تیمیہ الحرانی، ثم الدمشقی، الامام، الفقیہ، المجتہد، المحدث، الحافظ المفسر، الاصولی، الزاہد، تقی الدین، ابو العباس، شیخ الاسلام و علم الاعلام آپ کی شہرت اس قدر ہے کہ اسکو بیان کرنا گویا عیب لگانا ہے۔ 661ہجری میں پیدا ہوئے۔ ابن دقیق

العید کہتے ہیں کہ میں گمان نہیں کرتا کہ اللہ اب تیرے جیسا کوئی پیدا کرے گا۔ آپ کی وفات جیل میں 768 ہجری میں ہوئی۔

(۶۵)منہاج السنۃ

(۶۶)عبد اللہ بن عبد الرحمن بن عبد العزیز... اَبا بُطین العائذی الحنبلی نجد میں 1194 ہجری میں پیدا ہوئے۔ انہیں طائف، شقرا اور اس کے بعد تمام قصیم کی قضاء سونپی گئی۔ 1282 ہجری میں ان کا انتقال ہوا۔

(۶۷) الرسائل والمسائل النجدیہ؛ الجزء الاول، القسم الثالث۔

(۶۸)الیمانیات المسلولۃ علی الرافضہ المخذولۃ، الخاتمہ

(۶۹)الاجوبۃ العراقیہ علی الاسئلۃ اللاہوریۃ؛ الفصل الثالث۔

(۷۰) یعنی شافعیہ کے نزدیک

(۷۱)اشارہ کرتے ہیں جسے ابو طالب نے روایت کیا کہ میں نے امام احمد سے سوال کیا اس شخص کے بارے میں جو اصحاب رسول ﷺ کو گالی دیتا ہے تو انہوں نے کہا وہ قتل نہ کیا جائے گا لیکن اسے شدید ضرب لگائی جائے گی (بحوالہ الصارم المسلول)۔

(۷۲)فتاویٰ السبکی؛ باب جامع؛ فصل سب النبی ﷺ۔

(۷۳) الذہبی کہتے ہیں مالک، الامام، شیخ الاسلام، حجۃ الامۃ، امام دار الہجرۃ، ابو عبد اللہ مالک بن انس بن مالک... الحمیری ثم الاصبحی، المدنی...93 ہجری میں پیدا ہوئے نبی ﷺ سے مروی ہے {لیضربن الناس أکباد الابل فی طلب العلم، فلا یجدون عالماً أعلم من عالم المدینۃ} کہ لوگ علم کی طلب میں لمبے لمبے سفر کریں گے لیکن انہیں مدینہ کے ایک عالم کے علاوہ کوئی عالم نہ ملے گا (اسے امام احمد، ترمذی نے روایت کیا اور ترمذی نے اسے حسن کہا اور حاکم نے اسے صحیح کہا اور ابنِ حبان نے اسے روایت کیا)

(۷۴) الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ فصل؛ نبی ﷺ کو، آپ کے اہلِ بیت اور صحابہ کو گالی دینے اور ان کی تنقیص کے حرام ہونے اور اس کے فاعل کے ملعون ہونے کے بارے میں۔

(۷۵) الامام محمد بن عبد الوہاب بن سلمان التمیمی۔1115 میں پیدا ہوئے اللہ نے ان کے ہاتھ پر توحید کی دعوت کی تجدید کی۔ آپ 1206 میں فوت ہوئے۔

(۷٦)رسالۃ فی الرد علی الرافضہ؛ مطلب السب۔

(۷۷)شم العوارض فی ذم الروافض، نقلاً عن اصول مذہب شیعہ الامامیہ لناصر القفاری۔

(۷۸)الصارم المسلول، فصل؛ فی تفاصیل القول فیہم

(۷۹)ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الخرشی۔ ان کی نسبت ایک بستی کی طرف ہے جس کا نام ''ابو خراش'' ہے اور یہ البحیرہ مصر میں ہے۔ فقیہ، مجتہد۔ مصر میں ان پر امامت ختم ہوئی اور وہ سب سے پہلے تھے جنہیں الازہر کا شیخ مقرر کیا گیا1010 ہجری میں پیدا ہوئے اور 1101 ہجری میں قاہرہ میں فوت ہوئے۔

(۸۰)مواہب الجلیل فی شرح مختصر الشیخ خلیل، باب الردۃ، مسئلہ سب عائشہ رضی اللہ عنہا

(۸۱) فتاویٰ السبکی، باب جامع، فصل سب النبی ﷺ

(۸۲)الصارم المسلول، فصل فامامن سب أحداً من اصحاب رسول اللہ من اہلِ بیتہ وغیر ہم...

الفصل (۵)

سلف کے رافضہ کے بارے میں اقوال

(۱)**علقمہ**(۸۳) کہتے ہیں شیعہ نے علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں اس قدر مبالغہ آمیزی کی جیسے کہ عیسائیوں نے عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے بارے میں کی(۸۴)۔

(۲)**عامر الشعبی**(۸۵) کہتے ہیں میں تمہیں ان گمراہ خواہش پرستوں سے ڈراتا ہوں اور ان میں شریر ترین رافضہ ہیں۔ یہ لوگ اسلام میں کسی رغبت وخوف کی بناپر داخل نہیں ہوئے بلکہ یہ اسلام میں بغض وعداوت کے لیے داخل ہوئے۔ انہیں علی رضی اللہ عنہ نے آگ میں جلایا اور انہیں ملک بدر کیا۔ نکالے جانے والوں میں سے ایک عبد اللہ بن سبا یہودی تھا۔ یہ یمن کے شہر صنعاء کے یہودیوں میں سے تھا اسے ساباط کی طرف ملک بدر کیا گیا۔ یہودی کہتے تھے کہ حکومت صرف آلِ داؤد کے لیے ہے جبکہ رافضی کہتے ہیں کہ امامت صرف اولادِ علی رضی اللہ عنہ کے لیے ہے۔ یہودی کہتے ہیں کہ جہاد فی سبیل اللہ جائز نہیں جب تلک کہ دجال کا خروج نہ ہو جائے اور آسمان سے ایک تلوار نازل نہ ہو جائے اور رافضی کہتے ہیں جہاد اس وقت تک جائز نہیں جب تک کہ مہدی ظاہر نہ ہو اور ایک منادی آسمان سے ندا نہ دے۔ یہودی نماز کو ستاروں کے آپس میں گڈ مڈ ہو جانے تک مئوخر کر دیتے تھے اسی طرح رافضی بھی مغرب کو اسی وقت تک اٹھار کھتے ہیں۔ یہودی قبلہ سے ہٹ کے کھڑا ہوتے ہیں اور رافضہ بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ یہودی نماز کے دوران ندا دیتے ہیں اور رافضہ بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ یہودی نماز میں اپنے کپڑے لٹکا لیتے ہیں اور رافضی بھی ایسا ہی کرتے ہیں یہودی اپنی عورتوں کی عدت شمار نہیں کرتے اور رافضہ بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ یہودیوں نے تورات کی تحریف کی اسی طرح رافضیوں نے قرآن میں تحریف کی (لیکن وہ اللہ کے فضل سے محفوظ ہے)۔

یہودی کہتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے ہم پر پچاس نمازیں فرض کی اور رافضہ بھی یہی کہتے ہیں یہودی مومنوں پر سلام نہیں کہتے بلکہ کہتے ہیں السَّام علیکم اور سام کا معنیٰ موت ہے اور رافضہ کا بھی یہی وطیرہ

ہے۔ یہودی، الجری، مرماہی اور خرگوش نہیں کھاتے اور رافضی بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ یہودی موزوں پر مسح کے قائل نہیں اور رافضی بھی ایسا ہی موقف رکھتے ہیں۔ یہودی لوگوں کے تمام اموال کو کھانا جائز سمجھتے ہیں اور رافضی بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔ اللہ نے ان کے بارے میں ہمیں قرآن میں یہ خبر دی کہ انہوں نے کہا (لَيۡسَ عَلَيۡنَا فِي ٱلۡأُمِّيِّـۧنَ سَبِيلٞ) ان پڑھوں پر ہمیں کوئی راہ نہیں (آل عمران 75) اسی طرح رافضہ کہتے ہیں۔ یہود نماز میں قرون پر سجدہ کرتے ہیں اسی طرح رافضہ بھی کرتے ہیں۔ یہودی نماز میں سجدہ نہیں کرتے یہاں تک کہ رکوع کی مانند متعدد بار جھک نہ لیں اسی طرح رافضہ بھی کرتے ہیں۔ یہودی جبرائیل علیہ السلام سے دشمنی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ فرشتوں میں وہ ہمارا دشمن ہے اسی طرح رافضہ بھی کہتے ہیں کہ جبریل غلطی سے محمد ﷺ کے پاس وحی لے گئے۔

اسی طرح رافضیوں نے عیسائیوں کے ساتھ بھی اتفاق کیا کہ عیسائی اپنی عورتوں کا مہر مقرر نہیں کرتے تھے اور کہتے کہ وہ محض ان کے ساتھ تمتع کرتے ہیں اسی طرح رافضی بھی متعہ کے ساتھ نکاح کرتے ہیں اور متعہ کو حلال جانتے ہیں۔ لیکن یہودیوں اور عیسائیوں پر رافضیوں کو دو ہاتھ زیادہ قباحت ملی دو خصلتوں کی بنا پر۔ یہود سے سوال کیا گیا کہ تمہاری ملت کے اہلِ خیر کون لوگ ہیں؟ کہنے لگے اصحابِ موسیٰ علیہ السلام اور عیسائیوں سے سوال کیا کہ تمہاری ملت کے اہلِ خیر کون لوگ ہیں؟ تو انہوں نے کہا عیسیٰ کے حواری اور رافضیوں سے سوال کیا گیا کہ تمہاری ملت کے شریر ترین لوگ کون ہیں تو وہ کہنے لگے اصحابِ محمد ﷺ انہیں صحابہ رضی اللہ عنہم کے لیے استغفار کا حکم دیا گیا تو انہوں نے انہیں گالیاں دیں... پس ان کے لیے تلوار قیامت تک کام کرتی رہے... ان کا کوئی علم قائم نہ ہو... ان کے قدموں کو ثبات نہیں اور ان کا کلمہ مجتمع نہیں... اور ان کی دعا مستجاب نہیں... ان کی دعوت مسترد ہے... ان کی ہوا اکھڑی ہوئی ہے... ان کی جمعیت منتشر ہے... (كُلَّمَآ أَوۡقَدُواْ نَارٗا لِّلۡحَرۡبِ أَطۡفَأَهَا ٱللَّهُۚ) وہ جب بھی جنگ کے شعلے بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھا دیتا ہے (٨٦)۔

(۳)طلحہ بن مصرف(۸۷) کہتے ہیں...الرافضہ؛انکی عورتوں سے نکاح جائز نہیں اور نہ ان کا ذبیحہ کھایاجائے گا کیونکہ وہ مرتد ہیں(۸۸) اور انہوں نے کہا کہ اگر میں نے وضونہ کیاہوا ہوتا تو میں تمہیں بتاتا کہ رافضہ کیا کہتے ہیں(۸۹)۔

(۴) قتادہ(۹۰) کہتے ہیں کہ سبائیت ایسی بدعت ہے جونہ کتاب میں ہے نہ نبی ﷺ کی سنت میں (۹۱)۔

(۵)ابنِ شہاب الزہری(۹۲)کہتے ہیں میں نے سبائیت سے بڑھ کر عیسائیوں کے مشابہہ کوئی جماعت نہیں دیکھی(۹۳)۔

(۶) سفیان الثوری(۹۴) ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما کو گالی دینے والے کے بارے میں کہتے ہیں اللہ العظیم کی قسم وہ کافر ہیں(۹۵)۔

رقبہ بن مصلقہ(۹۶) کہتے ہیں کہ رافضیوں نے توبہتان کو اپنی حجت بنالیاہے(۹۷)۔

(۸) عاصم الاحول(۹۸) کہتے ہیں کہ میرے پاس ایک آدمی لایا گیا جس نے عثمان کو گالی دی تھی تو میں نے اسے دس کوڑے مارے تو اس نے پھر گالی دی تو میں نے دس اور مارے تو وہ گالی دیتارہایہاں تک کہ میں نے اسے ستر کوڑے مارے(۹۹)۔

(۹)مسعر بن کدام(۱۰۰)رافضہ کے ایک آدمی کو کہتے ہیں مجھ سے دور ہو جا کیونکہ تو شیطان ہے (۱۰۱)۔

(۱۰)الاعمش(۱۰۲) کہتے ہیں میں نے ایسے لوگ دیکھے جنہیں صرف جھوٹا کہاجاتاتھا(۱۰۳)۔

(۱۱)الاوزاعی(۱۰۴) کہتے ہیں کہ جس نے ابو بکر الصدیق کو گالی دی تو وہ دین سے مرتد ہو گیااور اس کاخون مباح ہو گیا(۱۰۵)۔

(۱۲) شریک بن عبد اللہ القاضی (۱۰۶) کہتے ہیں تجھے اتنا ہی کافی ہے کہ رافضہ خبیث ہیں (۱۰۷) اور انہوں نے کہا ہر کسی سے علم حاصل کر سوائے رافضہ کے کیونکہ وہ حدیثیں گھڑتے ہیں اور اسے دین بنا لیتے ہیں (۱۰۸) اور انہوں نے کہا چار بندوں کی گواہی مسترد ہے اور ان میں ایک ہے ایسا رافضی جو یہ گمان کرتا ہے کہ اس کا کوئی امام ہے جسکی اطاعت اس پر فرض ہے (۱۰۹)۔

عبد اللہ بن ادریس کہتے ہیں (۱۱۰) کہ کسی رافضی کو حق شفعہ دینا جائز نہیں سوائے مسلمان کے لیے (۱۱۱)۔

(۱۴) ابو بکر عیاش (۱۱۲) کہتے ہیں کہ سوال کیا گیا کہ میرا ایک رافضی پڑوسی ہے جو بیمار ہو گیا ہے کیا اسکی عیادت کروں تو کہا اس کی عیادت ایسے کر جیسے تو کسی یہودی یا عیسائی کی عیادت کرتا ہے اور اس میں اجر کی امید نہ رکھ (۱۱۳)۔

(۱۵) عبد الرحمن بن مہدی (۱۱۴) کہتے ہیں کہ وہ دونوں ایک ہیں جہمی اور رافضی...اور ان سے سوال کیا گیا کسی ایسے شخص کے جنازے میں حاضر ہونے کا جس نے نبی ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو گالی دی ہو تو انہوں نے جواب دیا کہ اگر ایسا آدمی میری نسل سے ہوتا میں اسے اپنا وارث نہ بناتا (۱۱۶)۔

سفیان بن عیینہ (۱۱۸) نے ایک آدمی سے کہا کہ ہم نے پانچ طبقے ایسے پائے ہیں جنہوں نے کفر کیا ہے اور وہ ایمان نہیں لائے اور ان میں انہوں نے رافضہ کا ذکر کیا۔ سفیان نے اپنے اصحاب سے کہا کہ اسے لکھ لو...اسے لکھ لو (۱۱۹) اور پھر کہا کبھی کسی رافضی کے پیچھے نماز نہ پڑھنا (۱۲۱،۱۲۰)۔

(۱۷) عبد الرزاق بن ہمام الصنعانی (۱۲۲) کہتے ہیں رافضی کافر ہیں (۱۲۳)۔

(۱۸) محمد بن یوسف الفریابی (۱۲۴) کہتے ہیں کہ ان سے سوال کیا گیا اس شخص سے متعلق جو ابو بکر کو گالی دے کہا کافر ہے۔ کہا اس کا جنازہ پڑھیں؟ کہا نہیں۔ کہا اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟ کہنے

لگے لا الہ الا اللہ اسے اپنے ہاتھ سے چھوؤ بھی نہیں بلکہ ایک لکڑی لے کر اسے اٹھاؤ یہاں تک کہ اسے کسی گڑھے میں پھینک دو(۱۲۵) اور انہوں کہا میں رافضیوں اور جہمیوں کو زندیق دیکھتا ہوں(۱۲۶)۔

(۱۹) یحیٰ بن معین (۱۲۷) کہتے ہیں جس کسی نے عثمان رضی اللہ عنہ یا کسی ایک صحابی کو گالی دی وہ دجال ہے فاسق وملعون ہے اس کی حدیث قبول نہ کی جائے اور اس پر اللہ کی تمام فرشتوں کی اور تمام انسانیت کی لعنت ہے(۱۲۸)۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی قدری کے پیچھے، جبکہ وہ داعی ہو اور کسی رافضی کے پیچھے جو ابو بکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم کو گالی دیتا ہو، نماز نہیں پڑھتا(۱۲۹)۔

ابو عبید القاسم بن سلام (۱۳۰) کہتے ہیں میں لوگوں میں رہا اور میں نے اہلِ کلام کے ساتھ گفتگو کی تو میں نے ان سب میں سب سے گندے اور غلیظ، سب سے کمزور دلیل کے مالک اور سب سے احمق رافضیوں سے بڑھ کر کسی کو بھی نہیں دیکھا۔ مجھے محاذ کے لوگوں کی قیادت سونپی گئی تو میں نے تین آدمیوں کو نکال باہر کیا جن میں دو رافضی اور ایک جہمی تھا اور میں نے انہیں کہا تمہارے جیسے لوگوں کا اہلِ ثغور (مجاہدین) میں کوئی کام نہیں اور میں نے انہیں نکال دیا(۱۳۲،۱۳۱)۔

احمد بن یونس(۱۳۳) کہتے ہیں کہ اگر ایک یہودی ایک بکری ذبح کرے اور ایک رافضی ایک بکری ذبح کرے تو میں یہودی کا ذبیحہ کھالوں گا اور رافضی کا ذبیحہ نہ کھاؤں گا کیونکہ وہ اسلام سے مرتد ہے(۱۳۴)۔

(۲۲) بشر الحافی (۱۳۵) کہتے ہیں جس نے اصحابِ رسول اللہ ﷺ کو گالی دی وہ کافر ہے چاہے وہ روزے رکھے اور نمازیں پڑھے اور گمان کرے کہ وہ مسلمان ہے(۱۳۶)۔

اسحاق بن راہویہ (۱۳۷) کہتے ہیں کہ جس نے اصحاب النبی ﷺ کو گالی دی اس کو سزا دی جائے اور اسے جیل میں ڈال دیا جائے۔

(۲۴)امام محمد بن اسماعیل البخاری (۱۳۹) کہتے ہیں میں اس میں فرق نہیں جانتا کہ کسی رافضی وجہمی کے پیچھے نماز پڑھوں یا کسی یہودی وعیسائی کے پیچھے۔ ان کو سلام بھی نہ کیا جائے نہ ان کی عیادت کی جائے، نہ ان کی عورتوں سے نکاح کیا جائے، نہ ان کی گواہی مقبول اور نہ ان کا ذبیحہ کھایا جائے(۱۴۰)۔

(۲۵)ابوزرعۃ الرازی کہتے ہیں کہ جب تو دیکھے کہ کوئی آدمی اصحابِ رسول اللہ ﷺ میں کسی کی تنقیص کرتا ہے تو جان لے کہ وہ زندیق ہے۔ اس لیے کہ ہمارے نزدیک رسول برحق ہیں، قرآن برحق ہے اور ہماری طرف یہ قرآن پہنچانے والے اور ان سنتوں کو پہنچانے والے اصحابِ رسول اللہ ﷺ ہی ہیں۔ یہ لوگ ہمارے ان پاکباز گواہوں پر جرح کرنا چاہتے ہیں تاکہ قرآن و سنت کو باطل ٹھہرادیں جبکہ جرح کے زیادہ لائق یہی زندیق ہیں(۱۴۱)۔

(۲۶)ابوسعید عثمان بن سعید الدارمی (۱۴۲) کہتے ہیں کہ ہم سے ابوالربیع الزاہرانی نے بیان کیا کہ ایک آدمی جو جہمیہ میں سے تھا اور اس کی آراء سے رافضیت کی بو آتی تھی تو ایک آدمی جو اس کا ساتھی تھا اور اس کے مذہب کو جانتا تھا کہنے لگا کہ میں جانتا ہوں کہ تم لوگ اسلام کو اپنا دین نہیں مانتے اور نہ اس کے عقیدہ کے حامل ہو تو پھر تم کس بات پر رافضی ہو اور حبِّ علی رضی اللہ عنہ کا دعویٰ کرتے ہو۔ تو وہ کہنے لگا کہ اگر میں تجھ سے سچ کہوں کہ اگر ہم اپنی رائے ظاہر کر دیں جس کا ہم عقیدہ رکھتے ہیں تو ہمیں کافر وزندیق کہا جائے گا جبکہ ہم نے ایسی اقوام کو دیکھا ہے جو حبِّ علی رضی اللہ عنہ کا دعویٰ کرتی ہیں اور اسے ظاہر بھی کرتی ہیں پھر وہ جس رستے کو چاہتی ہیں اختیار کر لیتی ہیں اور وہ جو چاہتی ہیں عقیدہ رکھتی ہیں اور وہی کہتی ہیں جو چاہتی ہیں پس ان کی نسبت رفض اور تشیع کی طرف کر دی گئی ہے۔ اس لیے ہم اپنے مذہب میں نرم ترین گوشہ یہی دیکھتے ہیں کہ اس شخص سے محبت کا دعویٰ کیا جائے اور پھر جو ہماری مرضی ہو عقیدہ رکھیں، جو مرضی ہو کہیں اور جس چیز میں مرضی ہو داخل ہو جائیں۔ پس ہمیں شیعہ رافضہ کہا جائے تو یہ بات ہمیں اس سے زیادہ پسند ہے کہ ہمیں زنادقہ یا کفار کہا جائے... اس شخص نے اپنے بارے میں بہت درست تشبیہ بیان کی ہے حتیٰ کہ ان کے بعض بڑے بڑے عقلاء نے اس بات کو

بیان کیا کہ وہ تشیع کے پردے میں پناہ لیتے ہیں اور اپنے کلام اور خطبوں میں اس کا سہار الیتے ہیں۔ پھر اس تشیع کو غافل لوگوں کا شکار کرنے کا ذریعہ بناتے ہیں۔ پھر اپنے خطبوں کے دوران اپنے کفر وزندقہ کو بیان کرتے ہیں تا کہ جاہلوں کے دلوں میں یہ کفر گھر کر جائے۔ پس اگر اہلِ جہالت خود اس کے بارے میں مشکوک ہیں تو اہلِ علم کو یقین ہے...ولا حول ولا قوۃ الا باللہ (۱۴۳)۔

(۲۷) محمد بن حسین الآجری (۱۴۴) کہتے ہیں رافضہ لوگوں میں سب سے برے حال کے لوگ ہیں وہ جھوٹے اور جھگڑالو ہیں اور یہ کہ علی رضی اللہ عنہ اور آپ کی پاک اولاد رافضی کے ان دعووں سے بری ہیں اور اللہ الکریم نے بھی علی رضی اللہ عنہ اور آپ کی پاک اولاد کو رافضیت کے گند اور گندگی سے محفوظ رکھا (۱۴۵)۔

(۲۸) ابو بکر بن ہانی کہتے ہیں کہ رافضی اور قدریہ کا ذبیحہ نہ کھایا جائے جیسے کہ مرتد کا ذبیحہ نہیں کھایا جاتا جبکہ کتابی کا ذبیحہ کھایا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ لوگ مرتد کے قائمقام ہیں جبکہ اہلِ ذمہ تو اپنے دین پر قرار پکڑتے ہیں اور اس پر جزیہ دیتے ہیں (۱۴۶)۔

تراجم وحوالہ جات

(۸۶) منہاج السنۃ، فصل؛ مشابہۃ الرافضہ للیھود والنصاریٰ من وجوہ کثیرہ۔

(۸۷) امام الذہبی کہتے ہیں الامام، الحافظ المقری المجدد، شیخ الاسلام، ابو محمد الیامی الہمدانی الکوفی۔ انہوں نے انس بن مالک رحمہ اللہ سے اور عبد اللہ بن ابی اوفیٰ سے حدیث بیان کی۔ 112 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۸۸) اسے روایت کیا ابنِ بطہ نے "الشرح والابانہ" میں

(۸۹) اسے روایت کیا اللالکائی نے شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ میں۔

(۹۰) الذہبی کہتے ہیں قتادہ بن دعامہ بن قتادہ... حافظ العصر، قدوۃ المفسرین والحدیث، ابو الخطاب السدوسی البصری۔ انہوں نے عبد اللہ بن سرجس اور انس بن مالک رضی اللہ عنہما سے روایت کی۔ وہ علم کی بلندیوں پر تھے اور قوت، حافظہ میں ان کی مثالیں بیان کی جاتی تھیں۔ ان سے بڑے بڑے ائمہ نے روایت کیا ہے۔ 60 ہجری میں پیدا ہوئے۔ ان کے بارے میں سفیان الثوری نے فرمایا وہ دنیا میں قتادہ کی مانند تھے۔ 117 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۹۱) تفسیر طبری قولہ تعالیٰ (هُوَ الَّذِي أَنزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ . . . الایۃ) آل عمران 7۔

(۹۲) ابنِ کثیر کہتے ہیں الزہری محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن شہاب... ابو بکر القرشی الزہری۔ ائمہ اعلام میں سے ہیں۔ جلیل القدر تابعی ہیں اور انہوں نے بہت سے تابعین سے سماع بھی کیا ہے۔ 58 ہجری میں پیدا ہوئے۔ امیر المومنین عمر بن عبد العزیز نے فرمایا تم اس ابن شہاب کو لازم پکڑو کیونکہ تمہیں سنتِ ماضیہ کا اس سے بڑھ کر عالم نہیں ملے گا۔ 124 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۹۳)الآجری نے اسے کتاب الشریعہ میں روایت کیا۔

(۹۴)الذہبی کہتے ہیں وہ شیخ الاسلام، امام الحفاظ، سید العلماء العالمین فی زمانہ، ابو عبد اللہ الثوری، الکوفی المجتہد ہیں ان سے ایک جماعت نے چھ دیوان نقل کیے۔97 ہجری میں پیدا ہوئے۔ابنِ عیینہ کہتے ہیں میں نے حلال وحرام کا سفیان ثوری سے بڑھ کر کوئی عالم نہیں دیکھا۔

(۹۵)اسے امام الذہبی نے السیر میں ان کے ترجمہ میں ذکر کیاہے۔

(۹۶)الذہبی کہتے ہیں الامام الثبت العالم ابو عبد اللہ العبدی الکوفی انہوں نے انس بن مالک، عطاء بن ابی رباح اور نافع سے حدیث بیان کی ہے۔العجلی کہتے ہیں وہ ثقہ تھے اور عرب کے رجالات میں شمار کیے جاتے تھے۔129 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۹۷) اسے ابنِ بطہ نے الشرح والابانہ میں روایت کیا۔

(۹۸)الذہبی کہتے ہیں عاصم بن سلیمان الامام الحافظ، محدث البصرۃ، ابو عبد الرحمن البصری، الاحول، محتسب المدائن۔ انہوں نے عبداللہ بن ابی سرجس اور انس بن مالک، معاذہ اور حفصہ بنت سیرین، عبداللہ بن شقیق العقیلی، ابو قلابہ، الشعبی، ابو العثمان النہدی، حسن، ابن سیرین سے روایت کی اور آپ معدود حفاظ میں سے تھے۔134 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۹۹) اللالکائی نے شرح اصول الاعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ مین بیان کیا۔

(۱۰۰) الذہبی کہتے ہیں امام الثبت، شیخ العراق، ابو سلمۃ الہلالی، الکوفی، الاحول، الحافظ، من اسنان شعبہ، ان سے سفیان بن عیینہ اور یحیٰ القطان نے روایت کی۔یعلیٰ بن عبید کہتے ہیں کہ مسعر نے علم اور تقویٰ کو جمع کیاہوا تھا۔155 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۰۱) اسے اللالکائی نے شرح اصول الاعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ میں روایت کیا۔

(۱۰۲)الذہبی کہتے ہیں سلیمان بن مہران الامام، شیخ الاسلام، شیخ المقرئین والمحدثین، ابو محمد الاسدی الکاہلی مولاہم، الکوفی، الحافظ ،ان کے اندر کچھ تشیع بھی تھا۔ 61 ہجری میں پیدا ہوئے۔ یحیٰ بن سعید بن القطان کہتے ہیں وہ اسلام کے علامہ تھے۔148 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۰۳) ابن تیمیہ نے المنہاج میں کہا کہ یہ آثار ثابت ہیں جنہیں ابو عبد اللہ بن بطہ نے ''الابانۃ الکبریٰ''میں روایت کیا۔

(۱۰۴)الذہبی کہتے ہیں عبد الرحمن بن عمرو بن یحمد، شیخ الاسلام، اہلِ شام کے عالم، ابو عمرو الاوزاعی۔ وہ دمشق میں محلہ الاوزاع میں رہتے تھے پھر بیروت کی طرف محاذوں کی طرف منتقل ہو گئے اور اپنی موت تک وہیں رہے۔ ان کی ولادت صحابہ کے زمانہ میں ہوئی۔ وہ بہت خیر والے، کثیر علم والے حدیث و فقہ کے ماہر اور حجۃ تھے۔88 ہجری میں پیدا ہوئے۔ امام مالک کہتے ہیں الاوزاعی امام ہیں جن کی اقتدا کی جاتی ہے۔157 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۰۵) اسے ابنِ بطہ نے ''الشرح والابانہ''میں روایت کیا۔

(۱۰۶) الذہبی کہتے ہیں؛شریک بن عبد اللہ العلامۃ الحافظ القاضی، ابو عبد اللہ النخعی، اعلام میں سے ایک ہیں اور ان کا شمار کبار فقہاء میں ہوتا ہے۔95 ہجری میں پیدا ہوئے امام احمد بن حنبل ان کے بارے میں کہتے ہیں وہ عاقل، صدوق، اور محدث تھے اور اہل ریب و بدعت کے خلاف بہت شدید تھے۔178 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۰۷) اسے الاٰجری نے کتاب الشریعہ میں روایت کیا۔

(۱۰۸)ابنِ تیمیہ المنہاج میں کہتے ہیں یہ آثار ثابتہ ہیں جنہیں ابو عبد اللہ بن بطہ نے الابانۃ الکبریٰ میں روایت کیا۔

(۱۰۹) المغنی لابنِ قدمہ؛مسئلہ یعتبر فی الشاہد سبعۃ شروط۔

(۱۱۰) ابن ابی حاتم کہتے ہیں عبد اللہ بن ادریس بن یزید الاودی الکوفی ابو محمد۔ انہوں نے اپنے والد، الشیبانی، مطروف، مالک بن انس سے روایت کی اور ان سے مالک بن انس نے روایت کی۔ امام احمد کہتے ہیں کہ وہ اپنی مثال آپ تھے۔192 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۱۱) الصارم المسلول، فصل؛فاما من سب احداً من اصحاب رسول اللہ ا من اهل بیته وغیرهم۔۔۔

(۱۱۲)الذہبی کہتے ہیں ابو بکر بن عیاش ابن سالم الاسدی مولاہم، الکوفی المقری الفقیہ، المحدث، شیخ الاسلام و بقیۃ الاعلام... انہوں نے قرآن پڑھا اور تین مرتبہ عاصم بن ابی النجود کے پاس تجوید پڑھی۔95ہجری میں پیدا ہوئے۔ امام ابن مبارک کہتے ہیں میں نے سنت کی طرف سبقت کرنے میں ابو بکر بن عیاش سے تیز کوئی نہیں دیکھا۔193ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۱٦) کیونکہ وہ صحابہ کو گالی دینے والے کو کافر قرار دیتے ہیں اور نبی سے روایت کہ {لا یتوارث اهل ملتین شتی} دو مختلف ملتوں کے افراد ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے{اسے احمد اور ابو دائود نے روایت کیا}۔

(۱۱۷)اسے ابن بطہ نے الشرح والابانہ میں روایت کیا۔

(۱۱۸) الذہبی کہتے ہیں سفیان بن عیینہ بن ابی عمران میمون...الامام الکبیر، حافظ العصر، شیخ الاسلام، ابو محمد الہلالی، الکوفی، ثم المکی...انہوں نے حدیث کی طلب کا سفر اس وقت شروع کیا جبکہ بہت کم سنی کی عمر میں تھے۔ انہوں نے کبار علماء سے اکتسابِ علم کیا اور بہت کثیر علم جمع کیا۔ انہوں نے مہارت حاصل کی تصنیف کا کام کیا اور ساری عمر اس سفر کو جاری رکھا۔ آپ کے پاس خلقت کا ازدھام رہتا تھا اور آپکی سند انتہائی اعلیٰ تھی لوگ زمانوں تک دور دور سے آپ کے پاس سفر کر کے آتے رہے۔107 ہجری میں پیدا ہوئے۔ امام الشافعی ان کے بارے میں کہتے ہیں میں سفیان بن عیینہ کے علاوہ کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا جس کے اندر علم کا آلۃ جمع تھا۔198ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۱۹) اسے البیہقی نے ''کتاب القضاء والقدر'' میں روایت کیا۔

(۱۲۰)اس کے بارے میں ان ائمہ کی تفصیل آئے گی جنہوں نے رافضی کے پیچھے نماز پڑھنے سے منع کیا۔ یہ ان لوگوں پر رد ہے جنہوں نے مسلمانوں کے خلاف خروج کرتے ہوئے رافضیوں کے ساتھ مشترک نماز کی بدعت ایجاد کی۔ یہ اس مقصد کے تحت کیا گیا تاکہ بت پرستوں کا اتحاد قائم ہو اور ایسے لوگوں کو جان لینا چاہیے کہ ان کی نماز باطل ہے کیونکہ امام کی شروط میں یہ بھی ہے کہ وہ مسلمان ہونا چاہیے!

(۱۲۱) اسے اللالکائی نے شرح اصول الاعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ میں روایت کیا۔

(۱۲۲)الذہبی کہتے ہیں عبد الرزاق بن ہمام بن نافع، الحافظ الکبیر یمن کے عالم ہیں ابو بکر الحمیری مولاہم، الصنعانی، الثقہ انہوں نے عبید اللہ بن عمر سے بیان کیا اور انکے بھائی عبد اللہ سے، ابن جریج اور معمر سے بیان کیا۔ اسی طرح انہوں نے حجاج بن ارطاۃ، الاوزاعی، سفیان الثوری، مالک بن انس اور اپنے والد سے بیان کیا۔ جبکہ ان کے شیخ سفیان بن عیینہ، امام احمد بن حنبل، ابنِ راہویہ، یحیٰ بن معین اور علی المدینی ان سے روایت کیا۔ شیخ الاسلام، اپنے وقت کے محدث اور آپ ان لوگوں میں سے ہیں جن سے اصحابِ صحاح نے دلیل پکڑی ہے۔126ہجری میں پیدا ہوئے اور 211ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۲۳) اسے ابن عساکر نے ان کے ترجمہ میں تاریخ دمشق میں ذکر کیا۔

(۱۲۴)الذہبی کہتے ہیں محمد بن یوسف بن واقد بن عثمان الفریابی، الامام الحافظ، شیخ الاسلام ابو عبد اللہ الضبی، مولاہم، انہوں نے فلسطین میں قیساریہ کے ساحل پر سکونت اختیار کی۔ ان سے امام بخاری اور امام احمد بن حنبل نے سماع کیا۔ بخاری نے کہا کہ وہ اپنے زمانے کے افضل لوگوں میں سے تھے۔212ہجری میں وفات پائی۔

(۱۲۵) اسے الخلال نے کتاب السنۃ میں روایت کیا۔

(۱۲۶) اسے اللالکائی نے شرح اعتقاد اصول اہل السنۃ والجماعۃ میں روایت کیا۔

(۱۲۷) الذہبی کہتے ہیں امام حافظ مجتہد شیخ المحدثین ابوزکریا یحیٰ بن معین ابن عون۔ کہا گیا کہ ابنِ معین اصل میں الانبار سے ہیں اور ان کی پرورش بغداد میں ہوئی۔ 185 ہجری میں پیدا ہوئے۔ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے ہاتھ سے ایک لاکھ احادیث لکھیں۔ 233 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۲۸) اسے ابن حجر تہذیب التہذیب میں تلید بن سلیمان المحاربی کے ترجمہ میں ذکر کیا ہے۔

(۱۲۹) تاریخ یحیٰ بن معین للدوری

(۱۳۰) ابن کثیر کہتے ہیں ابوعبید القاسم بن سلام البغدادی لغت، فقہ حدیث، قرآن، اخبار، ایام الناس کے ائمہ میں سے ہیں۔ ان کی بہت سی تصنیفات ہیں۔ 175 ہجری میں پیدا ہوئے۔ طرطوس میں قضاء کے عہدے پر فائز ہوئے۔ اسحاق بن راہویہ نے کہا کہ اللہ حق بات کہنے سے نہیں شرماتا، ابوعبید مجھ سے، احمد بن حنبل اور شافعی سے زیادہ علم والے ہیں۔ 224 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۳۱) دیکھو کہ کیسے امام نے انہیں بدعتی ہونے کے سبب (مجاہدین کے ساتھ سے محروم کیا) انہیں محاذوں سے نکال دیا۔ کیونکہ بدعت اللہ کی معصیت ہے اور معصیت دشمن کے سامنے شکست کا سب سے بڑا سبب ہے۔ پس ان کے لیے نصرت کہاں جو رافضی سے دوستی لگا کر اپنے زعم میں مشترکہ دشمن کے خلاف جہاد کرتے ہیں۔

(۱۳۲) اسے الخلال نے کتاب السنۃ میں روایت کیا۔

(۱۳۳) الذہبی کہتے ہیں الامام الحجۃ، الحافظ، ابوعبداللہ احمد بن عبداللہ بن یونس التمیمی۔ 132 ہجری میں پیدا ہوئے۔ ایک آدمی نے امام احمد سے سوال کیا کہ میں کس کی بات لکھوں تو انہوں نے کہا کہ تو احمد بن یونس کے پاس چلا جا کہ وہ شیخ الاسلام ہیں۔ 227 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۳۴) الصارم المسلول، فصل، فامامن سب احداً من اصحاب رسول اللہ ﷺ من اهلِ بیته وغیرهم۔

(۱۳۵)الذہبی کہتے ہیں بشر بن حارث بن عبد الرحمن بن عطاء، الامام العالم، المحدث الزاہد، الربانی، القدوۃ، شیخ الاسلام، ابو نصر المروزی، ثم البغدادی المشہور بالحافی۔ انہوں نے علم کی طلب میں سفر کیا تو اسے مالک، شریک، حماد بن زید، فضیل بن عیاض اور ابنِ مبارک سے حاصل کیا۔ آپ ورع و زہد و اخلاص میں یکتا تھے۔152 ہجری میں پیدا ہوئے۔ ان کے بارے میں الدار قطنی نے کہا زاہد، جبل، ثقہ۔227 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۳۶) اس ابن بطہ الشرح والابانہ میں روایت کیا۔

(۱۳۷) الذہبی کہتے ہیں امام کبیر، شیخ المشرق، سید الحفاظ، ابو یعقوب بن ابراہیم بن مخلد التمیمی ثم الحنظلی المروزی۔ وہ اپنے حافظہ کے ساتھ تفسیر کے امام تھے، فقہ کے سردار اور ائمہء اجتہاد میں سے تھے۔161 ہجری میں پیدا ہوئے۔ ابو نعیم کہتے ہیں کہ اسحاق امام احمد کے ہم پلہ تھے وہ احادیث کو جاری کرنے والے اور اہلِ زیغ کو تباہ کرنے والے تھے۔238 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۳۸)الصارم المسلول، فصل، فامامن سب احداً من اصحاب رسول اللہ ﷺ من اهلِ بیته وغیرهم۔

(۱۳۹) ابن کثیر کہتے ہیں وہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن المغیرہ بن بردزبۃ الجعفی، مولاہم، ابو عبد اللہ البخاری، الحافظ، اپنے زمانے میں اہل حدیث کے امام تھے اور ان کی اقتدیٰ کی جاتی تھی۔ وہ اپنے زمانے کے افضل لوگوں میں سے تھے۔194 ہجری میں پیدا ہوئے۔ ابو حاتم الرازی کہتے ہیں محمد بن اسماعیل عراق میں سب سے زیادہ علم رکھنے والے تھے۔ وہ256 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۴۰)خلق افعال العباد، باب ماذکر اہل العلم للمعطلة الذین یریدون ان یبدلو اکلام اللّٰہ۔

(۱۴۱)الکفایه فی علم الروایة للخطیب البغدادی۔ باب ماجاء فی تعدیل اللّٰہ ورسوله للصحابه

(۱۴۲)الذہبی کہتے ہیں عثمان بن سعید بن خالد بن سعید، الامام العلامہ الحافظ الناقد، شیخ تلک الدیار، ابوسعید التمیمی الدارمی السجستانی انہوں نے علمِ حدیث حاصل کیا اور اس کی علل علی، یحیٰ، اور احمد سے سیکھیں۔ اپنے زمانے میں فائق تھے ۔وہ سنت کی زبان بولتے اور مناظر کی آنکھ رکھتے تھے۔200ہجری میں پیدا ہوئے اور 280ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۴۳) الرد علی الجهمية باب الاحتجاج فی اکفار الجهمية۔

(۱۴۴) الذہبی کہتے ہیں الامام المحدث القدوۃ شیخ الحرم الشریف، ابو بکر محمد بن الحسین بن عبد اللہ البغدادی، الآجری صاحبِ تالیفات، وہ صدوق تھے، خیر پر تھے اور عابد تھے صاحبِ سنت و اتباع تھے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں وہ دیندار اور ثقہ تھے۔360ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۴۶)الصارم المسلول، فصل، فامامن سب احداً من اصحاب رسول اللّٰہ ﷺ من اهلِ بيته وغيرهم۔

الفصل (٦)

ائمہ اہلِ بیت کے اقوال رافضیوں کے بارے میں

اس فصل کا آغاز ہم امام الآجری کے کلام سے کرتے ہیں جو انہوں رافضیوں کے متعلق اپنی کتاب ''الشریعہ ''میں اہل بیت کے ائمہ رضی اللہ عنہم سے نقل کیا ہے۔ چنانچہ آجری کہتے ہیں کہ تمام اولادِ علی بن ابی طالب، فاطمۃ سیدۃ نسآء اہل الجنۃ الزہراء، حسن، حسین، عقیل بن ابی طالب اور انکی اولاد، جعفر الطیار رضی اللہ عنہم بن ابی طالب اور انکی تمام پاک وپوتر ومبارک اولاد مذہبِ رافضیت سے اتناہی بری ہیں جتنارافضیت ہدایت کے رستے سے دور ہے۔

اہل بیتِ رسول ااعلیٰ قدر والے، سب سے بہتر رائے والے اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کی سب سے زیادہ پہچان ومعرفت والے ہیں جنکی طرف رافضیت جھوٹی نسبت رکھتی ہے۔ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور جن کا ان کی اولاد میں سے ہم تذکرہ کریں گے ان سب پاکباز لوگوں کو ان کے شر محفوظ رکھا کہ وہ براہین ودلائل کے ساتھ ان سے بری ہیں اور جن کا ہم نے ذکر کیا وہ ابو بکر عمر وعثمان، طلحہ وزبیر، عائشہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور تمام صحابہ کے ساتھ جنت میں آپس میں بھائی بھائی ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں سے ہر قسم کی ''غل''اور میل کچیل کو نکال دیاہے جیسے کہ اللہ فرماتے ہیں { وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ } اور ان کے دلوں میں جو کچھ رنجش وکینہ تھا ہم سب کچھ نکال دیں گے وہ بھائی بھائی بنے ہوئے ایک دوسرے آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے ہوں گے (الحجر 47)۔

اس سے قبل ہم نے علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا ابو بکر وعمر وعثمان اور باقی صحابہ رضوان اللہ علیہم کے بارے میں مذہب وموقف بیان کیاہے۔ جیسے کہ ذکر کیا گیا کہ عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل کے عظیم فتنہ کے بارے میں اور پھر جنابِ علی رضی اللہ عنہ کا اللہ کے سامنے اس سے برأت کا اظہار کرنا۔

یہ رافضہ کے بارے میں ان ائمہ اہل بیت کے اقوال ہیں!

(۱) امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں "اے اللہ ہمارے ساتھ بغض رکھنے والے اور ہمارے ساتھ محبت کرنے والے ہر غالی پر لعنت فرما(۱۴۸) اور فرماتے ہیں کہ کوئی مجھے ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما پر فضیلت نہ دے اور جو کوئی ایسا کرے گا میں اسے بہتان کی حد کے کوڑے ماروں گا((۱۴۹)۔ جناب علی رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ مسجد کے دروازے پر کچھ لوگ ہیں جو آپ کو رب کہہ کر پکار رہے ہیں تو آپ نے انہیں بلوا بھیجا اور آپ نے فرمایا تم ہلاک ہو جاؤ کیا بکتے ہو؟ کہنے لگے آپ ہمارے خالق ہیں، ہمارے رازق ہیں۔ آپ نے فرمایا تمہیں ہلاکت ہو میں تمہاری طرح کا آدمی ہوں اور تمہاری طرح کھانا کھاتا ہوں اور ویسے ہی پیتا ہوں جیسے تم پیتے ہو اگر میں اللہ کی اطاعت کروں گا تو وہ اگر چاہے گا تو مجھے ثواب دے گا اور اگر میں اس کی نافرمانی کروں گا تو مجھے اس کے عذاب کا ڈر ہے۔ پس اللہ سے ڈرو اور یہاں سے چلے جاؤ تو انہوں نے انکار کر دیا۔ پھر اگلے دن وہ پھر آگئے۔ تو جنابِ علی رضی اللہ عنہ کے غلام قنبر آئے اور انہوں نے آپ کو خبر دی کہ وہ لوگ واپس آگئے ہیں اور وہی باتیں دہرا رہے ہیں تو علی رضی اللہ عنہ نے کہا انہیں اندر آنے دو۔ پھر جب تیسرا دن ہوا تو علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر تم باز نہ آئے تو میں تمہیں بدترین طریقہ سے قتل کر دوں گا تو انہوں نے پھر بھی انکار کر دیا تو علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے قنبر ان کے ساتھیوں کو بھی لے آؤ اور ان کے لیے مسجد کے دروازے اور قصرِ خلافت کے درمیان خندق کھودی گئی۔ پھر آپ نے فرمایا کہ خندق زمیں میں گہری کھودو پھر آپ نے فرمایا میں تمہیں اس میں ڈالنے والا ہوں اپنے کلام سے لوٹ جاؤ تو انہوں نے انکار کر دیا تو آپ نے انہیں خندقوں میں جلوا دیا اور جب وہ جل گئے تو آپ نے یہ شعر کہا...

اِنِّیْ اِذَا رَاَیْتُ اَمْراً مُنْكَراً — اَوْقَدْتُّ نَارِیْ وَدَعَوْتُ قَنْبَرَ

میں جب کوئی منکر کام دیکھتا ہوں تو آگ جلاتا ہوں اور قنبر کو بلا لیتا ہوں(۱۵۰)۔

(۲) حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب انہیں کہا گیا کہ شیعہ کہتے ہیں کہ علی رضی اللہ عنہ قیامت سے قبل پھر مبعوث کیے جائیں گے تو کہا وہ جھوٹ بولتے ہیں نہ یہ ان کے شیعہ ہیں اور اگر علی رضی اللہ عنہ نے دوبارہ آنا ہوتا تو ہم نہ ان کی بیویوں کی شادیاں کرواتے اور نہ انکی وراثت تقسیم کرتے (۱۵۱)۔

(۳) زین العابدین؛ علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ (۱۵۲) نے ایک رافضی کو جس نے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے متعلق سوال کیا، فرمایا تیری ماں تجھے گم پائے اسے تو اس ہستی نے صدیق کا لقب دیا تھا جو مجھ سے بہتر تھے ، رسول اللہ ﷺ ، مہاجرین اور انصار نے تو جو کوئی اسے صدیق نہ کہے اللہ اس کو سچا نہ کرے گا اور فرماتے ہیں کہ کچھ لوگ میرے پاس عراق سے آئے اور انہوں نے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کا ذکر کیا اور ان دونوں کو گالی دی پھر انہوں نے عثمان کے بارے میں زبانِ طعن دراز کی تو میں نے انہیں گالی دی (۱۵۴)۔

(۴) حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ایک رافضی سے فرماتے ہیں اگر اللہ نے ہمیں تمہارے اوپر غلبہ عطا کیا تو ہم تمہارے ہاتھ اور پاؤں اُلٹے رخ سے کاٹ دیں گے اور تم میں سے کسی کی توبہ قبول نہ کریں گے۔ تو آپ سے کہا گیا کہ آپ ان کی توبہ کیوں قبول نہ کریں گے تو فرمایا ہم تم سے زیادہ اس قوم کو جانتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں اگر چاہیں تو تمہاری تصدیق کریں گے اور اگر چاہیں تو تکذیب کر دیں گے اور یہ سمجھتے ہیں کہ یہ بات انہیں تقیہ میں جائز ہے (۱۵۶) اور فرماتے ہیں کہ میرے پاس مغیرہ بن سعید آیا (۱۵۷) اور اس نے رسول اللہ ﷺ سے میری قرابت اور مشابہت کا تذکرہ کیا۔ جب کہ میں اور ایک اور نوجوان رسول اللہ کے مشابہہ تھے۔ پھر وہ ابو بکر و عمر پر لعنت کرنے لگا تو میں نے کہا اے اللہ کے دشمن میرے پاس بیٹھ کر یہ بکواس ، پھر میں نے اسے گردن سے دبوچ لیا اللہ کی قسم یہاں تک کہ اسکی زبان لٹک گئی (۱۵۸)۔

(۵) ابو جعفر محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ (۱۵۹) نے ایک رافضی سے کہا { واللہ ان قتلك لقربة الى الله } اللہ کی قسم تیرا قتل اللہ کی قربت کا ذریعہ ہے (۱۶۰) اور

انہوں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ مجھے خبر پہنچی ہے کہ عراق میں ایک قوم ابو بکر و عمر پر طعن کرتی ہے اور یہ دعویٰ کرتی ہے کہ وہ ہم سے محبت رکھتے ہیں اور انہیں یہ زعم ہے کہ میں نے انہیں ایسا کرنے کا حکم دیا ہے۔ پس تم انہیں یہ خبر پہنچا دو کہ میں اللہ کی طرف ان سے برأت کا اظہار کرتا ہوں اس ذات کی قسم جس کے قبضہء قدرت میں میری جان ہے اگر مجھے ولایت مل جائے تو میں ان کا خون بہا کر اللہ کا تقرب حاصل کروں گا(۱۶۱)۔

(۶)زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ (۱۶۲)کہتے ہیں رافضی میرے ساتھ اور میرے والد کے خلاف لڑنے والے ہیں۔ رافضیوں نے میرے خلاف ایسے خروج کیا جیسے خارجیوں نے علی کے خلاف خروج کیا(۱۶۳)۔

(۱۵۸) اسے الذہبی نے السیر میں نقل کیا۔

(۱۵۹) الذہبی کہتے ہیں السید الامام ابو جعفر محمد بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ عنہ العلوی الفاطمی المدنی اور یہ جناب زین العابدین کے بیٹے ہیں انہوں نے اپنے دونوں دادا نبی ﷺ اور علی رضی اللہ عنہ سے مرسلاً روایت کی ہے اور اپنے دادا حسن و حسین سے بھی مرسلاً روایت کی ہے۔ اسی طرح انہوں نے ابن عباس، ام سلمہ، اماں عائشہ رضی اللہ عنہم، سے مرسلاً اور ابن عمر، جابر، ابی سعید، عبد اللہ بن جعفر، سعید بن المسیب اور اپنے والد زین العابدین اور محمد بن الحنفیہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی ہے... ابو ہریرۃ، سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہم سے مرسلاً روایت کی ہے۔ ابو جعفر امام تھے، مجتہد، بڑی شان والے تھے لیکن وہ قرآن میں ابن کثیر وغیرہ کے ہم پلہ نہ تھے اور فقہ میں ابی الزناد، ربیعہ کے برابر نہ تھے اور نہ ہی حفظ میں وہ قتادہ اور ابن شہاب کے ہم پایہ تھے لیکن ان کی ہم تنقیص نہیں کرتے بلکہ ہم ان سے محبت رکھتے ہیں ان کی کمال صفات کے سبب جو ان میں جمع تھیں۔ حفاظ کا ابو جعفر کے ساتھ احتجاج کرنے پر اتفاق ہے۔56ہجری میں پیدا ہوئے۔ بسام الصیرفی کہتے ہیں کہ میں نے ابو جعفر سے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے متعلق سوال کیا تو وہ کہنے لگے اللہ کی قسم میں ان کو دوست رکھتا ہوں

اور ان کے لیے اللہ سے استغفار کرتا ہوں اور میں نے اپنے اہلِ بیت میں کسی کو ایسا نہیں پایا جو انہیں دوست نہ جانتا ہو۔114ہجری میں فوت ہوئے۔

(۷)عبد اللہ بن حسن بن حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا کہ ہمارے اہلِ قبلہ کے اندر کوئی کافر ہے تو انہوں نے کہا ہاں، رافضہ ہیں۔ انہوں نے السدی سے کہا اے سدیؒ ہمیں تم کوفہ کے شیعہ کی خبر دو۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایسی قوم ہیں جو آپ سے محبت کا دعویٰ کرتی ہیں اور یہ زعم رکھتی ہیں کہ روحیں تناسخ کرتی ہیں۔ تو انہوں نے کہا اے سدی یہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں نہ یہ ہم سے ہیں اور نہ ہی ہم ان سے ہیں۔ پھر انہوں نے کہا ہمارے ہاں ایک اور قوم ہے جو یہ زعم رکھتی ہے کہ علم آپ کے دلوں میں القا کیا جاتا ہے تو انہوں نے کہا اے سدی نہ یہ ہم سے ہیں نہ ہم ان سے ہیں(۱۶۵)۔

جعفرِ صادق بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ (۱۶۶) کی طرف ایک رافضی نے سوال بھیجا کہ ''کیا وہ جنت میں ہے یا وہ جہنم میں ہے؟'' تو آپ نے کہا وہ جہنم میں ہے پھر انہوں نے کہا کہ تمہیں پتہ ہے کہ میں نے کیسے جانا کہ وہ رافضی ہے کیونکہ وہ یہ زعم رکھتے ہیں کہ میں علمِ غیب جانتا ہوں اور جو کوئی اللہ کے علاوہ کسی کے بارے میں یہ گمان رکھتا ہے کہ وہ عالم الغیب ہے تو وہ کافر ہے اور کافر آگ میں ہے(۱۶۷)۔ اور انہوں نے کہا اللہ اس سے بری ہے جو ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما سے بری ہو(۱۶۸) اور انہوں نے کہا کہ عراق کے بعض خبیث لوگ یہ زعم رکھتے ہیں کہ ہم ابو بکر وعمر کے بارے میں طعن کرتے ہیں جبکہ وہ دونوں تو میرے والد ہیں(۱۶۹)۔

(۹) عمر بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ (۱۷۰) کہتے ہیں اللہ کی قسم یہ لوگ ہماری عزتوں کو رسوا کرنے والے ہیں(۱۷۱)۔

(۱۰) عبد اللہ بن حسن بن حسین رضی اللہ عنہ سے ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ان دونوں پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اس پر

رحم نہ کرے جو ان پر سلام نہیں بھیجتا۔ ہم کل ان لوگوں سے بری ہوں گے جنہوں نے ہمیں آڑ بنالیا ہے(۱۷۴)۔

(۱۲) ایک رافضی نے حسن بن زید بن محمد بن اسماعیل بن حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں ام المومنین الصدیقہ بنت الصدیق پر بہتان باندھا تو آپ نے کہا اے نوجوان اس کی گردن اڑادے تو علوی ان سے کہنے لگے یہ آدمی ہمارے شیعہ میں سے ہے تو انہوں نے کہا اللہ کی پناہ اس آدمی نے نبی ﷺ پر طعن کیا ہے۔ اللہ فرماتے ہیں {الْخَبِيثَاتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ لِلْخَبِيثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِينَ وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبَاتِ أُولَئِكَ مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ} خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لیے اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں یہ لوگ بری ہیں ان باتوں سے جو وہ کہتے ہیں۔ ان کے لیے ان کے رب کے ہاں مغفرت اور کریم رزق ہے{النور ۲۶}۔ پس اگر عائشہ نعوذ باللہ خبیثہ تھی تو نبی ﷺ بھی اس سے متصف ٹھہرے تو وہ کافر ہے اس کی گردن اڑادو، تو پھر اس کی گردن اڑادی گئی(۱۷۵)۔

(۱۳) علی بن محمد بن زید بن محمد بن اسماعیل بن حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابی طالب (۱۷۶) کے پاس ایک رافضی عراق سے آیا تو وہ ان کے سامنے بھونکنے لگا اور اس نے عائشہ رضی اللہ عنہ کا ذکرِ بد کیا تو وہ اٹھے اور انہوں نے ایک ڈنڈا لیکر اسے مارنا شروع کر دیا اور اس کا دماغ باہر نکال ڈالا اور اسے قتل کر دیا۔ تو ان سے کہا گیا کہ یہ ہمارے شیعہ میں سے تھا اور ہمیں دوست رکھتا تھا تو آپ نے کہا اس نے میرے جد کو قرنان(۱۷۷) کہا اور جس نے میرے جد کو قرنان کہا وہ واجب القتل ہے(۱۷۸)

تراجم وحوالہ جات

(۱۴۷)اسی طرح ان کی اولاد اور اولاد کی اولاد رافضیوں کے برے مذہب کا انکار کرتے ہیں اور ان سے برأت کا اعلان کرتے ہیں اور ابو بکر وعمر وعثمان اور سارے صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کا حکم دیتے ہیں۔ اللہ نے اہل بیتِ رسول اللہ اکو ان کے گندے مذہب سے پاک صاف رکھا جو مسلمانوں کے بالکل مشابہ نہیں ہے۔ اللہ تمام اہل بیت سے راضی ہو اور انہیں مسلمانوں کی طرف سے جزائے خیر عطاء فرمائے۔

(۱۴۷) الشریعه، باب ذکر ما جاء فی الرافضه وسوء مذهبهم۔

(۱۴۸) اسے اللالکائی نے شرح اصول الاعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ و ابن ابی عاصم نے السنۃ میں ذکر کیا۔

(۱۴۹) اسے ابنِ تیمیہ نے المنہاج میں ذکر کیا۔

(۱۵۰) اسے ابن حجر نے الفتح الباری میں اپنی سند کے ساتھ روایت کیا اور کہا کہ یہ سند حسن ہے۔

(۱۵۱) اسے الآجری نے کتاب الشریعہ میں روایت کیا۔

(۱۵۲) الذہبی کہتے ہیں علی بن حسین ابن الامام علی بن ابی طالب... السید، الامام، زین العابدین، الہاشمی، العلوی، المدنی... انہوں نے اپنے والے امام حسین شہید رضی اللہ عنہ سے بیان کیا ہے اور وہ واقعہ کربلا کے دن جنابِ حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اور اس وقت ان کی عمر 23 برس تھی لیکن اس دن وہ بیماری کے سبب قتال نہ کر سکے تھے۔ اسی طرح انہوں نے اپنے دادا رضی اللہ عنہ سے بھی مرسلاً روایت کیا ہے۔ انہوں نے ام المومنین صفیہ، ابوہریرۃ، ام المومنین عائشہ، ابی رافع اور اپنے چچا حسن، عبد اللہ بن عباس، ام سلمہ، مسور بن مخرمہ، زینب بنت ابی سلمہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے بھی

روایت کی ہے۔ ان کی جلالت وشان بڑی عظیم المرتبت تھی اور اللہ کی قسم یہ انکا حق بھی تھا۔ وہ اپنے علمِ سداد اور کمال وشرف کے باعث امامتِ عظمٰی کے حق دار تھے۔ 38ہجری میں پیدا ہوئے الزہری کہتے ہیں کہ میں نے اہلِ بیت میں علی بن الحسین رضی اللہ عنہ سے بہتر کسی کو نہیں پایا۔ آپ 94ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۵۳) کہا جاتا ہے اِبْتَرَ کُوْ فِیْ الْحَرْبِ اِذَا جُثُّوْ لِلرُّکَبِ فَاقْتَتلُوا۔

(۱۵۴) ان دونوں کا تذکرہ الذہبی نے ''السیر''میں کیا ہے۔

(۱۵۵) الذہبی کہتے ہیں حسن ابن نواسہء رسول اللہ ا السید ابی محمد حسن بن امیر المومنین ابی الحسن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، العلوی، المدنی، الہاشمی، الامام ابو محمد۔ انہوں نے اپنے والد سے بیان کیا اور عبد اللہ بن جعفر سے بھی روایت کی ہے۔ آپ بہت قلیل الروایہ ہیں اور اپنے صدق، جلالت کے ساتھ خلافت کے اہل تھے۔ آپ بھی ان لوگوں کے ساتھ جو جناب، حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے وقت موجود تھے۔ 99ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۵٦)ان کا تذکرہ المزی نے ''تہذیب الکمال فی اسماء الرجال''میں کیا ہے

(۱۵۷) ابن کثیر 119ہجری کے حوادث کے تذکرہ میں لکھتے ہیں کہ اس میں خالد بن عبد اللہ القسری نے، مغیرہ بن سعید اور ایک جماعت کو قتل کیا جنہوں نے اس کے باطل پر اس کی پیروی کی تھی۔ یہ شخص جادو گر تھا، فاجر، خبیث اور شیعہ تھا۔۔ جب خالد کو اس کی خبر پہنچی تو انہوں نے اسے پیش کرنے کا حکم دیا تو اسے سات یا چھ آدمیوں سمیت لایا گیا۔ خالد نے حکم دیا تو اس کی مسند مسجد میں لگائی گئی اس نے لکڑی کی طنابیں لانے کا حکم دیا اور اس پر تیل چھڑک دیا گیا۔ اس کے بعد مغیرہ کو کہا گیا کہ ان میں سے ایک لکڑی کی طناب پکڑ لے تو اس نے انکار کیا جس پر اسے مارا گیا تو اس نے اسے پکڑ لیا پھر اس کے اوپر تیل چھڑکا گیا پھر اسے آگ لگا دی گئی اور اس کے باقی ساتھیوں کے ساتھ بھی ایسا ہی کیا گیا۔

(۱۶۰) اسے اللالکائی نے شرح اصول الاعتقاد اہل السنۃ والجماعۃ میں ذکر کیا ہے۔

(۱۶۱) اسے ابن بطہ الشرح ولابانہ میں روایت کیا۔

(۱۶۲)الذہبی کہتے ہیں زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب، ابو الحسین الہاشمی، العلوی، المدنی وہ ابو جعفر الباقر کے بھائی ہیں۔ انہوں نے اپنے والد زین العابدین سے روایت کی ہے اور اپنے بھائی باقر، سے بھی روایت کی ہے۔ اس کے علاوہ عروۃ بن زبیر، اپنے بھائی کے بیٹے جعفر بن محمد سے بھی روایت کی ہے۔ وہ بہت علم و جلالت والے تھے۔ انہوں نے خروج کیا اور شہید ہو گئے۔ عیسیٰ بن یونس کہتے ہیں کہ رافضی زید کے پاس آئے اور کہنے لگے تو ابو بکر و عمر سے برأت کا اظہار کر تو ہم تیری مدد کریں گے تو انہوں نے کہا میں تو انہیں دوست جانتا ہوں تو انہوں نے کہا پھر ہم تیرا انکار کریں گے۔ تو انہیں رافضہ کہا گیا جبکہ زیدیہ نے ان کے قول کے مطابق بات کی اور ان کے ساتھ قتال کیا۔ عمرو بن القاسم سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں جعفر صادق کے پاس گیا اور ان کے پاس کچھ رافضی بیٹھے تھے تو میں نے انہیں کہا کہ یہ لوگ آپ کے چچا زید سے برأت کا اظہار کرتے ہیں تو انہوں نے کہا اللہ ان سے بری ہو جو ان سے برأت کا اظہار کرے اللہ کی قسم وہ ہم سب سے زیادہ قرآن جاننے والے، اللہ کے دین کی فقہ رکھنے والے اور رحم کو ملانے والے اور ہم نے ان جیسا کوئی نہ چھوڑا۔ وہ 125 ہجری میں شہید ہوئے۔

(۱۶۳) اسے الصفدی نے الوافی بالوفیات میں ذکر کیا۔

(۱۶۴) ابن عساکر کہتے ہیں عبد اللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ابو محمد الہاشمی اہلِ مدینہ میں سے ہیں۔ انہوں نے اپنے والد اور اپنی والدہ سے روایت کی ہے اور عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب سے روایت کی ہے۔ 145 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۶۵) ان دونوں روایتوں کو ابن عساکر نے روایت کیا تاریخ دمشق میں ان کے تذکرہ میں۔

(۱۶۶) الذہبی کہتے ہیں جعفر بن محمد بن علی بن الشہید ابو عبد اللہ، نبی ﷺ کے پھول اور آپ کے نواسے اور محبوب جنابِ حسین بن امیر المومنین ابی الحسن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم الامام الصادق، شیخ بنی ہاشم، ابو عبد اللہ القرشی، الہاشمی، العلوی، النبوی، المدنی۔ اعلام ائمہ میں سے ایک ہیں۔ ان کی والدہ ام فروۃ بنت القاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں اور انکی ماں اسماء بنت عبد الرحمن بن ابی بکر ہیں۔ اسی لیے جعفرِ صادق کہا کرتے تھے { ولدنی ابو بکر الصدیق مرتین } مجھے ابو بکر نے دو مرتبہ جنم دیا(یعنی وہ میرے دوہرے رشتہ سے باپ ہیں)۔ آپ رافضیوں کے خلاف بہت سختی اور غصہ کرتے جب انہیں پتہ چلتا کہ وہ ان کے جد ابو بکر کے بارے میں ظاہراً وباطناً تبرا کرتے ہیں۔ 80ہجری میں پیدا ہوئے۔ امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ میں نے جعفر بن محمد سے بڑھ کر کوئی فقیہ نہیں دیکھا۔ 148ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۶۷) المعرفۃ والتاریخ للفسوی۔

(۱۶۸) اسے الذہبی نے السیر میں ان کے تذکرہ ذکر کیا اور کہا کہ یہ قول جعفرِ صادق سے متواتر ہے اور میں اللہ کی گواہی دے کر کہتا ہوں کہ وہ اپنے قول میں سچے تھے کسی کے لیے منافقت کا اظہار نہ کرتے تھے، پس اللہ نے رافضیوں کو ذلیل کر دیا۔

(۱۶۹) فضائل الصحابہ للدارقطنی، ذکر ماروی عن آل ابی طالب اولاد علی رضی اللہ عنہ فی ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہم۔

(۱۷۰) ابن حجر کہتے ہیں عمر بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب الہاشمی المدنی، الاصغر، انہوں نے اپنے والد، اپنے بھائی کے بیٹے جعفر بن محمد بن علی اور سعید بن مرجانہ سے روایت کی اور نبی ﷺ سے مرسلاً روایت کی ہے۔ ابن حبان نے انہیں ثقات میں ذکر کیا ہے۔ عتمۃ بن بشیر الاسدی کہتے ہیں عمر بن علی بن حسین صاحبِ فضیلت آدمی تھے بہت زیادہ عبادت کرنے والے، صاحبِ اجتہاد، ان کے بھائی ابو جعفر ان کی بہت عزت کیا کرتے تھے۔

(۱۷۱) فضائل الصحابہ للدارقطنی ذکر ماروی عن آل بی طالب واولاد علی فی ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہم۔

(۱۷۲) اسے ابن بطہ الشرح والابانہ میں روایت کیا۔

(۱۷۳) اسے ابن بطہ الشرح والابانہ میں روایت کیا۔

(۱۷۴)الذہبی کہتے ہیں الزیدی الامیر، صاحبِ جرجان، الحسن بن زید بن محمد بن اسماعیل بن حسن بن زید بن حسن بن امام علی بن ابی طالب العلوی۔ ان کے جد اسماعیل چھ نفیس بھائی تھے۔ یہ 250ہجری میں ظاہر ہوئے ان کا جیش کثرت کے ساتھ تھا انہوں نے جرجان پر قبضہ کیا پھر انہوں نے خلفاء کے جیوش کو شکست دی اور ری اور الدیلم فتح کیا اور ان کا دور بہت طویل تھا۔ 270ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۷۵) اسے اللالکائی نے شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ والجماعہ میں روایت کیا۔

(۱۷۶)وہ حسین بن زید کے بھائی ہیں۔ الذہبی کہتے ہیں کہ ان کے بعد ان کے بھائی محمد بن زید بادشاہ ہوئے اور ان کا دور بھی بہت طویل تھا انہوں نے بہت ظلم کیا یہاں تک کہ قتل کر دیے گئے 290 ہجری سے قبل۔

(۱۷۷) القرنان ایسا آدمی جو اپنی عورت میں مشارکت کروائے۔ یعنی یہ مرد کے بارے میں بری صفت ہے جس کو کوئی غیرت نہ ہو { لسان العرب}

(۱۷۸) الصارم المسلول ؛ فاما من سب ازواج النبیا۔

الفصل (۷)

رافضہ کے بارے میں حنابلہ کے اقوال

امام احمد بن حنبل(۱۷۹) کہتے ہیں رافضہ اسلام میں کسی چیز پر بھی نہیں ہیں (۱۸۰) اور انہوں نے کہا کہ عثمان رضی اللہ عنہ کو گالی دینا زندقہ ہے۔ آپ سے سوال کیا گیا اس شخص سے متعلق جو اصحاب رسول میں سے کسی کو گالی دیتا ہے تو آپ نے فرمایا میں اسے اسلام پر باقی نہیں دیکھتا(۱۸۲)۔

(۲) حرب بن اسماعیل الکرمانی (۱۸۳) کہتے ہیں کہ اہلِ علم و اہلِ حدیث اور اہل السنۃ کا مذہب جس کے ساتھ وہ متمسک ہیں یہ ہے اور جسکی ان میں اقتدیٰ کی جاتی ہے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے زمانے سے ہمارے دور تک اور میں نے جس قدر علماء حجاز وشام وغیرہ کو پایا، پس جو کوئی اس مذہب میں انکی مخالفت کرتا ہے یا اس میں طعن کرتا ہے یا اس کے قائل میں عیب لگاتا ہے تو ایسا شخص بدعتی و مخالف ہے اور جماعت سے خارج ہے اور منہج سنت سے ہٹا ہوا ہے اور یہ مذہب ہے احمد، اسحق بن ابراہیم، عبد اللہ بن مخلد، عبد اللہ بن زبیر الحمیدی، سعید بن منصور وغیرہ جن کے ساتھ ہماری مجلس رہی اور جن سے ہم نے اخذ کیا اور ان لوگوں کا قول یہ تھا... کہ جس نے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے صحابہ میں سے کسی ایک کو گالی دی، یا ان کی تنقیص کی یا ان پر طعن کیا یا ان پر عیب لگایا تو ایسا شخص بدعتی، رافضی اور خبیث و مخالف ہے... اللہ تعالیٰ اس کا کوئی عمل قبول نہ کرے گا اور کسی کے لیے جائز نہیں کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی شان میں کوئی بری چیز ذکر کرے، کسی ایک پر عیب لگائے اور نہ ہی ان میں سے کسی کا نقص کرے۔ پس جو کوئی ایسا کرے تو حاکمِ وقت کے لیے ضروری ہے کہ اسے سزا دے، اسکی تأدیب کرے اور اسے معاف ہرگز نہ کرے اور اسے توبہ کروائے۔ پس اگر وہ توبہ کرلے تو ٹھیک وگرنہ اسے جیل میں ہمیشہ کے لیے پھینک دے یہاں تک کہ مر جائے(۱۸۴)۔

(۳)حسن بن علی البربہاری(۱۸۵) کہتے ہیں اور انہوں نے خواہش پرستوں کا ذکر کیا اور کہتے ہیں کہ ان میں سب سے ردی ترین اور سب سے زیادہ کفر والے رافضی ہیں(۱۸۶)۔

(۴)ابو عبد اللہ بن بطہ (۱۸۷) کہتے ہیں جہاں تک رافضہ کا تعلق ہے تو وہ لوگوں میں سب سے زیادہ اختلاف والے، جھگڑالو اور طعن کرنے والے۔ انکا ہر شخص اپنے لیے ایک مذہب بنالیتا ہے اور اس پر لعنت کرتا ہے جو اسکی مخالفت کرے اور جو اس کی اتباع نہ کرے اسکی تکفیر کرتا ہے اور وہ سب کے سب یہی کہتے ہیں کہ امام کے بغیر کوئی نماز نہیں، کوئی روزہ، جہاد، جمعہ، عیدین، نکاح، طلاق، بیع و شراء نہیں(۱۸۸)۔ جس کا کوئی امام نہیں اس کا کوئی دین نہیں اور جو کوئی اپنے امام کو نہیں جانتا اس کا کوئی دین نہیں۔ پھر وہ امامت میں اختلاف کرتے ہیں۔ امامیہ کا اپنا امام ہے اور اس کے علاوہ اگر کسی کو کوئی امام مانے تو وہ اس پر لعن طعن کرتے ہیں اور اسکی تکفیر کرتے ہیں۔ اگر علم کے مرتبہ و شرف کا خیال نہ ہوتا جس کی اللہ نے قدر و منزلت بہت بلند کی ہے اور اسے اس بات سے محفوظ رکھا کہ اس میں نجاسات، اور اہلِ زیغ کے قبیح اقوال داخل کیے جائیں جن کو سن کر انسان کی جلدیں کانپ اٹھتی ہیں اور نفس انہیں سننے سے ڈرتا ہے اور عاقل لوگ اس سے کتراتے ہیں... وگرنہ میں وہ باتیں ذکر کرتا جن میں عبرت کے سامان تھے(۱۸۹)۔

(۵) قاضی ابو یعلیٰ کہتے ہیں کہ جس نے عائشہ صدیقہ بنت الصدیق رضی اللہ عنہما پر الزام لگا یا جنہیں خود اللہ نے بری کیا ہے تو وہ بلا اختلاف کافر ہے(۱۹۰)۔

(۶)ابن عقیل (۱۹۱) کہتے ہیں کہ اصل بات یہ ہے کہ جس بندے نے رافضی مذہب بنایا اس کا اصل مقصد دین اور نبوت میں طعن کرنا تھا(۱۹۲)۔ انہوں نے قبر پرستوں کے متعلق کہا(یعنی رافضہ وغیرہم)جب جاہلوں اور طاغوت پسندوں پر شرعی تکالیف بھاری پڑ گئیں تو انہوں نے شریعت کی وضع کو چھوڑ کر ان اوضاع کی تعظیم شروع کر دی جنہیں انہوں نے خود اختراع کیا تھا تو ان پر شریعت آسان ہو گئی کیونکہ وہ اس میں اپنے غیر کے حکم سے داخل نہیں ہوتے...وہ میرے نزدیک ان اوضاع کے ساتھ کافر ہیں۔ یہ اوضاع ہیں مثلاً قبروں کی تعظیم اور ان کا اکرام اس صورت جسے شریعت نے منع کیا ہے، وہاں آگ جلانا، انہیں چومنا اور انہیں پختہ بنانا، مُردوں سے اپنی حاجات مانگنا اور وہاں رقعے چھوڑنا ... اے میرے مولیٰ ایسے ایسے کر دیجیے، ان کی قبروں کی مٹی کو تبرکاً لیکر جانا، قبروں پر خوشبو بہانا، ان

کی طرف خاص سفر کر کے جانا، لات منات وعزی کے پجاریوں کی پیروی میں جلی ہوئی چیزوں کو درختوں پر ڈال دینا(۱۹۳)۔

(۷)ابو لفرج ابن الجوزی کہتے ہیں شیعہ کی قباحتیں اس قدر ہیں کہ شمار میں نہیں آتی(۱۹۴)۔

(۸)ابو العباس ابن تیمیہؒ کہتے ہیں کہ جہاں تک فتنے کا تعلق ہے تو وہ اسلام میں شیعہ کی طرف سے آیا۔ وہ ہر شر و فتنہ کی جڑ ہیں اور وہ فتنوں کے بھنور کا قطب ہیں۔ پس ہر عاقل کو دیکھنا چاہیے کہ اس کے زمانے میں کیا ہو رہا ہے اور کس قدر فتنے، شر و فساد اسلام کو درپیش ہیں۔ پس وہ دیکھے گا کہ ایسے بہت سے فتنے رافضہ کی طرف سے ہی ہوں گے اور لوگوں میں سب سے زیادہ شریر لوگ رافضی ہوں گے اور امت کی صفوں میں نئے سے نئے فتنے کھڑے کرنے سے وہ بالکل نہیں بیٹھیں گے۔ ابن تیمیہ نے کہا ان میں سے اکثر کفار سے دوستیاں لگانے والے ہیں، ایسی دوستیاں جو مسلمانوں سے بڑھ کر دل کی گہرائیوں کے ساتھ ہوں گی۔ اسی لیے جب ترک (تاتاری) مشرق کی جانب سے نکلے اور انہوں نے خراسان، عراق، شام اور جزیرہ میں مسلمانوں کا خون بہایا تو اس وقت بھی رافضہ سب سے زیادہ ان کی مدد کرنے والے تھے۔ بغداد کا علقمی رافضی وزیر اور اس جیسے دوسرے لوگ مسلمانوں کے خلاف سب سے زیادہ ان کی مدد کرنے والے تھے۔ اسی طرح شام کے رافضیوں کا بھی یہی حال تھا کہ وہ بھی مسلمانوں کے خلاف ان کی مدد کرنے میں شدید تر تھے اور ان صلیبیوں کی مدد کرنے میں بھی جن کے خلاف مسلمانوں نے شام میں جہاد کیا۔ اس وقت رافضہ ان کے سب سے بڑے اعوان میں سے تھے۔ اسی طرح جب عراق میں یہودیوں کی مملکت قائم ہوئی تو اس کے سب سے بڑے مددگار رافضہ تھے... پس وہ ہمیشہ کافروں، مشرکوں، یہودیوں، عیسائیوں کے مددگار رہے ہیں اور مسلمانوں کے خلاف قتال کرنے میں ان کی مدد کرتے ہیں(۱۹۵)۔

ابن القیم الجوزیۃ (۱۹۶) کہتے ہیں اور جہاں تک غالی جہمیوں اور غالی شیعوں کا تعلق ہے تو ان دونوں گروہوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ اسی لیے سلف کی ایک جماعت نے انہیں تہتر فرقوں کی فہرست سے بھی خارج کر دیا ہے اور کہا کہ یہ لوگ ملت سے خارج ہیں(۱۹۷) اور انہوں نے قبر

پرستوں کے بارے میں لکھا "اور ان میں رافضہ ہیں"۔ ان مشرکوں کی گمراہی یہاں تک پہنچ گئی کہ انہوں نے قبروں کے لیے حج مشروع کر لیا اور اس کے لیے مناسک وضع کیے یہاں تک ان کے بعض غالیوں نے اس کے متعلق کتابیں لکھیں اور اس "مناسک الحج المشاد" کا نام دیا اور ان قبروں کو بیت الحرام کے برابر قرار دیا اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ اسلام میں فرق ہے اور بت پرستی کے دین میں داخل ہونا ہے(۱۹۸)۔ انہوں نے رافضیوں کے خرافاتی مہدی کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا کہ یہ لوگ بنی آدم پر عار ہیں اور ایسے مضحکہ خیز ہیں جن پر ہر عاقل ہنستا ہے(۱۹۹)۔ کہتے ہیں کہ ہم نے ہر زمان و مکان میں رافضیوں کو دیکھا کہ مسلمانوں کے خلاف جب بھی اور جہاں کوئی دشمن کھڑا ہوا وہ اس کے مددگار بن گئے۔ انہوں نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کتنے بلوے کیے ہیں۔ تاتاری مشرکوں کی تلواریں مسلمانوں کے لہو سے سرخ ہوئیں تو انہیں کے زیرِ سایہ... مساجد کو مقفل کیا گیا، مصحف پھاڑے گئے... مسلمان عورتوں کو قتل کیا گیا... ان کے علما، عابد اور ان کے خلیفہ کو قتل کیا... یہ سب انہی رافضیوں کے سبب ہوا... انہی کے جرائم کے سبب ہوا؟... مشرکوں کی مسلمانوں کے خلاف انکی مدد ہر خاص عام کو معلوم ہے(۲۰۰)۔

(۱۰) ابن رجب کہتے ہیں... رافضیوں کی یہودیوں کے ساتھ ستر خصلتوں میں مشابہت پائی جاتی ہے(۲۰۲)۔

(۱۱) محمد بن عبد الوہاب کہتے ہیں یہ روافض جو شیخین کو گالی دیتے ہیں اور جمہور صحابہ کو کافر قرار دیتے ہیں اور علی رضی اللہ عنہ اور انکی اولاد کی طرف نسبت رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم آلِ محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے شیعہ ہیں... کیا وہ اس میں سچے ہیں؟ ہرگز نہیں بلکہ درحقیقت یہی ان کے دشمن ہیں اور اہل بیت ان سے بری ہیں۔ اسی طرح یہودی اور عیسائی اپنے انبیاء کی طرف نسبت کرتے ہیں اور یہ زعم رکھتے ہیں کہ وہ ان کے دین پر ہیں جبکہ وہ ان سے بیزار ہیں(۲۰۳)۔ اہلِ حدیث و اہلِ علم یہ بات جانتے ہیں کہ سب سے جھوٹا ترین گروہ رافضہ، شیعہ کا ہے اور جو کوئی ان کی طرف نسبت رکھتا ہے(۲۰۴)۔

شیخ کہتے ہیں جس نے اللہ کے اور اپنے درمیان واسطے بنا کر انہیں پکارا اور اس سے شفاعت کا سوال کیا اور انہی پر توکل کیا تو وہ بالاجماع کافر ہے(۲۰۵)۔

(۱۲) عبد الرحمن بن حسن(۲۰۶) کہتے ہیں اصل رافضہ وہ ہیں جنہوں نے امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے عہد میں خروج کیا۔ پس جب آپ کو ان کے برے عقیدے کے بارے میں پتہ چلا تو آپ نے خندقیں کھودیں اور اس میں لکڑیاں ڈال کر آگ بھڑکائی اور انہیں آگ میں ڈال دیا۔ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے اس امت میں شرک کو رواج دیا۔ انہوں نے قبروں پر عمارتیں بنائیں اور ان کے بہت سے برے قواعد ہیں جن کی طوالت کے باعث ہم یہاں انہیں ذکر نہیں کرتے (۲۰۷)۔ ان سے سوال کیا گیا اس شخص کے بارے میں جو کسی رافضی کو لیکر مکہ جائے تو انہوں نے کہا کہ جس نے کسی رافضی کو مکہ پہنچایا تو اس نے اللہ کی نافرمانی کی(۲۰۸) اور کبیرہ گناہ کا مرتکب ہوا۔ پس جس کسی نے ایسا کیا وہ فاسق ہو گیا(۲۰۹)۔

(۱۳) عبد اللطیف بن عبد الرحمن(۲۱۰) کہتے ہیں کہ ان کے دل دھوکہ و مکاری سے بھرے ہوئے ہیں اس لیے آپ دیکھیں گے لوگوں میں سب سے زیادہ اخلاص سے دور اور سب سے زیادہ امت سے دھوکہ کرنے والے یہی لوگ ہوں گے۔ وہ ہمیشہ اہلِ اسلام کے خلاف کسی بھی دشمن کا ساتھ دینے والے ہیں۔ یہ ایسا امر ہے جس کا مشاہدہ پوری امت کر چکی ہے۔ جس نے مشاہدہ نہیں کیا اس نے دیکھ ضرور لیا سوائے اس کے جو کانوں سے بہرا ہو اور دل کا اندھا ہو(۲۱۱)۔ اور کہتے ہیں کہ عراق میں ان کے ہاں ایک مزار ہے جسے مشہد الحسینی کہا جاتا ہے۔ اسے رافضیوں نے بت بنا رکھا ہے بلکہ تدبیر کرنے والا رب اور آسانیاں دینے والا خالق بنا رکھا ہے۔ انہوں نے اس کے ذریعے مجوسیت کا احیا کیا ہے اور لات منات وعزیٰ کے معبد خانے آباد کر دیئے ہیں اور ہر وہ کام جس پر اہلِ جاہلیت گامزن تھے ان میں عود کر آیا ہے۔ یہی حالت مشہدِ عباس اور مشہدِ علی کی بنا رکھی ہے(۲۱۲)۔

تراجم وحوالہ جات

(۱۷۹) الذہبی کہتے ہیں وہ امام تھے شیخ الاسلام ابو عبد اللہ احمد بن حنبل الشیبانی، المروزی، ثم البغدادی۔ ائمہ اعلام میں سے ایک تھے۔ 164 ہجری میں پیدا ہوئے۔ اسحق بن راہویہ کہتے ہیں احمد اللہ کی مخلوق میں اسکی حجت ہیں۔ 241 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۸۰) کتاب السنۃ للامام احمد۔

(۱۸۱) فتاویٰ السبکی باب جامع فصل سب النبیا۔

(۱۸۲) اسے اللالکائی نے شرح اصول الاعتقاد اہل السنۃ والجماعہ میں روایت کیا۔

(۱۸۳) الذہبی کہتے ہیں امام، العلامۃ، ابو محمد حرب بن اسماعیل الکرمانی الفقیہ، احمد بن حنبل کے شاگردوں میں سے ہیں۔ انہوں نے ابو ولید الطیالیسی، ابو بکر الحمیدی، ابو عبید، سعید بن منصور، احمد بن حنبل، اسحق بن راہویہ سے اکتسابِ فیض کیا۔ ابو بکر الخلال کہتے ہیں کہ وہ اصحابِ ابو عبد اللہ کے کبراء میں سے ہیں... اور مجھے خبر ملی ہے کہ انہوں نے ابو عبد اللہ سے بیس ہزار کے قریب احادیث لکھی ہیں اور آپ بہت جلیل القدر آدمی تھے۔ 280 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۸۴) حادی الارواح الی بلاد الافراح، الباب السبعون؛ فی ذکر من یستحق هذه البشارة دون غیره۔

(۱۸۵) الذہبی کہتے ہیں البربہاری شیخ الحنابلہ، قدوۃ الامام ابو محمد حسن بن علی بن خلف البربہاری، الفقیہ، وہ حق بات کہنے والے، حدیث کی طرف دعوت دینے والے اور اللہ کے معاملے میں کسی ملامت کی پرواہ نہ کرنے والے تھے۔ انہوں نے المروزی اور سہل بن عبد اللہ التستری کی صحبت اختیار کی۔ ابن خجیر کہتے کہ وہ اہل، بدعت کے بہت خلاف تھے اور خاص و عام لوگ آپ کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے

تھے۔ایک دن وہ وعظ کررہے تھے کہ انہیں چھینک آگئی تو حاضرین نے انہیں گالی دی اور پھر جنہوں نے اس گالی کو سنا انہوں نے گالی دینے والوں کو گالی دی یہاں تک کہ یہ لڑائی اس قدر بڑھی کہ خلیفہ کو خبر پہنچنے پر انہوں نے آپ کو جیل میں ڈالنے کا ارادہ کیا تو آپ اس سے بھاگ گئے اور اپنے خفیہ ٹھکانے میں 328ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۸۶) شرح السنۃ۔

(۱۸۷)الفراء کہتے ہیں عبید اللہ بن محمد بن محمد بن عتبہ بن فرقد (جو نبی ﷺ کے اصحاب میں سے تھے) ابو عبد اللہ العکبری المعروف بابن بطہ۔304ہجری میں پیدا ہوئے۔الذہبی کہتے ہیں الامام القدوۃ العابد، الفقیہ، المحدث، شیخ العراق، الحنبلی، حاکمِ وقت نے انہیں جیل میں ڈالنے کے لیے طلب کیا تو آپ فرار ہوگئے۔387ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۸۸) " امام کے وجود کے بغیر عدم جوازِ جہاد کے قائل رافضی"، اپنے اصول کو توڑ گئے چاہے انہیں اس کا شعور ہو یا نہ ہو... ابو الحسن الاشعری "المقالات" میں کہتے ہیں کہ رافضیوں کا خروج نہ کرنے اور تلوار کا انکار کرنے پر اجماع ہے چاہے وہ قتل ہو جائیں یہاں تک کہ ان کا امام ظاہر ہو اور انہیں وہ خود اس بات کا حکم دے۔اسی لیے وہ نہ کفار کے خلاف لڑتے ہیں اور نہ ہی ائمہ جماعت کے ساتھ مل کر لڑتے ہیں سوائے اس کے جو ان کے اپنے مذہب کا التزام کرتا ہو۔

عبد القادر بن عبد العزیز "العمدہ" میں کہتے ہیں کہ شیعہ نے خمینی کے انقلاب کے شروع ہوتے ہی اس عقیدہ کی مخالفت کی اور یہ ان کی کتابوں میں مذکور عقیدہ کے فاسد ہونے کی بڑی واضح دلیل ہے !۔لیکن عجیب بات تو یہ ہے کہ بعض اہل السنۃ بھی اسی شبہہ کا اظہار کرتے ہیں (کہ امام کے بغیر جہاد نہیں)۔

امام غزالی "الاحیاء" میں لکھتے ہیں "کہ شیعہ کے مطابق امر بالمعروف اور نہی عن المنکر جائز نہیں جب تلک امامِ معصوم ظاہر نہ ہو جائے۔اور وہ ان کے نزدیک امام حق ہے جبکہ یہ لوگ کم مرتبہ ہیں کہ

اس کی جگہ پر بات کر سکیں بلکہ ان کا جواب یہ ہے کہ انہیں کہا جائے جب وہ عدالتوں میں اپنے حقوق لینے کے لیے آتے ہیں اور اپنے اموال وخون کے فیصلے کرواتے ہیں... تمہار امر بالمعروف کی نصرت کرنا... کیا یہ زمانہ ظلم سے روکنے کا نہیں اور حقوق طلب کرنے کا ہے! ... کیونکہ امام ابھی تک نہیں نکلا...!

پس اللہ اسے قتل کرے جو "سلفیت" کا دعویٰ کرتا ہے اور امت میں رسوائیت اور رافضیوں کے اصول عام کرتا ہے!

(۱۸۹) الابانہ، باب؛ التحذیر من استماع کلام قوم یریدون نقض الاسلام۔

(۱۹۰) الصارم المسلول، فصل فامامن سب ازواج النبیا۔

(۱۹۱) الذہبی کہتے ہیں امام العلامہ، البحر، شیخ الحنابلہ، ابو الوفاء، علی بن عقیل بن محمد البغدادی الحنبلی المتکلم، صاحبِ تصانیف۔ وہ بہت ذکی، علوم کا سمندر اور کثیر فضائل والے تھے۔ وہ اپنے زمانے میں بے نظیر تھے۔ 431ہجری میں پیدا ہوئے۔ وہ معتزلہ کے ساتھ مختلط ہوئے تو کچھ ان کی بدعات کا شکار ہو گئے لیکن حنابلہ نے ان کا شدید انکار کیا تو انہوں نے توبہ کر لی۔ ابن الجوزی کہتے ہیں وہ فنون میں یکتا تھے اور اپنے زمانے کے امام تھے۔ بہت خرچ کرنے والے اور انہوں نے اپنی وراثت میں کتابوں اور ان کپڑوں کے علاوہ جو ان کے بدن پر تھے کچھ نہ چھوڑا۔ 513ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۹۲) تلبیس ابلیس، ذکر تلبیس علی الرافضہ۔

(۱۹۳) اسے ابن القیم نے "اغاثۃ اللہفان" میں ذکر کیا۔

(۱۹۴) تلبیس ابلیس، ذکر تلبیسہ علی الرافضہ۔

(۱۹۵) منہاج السنۃ۔

(۱۹۶) ابن رجب کہتے ہیں محمد بن ابی بکر بن ایوب الزرعی، ثم الدمشقی، الفقیہ، الاصولی، المفسر، النحوی، العارف، شمس الدین، ابوعبداللہ ابن القیم الجوزیہ، ہمارے شیخ، انہوں نے مذہب کی فقہ حاصل کی اور ماہر و مفتی تھے۔ انہوں نے شیخ تقی الدین کے ساتھ کو لازم کیا اور ان سے اخذ کیا۔ وہ اسلامی علوم و فنون کے ماہر تھے۔ وہ معصوم نہ تھے... لیکن میں نے ان جیسا نہیں دیکھا۔ انہیں شیخ تقی الدین کے ساتھ قلعہ میں ان سے علیحدہ قید کیا گیا اور انہیں شیخ ابن تیمیہ کی موت کے بعد رہا کیا گیا۔ 691ہجری میں پیدا ہوئے اور 751ہجری میں فوت ہوئے۔

(۱۹۷) مدارج السالکین، فصل، وما الفسوق فھو فی کتاب اللہ نوعان۔

(۱۹۸)اغاثہ اللھفان من مصائد الشیطان، فصل؛ ثم ان فی اتخاذ القبور اعیاداً من المفاسد العظیمۃ۔

(۱۹۹) المنار المنیف، فصل؛ وسئلت عن حدیث لا مھدی الا عیسیٰ۔

(۲۰۰)مدارج السالکین، فصل؛فی بیان تضمنھا للرد علی الرافضۃ۔

(۲۰۱) ابو المحاسن الحسینی کہتے ہیں عبد الرحمن بن احمد بن رجب البغدادی، ثم الدمشقی، الحنبلی، الامام، الحافظ الحجہ، الفقیہ، زاہد و عابد علماء و ائمہ میں سے ایک تھے، مسلمانوں کے واعظ، مفید المحدثین، شہاب الدین ابو العباس یا ابو الفرج۔ وہ ایسے امام تھے کہ لوگوں کے دل محبت کے ساتھ انکی طرف مائل تھے اور ان پر فرقے مجتمع تھے۔ ان کی محفلیں تذکیر و نفع کی حامل ہوا کرتی تھیں۔ 736ہجری میں پیدا ہوئے اور 795ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۰۲) الحکم الجدیر بالاذاعۃ من قول النبی بعثت بالسیف بین یدی الساعۃ۔

(۲۰۳) جواب اهل السنة النبوية فی نقض كلام الشيعة والزيدية، فصل؛فی بيان مذهب الزيدية من البدع۔

(۲۰۴) جواب اهل السنة النبوية فصل؛ فی انصاف اهل السنة وكذب الروافض۔

(۲۰۵)الدرر السنية ، كتاب العقائد

(۲۰۶) العلامہ عبد الرحمن بن حسن بن محمد بن عبد الوہاب۔1196ہجری میں پیدا ہوئے اور انہوں نے تعلیم اپنے دادا، علی بن حمد بن ناصر بن معمر، حسین بن غنام سے حاصل کی۔ ابن قاسم کہتے ہیں ان کے زمانے میں کوئی ان سے بڑھ کر فقیہ، زاہد اور سنت کی اتباع کرنے والا نہ تھا۔ وہ ایسے پہاڑ کی مانند تھے جس پر چڑھنا اور اس کی چوٹی کو چھونا مشکل ہوتا ہے۔1285ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۰۷) الدرر السنیۃ کتاب الاسماء والصفات۔

(۲۰۸)یہ اس لیے کہ وہ رافضیوں کو کفر پر سمجھتے تھے اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ) اے ایمان والو مشرک پلید ہیں پس وہ مسجدِ حرام کے قریب نہ پھٹکیں(التوبہ 82)۔

(۲۰۹) الدرر السنیۃ کتاب الحج۔

(۲۱۰)عبد اللطیف بن عبد الرحمن بن حسن بن محمد بن عبد الوہاب۔ ان کے بارے میں محمود شکری آلوسی کہتے ہیں وہ بہت بڑے علامہ تھے، علامۃ المعقول والمنقول۔ انہوں نے اصول و فروع کے علم پر کافی مہارت حاصل کی۔1225ہجری میں پیدا ہوئے اور 1293ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۱۱) الدرر السنیۃ کتاب الجہاد۔

(۲۱۲) الدرر السنیۃ کتاب العقائد۔

الفصل (۸)

مالکیہ کے رافضہ کے بارے میں اقوال

(۱) امام مالک نے کہا کہ اہلِ الاہواء سب کے سب کافر ہیں اور ان میں سب سے برے رافضہ ہیں۔ امیر المومنین ہارون الرشید(۲۱۳) نے ان سے سوال کیا کہ کیا اس شخص کے لیے مالِ فئی میں حصہ ہے جو نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے صحابہ کو گالی دے؟ تو امام مالک نے کہا نہیں اور نہ ہی اس کی عزت کی جائے۔ ہارون نے کہا یہ آپ نے کس بنا پر کہا؟۔ کہنے لگے اللہ فرماتے ہیں {لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ} تاکہ ان کی وجہ سے کافروں کو چڑائے ...پس جو ان پر عیب لگائے وہ کافر ہے اور کافر کا فئی کے مال میں کوئی حق نہیں(۲۱۴)۔ امام مالک کہتے ہیں وہ جو اصحاب النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو گالی دیتا ہے اس کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں(۲۱۵) اور کہتے ہیں جس نے ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو گالی دی اس کو قتل کر دیا جائے۔ ان سے کہا گیا ایسا کیوں ہے؟ انہوں نے کہا جس نے ان پر الزام لگایا اس نے قرآن کی مخالفت کی۔ کیونکہ اللہ فرماتے ہیں {يَعِظُكُمُ اللَّهُ أَن تَعُودُوا لِمِثْلِهِ أَبَدًا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ} اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ دوبارہ ایسا نہ کرو اگر تم مومن ہو۔ پس جس نے اس کا اعادہ کیا تو وہ کافر ہو گیا(۲۱۶)۔

(۲) عبد الملک بن حبیب (۲۱۷) نے کہا جس نے عثمان کے بغض میں غلو اختیار کی اور ان سے برأت کی اور اسے شدید تأدیبی سزا دی جائے گی۔ جس نے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے بغض میں شدت اختیار کی اس کی عقوبت اس سے بھی سخت ہے اور انہیں بار بار ضرب لگائی جائے اور اسے لمبے عرصہ کے لیے جیل میں ڈال دیا جائے یہاں تک کہ وہ مر جائے(۲۱۸)۔

الذہبی کہتے ہیں الرشید الخلیفہ، ابو جعفر ہارون بن المہدی محمد بن المنصور ابو جعفر عبد اللہ بن محمد بن علی بن عبد اللہ بن عباس، الہاشمی، العباسی وہ بہت نیک خلفاء میں سے تھے اور بہت شان والے تھے بہت زیادہ حج و جہاد کرنے والے، صاحبِ رائے اور شجاعت والے۔ 148 ہجری میں پیدا ہوئے اور 170

ہجری میں مسندِ خلافت پر متمکن ہوئے اور جہاد کے دوران 193 ہجری میں فوت ہوئے اور وہ کہا کرتے تھے کہ میں نے جھوٹ کو ڈھونڈا تو اسے رافضیوں میں پایا{ شرف اصحاب الحدیث للخطیب البغدادی}۔

(۲۱۴) اسے قاضی عیاض نے ترتیب المدارک وتقریب المسالک میں ذکر کیا باب اتباع السنن وکراہیۃ المحدثات۔

(۲۱۵) اسے الخلال نے کتاب السنہ میں روایت کیا۔

(۲۱٦) الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ فصل وسب آل بیته واز واجه واصحابه و تنقیصهم حرام ملعون فاعله۔

(۲۱۷) قاضی عیاض کہتے ہیں عبد الملک بن حبیب بن سلیمان، ان کی کنیت ابو مروان تھی اور وہ اصلاً طلیطلۃ (اندلس) کے رہنے والے۔ جب سحنون کے پاس افسوس کیا گیا تو وہ کہنے لگے اندلس کا علم مر گیا بلکہ اللہ کی قسم دنیا کا عالم فوت ہو گیا۔ 238 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۳) سحنون کہتے ہیں جس کسی نے یہ کہا کہ خلفائے اربعہ کفر وضلالت پر تھے اسے قتل کیا جائے (۲۲۰) اور جس نے ان چاروں کی تکفیر کی تو وہ مرتد ہے (۲۲۱)۔

(۴) قاضی عیاض (۲۲۲) کہتے ہیں ہم رافضیوں کو قطعی کافر قرار دیتے ہیں بسبب ان کے یہ کہنے کے کہ ان کے آئمہ انبیاں سے افضل ہیں اور اسی طرح ہم اسے بھی قطعی کافر قرار دیتے ہیں جو امت کو اپنے قول کے ذریعے گمراہ کرے اور صحابہ کی تکفیر کرے جیسے کہ رافضہ میں "کمیلیۃ" کا قول جب انہوں نے نبی ﷺ کی تمام امت کو کافر قرار دے دیا جب تک علی نہ آئے اور علی کی تکفیر کر دی کہ انہوں نے اپنے حق کو طلب کیوں نہ کیا۔ یہ لوگ متعدد وجوہ سے کافر ہیں۔ کیونکہ انہوں نے ساری شریعت کو باطل قرار دے دیا کیونکہ اس سے تو ان کے زعم کے مطابق قرآن وسنت کو ہم تک نقل

کرنے والے کافر ٹھہرے۔(واللہ اعلم) امام مالک نے اپنے ایک قول میں اشارہ دیا ہے کہ اس شخص کو قتل کر دیا جائے جو صحابہ کی تکفیر کرے(۲۲۳)۔

(۵) ابو ولید الباجی کہتے ہیں(۲۲۴) جہاں تک شیعہ کا تعلق ہے پس جو کوئی ان میں علی رضی اللہ عنہ سے محبت کرے اور غالی نہ ہو تو یہ ہمارا بھی دین ہے لیکن جس نے غلو کیا اور عثمان سے بغض رکھا اور ان سے برأت کی تو اسے شدید تادیبی سزا دی جائے گی اور جس کا غلو زیادہ ہو یہاں تک کہ وہ ابو بکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کو گالی دے تو اس کی سزا سخت ترین ہے... اسے بار بار مارا جائے اور طویل قید میں رکھا جائے یہاں تک کہ وہ مر جائے اور جو کوئی ان میں سے متجاوز ہو کر الحاد کی راہ اپنا لے اور یہ گمان کرے کہ علی رضی اللہ عنہ کو اٹھا لیا گیا ہے اور انہیں موت نہیں آئی اور وہ زمین پر واپس آئیں گے اور یہ کہ وہی دابۃ الارض ہیں اور ان میں سے بعض کا کہنا ہے کہ ان کے پاس وحی آتی تھی اور ان کے بعد ان کی اولاد کی اطاعت فرض ہے پس ایسا الحاد کفر ہے اور اس کے کہنے والے سے توبہ کروائی جائے گی اور اگر وہ توبہ نہ کرے تو اسے قتل کر دیا جائے(۲۲۵)۔

(۶) قاضی ابو بکر ابن العربی کہتے ہیں(۲۲۶) اکثر ملحدین جو اہلِ بیت سے تعلق کا دعویٰ کرتے ہیں اور انہیں تمام مخلوق پر فضیلت دیتے ہیں یہاں تک کہ رافضی بیس فرقوں میں تقسیم ہوگئے اور ان میں سب سے زیادہ برے وہ ہیں جو کہتے ہیں علی اللہ ہیں۔ الغرابیۃ کہتے ہیں کہ وہی اصل میں رسول للہ تھے لیکن جبریل نے رسالت کو بدل دیا اور محمد ﷺ کی طرف پیغام لے گیا۔ یہ صریحاً کفر ہے جسے صرف تلوار کی گرمی ہی دور کر سکتی ہے اور بحث و مناظرہ کا اس میں کوئی فائدہ ہی نہیں(۲۲۷)اور وہ کہتے ہیں ان کے مذہب کی حقیقت یہ ہے کہ تمام لوگ ان کے نزدیک کافر ہیں کیونکہ ان کا مذہب گناہوں کے ساتھ تکفیر پر ہے۔ اسی طرح ان کا ایک گروہ جو امامیہ کہلاتا ہے وہ قدریہ کی طرح کہتے ہیں کہ ہر کبیرہ گناہ کا مرتکب کافر ہے اور سب سے بڑے گناہگار یہ خلفاء ہیں اور جس نے انکی اس امر پر مدد کی اور اصحابِ محمد ﷺ سب سے زیادہ دنیا پر حریص ہیں اور سب سے کم دین کی حمیت رکھنے والے ہیں اور سب سے بڑے دین کے قاعدوں کو توڑنے والے!(۲۸۸) اور قاضی ابن العربی کہتے ہیں کہ

رافضیوں نے اسلام کو حروف اور آیات کے ساتھ تباہ کیا اور ان کی نسبت قرآن کی طرف کی جو کسی بھی بصیرت والے سے مخفی نہیں ہے کہ یہ شیطان کا بہتان ہے۔ پھر انہوں نے یہ دعویٰ کیا کہ انہوں نے اس قرآن کو نقل کیا اور اسے ظاہر کیا جسے ہم نے چھپایا۔ وہ کہتے ہیں کہ یہودی اور عیسائی اصحابِ موسیٰ و عیسیٰ پر راضی نہ ہوئے اسی طرح رافضی اصحابِ محمد ا پر راضی نہ ہوئے جب انہوں نے صحابہ پر حکم لگایا کہ وہ کفر وباطل پر متفق ہو گئے تھے (۲۳۰) اور وہ کہتے ہیں کہ اہل افک نے ام المومنین عائشہ پر الزام لگایا تو اللہ نے انہیں بری کر دیا۔ پس جو کوئی اللہ کی برات کردہ کو گالی دے وہ جھوٹا ہے اور جو اللہ کی تکذیب کرے وہ کافر ہے (۲۳۱)۔

(۷) ابو العباس بن الحطیئۃ (۲۳۲) وہ اپنے مسائل میں اس طرح لکھتے ہیں کہ اس مسئلہ میں لوگوں میں سب سے احمق لوگ رافضہ ہیں... رافضیوں نے کتاب و سنت کی مخالفت کی اور اللہ سے کفر کیا (۲۳۳)

(۸) ابو عبد اللہ القرطبی (۲۳۴) موسیٰ علیہ السلام سے ہارون علیہ السلام کی نسبت ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں پس اس سے رافضیوں اور ان کے تمام فرقے استدلال کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ کو تمام امت پر خلیفہ بنایا یہاں تک کہ امامیہ نے... اللہ ان کو ذلیل کرے... تمام صحابہ کو کافر قرار دے دیا کیونکہ انہوں نے علی کی خلافت پر موجود نص کا انکار کیا اور اس کے غیر کو اجتہاد کے ساتھ خلیفہ بنا دیا اور ان میں سے بعض ایسے ہیں کہ جنہوں علی رضی اللہ عنہ کو اپنا خلافت کا حق طلب نہ کرنے کے سبب کافر قرار دے دیا پس ان لوگوں کے کفر میں اور جو ان کے اقوال کی پیروی کرے اس کے کفر میں کیا شک ہے (۲۳۵) اور وہ اس آیت کی تفسیر {يُعۡجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيۡظَ بِهِمُ الۡكُفَّارَ} کی تفسیر اور اس میں امام مالک کا قول نقل کرنے کے بعد کہتے ہیں کہ لوگوں میں جس کے دل میں کسی ایک صحابی کے بارے میں بغض آ جائے تو وہ اس آیت کے زمرہ میں ہے اور پھر کہتے ہیں امام مالک نے بہت ہی اچھی بات کہی اور بہتر تاویل کی پس جس کسی نے کسی ایک صحابی کی تنقیص کی یا ان پر طعن کیا تو ایسے شخص نے اللہ رب العلمین کا رد کیا اور مسلمانوں کی شریعت کا بطلان کیا۔

(۹) ابو عبد اللہ الخرشی کہتے ہیں جس نے عائشہؓ پر الزام لگایا جسے اللہ نے بری کیا کہ اور وہ یہ بھونکے کہ آپ نے (نعوذ باللہ) زنا کیا تھا یا یہ کہ وہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا انکار کرے یا آپ کے اسلام کا انکار کرے یا تمام صحابہ کے اسلام کا انکار کرے یا خلفائے اربعہ کو کافر کہے یا کسی ایک کی تکفیر کرے تو وہ کافر ہے (۲۳۶)۔

(۱۰) علی الاجہوری (۲۳۷) کہتے ہیں پس خلاصہ یہ ہے کہ صحابہ کو کافر قرار دینے والے کی تکفیر کی جائے کیونکہ اس نے ایسی بات کی تکذیب کی ہے جو دین میں ضرورت کے ساتھ معلوم ہے اور اس نے اللہ اور رسول ﷺ کی تکذیب کی ہے (۲۳۸)۔

(۱۱) ابو لعباس الصاوی (۲۳۹) کہتے ہیں کہ جس نے تمام صحابہ کی تکفیر کی تو وہ بالاتفاق کافر ہے جیسے کہ "شامل" میں ہے کیونکہ اس نے دین میں ضرورت کے ساتھ معلوم بات اور اللہ ورسول ﷺ کی تکذیب کی ہے (۲۴۰)۔

تراجم وحوالہ جات

(۲۱۸) الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ ، فصل؛ وسب آل بیته وازواجه واصحابه وتنقیصهم حرام فاعله ملعون۔

(۲۱۹) الذہبی کہتے ہیں الامام العلامہ مغرب کے فقیہ، ابو سعید عبد السلام بن حبیب التنوخی الحمصی الاصل، المغربی القیروانی، المالکی، قاضی القیروان، صاحب المدونہ۔ انہوں نے سفیان بن عیینہ، ولید بن مسلم، عبد اللہ بن وہب، عبد الرحمن بن قاسم، و کیع بن جراح اور اشہب سے سماع کیا اور ابن وہب، ابن القاسم اور اشہب کی صحبت اختیار کی یہاں تک کہ ان کی مثل بن گئے اور اہلِ مغرب کے قائد بن گئے اور مغرب میں علم آپ پر منتہیٰ ہوا۔ اشہب کہتے ہیں ہمارے پاس سحنون سے بہتر کوئی نہیں آیا۔240ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۲۰) الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ ، فصل؛ وسب آل بیته وازواجه واصحابه وتنقیصهم حرام فاعله ملعون۔

(۲۲۱)حاشیة الصاوی علی الشرح الصغیر باب فی تعریف الردہ واحکامها۔

(۲۲۲) الذہبی کہتے ہیں الامام العلامہ الحافظ الاوحد شیخ الاسلام قاضی ابو الفضل عیاض بن موسیٰ بن عیاض الیحصبی الاندلسی ثم السبتی المالکی انہوں نے علوم کا دریا اپنے اندر سمو لیا جمع تصنیف کے میدان میں جوہر دکھائے اور ان کی تصانیف لوگ سواریوں پر اٹھاتے تھے۔ حتیٰ کہ افق پر ان کا نام چمکنے لگا۔476ہجری میں پیدا ہوئے۔ ابن خلکان کہتے ہیں قاضی کے اساتذہ کی تعداد سو کے قریب ہے۔544ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۲۳)الشفاء، فصل فی بیان ماهو من المقالات کفر...

(۲۲۴)الذہبی کہتے ہیں الامام العلامہ الحافظ ذوالفنون القاضی ابو الولید سلیمان بن خلف بن سعد التجیبی الاندلسی القرطبی الباجی الذہبی صاحبِ تصانیف۔ ان سے ابو عمر عبد البر، ابو محمد بن حزم اور ابو بکر الخطیب نے بیان کیا ہے۔ آپ سے ائمہ نے فقہ حاصل کی اور آپ کا نام بہت مشہور ہوا اور آپ نے بہت تصنیفات چھوڑیں۔ 403ہجری میں پیدا ہوئے اور 474ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۲۵)المنتقیٰ شرح الموطا عند حدیثه عن قول عمر بن عبد العزیز {ما رأیك فی هؤلاء القدریة}

(۲۲۶)الذہبی کہتے ہیں الامام العلامہ الحافظ القاضی ابو بکر محمد بن عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ ابن العربی الاندلسی الاشبیلی المالکی صاحبِ تصانیف، علوم وفنون کے جامع تھے اور بہت فصیح و بلیغ خطیب تھے۔ 468ہجری میں پیدا ہوئے اور 543ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۲۷)العواصم من القواصم، قاصمه، كانت الجاهلية مبنية على العصبية۔

(۲۲۸)العواصم من القواصم ، قاصمه، فان قيل انما تكون ذالك فى المعانى الذى تشكل۔

(۲۲۹) احكام القرآن قوله تعالیٰ {لقد جاء كم رسول من انفسكم...} التوبة128 ۔

(۲۳۰)العواصم من القواصم، قاصمه، يكفيك من شر سماعه

(۲۳۱)احكام القرآن قوله تعالى {يعظكم الله ان تعودوا لمثله} النور17۔

(۲۳۲) الصفدی کہتے ہیں احمد بن عبد اللہ بن احمد ابو العباس بن الحطیئۃ اللخمی الفارسی المقری الناسخ امام صالح بہت قدر و منزلت والے، علامہ۔ فاس میں پیدا ہوئے۔ حج کیا اور شام میں داخل ہوئے وہاں کبار سے ملے اور جامع مصر کو اپنا وطن بنالیا۔ 478 میں پیدا ہوئے اور 560 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۳۳) الذہبی نے ان کا تذکرہ السیر میں کیا ہے۔

(۲۳۴)ابن فرحون کہتے ہیں محمد بن احمد بن ابو بکر بن فرخ الشیخ الامام ابو عبد اللہ الانصاری الاندلسی القرطبی المفسر۔ وہ اللہ کے نیک بندے اور علماء میں سے تھے۔ دنیا میں زہد اختیار کرنے والے اور اپنی آخرت کا سامان کرنے والے ان کا وقت عبادت و تصنیف میں گذرتا۔ 671 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۳۵) الجامع لاحکام القرآن الکریم قولہ تعالیٰ { وقال موسى لأخيه هارون اخلفني }الاعراف142۔

(۲۳۶) شرح مختصر خلیل للخرشی باب؛ الردۃ والسب واحکامھا۔

(۲۳۷)علی بن زین العابدین الاجہوری۔ یہ نسبت الاجہور الورد کی طرف جو کہ مصر کی ایک بستی ہے۔ وہ اپنے زمانہ میں مالکیہ کے بڑے عالم تھے۔ 1066 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۳۸)شرح مختصر خلیل للخرشی باب؛ الردۃ والسب واحکامھا۔

(۲۳۹) ابو العباس احمد بن محمد الخلوتی الصاوی۔ یہ نسبت صاء الحجر (مصر) کی طرف ہے۔ وہ مالکی فقیہ تھے1175 ہجری میں پیدا ہوئے۔انہوں نے الدردیر اور الدسوقی سے فقہ حاصل کی۔ 1241 ہجری میں مدینہ منورہ میں فوت ہوئے۔

شرح مختصر خلیل للخرشی باب؛ فی تعریف الردۃ والسب واحکامھا۔

الفصل (۹)

شافعی فقہاء کے رافضہ کے بارے میں اقوال

(۱) امام الشافعی (۲۴۱) کہتے ہیں میں نے اہلِ الاہوا میں سب سے جھوٹے دعوے کرنے والا اور جھوٹی گواہی دینے والا رافضہ سے بڑھ کر کوئی نہیں دیکھا(۲۴۲) اور کہتے ہیں کہ رافضی کے پیچھے نماز نہ پڑھو(۲۴۳)۔

(۲) ہبۃ اللہ اللالکائی(۲۴۴) کہتے ہیں رافضیوں کی رسوائیت کے بارے میں جو سیاق مروی ہے، جو اصحابِ رسول اللہ کو گالی دیتے ہیں اور اسے دین سمجھتے ہیں اور ان کا کفر اور جو حماقتیں ان سے منقول ہیں اس کے بعد انہوں نے کچھ آثار نقل کیے ہیں(۲۴۵)۔

(۳)عبد القادر بن طاہر البغدادی (۲۴۶) کہتے ہیں وہ کافر جو اسلامی حکومت کے دوران ظاہر ہوئے اور انہوں نے اسلام کا لبادہ اوڑھا اور مسلمانوں کو خفیہ طریقوں سے قتل کیا جیسے کہ سبائی فرقہ کے غالی رافضی۔

پس یہ گروہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اس کا حکم دین سے مرتد کا حکم ہے اور ان کے ذبیحہ کا کھانا جائز نہیں اور نہ ہی ان کی عورتوں کے ساتھ نکاح جائز ہے اور نہ ہی دارالاسلام میں جزیۃ وصول کر کے ان کو رہنے کی اجازت دینا درست ہے بلکہ ان سے توبہ کروائی جائے گی۔ پس اگر وہ توبہ کر لیں تو ٹھیک ورنہ ان سے قتال کیا جائے گا اور ان کے اموال غنیمت بنائے جائیں گے۔

جہاں تک اہلِ ہوس امامیہ کا معاملہ ہے جنہوں نے صحابہ کو کافر قرار دے دیا پس ہم ان کی تکفیر کریں گے جیسے کہ وہ اہل السنۃ کی تکفیر کرتے ہیں۔ ہمارے نزدیک ان کی نمازِ جنازہ پڑھنا اور نہ ہی ان کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے(۲۴۷) اور کہتے ہیں کہ اہل السنۃ کا اجماع ہے کہ تمام مہاجرین و انصار ایمان والے صحابہ ہیں اور یہ قول رافضیوں کے زعم کے خلاف ہے کہ صحابہ نے علی رضی اللہ عنہ کی

بیعت کو ترک کر کے کفر کیا اور اہل السنۃ کا اجماع ہے کہ نبی ﷺ کے ساتھ جو صحابہ بدر میں حاضر ہوئے وہ سب اہل جنت ہیں اور اسی طرح اہل السنۃ نے کہا ہر وہ شخص کافر ہے جس نے عشرہ مبشرہ میں سے کسی صحابی کی تکفیر کی اسی طرح اہل السنۃ امہات المومنین کے ساتھ موالات رکھتے ہیں اور جو ان کی تکفیر کرے وہ اسے کافر قرار دیتے ہیں(۲۴۸)۔

خطیب البغدادی (۲۴۹) کہتے ہیں کہ اللہ نے اپنے نبی ﷺ کے لیے مدد گار پسند کیے اور اہلِ ملت پر لازم کیا کہ ان کا ذکر خیر کریں لیکن رافضیوں نے اللہ کے حکم کی مخالفت کی اور انہوں نے ان کی کوششوں اور جہد کو رائیگاں کرنے کی کوشش کی اور ان سے برأت کا اظہار کیا اور ان کو گالی دینے کو دین بنالیا۔ {يُرِيدُونَ لِيُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ} وہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو پھونکوں کے ساتھ بجھادیں جیسے اس سے پہلے ان کے متقدمین چاہتے تھے اور {وَاللَّهُ مُتِمُّ نُورِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ} اللہ اپنے نور کو ضرور پورا کرے گا چاہے کافروں کو کیسا ہی ناگوار لگے (الصف 8) اور ظالم عنقریب جان لیں گے کہ وہ کس کروٹ گرائے جاتے ہیں(۲۵۰)۔

ابو عثمان الصابونی(۲۵۱) خلفاء اربعہ کا ذکر کرنے کے بعد کہتے ہیں پس جو کوئی ان سے محبت رکھے اور ان سے دوستی رکھے اور ان کے لیے دعا کرے اور ان کے حقوق کا خیال کرے اور ان کے فضل کو پہچانے تو وہ کامیاب ہونے والوں میں سے ہے اور جو کوئی ان سے بغض رکھے انہیں گالی دے، اور ان کی نسبت اس طرف کرے جن امور کی طرف روافض اور خوارجی کرتے ہیں... اللہ کی ان پر لعنت ہو... وہ ہلاک ہونے والوں میں سے ہے(۲۵۲)۔

(۶) ابو لمظفر الاسفرائینی(۲۵۳) کہتے ہیں امامیہ صحابہ کی تکفیر پر متفق ہیں اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ قرآن کو تبدیل کر دیا گیا ہے جیسے کہ وہ تھا اور اس کے اندر صحابہ کی طرف سے زیادتی ونقصان کر دیا گیا ہے اور ان کا زعم ہے کہ اس قرآن میں علی رضی اللہ عنہ کی امامت کے بارے میں نص بھی تھی جسے صحابہ نے ساقط کر دیا اور وہ یہ زعم رکھتے ہیں کہ موجودہ قرآن پر کوئی اعتماد نہیں اور نہ احادیث مصطفیٰ ﷺ پر کوئی اعتماد ہے۔ پھر یہ زعم رکھتے ہیں کہ مسلمانوں کے ہاتھ میں جو شریعت ہے اس کا کوئی

اعتماد نہیں اور وہ اپنے موہوم امام کے منتظر ہیں جسے وہ مہدی کہتے ہیں جو نکلے گا اور انہیں تعلیم دے گا اور انہیں شریعت پڑھائے گا اور یہ کہ وہ اہل السنۃ دین کی کسی چیز پر بھی نہیں ہیں۔ اس کلام سے انکا مقصد امامیہ کے کلام کی تحقیق کرنا ہی نہیں بلکہ اس سے وہ شریعت کی تکلیف کو ساقط کرنا چاہتے ہیں تا کہ وہ محرمات میں وسعت اختیار کریں اور عوام کے سامنے معذرت پیش کریں کہ یہ شریعت مبدل ہے اور قرآن صحابہ کے دور سے ہی محرف ہے اور دین میں سے کوئی چیز اپنی اصل پر باقی نہیں ہے۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ یہ بات جان لو یہ بات جو ہم نے رافضیوں سے روایت کی ہے یہ صرف ان کے فساد پر دلالت نہیں کرتی پس ایک عقل مند انسان اپنی بدیہی عقل کے ساتھ اس بات کے فاسد ہونے کو جان لیتا ہے اور اس کا انکار کر دیتا ہے۔ یہ ممکن نہیں ہے ان سے ایسے مقالات لیے جائیں سوائے اس کہ ان کے اندر ضمیروں میں چھپے خبثِ باطن کا اظہار ہوتا ہے جو وہ اہل بیت کی محبت کے پردہ میں اور الحاد وشر کے ساتھ چھپائے پھرتے ہیں(۲۵۴)۔ شیخ کہتے ہیں کہ اہل سنت کے فتاویٰ کا انحصار اہل السنۃ والجماعۃ پر ہے... اہل الرآی والحدیث... اور وہ سب اس بات پر متفق ہیں کہ رافضیوں کا مذہب مردود ہے(۲۵۵)۔

ابو حامد امام الغزالی(۲۵۶) کہتے ہیں کہ رافضیوں کی کج فہمی یہ ہے کہ انہوں نے ایسے جرم کی راہ نکالی اور جنابِ علی سے یہ نقل کیا کہ وہ غیب کی باتیں اس لیے نہیں بتاتے تھے تا کہ اللہ تعالیٰ خود انہیں ظاہر کر دے اور تبدیلی رونما کر دے۔ اسی طرح انہوں نے جعفر بن محمد سے روایت کی کہ علی نے خود ابتداء نہ کی جب تک کہ انہیں حکم نہ ملا جیسے کہ اسماعیل علیہ السلام کو اللہ کا حکم ملنے پر ہی ذبح کیا گیا۔ پس یہ کفرِ صریح ہے اور اللہ کی طرف جہل و تغییر کی نسبت ہے(۲۵۸)۔

(۸) امام فخر الدین رازی کہتے ہیں اپنی تفسیر میں { وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلَى يَدَيْهِ } جس دن ظالم اپنے ہاتھ کاٹ کھائے گا(الفرقان 27) رافضی کہتے ہیں یہ ظالم وہی شخص ہے اور اگرچہ مسلمان اس کا نام بدل دیں اور کتنا ہی اسے چھپائیں اور کسی فلاں کو اس کی جگہ رکھ دیں اور انہوں فاضل صحابہ کے نام ذکر کیے ہیں... پس رافضیوں کا یہ قول قرآن میں طعن کیے بغیر اور یہ ثابت کیے بغیر کہ قرآن محرف مکمل نہیں ہوتا۔ اس میں کوئی نزاع نہیں کہ ایسا کہنا کفر ہے اور انہوں نے کہا وہ رافضی جو ام المومنین

عائشہ صدیقہ پر طعن کرتے ہیں وہ ان یہودیوں کی طرح ہیں جو جناب مریم علیہا السلام پر بہتان باندھتے تھے(۲۵۹)۔

امام ابو عبد اللہ الذہبی کہتے ہیں ہر وہ شخص جو شیخین سے محبت کرتا ہے وہ غالی نہیں بلکہ وہ جو ان سے تعرض کرتا ہے تنقیص کے ساتھ تو وہ غالی رافضی ہے۔ وہ اگر گالی دے تو شریر ترین رافضی ہے اور اگر وہ تکفیر کرے تو وہ کافر ہے اور رسوائیت کا مستحق ہے (۲۶۰) اور انہوں نے کہا کہ تو دیکھے گا کہ یہ لوگ ہمیشہ موضوع باتوں کے ساتھ احتجاج کرتے ہیں اور صحیح باتوں کی تکذیب کرتے ہیں اور جب بھی انہیں ادنیٰ سا خوف لاحق ہو تو تقیہ کرتے ہیں اور صحیحین کی تعظیم کرتے ہیں اور سنت کی بزرگی ماننے لگتے ہیں اور رافضیت پر لعنت کرتے ہیں اور اسکا انکار کرتے ہیں۔ وہ خود اپنے اوپر لعنت کا اعلان کرتے ہیں... ایسا کام جسے نہ یہودی اور نہ ہی مجوسی اپنے ساتھ کرتے تھے۔ جہالت کے طور طریقے ان کے فضلاء و مشائخ پر غالب ہیں تو تمہارا ان کے عامۃ کے بارے میں کیا خیال ہے؟۔ کوئی ان کے نیکوں کاروں کے حیلوں کا کیا گمان کرے کہ وہ جاہلیت کے جاہل اور بد کے ہوئے گدھے ہیں۔ اللہ کی تعریف ہے ہدایت پر اور وہ صحابہ کے متعلق کہتے ہیں کہ جس نے ان کی شان میں طعن کیا یا انہیں گالی دی تو وہ دین سے اور مسلمانوں کی ملت سے خارج ہو گیا کیونکہ ان کے بارے میں طعن ان کے مناقب، فضائل، اللہ اور رسول اسے ان کی محبت اور اللہ کی ان کے بارے تعریف میں طعن ہے اور اس لیے کہ وہ احادیث کے سب سے ہر دلعزیز رواۃ ہیں۔ اس واسطے اور احادیث کی نقل میں طعن سے منقول میں طعن واجب آتا ہے۔ یہ بالکل ظاہر ہے اس بندے کے لیے جو تدبر کرے اور اپنے آپ کو نفاق، زندقہ اور الحاد کے عقیدہ سے محفوظ رکھے (۲۶۲)۔

(۱۰) تقی الدین السبکی کہتے ہیں شیعہ اور خوارج کو کافر قرار دینے والوں نے اس بات سے دلیل پکڑی ہے کہ وہ اعلام صحابہ کی تکفیر کرتے ہیں اور نبی ﷺ کی ان کو جنت کی بشارت دینے کی تکذیب کرتے ہیں پس میرے نزدیک یہ بالکل درست احتجاج ہے جن پر ان کی تکفیر واضح ہوئی (۲۶۳) اور وہ جو کہتے ہیں کہ اماں عائشہؓ کے بارے میں... اللہ کی پناہ... ایسا شخص دو اسباب کے تحت واجب القتل ہے۔

پہلا یہ کہ قرآن ان کی برأت کا اعلان کرتا ہے جسکا جھٹلانا کفر ہے اور ان کے بارے میں بکواس کرنا ان کی تکذیب ہے کہ وہ نبی ﷺ کے فراش میں ہیں اور ان کے بارے میں ایسا کہنا تنقیص ہے اور آپ ﷺ کی تنقیص کفر ہے(۲۶۴)۔

ابن کثیر، اللہ کے قول { مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰہِ وَالَّذینَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَماءُ بَيْنَهُمْ } کی تفسیر میں کہتے ہیں اس آیت سے امام مالک نے یہ مسئلہ اخذ کیا کہ وہ رافضی کافر ہیں جو صحابہ سے بغض رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ صحابہ پر غیظ کھاتے ہیں اور جو ان پر غیظ رکھے وہ کافر ہے اور علماء کی ایک جماعت نے اس اخذ میں ان کی موافقت کی ہے۔ انہوں نے ام المومنین عائشہ صدیقہ بنت الصدیق رضی عنہما پر بہتان باندھنے والے کے بارے میں اس آیت کی تفسیر میں کہا {إِنَّ الَّذِينَ يَرْمُونَ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ لُعِنُوا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَلَهُمْ عَذَابٌ} بے شک وہ لوگ جو غافل مومنہ عورتوں پر بہتان باندھتے ہیں ان پر دنیا و آخرت میں لعنت ہے اور ان کے لیے عذابِ عظیم ہے (النور 23)۔ علماء کا اس بات پر قطعی اتفاق ہے کہ اس آیت کے بعد جس نے آپ پر الزام لگایا اور ان پر بہتان باندھا جو اس آیت میں ذکر کیا گیا ہے تو ایسا شخص کافر ہے کیونکہ وہ قرآن کے ساتھ دشمنی رکھتا ہے اور بقیہ امہات المومنین کے ساتھ دشمنی رکھتا ہے۔

ابو حامد محمد المقدسی (۲۶۵) کہتے ہیں کہ رافضی مختلف گروہوں کے عقائد صریح کفر ہیں اور جہلِ قبیح کے ساتھ عناد سے عبارت ہیں اور کوئی بھی غور کرنے والا ان کے کافر ہونے اور دین اسلام سے خارج ہونے کے بارے میں توقف نہیں کر سکتا(۲۶۶)۔

(۱۳) امام جلال الدین السیوطی کہتے ہیں اللہ تم پر رحم کرے یہ بات جان لو کہ جس کسی نے نبی ﷺ کی حدیثِ قولی یا فعلی کا انکار کیا بشرط اسکے دین کا اصول و حجت ہونے کے تو وہ کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے اس کا حشر یہودیوں اور عیسائیوں کے ساتھ ہو گا یا ان کافر گروہوں کے ساتھ جن کے ساتھ اللہ چاہے۔ اس فاسد رائے کی اصل یہ ہے کہ زنادقہ اور غالی رافضیوں کا ایک گروہ سنت کے انکار کرنے اور صرف قرآن پر انحصار کرنے کی طرف گیا ہے { جیسے کہ ہمارے دور میں غلام احمد پرویز

ملعون خنزیر کا اور فرقہ پرویزیہ کا موقف ہے جنہوں نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اسلام میں تفرق و انتشار کی ایک نئی راہ نکال رکھی ہے علیھم من اللہ ما یستحقون، مترجم} اور وہ اس میں مختلف آراء رکھتے ہیں۔ ان میں سے بعض اعتقاد رکھتے ہیں کہ نبوت علی رضی اللہ عنہ کے لیے تھی اور یہ کہ جبریل غلطی سے وحی جنابِ رسالتمآب ﷺ کے پاس لے گئے۔ پس اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ان کے ظلم سے بہت بلند ہے۔ ان میں سے بعض ایسے ہیں جو نبوت کا اقرار کرتے ہیں لیکن کہتے ہیں کہ خلافت علی رضی اللہ عنہ کا حق تھا لیکن جب صحابہ نے اسے ابو بکر صدیقؓ کے حوالے کیا... اللہ کی ان رافضیوں پر لعنت ہو... یہ کہنے لگے کہ وہ کافر ہیں اور انہوں نے ظلم کیا، حق چھینا اور مستحق کو محروم کیا۔ اللہ کی ان پر لعنت ہو... پھر انہوں نے جنابِ علی رضی اللہ عنہ کو بھی کافر قرار دے دیا یہ کہہ کر کہ انہوں نے اپنی خلافت کے حق کو طلب نہ کیا... پس انہوں نے ساری احادیث کا انکار کر دیا کیونکہ ان کے نزدیک وہ کافر قوم کی روایات ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ یہ روایات اس قابل نہ تھیں کہ ان کی روایت کی جائے لیکن ضرورت و حاجت نے ہمیں مجبور کیا کہ ان کے اصل مذہب کے مفاسد بیان کیے جائیں کہ جس سے کئی زمانوں کے لوگ محفوظ تھے اور ائمہ اربعہ کے زمانے میں اس رائے کے مالک بہت سے لوگ موجود تھے۔ ائمہ اربعہ نے ان کے ساتھ مناظرے کیے اور ان کے رد میں تصانیف لکھیں(۲۶۷)۔ اور وہ کہتے ہیں جس نے صحابہ کی تکفیر کی یا یہ کہا کہ ابو بکر صحابہ میں سے نہیں تھے وہ کافر ہے۔ قاضی حسین سے ان کی تکفیر کے بارے میں دو وجوہ نقل کی گئی ہیں اور صحیح ترین میرے نزدیک تکفیر ہے(۲۶۸)۔

شہاب الدین الرملی(۲۶۹) کہتے ہیں اگر کوئی کہے کہ ابو بکر صحابہ میں سے نہ تھے وہ کافر ہے اور اور یہ کہ وہ عمر و عثمان رضی اللہ عنہما کو صحابیت کے شرف سے خارج کرے کیونکہ ان کی صحابیت کو خاص و عام جانتا ہے پس کسی صحابی کی تکذیب کرنے والا نبی ﷺ کو جھٹلانے والا ہے(۲۷۰)۔

(۱۵)احمد بن حجر الہیتمی {مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ وَالَّذِيۡنَ مَعَهٗ} کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ اس آیت سے امام مالک نے ان رافضیوں کی تکفیر کو اخذ کیا جو صحابہ کے ساتھ بغض رکھتے ہیں اور کہا کہ وہ صحابہ کے ساتھ غیظ رکھتے ہیں اور جو ان پر غیظ کھائے وہ کافر ہے۔ الہیتمی کہتے ہیں کہ یہ بہت اچھا استدلال ہے

جس پر آیت کا ظاہر دلالت کرتا ہے۔ امام الشافعی نے رافضیوں کے کفر پر ان کے قول کی موافقت کی ہے اور ائمہ کی ایک جماعت نے بھی انکی موافقت کی ہے(۲۷۱)۔ انہوں نے کہا کہ رافضی دین کے لیے یہود و نصاریٰ اور سارے فرقوں سے زیادہ نقصان دہ ہیں۔ اس کی وجہ ان کے وہ بہتان ہیں اور ان کی وہ قباحتیں، بدعتیں، عناد اور جھوٹ ہے یہاں تک کہ ملحد لوگ ان کے طعن کے سبب دین اور آئمہ کے بارے میں طعن کرنے لگے(۲۷۲) اور وہ کہتے ہیں کہ حدیثِ افک سے معلوم ہوتا ہے کہ جو اماں عائشہ صدیقہؓ کی طرف زناء کی نسبت کرے وہ لعنتی کافر ہے اور اس کی ہمارے ائمہ وغیر ہم نے صراحت کی ہے کیونکہ اس میں قرآنی نصوص کی تکذیب ہے اور قرآن کی تکذیب کرنے والا بالا جماع کافر ہے۔ اسی سے بہت سے غالی شیعوں کا کافر ہونا واضح ہوتا ہے کیونکہ وہ اماں عائشہؓ کی طرف ایسی نسبت کرتے ہیں ...اللہ انہیں قتل کرے وہ کہاں بھٹکے پھرتے ہیں(۲۷۳)۔

(۱۶) ابولثناء الآلوسی کہتے ہیں بالجملہ صحابہ کی تکفیر کہ جن کا ایمان، صدق اور عدمِ نفاق محقق ہے اور ان پر لعنت کا اقدام کرنا مجرد شبہ کی بنیاد پر تو یہ مکڑی کے جالے سے بھی کمزور واہمہ ہے۔ اس پر ذرا بھر بھی توقف کرنا جائز نہیں کیونکہ انہوں نے ان لوگوں کی تکفیر کی کہ امیر المومنین علیؓ بن ابی طالب (۲۷۴) جن کے پیچھے نمازیں پڑھتے اور اجتماع وجماعت میں ان کی اقتدیٰ کرتے تھے جیسے کہ ابو بکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم اجمعین۔ آپ انکے ساتھ اس قدر حسنِ معاملہ رکھتے تھے کہ اپنی بیٹی ام اکلثوم کا نکاح عمرؓ سے کر دیا اور خود ابو بکرؓ کی بیوہ سے شادی کی جو حنفیہ کی خالہ تھیں اور ان کا معاملہ خلفاء کے ساتھ کسی تاویل کا محتاج نہیں اور آپ تو وہ تھے جو شیعہ کو پتھروں سے مارتے تھے(۲۷۵)۔

تراجم وحوالہ جات

(۲۴۱)الذہبی کہتے ہیں محمد بن ادریس بن ہاشم بن المطلب بن عبد مناف، الامام، عالم العصر، ناصر الحدیث، فقیہ الملۃ، ابوعبد اللہ القرشی، ثم المطلبی الشافعی، المکی۔ جنابِ رسول اللہ ﷺ سے آپ کا شجرہ ملتا ہے۔ المطلب ہاشم کے بھائی ہیں اور عبد المطلب کے والد ہیں۔ 150ہجری میں پیدا ہوئے۔ امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر سو سال بعد لوگوں کے لیے ایک مجدد بھیجتا ہے جو انہیں سنت کی راہ پر چلاتا ہے اور رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب کیے جانے والے جھوٹ کو دور کرتا ہے۔ پس ہم نے دیکھا کہ سو سال بعد عمر بن عبد العزیز آئے اور دو سو سال بعد امام شافعی آئے۔ آپ 204ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۴۲) اسے ابن بطہ نے الابانہ میں روایت کیا۔

(۲۴۳)الذہبی کہتے ہیں الامام المجود المفتی ابو القاسم ہبۃ اللہ بن حسن بن منصور الطبری الرازی الشافعی اللالکائی اپنے وقت میں بغداد کے اچھے علماء میں سے تھے۔ انہوں شیخ ابوحامد کے پاس تفقہ حاصل کیا اور مذہب میں مہارت حاصل کی۔ 418ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۴۵)اسے اللالکائی نے شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ والجماعہ میں روایت کیا۔

(۲۴۶)الذہبی کہتے ہیں عبد القادر بن طاہر علامہ البارع، ماہر استاد، ابو منصور البغدادی، خراسان میں ٹھہرے اور بڑی بلند پایہ تصانیف کے حامل ہیں اور آئمہ اعلام الشافعیہ میں سے ہیں۔ وہ ابو اسحاق الاسفرایینی کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ وہ سترہ فنون میں پڑھاتے تھے اور ان کو بطور ضرب المثل کے استعمال کیا جاتا تھا اور وہ رئیس اور بڑی حشمت والے تھے۔ ابو عثمان الصابونی کہتے ہیں کہ استاد ابو منصور اصولِ اسلام کے امام تھے، بدیع الترتیب، غریب التالیف اماما مقدما مفخماً۔ جب نیشاپور کے حالات خراب ہوئے تو آپ وہاں سے نکلے۔ 429ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۴۷) الفرق بین الفِرَق الباب الخامس الفصل الثالث الرکن الخامس عشر۔

(۲۴۸) الفرق بین الفرق الباب الخامس الفصل الرابع۔

(۲۴۹) الذہبی کہتے ہیں خطیب، الامام الاوحد العلامہ مفتی الحافظ الناقد محدثِ وقت ابو بکر احمد بن علی بن ثابت البغدادی صاحبِ تصانیف، خاتمۃ الحفاظ، انہوں نے بہت کتابیں لکھیں، اور انہوں نے اس میدان میں بہت مہارت حاصل کی انہوں تصحیح، علل، جرح، تعدیل، تاریخ اور توضیح کے میدان میں اپنا لوہا منوایا۔ اور وہ اپنے دور کے بہترین حفاظ میں شمار کے جاتے تھے۔ آپ شافعی مذہب کے کبار علماء میں سے تھے۔ انہوں نے تصنیف کے میدان میں پچاس سے کچھ اوپر سال کام کیا۔ 392ہجری میں پیدا ہوئے۔ سعد السمعانی کہتے ہیں کہ الخطیب بہت ہیبت والے، وقار والے، ثقہ، حریت، حجت، حسن الخط، کثیر الضبط، فصیح تھے اوران پہ حفاظ کا خاتمہ ہوا۔ رافضیوں نے دمشق میں انہیں قتل کرنے کی کوشش کی بسبب ان کے جامع مسجد میں فضائلِ صحابہ روایت کرنے کے۔ لیکن انہوں نے بغداد کے اہل السنۃ کے انتقام کے خوف سے انہیں چھوڑ دیا۔ 463ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۵۰)الجامع لأخلاق الرواى وآداب السامع ، املاء فضائل الصحابه ومناقبهم والنشر لمحاسن اعمالهم وسوابقهم۔

(۲۵۱)الذہبی کہتے ہیں الامام العلامہ القدوۃ المفسر المذکر، المحدث شیخ الاسلام ابو عثمان اسماعیل بن عبد الرحمن بن احمد النیشاپوری، الصابونی۔ وہ ائمہ اہل الاثر میں سے تھے۔ ان کی تصنیف السنہ واعتقاد السلف بہت مشہور ہے جس میں ان کی رائے کا اعتراف کیا گیا ہے۔ 276ہجری میں پیدا ہوئے۔ ابو بکر البیہقی کہتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کے امام تھے اور شیخ الاسلام تھے ابو عثمان الصابونی۔ 449ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۵۲) عقیدۃ السلف اصحاب الحدیث۔

(۲۵۳) الذہبی کہتے ہیں شاہفور، العلامہ، المفتی ابو لمظفر طاہر بن محمد الاسفرایینی، ثم الطوسی، الشافعی، صاحبِ تفسیر الکبیر، وہ ائمہ اعلام میں سے تھے۔ استاد ابو منصور البغدادی کے ساتھ ان کا سسرالی رشتہ تھا۔ 471ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۵۴)التبصیر فی الدین وتمییز الفرقة الناجیه عن الفرق الهالکین باب تفصیل مقالات الروافض وبیان فضائحهم۔

(۲۵۵)التبصیر فی الدین وتمییز الفرقة الناجیة عن الفرق الهالکین فصل فی طرق تحقق النجاة لاهل السنة والجماعة۔

(۲۵۶)الذہبی کہتے ہیں الغزالی، شیخ الاسلام، الامام، البحر، حجۃ الاسلام، اعجوبۃ الزمان، زین الدین ابو حامد محمد بن محمد بن محمد الطوسی الشافعی، الغزالی صاحبِ تصانیف، ذہین اور دانائی والے۔ 450ہجری میں پیدا ہوئے اور 505ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۵۷) یعنی "النسخ"

(۲۵۸) المستصفیٰ، کتاب النسخ، الباب الاول۔

(۲۵۹)مفاتیح الغیب؛قوله{ وَبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلَىٰ مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيمًا }(النساء156)۔

(۲۶۰)سیر اعلام النبلاء فی ترجمۃ ابی عروبۃ۔

(۲۶۱)ترتیب الموضوعات، عن کتاب الانتصار للصحب والآل من افترأت السماوی الضال۔

(۲۶۲)کتاب الکبائر، الکبیرہ السبعون۔

(۲۶۳) فتاویٰ السبکی باب جامع قولہ تعالیٰ {وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُودَ} النمل16۔

(۲۶۴)فتاویٰ السبکی باب جامع فصل سب النبی ﷺ۔

(۲۶۵) الشوکانی کہتے ہیں محمد بن خلیل بن یوسف ابو حامد الرملی المقدسی الشافعی۔ قاہرہ میں قیام پذیر ہوئے اور انہوں نے بہت سی مختصرات کو حفظ کیا۔ پھر قاہرہ کی جانب رختِ سفر باندھا اور حافظ ابن حجر، المناوی اور ایک جماعت سے اخذ کیا۔819ہجری میں پیدا ہوئے اور888ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۶۶)رسالة فی الرد علی الرافضة، نقلاً عن اصول مذهب الشيعة الامامية لناصر القفاری۔

(۲۶۷) مفتاح الجنة فی الاعتصام بالسنة المقدمة۔

(۲۶۸)العقود الدرية فی الفتاوىٰ الحمدانية باب الردة والتعزير۔

(۲۶۹) شہاب الدین احمد بن حمزہ الانصاری الرملی راملہ مصر کی طرف نسبت ہے الشافعی۔ فقہ ،تفسیر حدیث، علوم عربیہ، علمِ کلام کے ساتھ مشغول ہوئے ان کے اساتذہ میں زکریا الانصاری اور جنہوں نے ان کے پاس زانوئے تلمذ طے کیا ان میں آپ کے بیٹے شمس الدین محمد العملی۔، الملقب بالشافعی الصغیر، اور شمس الدین احمد بن محمد المصری الخطیب الشربینی ہیں۔957ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۷۰) حاشية البجيرمی علی شرح الخطيب لمتن ابی شجاع ، فصل فی الردة۔

(۲۷۱) الصواعق المحرقة فی الرد علی اهل البدع والزندقة، الخاتمة فی بیان اعتقاد اهل السنة۔

(۲۷۲)الصواعق المحرقة فی الرد علی اهل البدع والزندقة، الباب الاول، الفصل الخامس۔

(۲۷۳)الصواعق المحرقة فی الرد علی اهل البدع والزندقة، الباب الثالث الفصل الثانی۔

(۲۷۴) یعنی امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔

(۲۷۵) الاجوبة العراقیه علی الاسئلة اللاهوریة ، الفصل الثالث۔

الفصل (۱۰)

احناف کے رافضہ کے بارے میں اقوال

(۱)امام ابو حنیفہ(۲۷۶) کہتے ہیں شیعہ کے عقیدہ کی اصل صحابہ کو گمراہ قرار دینا ہے(۲۷۷) اور فرماتے ہیں کہ عائشہ رضی اللہ عنہا خدیجۃ الکبریٰ کے بعد دونوں جہانوں کی افضل ترین عورتوں میں سے ہیں، مومنوں کی ماں ہیں اور زناء سے پاک ہیں اور ہر اس بات سے بری ہیں جو رافضی کہتے ہیں۔ پس جو کوئی ان پر زناء کی گواہی دے وہ خود زناء کی اولاد ہے(۲۷۸)۔

(۲) قاضی ابو یوسف(۲۷۹) جب کہ آپ سے کہا گیا کیا آپ تاویل کے ساتھ اصحابِ رسول کو گالی دینے والے کی گواہی کو جائز قرار دیتے ہیں تو انہوں نے کہا تجھے ہلاکت ہو میں تو اسے قید میں ڈالوں گا اور اسے ماروں گا یہاں تک کہ توبہ کر لے(۲۸۰) اور وہ کہتے ہیں کہ میں کسی جہمی اور رافضی کے پیچھے نماز نہیں پڑھتا(۲۸۱)۔

(۳)ابو جعفر الطحاوی(۲۸۲) کہتے ہیں ہم اصحابِ رسول اللہ ﷺ سے محبت رکھتے ہیں اور کسی کے معاملے میں افراط سے کام نہیں لیتے اور نہ ہی ہم کسی سے برأت کا اظہار کرتے ہیں اور ہم ہر اس شخص سے بغض رکھتے ہیں جو ان سے بغض رکھتا ہے یا ان کا ذکر خیر کے ساتھ نہیں کرتا۔ ان کی محبت دین ہے، ایمان واحسان ہے اور ان کی عداوت وبغض کفر ہے نفاق وطغیان ہے(۲۸۳)۔

(۴)ابو بکر السرخسی(۲۸۴) کہتے ہیں رافضی مبہوت قوم ہیں جو جھوٹ سے احتراز نہیں کرتی بلکہ ان کے مذہب کی بنیاد ہی جھوٹ ہے(۲۸۵)۔ صحابہ کے متعلق فرماتے ہیں کہ شریعت ہمیں انہیں کی وساطت سے پہنچی ہے پس جو ان کے بارے میں طعن کرے تو وہ ملحد ہے اسلام کو ترک کرنے والا ہے اس کا علاج تلوار ہے اگر وہ توبہ نہ کرے(۲۸۶)۔

(۵)صدر الدین ابی العز (۲۸۷) رافضیوں کی بنیاد اصل میں ایک منافق وزندیق نے رکھی جس کا ارادہ اسلام کا ابطال تھا اور رسول اکی ذات میں قدح لگانا تھا جیسے کہ علماء نے اس کا ذکر کیا ہے (۲۸۸)۔

(۶) محمد انور شاہ بن معظم شاہ الکشمیری کہتے ہیں کہ رافضیوں کی تکفیر میں اختلاف ہے اور احناف کے اس میں دو اقوال ہیں۔ کہا گیا ہے کہ وہ کافر ہیں اور کہا گیا ہے کہ نہیں۔ جبکہ مختار قول یہ ہے کہ وہ کافر ہیں کیونکہ تمام صحابہ کو کافر قرار دینے والا کافر ہے اور رافضیوں نے اسلام کو صرف نو، سات یا پانچ افراد پر علی الاختلاف مقصور کر دیا۔ اسی طرح رافضیوں کے قرآنِ عظیم کے بارے میں اقوال ہیں کہتے ہیں کہ عثمانؓ نے اس میں زیادتی کی، کہتے ہیں کمی کی اور زیادتی نہیں کی اور کہتے ہیں کہ وہ محفوظ ہے اور اہل السنۃ کی احادیث کا اعتراف نہیں کرتے اور ان کی چار صحیح کتابیں ہیں اور وہ بیماری اور جھوٹ سے بھری ہوئی ہیں (۲۸۹)۔

ابن عابدین کہتے ہیں رافضی اگر تو ایسا ہو جو علی رضی اللہ عنہ کی الوہیت کا اعتقاد رکھے یا یہ کہے کہ جبریلؑ نے وحی میں غلطی کی یا صدیق کی صحبت کا انکار کرے یا سیدہ صدیقہ پر بہتان باندھے تو وہ کافر ہے کیونکہ وہ دین کے ساتھ بالضرورت قطعی طور پر معلوم ہونے والی بات کا منکر ہے۔ بخلاف اس بات کے کہ اگر وہ علی کو فضیلت دیتا ہے یا صحابہ کو گالی دیتا ہے تو وہ بدعتی ہے کافر نہیں (۲۹۰)۔

نظام الدین الہندی (۲۹۱) کہتے ہیں کہ رافضی اگر شیخین کو گالی دیتا ہو اور ان پر لعنت کرتا ہو ...والعیاذ باللہ... تو وہ کافر ہے اور اگر وہ عائشہؓ پر زناء کی تہمت لگائے تو اس نے اللہ کے ساتھ کفر کیا... جو ابو بکرص کی امامت کا انکار کرے تو وہ کافر ہے اسی طرح صحیح ترین قول کے مطابق جو عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کا منکر ہے وہ بھی کافر ہے۔ اسی طرح "الظہیریۃ" کہ ان کی تکفیر کرنا واجب ہے جب وہ عثمان علی طلحہ، زبیر اور عائشہ رضوان اللہ علیہم کی تکفیر کرے۔ اسی طرح اس رافضی کی تکفیر بھی واجب ہے جو مرُدوں کے دنیا میں آنے کی بات کہے، تناسخ الارواح، اور الٰہ کی روح کا امام کے اندر انتقال کا عقیدہ رکھے، باطنی امام کے خروج کی بات کرے، امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو امام کے نکلنے تک معطل رکھے اور یہ کہے کہ جبریل علیہ السلام علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے بدلے غلطی سے وحی محمد ﷺ کی

طرف لے گئے۔ یہ قوم ملت اسلام سے خارج ہے ان کا حکم مرتدین کا ہے جیسا کہ ''الظہیریۃ''میں ہے(۲۹۲)۔

(۹) شیخ زادۃ(۲۹۳) کہتے ہیں رافضی اگر علیؓ کو فضیلت دے تو وہ بدعتی ہے اور اگر ابو بکر کی خلافت کا انکار کرے تو وہ کافر ہے(۲۹۴)۔

(۱۰) عبد العزیز بن ولی اللہ الدہلوی(۲۹۵) کہتے ہیں جو کوئی ان کے خبیث عقائد پر مطلع ہوتا ہے تو وہ جان جاتا ہے کہ اسلام میں ان کا کوئی حصہ نہیں اور ان کا کفر اس پر واضح ہو جائے گا۔ ایسا شخص ان کے ہر معاملے کو عجیب پائے گا اور ان کے ہر غیبی امر پر راہ پالے گا اور جان لے گا کہ وہ حسی و بدیہی بات کا انکار کرتے ہیں۔ وہ کسی بات کی پرواہ نہیں کرتے ان کے ذہنوں میں کسی عذاب و عتاب کا کوئی خوف نہیں۔ پس جب باطل ان کے پاس آئے تو وہ اس سے محبت کرتے ہیں اور جب حق ان کے پاس آئے تو وہ اس کی تکذیب کرتے ہیں ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے آگ روشن کی تو جب اس کا ماحول روشن ہو گیا تو اللہ نے ان کی بینائی کو چھین لیا کہ وہ دیکھ نہیں سکتے ہیں، بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں پس وہ نہیں دیکھتے۔ اللہ نے ان کے دلوں پر پردہ ڈال دیا ہے۔ نہ سنتے ہیں نہ ہی عقل رکھتے ہیں... انا للہ وانا الیہ راجعون(۲۹۶)۔

(۱۱)ابو المعالی الآلوسی کہتے ہیں مجھے اپنی عمر کی قسم ان کا کفر ابلیس کے کفر سے شدید تر ہے۔ کہتے ہیں عجیب تر بات یہ ہے وہ رافضی جو اپنا نسب اپنے باپ کے ساتھ ملاتا ہے لیکن اگر وہ اس زمانے میں رافضیوں کے متعہ کی حالت پر غور کرے تو بغیر کسی دلیل وبرہان کے ان پر زناء کا حکم لگائے۔ کیونکہ ان کی ایک عورت کیساتھ دن رات بیسیوں مرد زناء کرتے ہیں اور پھر کہتے ہیں کہ وہ عورت ''ممتعہ'' ہے۔ ان کے ہاں متعہ کے بازار ہیں جن میں ایسی عورتیں ہیں۔ ان کے ساتھ دلال ہیں جو ان کے لیے شکار ڈھونڈ کر لاتے ہیں تو وہ ان کو پسند کرتی ہیں اور اس کام کی اجرت طے کرتی ہیں اور وہ ان مردوں کو اپنے ہاتھوں سے پکڑ کر لئے جاتی ہیں... اللہ کی لعنت اور اس کے غضب کی طرف۔ پس جب وہ وہاں سے نکلتی ہیں تو دوسرے کسی مرد کے لیے کھڑی ہو جاتی ہیں۔ اسی طرح ان کا معاملہ ہے جیسے کہ بہت ثقہ لوگوں

نے جو ان کے بازاروں میں داخل ہوئے اس کی خبر دی ہے۔ کبھی پانچ یا اس سے کم لوگوں کی ایک جماعت کو لایا جاتا ہے اور کہا جاتا کہ صبح سے چاشت تک اس کے ساتھ اور چاشت سے ظہر تک اور مغرب سے عشاء تک فلاں کے ساتھ متعہ کرواور پھر صبح تک یہی عمل جاری رہتا ہے۔ ان کی ایک عورت پانچ مردوں کے ساتھ زناء کرتی ہے اور وہ ایک دوسرے کو جانتے بھی نہیں ہوتے۔ بعض ثقات نے ذکر کیا کہ رافضیوں کے تین علماء ایک غسل کھانے میں اکٹھے غسل کے لیے داخل ہوئے۔ تو ان تینوں نے ایک ہی عورت کے ساتھ زناء کیا تھا اور وہ ایک دوسرے کو جانتے بھی نہ تھے (۲۹۷)۔

تراجم وحوالہ جات

(۲۷۶) الذہبی کہتے ہیں الامام، فقیہ ملت، عالم العراق، ابو حنیفہ نعمان بن ثابت بن زوطی الکوفی۔ کہا جاتا ہے کہ آپ فارسی النسل تھے اور صغار صحابہ کی اولاد کی زندگی میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے مالک بن انس کو دیکھا جب وہ کوفہ آئے۔ انہوں نے حدیث کی طلب میں سفر کیا جبکہ فقہ میں ان پر انتہیٰ ہے اور لوگ فقہ میں آپ کے عیال ہیں۔80 ہجری میں پیدا ہوئے اور 150 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۷۷) الصواعق المحرقة فی الرد علی اهل البدع والزندقة، الباب الاول، الفصل الخامس۔

(۲۷۸) الطبقات السنیة فی تراجم الحنفیة نبذة یسیرة من مناقبِ الامام وفضائله ومایؤثر عنه من المحاسن وحسن الاعتقاد

(۲۷۹) الذہبی کہتے ہیں وہ امام، مجتہد، علامہ قاضی القضاۃ ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم بن حبیب بن حبیش بن سعد بن جبیر بن معاویہ الانصاری الکوفی۔ سعد ابن جبیر کی صحبت بھی ہے۔ انہوں نے ابو حنیفہ سے روایت کیا اور ان کے ساتھ کو لازم رکھا اور وہ امام صاحب کے ارشد تلامذہ میں سے ہیں اور ان میں سب سے زیادہ علم والے ہیں۔ ان کے ہاں سے امام محمد بن حسن نے اکتسابِ فیض کیا۔ یحیٰ بن معین اور امام احمد بن حنبل نے ان سے روایت کی ہے۔ آپ علم میں اس مرتبہ پر فائز تھے جہاں کوئی اور نہ تھا۔ ہارون الرشید خلیفہ ان کی بہت عزت کیا کرتا تھا۔113 ہجری میں پیدا ہوئے۔ ابنِ معین کہتے ہیں میں نے اصحابِ رائے میں سب سے زیادہ حدیث پر ثابت، اور حافظ اور صحیح روایت میں ابو یوسف سے بڑھ کر کوئی نہیں دیکھا۔182 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۸۰) اصول الدین عند الامام ابو حنیفه عن کتاب من سب الصحابة ومعاویة فأُمه هاویة۔

(۲۸۱) اسے اللالکائی نے شرح اصول اعتقاد اہل السنۃ اولجماعۃ میں روایت کیا۔

(۲۸۲) الذہبی کہتے ہیں الامام العلامہ الحافظ الکبیر محدث الدیار المصریۃ وفقیہہ، ابو جعفر احمد بن محمد بن سلامہ الازدی الحجری، المصری، الطحاوی الحنفی۔ وہ علمِ حدیث وفقہ میں بہت مشہور ہوئے۔ جو کوئی بھی ان کی تالیفات پر نظر ڈالتا ہے وہ آپ کے علم و وسعت کا اعتراف کرتا ہے۔ 293ہجری میں پیدا ہوئے۔ ابو اسحق کہتے ہیں اصحابِ ابو حنیفہ میں ابو جعفر الطحاوی پر مصر میں سرداری ختم ہو گئی۔ 321ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۸۳) العقیدۃ الطحاویۃ، انہوں نے اس کے مقدمہ میں کہا یہ بیان ہے اہل السنۃ والجماعۃ کے عقیدہ کا فقہائے ملت کے مذہب پر...ابو حنیفہ نعمان بن ثابت الکوفی، ابو یوسف یعقوب بن ابراہیم الانصاری، ابو عبد اللہ محمد بن حسن الشیبانی رحمہم اللہ اجمعین کے مذہب پر اور اصول دین میں جو وہ رب العلمین کی طرف اعتقاد رکھتے ہیں۔

(۲۸۴) ابن قطلوبغا کہتے ہیں محمد بن احمد بن ابی سہل ابو بکر السرخسی شمس الائمہ صاحب" المبسوط"۔ وہ بہت بڑے عالم، اصولی اور مناظر تھے۔ انہیں ان کے نہی عن المنکر کے باعث جیل میں قید کیا گیا۔ وہ کہتے ہیں میں نے اصول فقہ میں ان کی کتاب دیکھی جو دو بڑے اجزاء پر مشتمل تھی۔ اسی طرح انہوں نے السیر الکبیر کی دو ضخیم جلدوں میں شرح کی۔ انہوں نے ان کی املاء لکھائی اور وہ خود جیل میں تھے۔ جب وہ باب الشروط تک پہنچے تو انہیں رہا کر دیا گیا۔ وہ اپنے شاگردوں کو املا لکھاتے، 500 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۸۵) المبسوط، کتاب الولاء باب ولاء الموالاة۔

(۲۸۶) اصول السرخسی باب القیاس۔

(۲۸۷) صدر الدین محمد بن علاء الدین الاذرعی الصالحی الدمشقی۔ انہیں خطابت سونپی گئی بلقاء کے علاقے میں اور پھر دمشق اور اس کے بعد مصر میں قضاء کے عہدہ پر رہے۔ ان کو ایذا دی گئی اور اہل بدعت پر انکار کے باعث جیل میں ڈالا گیا۔ 731ہجری میں پیدا ہوئے اور792ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۸۸) شرح الطحاویۃ۔ طحاوی کے قول کی شرح میں { ومن احسن القول فی اصحاب رسول اللهﷺ وازواجه الطاهرات من کل دنس وذریاته المقدسین من کل رجس فقد بریء من النفاق }۔

(۲۸۹) العرف الشذی شرح سنن الترمذی باب ما جاء۔ ویل للاعقاب من النار۔

(۲۹۰) حاشیه رد المختار کتاب النکاح۔

(۲۹۱) ہندوستان میں احناف کے بڑے فقہاء میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ صاحبِ فتاویٰ الہندیۃ ہیں اور یہ فقہ حنفی کی طویل کتابوں میں سے ہے اور اسے فتاویٰ عالمگیریہ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے جو کہ ہندوستان کے بادشاہ ابو المظفر محمد اورنگ زیب عالمگیر کے نام سے منسوب ہے۔ عالمگیر کا معنیٰ ہے فاتحِ عالم۔ انہوں نے اپنی سلطنت کے علماء کو حکم دیا کہ مذہبِ ابو حنیفہ کے صحیح فتاویٰ پر مبنی کتاب جمع کی جائے۔

(۲۹۲) الفتاویٰ الهندیة، کتاب السیر، الباب التاسع، مطلب موجبات الکفر انواع۔

(۲۹۳) عبد الرحمن بن محمد بن سلیمان المشہور شیخ زادہ الترکی الحنفی۔ انہیں جیش کی قضاء کا عہدہ سونپا گیا۔ 1078ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۹۴) مجمع الانھر فی شرح ملتقی الابحر کتاب الصلاۃ با ب صفۃ الصلاۃ فصل الجماعۃسنۃ مئوکدۃ۔

(۲۹۵)عبد العزیز بن شاہ ولی اللہ محدث دہلوی۔ یہ ہند کے شہر دہلی کی طرف نسبت ہے، حنفی فقیہ تھے۔ ان کا اور ان کے والد کا ہندوستان میں علوم سنت کے احیاء میں بہت جامع کردار ہے۔ یہاں تک کہ انہیں ہندوستان کے سورج سراج الہند کا لقب دیا گیا۔ محب الدین الخطیب کہتے ہیں وہ اپنے دور میں ہندوستان کے بڑے علماء میں شمار ہوتے تھے اور ان کا کتبِ شیعہ کیساتھ خاص تعارف تھا۔ 1239 ہجری میں فوت ہوئے۔

(۲۹۶) التحفۃ اثنیٰ عشریۃ ، الخاتمۃ۔

(۲۹۷) صب العذاب علی من سب الاصحاب۔

خاتمۃ البحث

اوپر گذری تفصیل کے بعد قاری کو نتیجہ اخذ کرنے میں کوئی دقت پیش نہیں آئے گی...

☆ کہ رافضیوں کو کافر قرار دینا ...خارجیوں کا مذہب نہیں...یا وہابیوں کا مذہب نہیں...صرف زرقاویوں کا مذہب نہیں...فقط حنابلہ و سلف کا مذہب نہیں اور نہ ہی یہ کوئی نئی فکر ہے جسے امت کے دشمن امت میں تفرقہ پھیلانے کے لیے نشر کرتے ہیں... جیسے کہ رافضیوں کے ساتھ قربت کی دعوت دینے والوں کی کوشش ہے کہ وہ مسلمانوں کے سامنے ایسی تصویر پیش کریں۔

☆ بلکہ یہ تو مسلمانوں کے سرداروں کا مذہب ہے... عظیم فقہاء کا مذہب ہے...ان کے فقہی اختلافات کے باجود...یہ تو ایسا قدیم مذہب ہے جسے امت رافضیوں کے ظہور کے وقت سے ہی اچھی طرح جانتی تھی۔

☆ پس ابن فورک سلفی عقیدہ کے حامل نہ تھے بلکہ اشعریوں اور ماتریدیۃ فرقہ کے بڑوں میں سے تھے...انہوں نے رافضیوں کے رد میں کتاب تالیف کی(۲۹۸)۔

☆ ابن عابدین وہابی نہ تھے بلکہ وہ وہابیوں کو خوارج کا ایک فرقہ شمار کرتے تھے(۲۹۹)۔

☆ امام مالک، امام شافعی اور امام ابو حنیفہ حنابلہ میں سے نہ تھے۔

☆ اس کتاب میں ہم نے جن لوگوں کے ناموں کا تذکرہ کیا انہوں نے کبھی زرقاء شہر کا نام بھی نہ سنا تھا۔

☆ نہ ہی وہ کبھی "خارجی فکر"(۳۰۰) سے متأثر ہوئے تھے۔ پس ہم نے جن کے اقوال ذکر کیے ہیں رافضیوں کی تکفیر اور صحابہ کے ارتداد کے مسئلہ میں...انہیں لوگوں نے اسی سبب خارجیوں کو بھی کافر

قرار دیا ہے... اضافۃً کہ متاخرین حنفیہ جن سے رافضیوں کی تکفیر منقول ہے وہ خارجیوں کے مذہب کا نقض کرتے تھے کہ وہ باب ایمان میں غالی جہمی ہیں۔

☆ پس رافضیوں کو مسلمان ثابت کرنے والوں کے دعوے... اور ان کا ایسی تصویر کشی پیش کرنا کہ مسلمانوں اور رافضیوں کا جھگڑا "تنظیم القاعدۃ" کے ساتھ خاص ہے... یہ علمی خیانت ہے اور مسلمانوں کی عقلوں کے ساتھ حقارت ہے۔

☆ بلکہ اس سے قبل یہ دین کو تبدیل کرنے کی کوشش ہے { وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۚ أُولَٰئِكَ يُعْرَضُونَ عَلَىٰ رَبِّهِمْ وَيَقُولُ الْأَشْهَادُ هَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ كَذَبُوا عَلَىٰ رَبِّهِمْ ۚ أَلَا لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ } اور اس سے بڑھ کر کون ظالم ہو گا جو اللہ پر بہتان باندھے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کے سامنے پیش کیے جائیں گے اور گواہ کہیں گے یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ باندھا۔ خبر دار ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے (ہود 18)۔

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا { من دعا الی ضلالة کان علیه من الاثم مثل آثام من تبعه لا ینقص ذالك من آثامهم شیئاً } جس نے کسی گمراہی کی طرف دعوت دی تو اسے اس گمراہی کے اوپر چلنے والوں کا بھی گناہ ملے گا بغیر دوسرے کے گناہ میں کمی کیے (۳۰۱)۔

☆ وہ لوگ جو ان سے قربت کی دعوت دینے والوں پر اعتماد کرتے ہیں... ان سے مطالبہ کیا جائے ایک بات کا... صرف ایک ہی بات کا... کہ وہ امت کے کن فقہاء کے اوپر اعتماد کرتے ہیں؟... جو یہ سمجھتے ہوں کہ رافضیوں اور اہل السنۃ کا اختلاف فروعی ہے جسے ختم کیا جانا ممکن ہے؟

☆ پس جب وہ جواب نہ دیں گے اور... ہر گز نہ دیں گے... اس لیے وہ جو اللہ و آخرت کا ڈر رکھتا ہے ان کے باطل کی اتباع سے بچے... اور یہ جان لے کہ اللہ کے ہاں وہ اس کے کچھ کام نہ آئیں گے اور کوشش کرے کہ وہ ان لوگوں میں سے نہ ہو جو عنقریب اپنے رب سے کہیں گے...!!!

اے پروردگار... اے ہمارے رب...!!!

{إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا . . . } ہم نے اپنے بڑوں کی پیروی کی تو انہوں نے ہمیں راہ سے گمراہ کر دیا!(الاحزاب 67)!!!

تراجم وحوالہ جات

(۲۹۸)اسے ابن قطلوبغا نے تاج التراجم میں ذکر کیا۔

(۲۹۹)ابنِ عابدین اپنے حاشیہ میں شیخ الاسلام محمد بن عبد الوہاب کے بارے میں کہتے ہیں { مطلب فی اتباع عبد الوهاب الخوارج فی زماننا } پھر انہوں نے یہ زعم رکھا کہ وہ(یعنی وہابی) اعتقاد رکھتے ہیں کہ صرف وہی مسلمان ہیں اور جو ان کے اعتقاد کی مخالفت کرے وہ مشرک ہے اور اس کے ساتھ انہوں نے اہل السنۃ اور ان کے علماء کا قتل مباح کر لیا ہے۔

(۳۰۰) ''سعودی سلفیت''کی طرف نسبت رکھنے والے بحرین کی بچہ ریاست کی ایک چھوٹی پارلیمنٹ کے ممبر...عادل المعاودۃ... جریدۃ الشرق الاوسط (۱۴شعبان ۱۴۲۷ہجری)کے ساتھ ملاقات میں کہتے ہیں کہ بعض تکفیری جو اہل السنۃ کی طرف نسبت رکھتے ہیں ان کا زعم ہے کہ شیعہ سارے کے سارے کفار و مرتدین ہیں اور ان کے خلاف قتل و قتال جائز ہے۔ ان تکفیریوں سے ان کی مراد جیسے کہ جریدہ نے خود وضاحت کی ہے ''السلفیۃ المجاہدۃ'' ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ اگر عموم شیعہ کی تکفیر دین میں غلو ہے تو سب سے پہلے اس کے شیوخ نے سعودی نظام کے تحت چلنے والی لجنۃ الدائمہ میں ایک سوال کے جواب میں اس کا ارتکاب کیا ہے۔ جبکہ سوال تھا(اثنیٰ عشریۃ رافضیوں کے عوام کا کیا حکم ہے؟) اور اس میں کہا گیا کہ جس نے امام کے نام پر کفر وضلالت کو شایع کیا اور اپنے سادات و کبراء کی مدد کی تو اس کا حکم کفر و فسق کا ہے!فتویٰ رقم 9248۔ کیا یہ وہی مذہب نہیں جس کے بارے میں یہ زعم کیا جاتا ہے کہ وہ خوارج کا مذہب ہے؟ حق یہ ہے کہ تیرے شیوخ کے لیے جائز نہیں کہ انہیں خارجی کہا جائے کیونکہ یہ خارجیوں پر ظلم ہو گا...اس لیے کہ خارجیوں میں کوئی بھی طاغوت کا ایجنٹ اور تنخواہ دار نہیں تھا...!

(۳۰۱) اسے مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کیا۔

الاسماعیلہ الباطنیہ کا تعارف ایک نظر میں...

اسماعیلیہ ایک باطنی فرقہ ہے جس کی نسبت امام اسماعیل بن جعفر الصادقؒ کی طرف ہے۔ اس کا ظاہر اہلِ بیت کے ساتھ تشیع پر مشتمل ہے اور اس کی حقیقت اسلام کے عقائد کو تباہ کرنا ہے۔ یہ فرقہ مختلف گروہوں کی شکلیں اختیار کرتا ہوا ہمارے زمانے تک پہنچا ہے اور ہمیشہ اسلام کے صحیح عقائد کی مخالفت کرتا آیا ہے۔ ان لوگوں نے اس قدر مبالغہ آمیزی کا ارتکاب کیا حتیٰ کہ اثنیٰ عشریہ شیعہ اسے کافر قرار دیتے ہیں۔

تاسیس واہم شخصیات

اولاً: اسماعیلہ... القرامطہ۔

انکا ظہور بحرین اور شام کے علاقوں میں ہوا جب انہوں نے خود امام اسماعیل کی اطاعت کو توڑ ڈالا اور ان کے اموال ومتاع لوٹ کر یہ بھاگ نکلے اور پھر یہ سلمیۃ کے علاقے میں پکڑ سے بچنے کے لیے شام سے ماوراء النہر کے ملکوں کی طرف بھاگ نکلے۔ ان کی اہم شخصیات درج ذیل ہیں...

(۱) عبد اللہ بن میمون القداح: یہ جنوب فارس میں 260 ہجری میں ظاہر ہوا۔

(۲) الفرج بن عثمان القاشانی (ذکرویہ) یہ عراق میں ظاہر ہوا اور اس نے مستور امام کی طرف دعوت دینا شروع کی۔

(۳) حمدان قرمط بن الاشعث 278 ہجری... اس نے کوفہ کے قریب جہراً دعوت کا کام کیا۔

(۴) احمد بن القاسم: وہ جس نے حاجیوں اور تاجروں پر ڈاکے ڈالے۔

(۵)حسن بن بہرام ابو سعید الجنابی: بحرین میں ظاہر ہوا اور یہ قرامطہ کی حکومت کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔

(۵)سلیمان بن حسن بن بہرام (ابو طاہر) یہ اس کا بیٹا ہے۔ اس نے تیس سال حکومت کی اور اپنے دور میں بہت توسع حاصل کیا۔ یہی وہ ملعون تھا جس نے 319ہجری میں کعبہ پر حملہ کیا اور حجرِ اسود کو چوری کر لیا اور حجرِ اسود اس کے پاس تیس سال تک رہا۔

(٦)حسن بن الاعصم بن سلیمان: اس نے دمشق پر 360ہجری میں قبضہ کیا اور حکومت کی۔

ثانیاً...فاطمی اسماعیلی

یہ اصل اسماعیلی تحریک ہے اور یہ متعدد ادوار سے گذری...

خفیہ دور... 143ہجری میں اسماعیل کی موت سے لیکر عبید اللہ المہدی تک۔ اس مذہب کے ائمہ کے ناموں میں بہت اختلاف کیا گیا ہے بسب ان کے خفیہ رہنے کے۔

ظہور کا دور...ان کے ظہور کا دور حسن بن حوشب سے شروع ہوتا ہے جس نے 266ہجری میں یمن میں اسماعیلی سلطنت کی بنیاد رکھی اور اس کی نشاط شمالی افریقہ تک پہنچی اور پھر ان کے بہت سے شیوخ نمودار ہوئے۔ اس کے بعد اس کے رفیق علی بن فضل کا ظہور ہوا جس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور اپنے رفقاء کو صوم وصلاۃ معاف کر دیا۔

ان کے ظہور کا دور عبید اللہ المہدی سے شروع ہوتا ہے جو سلمیہ شام میں مقیم تھا پھر اس کے بعد وہ شمال افریقہ کی طرف بھاگ نکلا اور وہاں اپنے انصار "کتامیین" کے ہاں پناہ لی۔ اسی عبید اللہ نے اپنے ہی داعیوں ابو عبد اللہ الشیعی الصنعانی اور اس کے بھائی ابو العباس کو قتل کر دیا کیونکہ وہ اس کی شخصیت کے بارے میں شک کرتے تھے کہ یہ وہ آدمی نہیں ہے جسے ہم نے سلمیہ میں دیکھا تھا۔ عبید اللہ نے سب سے

پہلی فاطمیہ، مہدیہ حکومت کی بنیاد افریقہ (تیونس) میں رکھی اور یہ 297 ہجری میں رقادۃ پر متمکن ہوا اور اس کے بعد فاطمیوں کا سلسلہ چل نکلا... اور وہ درج ذیل ہیں...

المنصور باللہ (ابو طاہر اسماعیل)۔

المعز لدین اللہ (ابو تمیم معد) اس کے عہد میں ہی مصر کو فتح کیا گیا اور اس نے 362 میں وہاں دارالحکومت بنالیا۔

العزیز باللہ (ابو منصور نزار)... الحاکم بامر اللہ (ابو علی المنصور)... الظاہر (ابو الحسن علی)... المستنصر باللہ (ابو تمیم)...!!!

اس آخر الذکر کی وفات پر اسماعلیہ فاطمیہ دو فرقوں میں منقسم ہو گئی۔ جن میں پہلا نزاریہ شرقیہ اور مستعلیہ غربیہ۔ اس تقسیم کا سبب یہ ہے کہ مستنصر کے مرنے کے بعد چونکہ اس نے اپنے بڑے بیٹے کے لیے حکومت کی وصیت کی لیکن وزیر افضل بن بدر نے نزار سے معذرت کرتے ہوئے چھوٹے بیٹے مستعلی کو حکومت دے دی اور وہ اسی وقت وزیر کی چھوٹی بہن کا بیٹا بھی تھا۔ اس نے نزار کو گرفتار کیا اور اسے جیل میں ڈال دیا اور دیواریں بند کروادیں حتیٰ کہ وہ مر گیا۔ اسماعیلیوں کی حکومت مصر، حجاز اور یمن پر "صلیحیین" کی مدد کے ساتھ چلتی رہی اور ان کے ائمہ ہیں...

المستعلی (ابو القاسم احمد)

الظافر (ابو منصور اسماعیل)

الفائز (ابو القاسم عیسیٰ)

العاضد (ابو محمد عبد اللہ) 555 ہجری سے لیکر غازی صلاح الدین الایوبی کے ہاتھوں ان کے خاتمہ تک۔

ثالثاً... اسماعیلی الحشاشون...

یہ نزاری اسماعیلی ہیں جو شام، بلادِ فارس اور مشرق میں پھیلے۔ ان کی اہم شخصیات میں سے ہے ''حسن بن صباح'' جو امام مستنصر کے ساتھ ولایت کا عقیدہ رکھتا تھا اور ان کی دعوت دیتا اور یہ فارسی الاصل تھا۔ پہلے پہل یہ چھپا رہا پھر اس نے قلعہ ''الموت'' پر قبضہ کیا بلادِ فارس میں اسماعیلی حکومت کی بنیاد رکھی۔ اس کے پیروکار حشاشین کے نام سے مشہور ہوئے کیونکہ یہ بہت زیادہ حشیش پیا کرتے تھے۔ اس نے ایک لشکر بھیجا اور وہ شرقی نزاری تھے تو انہوں نے الآخر بن مستعلی کو اس کے دو بیٹوں سمیت قتل کر دیا۔ پھر مصر کے بعض لوگوں نے کچھ افراد بھیجے تاکہ حسن بن صباح کو قتل کریں۔

ان کے اہم لوگ ہیں...

کیابزرک آمید

محمد کیابزرک آمید

الحسن الثانی بن محمد

محمد الثانی بن الحسن

الحسن الثانی بن محمد الثالث

رکن الدین خور شاہ...1255 ہجری یہاں تک کہ ان کی مملکت کا خاتمہ مغل تاتاری فوجوں کے ہاتھوں ہوا جنہوں نے رکن الدین کو قتل کر دیا اور اس کے پیروکار ملکوں میں بھاگ نکلے اور آج تک ان کے پیروکار موجود ہیں۔

رابعاً... شام کے اسماعیلی

یہ زاری اسماعیلی تھے جنہوں نے اپنے قلعوں میں اپنے دین کی سرِعام دعوت دی لیکن اس لمبے عرصہ کے دوران ان کے پاس کوئی حکومت نہ تھی باوجود اس خطرناک کردار کے جو انہوں نے ادا کیا۔ آج بھی ان کے لوگ شام کے علاقے سلمیہ میں ،قدموس، مصیاف، بانیاس،خوابی اور الکہف کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ان کی اہم شخصیات میں (راشد الدین سنان) ہے جس کا لقب شیخ الجبیل ہے اور اس کے تصرفات ''حسن بن صباح'' کے بہت مشابہ ہیں۔ اس نے اپنا ایک سنانی مذہب ایجاد کرر کھا ہے اور اس کے پیروکار دوسرے اسماعیلی عقائد کے علاوہ تناسخ کا عقیدہ رکھتے ہیں۔

خامساً... اسماعیلیہ البہرۃ

یہ در اصل اسماعیلی مستعلیہ ہیں۔یہ امام مستعلی کے ماننے والے ہیں اور اس کے بعد اس کے بیٹے طیب کو اور اسی لیے ''طیبیۃ'' بھی کہلاتے ہیں یہ ہندوستان ویمن کے اسماعیلیہ ہیں۔انہوں نے سیاست چھوڑ کر تجارت اپنالی اور اسی سلسلے میں ہندوستان وارد ہوئے اور نومسلم ہندو جب ان اسماعیلیوں کے ساتھ مختلط ہوئے تو انہوں نے انہیں ''بہرۃ'' کا نام دیا اور بہرہ قدیم ہندی کا لفظ ہے جس کے معنٰی تاجر کے ہیں۔

امام طیب پردہ میں چلے گئے 525 ہجری سے ان کے ائمہ پردے میں چلے آرہے ہیں اور آج تک نہیں پتہ چلا کہ کس کھوہ میں گم ہیں یہاں تک کہ ان کے نام غیر معروف ہیں اور خود علمائے بہرہ انہیں نہیں جانتے!!!

بہرہ بھی دو فرقوں میں تقسیم ہوگئے...

البہرہ الداؤدیہ... جو نسبت قطب شاہ داؤد کی طرف اور یہ 10ویں صدی ہجری سے پاکستان و ہندوستان میں پائے جاتے ہیں اور ان کا داعی بمبئی میں رہتا ہے!!

بہرہ السلیمانیہ...جو نسبت ہے سلیمان بن حسن کی طرف ان کا مرکز آج تک یمن میں ہے۔

سادساً...اسماعیلہ آغاخانیہ

یہ فرقہ انیسویں صدی کے تیسرے حصہ میں ایران میں ظاہر ہوا اور ان کا عقیدہ اسماعیلہ نزاریہ کی طرف ہے اور ان کی اہم شخصیات ہیں...

حسن علی شاہ: یہ پہلا ''آغاخان'' ہے جسے انگریز نے انقلاب برپا کرنے اور افغان وہند میں دخل اندازی کے لیے استعمال کیا۔ تو اس نے اسماعیلی نزاریۃ کی طرف دعوت دی اور افغانستان کی طرف جلاوطن ہو گیا اور وہاں سے بمبئی۔ اسے انگریز نے آغاخان کا لقب دیا۔ یہ 1881 میں مرا۔

آغا علی شاہ اور یہ دوسرا آغاخان

اس کے بعد اس کا بیٹا محمد الحسینی اور یہ آغاخان ثالث ہے۔ یہ موصوف ہمیشہ یورپ میں اقامت کو ہی ترجیح دیتے تھے اور ہمیشہ دنیا کی رنگینیوں میں مشغول رہے اور جب مر گئے تو حضرت نے اپنے بھتیجے ''کریم'' کو خلافت سونپی جبکہ ایسا کرتے ہوئے انہوں نے اسماعیلی قواعد کی مخالفت کی کہ بڑے بیٹے کو والی بنایا جائے گا۔

''پرنس کریم آغاخان'' چوتھا آغا خان ہے اور ابھی تک یہی چل رہا ہے۔ اس نے امریکی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کی ہے۔

سابعاً...اسماعیلیہ الواقفہ

یہ اسماعیلی فرقہ ہے جس کے مطابق امامت محمد بن اسماعیل تک موقوف ہوگئی ہے اور یہ چھپ جانے والے پہلے ائمہ میں سے ہیں اور اس کے پیروکار اس غائب ہوجانے کے بعد واپس آنے کا عقیدہ رکھتے ہیں۔

اسماعیلیوں کے اہم عقائد

ایک ایسے امام کی ضرورت جو منصوص علیہ ہو اور محمد بن اسماعیل کی نسل سے ہو اور یہ کہ وہ بڑا بیٹا ہو اور اس قاعدہ کی متعدد بار خلاف ورزی کی گئی ہے۔

عصمت... جبکہ ان کے نزدیک عصمہ کا مطلب عدمِ ارتکابِ معصیت نہیں ہے بلکہ وہ ان کی خطاء و گناہ کی تأویل کرتے ہیں۔

جو اس حال میں مر جائے کہ وہ اپنے زمانے کے امام کو نہ جانتا ہو تو وہ جاہلیت کی موت مر گیا۔

اپنے امام کی طرف وہ ایسی صفات کا انتساب کرتے ہیں جو اللہ کے مشابہ ہیں اور اس کے ساتھ وہ باطنی علم کو خاص کرتے ہیں اور اسے اپنی کمائی کا ''خمس'' ادا کرتے ہیں۔

تقیہ اور سریہ پر ایمان رکھتے اور اسے اس وقت استعمال میں لاتے ہیں جب ان پر کوئی مشکل وقت آجائے۔

امام دعوت کا محور اور اسماعیلی عقیدہ شخصیت کے گرد گھومتا ہے۔

زمین کبھی کسی ظاہر یا مستور امام سے خالی نہیں ہوتی یا امام ظاہر ہو تو جائز ہے کہ اس کی حجت مستور ہو اور اگر امام مستور ہے تو ضروری ہے کہ اس کی حجت اور اس کے داعی بھی ظاہر ہو۔

تناسخ کا عقیدہ رکھتے ہیں اور امام ان کے نزدیک انبیا کا وارث ہے اور اپنے سے قبل تمام ائمہ کا وارث ہے۔

اللہ کی صفات کا انکار کرتے ہیں کیونکہ اللہ ان کے نزدیک عقل کے ادراک سے باہر ہے تو وہ نہ موجود ہے نہ غیر موجود ہے نہ عالم ہے نہ جاہل ہے نہ قادر ہے نہ ہی عاجز ہے... نہ وہ مطلقا اثبات کرتے ہیں اور نہ ہی مطلقا نفی کرتے ہیں پس وہ متقابل، متخاصم اور تضادات کا رب ہے (نعوذباللہ) ۔یعنی نہ وہ قدیم ہے نہ حدیث، قدیم اس کا امر وکلمہ ہے اور جدیت اس کی مخلوق وفطرت۔

بہرہ کے عقائد...

وہ عام مسلمانوں کی مساجد میں نماز نہیں پڑھتے!

ان کا ظاہری اعتقاد تمام معتدل اسلامی فرقوں کے مشابہ ہے

باطن کچھ اور ہی ہے وہ نماز پڑھتے ہیں لیکن ان کی نماز اسماعیلی امام کے لیے ہے جو طیب بن الآمر کی نسل سے مستور ہے۔

وہ مکہ میں باقی مسلمانوں کی طرح حج کے لیے جاتے ہیں لیکن کہتے ہیں کہ کعبہ امام کی رمز ونشانی ہے۔

حشاشین کا شعار ہوتا تھا(لاحقیقة فی الوجود وکل امر مباح) حقیقت میں کوئی وجود نہیں اور ہر کام مباح ہے۔ ان کا وسیلہ تھا منظم قتل اور قلعوں کے سلسلہ میں پناہ لینا۔

امام الغزالی ان سے نقل کرتے ہیں کہ ان سے مطلقاً اباحت منقول ہے، حجاب کا رفع ہونا، محظورات کا مباح ہونا، شریعت کا انکار لیکن جب ان کی طرف ان باتوں کی نسبت کی جائے تو وہ سارے ان باتوں کا انکار کر دیتے ہیں۔

وہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بلاواسطہ عالم کی تخلیق نہیں کی بلکہ یہ عقلِ کل کے ذریعے وجود میں آئی جو جمیع صفاتِ الہیۃ کا مرقع ہے۔ یہ کہ عقل کلی کسی انسان میں آئی تو وہ نبی ہیں اور ان کے بعد ائمہ مستورین جو ان کے خلیفہ ہیں۔ پس محمد ناطق ہیں اور علی اساس ہیں جو تفسیر کرتے ہیں!!!

عقائد کی جڑیں...

پہلے ان کا مذہب عراق میں پروان چڑھا، پھر یہ فارس(ایران) اور خراسان(افغانستان) کی طرف بھاگ نکلے اور پھر ماوراء النہر جیسے ہندو ترکستان وغیرہ۔ اسی لیے ان کے مذہب میں قدیم مجوسیوں اور ہندوؤں کی آراء پائی جاتی ہیں۔ ان کے اندر بڑے اہل الاہوا نمودار ہوئے جنہوں نے دین کے انحراف میں خوب بد معاشیاں دکھائیں۔ یہ ہندو برہمنوں، فلسفیوں، بدھ متوں اور کلدانی اور فارسیوں کے افکار کا ملغوبہ ہیں۔ روحانیت کے متعلق ان کے عقائد ستاروں اور نجومیت کے قریب ہیں۔ اس کام پر ان کے ''خفیہ پنے'' نے ان کی بہت مدد کی۔ ان کے بعض لوگوں نے اباحیت اور کیمونزم کے طریق پر ''مزدک'' اور ''زرتشت'' کا مذہب اختیار کر لیا۔ ان کے عقائد ایسے ہیں کہ ان کا کتاب وسنت سے کوئی تعلق نہیں اور ان میں اسلام سے خارج بہت سے فلسفے شامل ہیں!!!

زمین پر اسماعیلیہ کا وجود...

زمین کے مد وجزر پے ان اسماعیلیوں کا حالات کے اعتبار سے بہت کم زمانے پر غلبہ رہا ہے۔ ایسا وقت بھی آیا کہ عالمِ اسلام ان کے قبضے میں چلا گیا لیکن اس کی شکلیں اور اوقات بہت مختلف تھے!!

قرامطہ نے جزیرۃ العرب، بلادِ شام، عراق اور ماوراء النہر پر قبضہ کیا

فاطمیوں نے محیطِ اطلسی اور شمال افریقہ میں اپنی سلطنت قائم کی اور مصر وشام کے مالک بنے۔ بعض اہلِ عراق نے ان کا مذہب اپنالیا اور ان کے نام کا خطبہ 540 میں بغداد میں جاری ہوا لیکن ان کی حکومت کا خاتمہ صلاح الدین ایوبی کے ہاتھوں ہوا۔

آغا خانیہ... نیروبی، دارلسلام، زنجبار، مدغاشقر، کانگو، بلجیکی، ہندوستان، پاکستان، شام میں پائے جاتے ہیں۔ ان کی قیادت کا مرکز پاکستان کا شہر "کراچی" میں ہے۔

البہرہ... یمن، ہند اور ان دونوں ملکوں کے ساحلوں پر سکونت اختیار کی۔

شام کے اسماعیلیوں نے ملک کے طول عرض میں قلعوں پر قبضہ کیا اور ابھی تک سلمیہ، خوابی، قدموس، مصیاف، بانیاس اور الکہف کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

الحشاشون... یعنی بھنگی ان کا انتشار ایران میں ہوا اور انہوں نے قلعۃ الموت، جنوب بحرِ قزوین پر قبضہ کیا اور ان کی سلطنت بہت پھیلی حتیٰ کہ سنی سلطنتِ عباسیہ کے وسط تک جاپہنچی۔ اسی طرح یہ قلعوں کے مالک بھی ہوئے جیسے کہ حلب، موصل اور ان کے بعض لوگ صلیبیوں کے دور میں دمشق کے قاضی بھی رہے۔ یہ ہلاکو تاتاری کا ساتھ دینے والوں میں سے تھے۔

المکارمہ... یہ جزیرۃ عربیہ کے جنوب میں نجران کے شہر میں آباد ہیں!!!

انتہیٰ

فتویٰ

رافضیوں کی تکفیر اور ان کے ساتھ قتال کا وجوب

ابوالسعود محمد بن محمد بن مصطفی العمادی

898 تا 982 ہجری

رافضہ کی تکفیر اور ان کے ساتھ قتال کا وجوب

ابو السعود محمد بن محمد بن مصطفیٰ العمادی، علماء ترک میں سے ہیں جنہوں نے عربیت اختیار کرلی۔ قسطنطنیہ کے قریب 898 ہجری میں پیدا ہوئے۔ متعدد ممالک میں پڑھا اور پڑھایا۔ انہیں بروسہ میں قضاء سونپی گئی پھر قسطنطنیہ کی قضاء پر فائز رہے۔ سلاطین بنی عثمان کے ہاں وہ بڑی حشمت کے مالک تھے۔ وہ اپنے نام کے ساتھ مشہور صاحبِ تفسیر العمادی ہیں۔ 892 ہجری میں فوت ہوئے۔

ابوالسعود العمادی کہتے ہیں میں نے شیخ الاسلام عبد اللہ الأفندی۔ حفظہ اللہ الملک السلام۔ کے مجموعہ کو دیکھا جب انہوں نے جنینہ میں مجھ سے ملاقات کی... جبکہ وہ مدینۃ المنورۃ، اللہ اسے منور کرنے والے پر افضل ترین صلاۃ وسلام بھیجے، سے واپس آرہے تھے تو میں نے اسے میں نقل کرلیا۔

آپ کا کیا کہنا ہے... آپ کا فضل ہمیشہ رہے، اللہ آپ سے راضی رہے اور آپ کے علوم سے مسلمانوں کو نفع دے... رافضیوں کے ساتھ قتال کے سبب کے بارے میں اور ان کے قتل کے جواز کے بارے میں کیا وہ سلطان پر بغاوت ہے یا وہ کفر ہے؟ اگر آپ دوسری بات کہیں تو ان کے کفر کا سبب کیا ہے۔ پس اگر آپ ان کے سببِ کفر کو ثابت کردیں تو کیا ان کی توبہ قبول ہوجائے گی؟ اور ان کا اسلام قبول ہے... مرتد کیطرح... یا پھر قبول نہیں؟... جیسے کہ نبی علیہ السلام کو گالی دینے والے کی طرح... بلکہ ان سے قتال ضروری ہے۔ پس اگر آپ دوسری بات کہیں تو کیا انہیں حد کے تحت مارا جائے گا یا کفر کے

تحت... کیاان سے جزیہ لیکر انہیں چھوڑنا جائز ہے اسی حالت پر جیسے کہ وہ ہیں...یا انہیں وقتی یا ہمیشہ کی امان دی جاسکتی ہے ؟... کیاان کی عورتوں اور اولادوں کو غلام بنانا جائز ہے۔

افتونا مأجورین اثابکم اللہ الجنة۔

الجواب

الحمد للہ رب العلمین۔۔۔

اللہ تجھے خوش رکھے یہ بات جان لیکہ یہ کافر باغی وفاجر ایسے ہیں کہ انہوں نے کفر وعناد وبغاوت کی تمام اقسام کو اپنے اندر جمع کر رکھا ہے۔ ان کے اندر فسق، زندقہ اور الحاد کی تمام انواع جمع ہیں... جو کوئی ان کے کفر والحاد میں توقف کرے... ان کے ساتھ قتل وقتال کو برا جانے تو وہ ان جیسا ہی کافر ہے۔

ان کے ساتھ قتل ومقاتلہ کے جواز کا سبب ان کی بغاوت اور کفر ہے۔

جہاں تک بغاوت کا تعلق ہے۔

تو وہ امام کی اطاعت سے نکل گئے... اللہ ان کا ملک قیامت تک قائم رکھے (یعنی خلافت)... اللہ فرماتے ہیں { فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ } پس بغاوت کرنے والی جماعت سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے۔ پس یہاں امر وجوب کے لیے ہے۔

اس لیے مسلمانوں کو چاہیے کہ جب بھی بزبان سید المرسلین ﷺ امام انہیں ان باغیوں ملعونوں کے خلاف قتال کے لیے بلائے انہیں چاہیے کہ پیچھے نہ رہیں بلکہ ان پر امام کی مدد کرنا اور اس کے ساتھ مل کر قتال کرنا واجب ہے۔

جہاں تک کفر کا مسئلہ ہے تو اس کی وجوہ ہیں۔

اس میں سے یہ ہے کہ یہ دین کو خفیف بناتے ہیں اور شرعِ مبین کا مذاق اڑاتے ہیں۔

اور اس میں سے یہ ہے کہ وہ علم اور علماء کی توہین کرتے ہیں جبکہ علماء انبیا علیہم السلام کے وارث ہیں اور اللہ عزوجل فرماتے ہیں {إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ} بے شک اللہ سے ڈرنے والے اس کے بندوں میں سے علماء ہیں۔ جبکہ یہ حرمتوں کو حلال کرتے ہیں اور انکی پامالی کرتے ہیں۔ وہ شیخینؓ کی خلافت کا انکار کرتے ہیں اور وہ دین میں طعن تشنیع کو راہ دینا چاہتے ہیں۔ وہ اماں عائشہ صدیقہ بنت صدیق رضی اللہ عنہما کے متعلق زبان دراز کرتے ہیں اور ایسی بات کرتے ہیں جو ان کی شان کے لائق نہیں جبکہ اللہ عزوجل نے متعدد آیات انکی برأت میں نازل کی ہیں... پس وہ قرآن کی تکذیب کے ساتھ کافر ہیں... ضمناً وہ نبیء کائنات ﷺ کو گالی دینے والے ہیں... پھر وہ ان امور کی نسبت اہلِ بیت کی طرف کرتے ہیں۔ شیخین کو گالی دیتے ہیں... اللہ ان لعنتیوں کے چہرے دونوں جہانوں میں سیاہ کرے۔

امام السیوطی... جو کہ الشافعیہ کے آئمہ میں سے ہیں... کہتے ہیں کہ جس نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی تکفیر کی یا یہ کہا کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ ان میں سے نہیں تھے وہ کافر ہے اور انہوں نے قاضی حسین سے شیخین کو گالی دینے والے کے متعلق دو وجوہ نقل کی ہیں کہ کیا وہ کافر ہیں یا فاسق؟ اور کہتے ہیں کہ میرے نزدیک صحیح ترین بات تکفیر ہے اور اس پر المحاملی نے "اللباب" میں جزم کیا ہے۔

یہ بات عام وخواص کے ہاں تواتر قطعی کے ساتھ ثابت ہے کہ یہ قباحتیں ان گمراہ در گمراہ لوگوں کے اندر جمع ہیں۔ جو کوئی ان میں سے کسی ایک امر کے ساتھ متصف ہوا وہ کافر ہے، اس کا قتل باتفاقِ امت واجب ہے۔ اس کی توبہ اور اسکا اسلام قبول نہیں... چاہے وہ پکڑے جانے اور گواہی آجانے کے بعد توبہ کرے یا اس سے قبل توبہ کرتا ہوا آئے کیونکہ یہ حد ہے جو واجب ہوگئی ہے اور توبہ اسے ساقط نہیں کرسکتی... جیسے کہ باقی ساری حدود کا معاملہ ہے!

نبی ﷺ کو گالی دینا ایسے ارتداد کی طرح نہیں کہ اس میں توبہ قبول کی جائے کیونکہ ارتداد کا معنی ہے کہ آدمی اس کے ساتھ منفرد ہے اور اس میں غیر آدمیوں کا کوئی حق نہیں اور اس لیے اسکی توبہ

قبول ہے۔ پس جس نے نبی ﷺ کو گالی دی تو اس کے ساتھ دوسرے آدمی کا حق متعلق ہو گیا اور اس کی توبہ سارے آدمیوں کے حقوق کے بارے میں مقبول نہیں۔ اس لیے جو کوئی نبی ﷺ کو یا سارے انبیاء علیہم السلام میں سے کسی ایک نبی کو گالی دیتا ہے تو وہ کافر ہے... واجب القتل ہے!

پھر اگر وہ اپنے کفر پر ثابت رہے، نہ توبہ کرے، نہ ہی اسلام لائے تو اسے اس کے کفر پر بلا خلاف قتل کر دیا جائے گا اور اگر وہ توبہ کر لے اور اسلام قبول کرے تو اس میں اختلاف ہے۔ لیکن مشہور مذہب اس میں بھی بطور حد قتل ہے... یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسے دو صورتوں میں کفر پر قتل کر دیا جائے۔ جہاں تک شیخین کو گالی دینے کا معاملہ ہے تو وہ نبی ﷺ کو گالی دینے کے مترادف ہے۔

الصدر الشہید کہتے ہیں کہ جس نے شیخین کو گالی دی یا ان پر لعنت کی وہ کافر ہے اور واجب القتل ہے اور اس کی توبہ اور اسکا اسلام قبول نہیں ہے۔ یعنی قتل ساقط کرنے میں۔ ابن نجیم ''البحر'' میں کہتے ہیں کہ جب اس کی توبہ مقبول نہیں تو اس سے پتہ چلا کہ شیخین کو گالی دینا... نبی ﷺ کو گالی دینے کے مترادف ہے۔ پس اسکا انکار گواہی کے ساتھ کچھ فائدہ نہ دے گا۔

اور وہ ''الاشباہ'' میں کہتے ہیں ہر وہ کافر جو توبہ کر لے تو اس کی توبہ دنیا و آخرت میں مقبول ہے جب اسے اس کی توبہ سے قبل گرفتار کیا جائے۔ سوائے اس کافر کے جو نبی ﷺ کو یا شیخین رضی اللہ عنہم کو یا کسی ایک کو گالی دے، یا جادو کرے چاہے وہ عورت ہی ہو۔

پس ان شریر کفار کا قتل واجب ہے... چاہے وہ توبہ کریں یا نہ کریں... اور اگر وہ اپنے کفر و عناد پر باقی رہیں تو انہیں ان کے کفر پر قتل کیا جائے گا اور ان کے قتل کے بعد ان پر مشرکین کے احکام جاری ہوں گے۔ انہیں یونہی جزیہ لیکر چھوڑ دینا جائز نہیں نہ ہی انہیں وقتی یا ہمیشہ کی امان دینا جائز ہے... قاضی خان نے اپنے فتاویٰ میں اسی موقف کا اظہار کیا ہے۔

اسی طرح ان کی عورتوں کو غلام بنانا جائز ہے کیونکہ مرتدہ عورت کو غلام بنانا جائز ہے جبکہ وہ دارالحرب کی طرف چلی جائے یا ہر ایسی جگہ پر چلی جائے جو امام حق کی ولایت سے باہر ہو تو وہ بمنزل

دارالحرب کے ہے۔ اسی طرح ان عورتوں کی اولاد کو تبعاً غلام بنانا بھی جائز ہے کیونکہ ولد استرقاق میں ماں کے تابع ہے۔

والله تعالیٰ اعلم

کتبہ احقر الوریٰ نوح الحنفی

عفی الله عنه والمسلمین أجمعین

☆ جیسے کہ "مجموعہ" مذکورہ میں ان حروف کیساتھ مذکور ہے!

ابن عابدین(۱) یہ فتویٰ نقل کرنے کے بعد کہتے ہیں...

میں کہتا ہوں کہ دولتِ عثمانیہ کے علماء ومشائخِ اسلام نے شیعہ مذکورین کے متعلق بہت کچھ لکھا ہے اور ان کے علمی فتاویٰ آج بھی اس کی تائید کرتے ہیں۔ ان میں سے کئی ایک نے تو اس میں تالیفات اور رسائل لکھے۔ اس قسم کا فتویٰ دینے والوں میں المحقق المفسر ابو السعود آفندی العمادی ہیں اور انکی عبارات کو علامہ الکواکبی الحلبی نے اپنی منظوم فقہی شرح "الفرائد السنیة" میں ذکر کیا ہے اور بالجملہ جو ابو السعود سے انہوں نے نقل کیا... شیعہ کی قباحتوں کے ذکر کے بعد... "اسی لیے علماء الاعصار کا ان کے قتل کے مباح ہونے پر اتفاق ہے اور یہ کہ جو ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے"۔

امامِ اعظم ابو حنیفہ، سفیان الثوری اور الاوزاعی کے نزدیک یہ ہے کہ اگر وہ توبہ کرلیں اور لوٹ جائیں اپنے کفر سے اسلام کی طرف تو وہ قتل سے بچ جائیں گے اور سارے کافروں کی طرح ان کے لیے معافی کی امید کی جاتی ہے۔ جبکہ امام مالک، امام الشافعی، امام احمد بن حنبل اور لیث بن سعد اور سارے علمائے عظام کے نزدیک ان کی توبہ مقبول نہیں اور نہ ہی ان کے اسلام کا کوئی اعتبار ہے بلکہ وہ بطور حد قتل کیے جائیں گے... الخ

لیکن امامِ اعظم کے نزدیک ان کی توبہ کے مقبول ہونے پر بہت زور دیا گیا ہے اور اس میں اس مجموعہ کی مخالفت ہے جس کا اوپر ذکر ہوا ہے۔ اس لیے مجھ پر ظاہر ہوتا ہے کہ یہی بات صواب ہے۔

یہ مسئلہ بہت اہم مسئلہ ہے جسے افراط و تفریط سے آزاد کرانا ضروری ہے کیونکہ اس میں بہت خبطِ عظیم واقع ہوا ہے۔ اس لیے میرا پختہ ارادہ تھا کہ میں اس میں ایک رسالہ لکھوں اور اس میں وہ باتیں ذکر کروں جو میں نے اپنے حاشیۃ ''الدرالمختار'' میں لکھی ہیں۔ اس لیے اس میں کوئی حرج نہیں کہ یہاں میں اہلِ اسلام، قضاۃ اور حکام کی مدد کے لیے بعض توضیحات پیش کروں باوجود اس کے کہ بعض کلام طوالت کا متقاضی ہے۔ پس ہم اللہ کی توفیق کے ساتھ کہتے ہیں۔

یہ بات جان لو کہ جو الصدر الشہید کے حوالے سے گذرا ہے کہ شیخین کو گالی دینے والے کی توبہ قبول نہیں۔ اس بات کو انہوں نے البحر سے الجوہرۃ تک قائم رکھا ہے۔ شرح القدوری۔ اور انہوں نے ''النہر'' میں کہا کہ اس کا اصل الجوہرۃ میں کوئی وجود نہیں بلکہ یہ بات بعض نسخوں کے حاشیہ میں وارد ہوئی ہے۔ پس حق اصل کا ہے جبکہ اس کا ما قبل کے ساتھ کوئی ارتباط نہیں۔

علامہ الحموی ''الاشباہ'' کے حاشیہ میں النہر کا کلام نقل کرنے کے بعد کہتے ہیں مجھ پر فرض ہے کہ میں الجوہرۃ کے عام نسخوں میں اس کا ثبوت پیش کروں۔ کوئی وجہ نہیں کہ یہ بات ظاہر ہو جائے جو ہم نے پیش کی کہ جس نے انبیاء کو گالی دی اس کی توبہ مقبول ہے... بخلاف مالکیہ اور حنابلہ کے۔ پس اگر بات ایسی ہے جیسے کہ ہم کہتے ہیں تو پھر اس شخص سے متعلق جو شیخین کو گالی دے بالاولیٰ عدم قبول توبہ کا کوئی اعتبار نہیں۔ بلکہ جہاں تک میں جانتا ہوں یہ بات ائمہ کے ہاں بھی ثابت نہیں!

العقود الدریۃ فی تنقیح الفتاوی الحامدیۃ

باب الردۃ والتعزیر

(۱) محمد امین بن عمر بن عبد العزیز الحنفی۔ الملقب '' ابن عابدین'' ۔ کیونکہ ان کا نسب زین العابدین علی بن حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم سے جاملتا ہے۔1198 ہجری میں دمشق میں پیدا ہوئے۔ اپنے زمانے میں حنفیہ کے امام ہیں اور دیارِ شام کے فقیہ ہیں، المفسر اور اصولی ہیں۔1252 میں فوت ہوئے۔

مسئلہ رافضہ امامیہ کا!! کیا ان کے خلاف قتال واجب ہے؟ کیا وہ اعتقاد کے سبب کافر ہیں؟

شیخ الاسلام الامام المجدد ابو العباس ابن تیمیةؒ

مجموع الفتاویٰ ابن تیمیة

صفحہ 468 تا 501/ جلد 28

شیخ الاسلام تقی الدین سے سوال کیا گیا ان لوگوں سے متعلق جو یہ زعم رکھتے ہیں کہ وہ اللہ گ، فرشتوں، کتابوں، رسولوں اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والوں میں سے ہیں... اور یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ امامِ حق رسول اللہ اکے بعد علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہیں...اور یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کی امامت پر نص بیان فرمائی تھی... اور یہ کہ صحابہ نے ان پر ظلم کیا اور ان کا حق ان سے چھینا...اور وہ اس کے سبب کافر ہو گئے۔ تو کیا ایسے لوگوں کیخلاف قتال واجب ہے اور کیا وہ اس اعتقاد کے سبب کافر ہیں یا نہیں؟

تو انہوں نے جواب دیا۔

الحمد للہ رب العلمین...

علمائے مسلمین کا اس بات پر اجماع ہے کہ ہر وہ گروہ جو شرائعِ اسلام کے ظاہری متواتر مظاہر میں سے کسی ایک کا انکاری ہے تو ایسے گروہ کے خلاف قتال واجب ہے یہاں تک کہ دین سارے کا سارا اللہ کے لیے ہو جائے۔ پس اگر وہ کہیں کہ ہم نماز پڑھیں گے مگر زکوۃ نہ دیں گے۔ یا ہم پانچ نمازیں پڑھیں گے لیکن جمعہ اور جماعت کا اہتمام نہ کریں گے۔ یا ہم اسلام کی پانچ بنیادوں کو قائم کریں گے لیکن مسلمانوں کے اموال وخون کو حرام نہ جانیں گے۔ یا ہم سود، شراب اور جوانہ چھوڑیں گے۔ یا ہم قرآن کی پیروی کریں گے اور رسول اللہ ﷺ کی پیروی نہ کریں گے اور ہم ان سے ثابت احادیثِ صحیحہ کی

پیروی نہ کریں گے۔ یا ہم یہ کہیں کہ ہم یہ اعتقاد رکھیں گے کہ یہود ونصاریٰ جمہور مسلمانوں سے بہتر ہیں... اور یہ کہ اہلِ قبلہ نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ کفر کیا اور مومنوں کا ایک گروہِ قلیل باقی بچا۔ یا یہ کہیں کہ ہم مسلمانوں کے ساتھ مل کر کفار کے خلاف جہاد نہ کریں گے۔ یا اس کے علاوہ ایسے امور کا ارتکاب کریں جو شریعتِ رسول اللہ ﷺ کی اور جس پر مسلمان ہیں...واضح مخالفت کریں... پس ایسے گروہوں کے خلاف جہاد واجب ہے جیسے کہ اس سے قبل مسلمانوں نے منکرینِ زکوۃ کے خلاف جہاد کیا... خارجیوں کے خلاف جہاد کیا... اور ان کی اولادوں الخرمیۃ، القرامطہ، الباطنیۃ...اور اہل الاہواء، بدعتیوں، اسلام کی شریعت سے خارج ہونے والوں وغیرہم کے خلاف جہاد کیا۔

یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتے ہیں { وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ } اور ان کے خلاف قتال کرو یہاں تک کہ دین سارے کا سارا اللہ کے لیے ہو جائے۔ پس جب دین بعض اللہ کے لیے ہو اور بعض غیر اللہ کے لیے ہو تو ایسے لوگوں کے خلاف قتال واجب ہے یہاں تک کہ دین سارے کا سارا اللہ کے لیے ہو جائے۔

اللہ فرماتے ہیں { فَإِن تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ } پس اگر وہ توبہ کرلیں اور نماز قائم کریں اور زکوۃ ادا کریں تو ان کا راستہ چھوڑ دو۔ پس ان کے راستہ کو چھوڑنے کا حکم جمیع انواعِ کفر سے ان کی توبہ کرنے کے بعد دیا گیا اور نماز وزکوۃ قائم کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں { يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ } اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور جو سود باقی رہ گیا ہے اسے چھوڑ دو۔ { فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ } پس اگر تم ایسا نہ کرو تو اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ۔ اللہ نے یہ خبر دی کہ طائفہ ممتنعہ (انکاری) اگر سود سے باز نہ آئے تو اس نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جنگ کی۔ جبکہ سود ان چیزوں میں سے ہے جسے اللہ نے قرآن میں سب سے آخر میں حرام قرار دیا۔ جو اس سے پہلے حرام کیا گیا وہ زیادہ تاکید کے ساتھ وارد ہے۔ اللہ فرماتے ہیں { إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا أَن يُقَتَّلُوا أَوْ يُصَلَّبُوا أَوْ تُقَطَّعَ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُم مِّنْ

خِلافٍ أَوْ يُنفَوْاْ مِنَ الأَرْضِ} بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ کرتے ہیں اور زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش کرتے ہیں ان کی سزا یہ ہے کہ کہ انہیں قتل کر دیا جائے یا انہیں سولی پر چڑھادیا جائے یا زمین سے جلاوطن کر دیا جائے۔

پس اہلِ شوکت میں جو بھی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں داخل ہونے سے ممتنع (انکاری) ہوا تو اس نے اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کی۔ اسی طرح جس نے زمین میں غیر کتاب اللہ وسنتِ رسول ﷺ پر عمل کیا تو اس نے زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش کی۔ اسی لیے سلف نے اس آیت کو کفار اور اہلِ قبلہ پر مئوول کیا یہاں تک کہ اکثر ائمہ نے قطاع الطریق یعنی راہزن ڈاکوؤں کو بھی اس کے ضمن میں شمار کیا وہ قطاع الطریق جو لوگوں کے اموال لوٹنے کے لیے تلوار اٹھالیتے ہیں۔ پس ائمہ نے انہیں قتال کے ذریعے لوگوں کے اموال لینے پر اللہ عزوجل اور اس کے رسول سے جنگ کرنے اور زمین میں فساد برپا کرنے والا شمار کیا چاہے وہ ایسے فعل کو حرام جانتے ہوں اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان کا اقرار کرتے ہوں۔

پس وہ شخص جو مسلمانوں کے اموال وخون کو مباح سمجھے اور اس کا اعتقاد رکھے اور ان سے قتال کرنا حلال جانے، ایسا شخص بالاولیٰ اللہ اور اسکے رسول ﷺ سے جنگ کرنے والوں اور زمین میں فساد کی کوشش کرنے والوں میں سے ہے۔ جیسے کہ ایک حربی کافر جو مسلمانوں کے اموال وخون کو مباح سمجھتا ہے اور ان کے خلاف قتال کو جائز رکھتا ہے وہ اس اعتقادی فاسق سے بالاولیٰ محارب ہے جو ان باتوں کو حرام سمجھتا ہے۔

اسی طرح وہ بدعتی جو اللہ کے رسول ﷺ کی بعض شریعت سے خروج کرتا ہے اور آپ کی بعض سنتوں کو ترک کرتا ہے اور مسلمانوں کے اموال وخون کو حلال جانتا ہے جبکہ وہ مسلمان اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اور اس کے رسول کی سنت کے ساتھ متمسک ہیں۔ تو ایسا شخص اس فاسق سے زیادہ جنگ کیے جانے کے لائق ہے چاہے وہ ان باتوں کو دین سمجھ کر اللہ گسے تقرب حاصل کرتا ہو۔ جیسے کہ یہود و نصاریٰ مسلمانوں سے جنگ کرنے کو اللہ عزوجل کے ہاں تقرب کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ اسی لیے ائمہ اسلام

کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ بدعتیں ان گناہوں سے زیادہ شدید ہیں جن کا ارتکاب کرنے والے یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ گناہ ہیں۔

اسی لیے نبی ﷺ کی سنت یہی رہی جب آپ ﷺ نے سنت سے خروج کرنے والے خارجیوں کے خلاف قتال کا حکم دیا اور حکام کے ظلم پر صبر کرنے اور ان کے پیچھے ان کے گناہوں کے باوجود نمازیں پڑھنے کا حکم دیا۔ اسی طرح آپ ﷺ نے بعض اصحاب کے بعض گناہوں پر اصرار کے باوجود ان کے لیے گواہی دی کہ وہ اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرنے والے ہیں اور آپ ﷺ نے ان پر لعنت کرنے سے منع فرمایا۔ لیکن آپ ﷺ نے ذی الخویصرہ اور اس کے ساتھیوں کے متعلق... انکی عبادت وورع کے باوجود... خبر دی کہ وہ اسلام سے ایسے خارج ہیں جیسے کہ تیر کمان سے خارج ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتے ہیں {فَلاَ وَرَبِّكَ لاَ يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لا يَجِدُوا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْما} پس تیرے رب کی قسم وہ لوگ کبھی ایمان والے نہیں ہوسکتے جب تک وہ اپنے مسائل میں آپ کو فیصل نہ مان لیں اور پھر آپ کے فیصلوں سے متعلق اپنے دل میں کوئی شائبہ نہ رکھیں اور سرِ تسلیم خم کردیں۔

پس ہر وہ شخص جو اللہ کے رسول کی سنت سے خارج ہوگیا اور آپ کی شریعت سے نکل گیا تو ایسے شخص کے متعلق اللہ نے اپنے مقدس نفس کی قسم کھائی ہے کہ وہ ایمان والا نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ وہ تمام دنیاوآخرت کے باہمی جھگڑوں میں اللہ کے رسول کے حکم پر راضی نہ ہو اور ان کے دلوں میں ایسے فیصلوں کے متعلق کوئی حرج نہ ہو۔ قرآن کے دلائل اس اصل پر بہت کثرت کے ساتھ وارد ہیں۔ اس لیے اسی نہج پر سنتِ رسول اللہ ااور سنتِ خلفائے راشدین جاری ہوئی۔

صحیحین میں ابوہریرۃؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی اور عرب کے قبائل مرتد ہوگئے تو عمر بن الخطابؓ نے ابو بکرؓ سے کہا آپ لوگوں کے ساتھ کیسے جنگ کریں گے جبکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا {امرت ان اقاتل الناس حتیٰ یشھدوا ان لا الہ الااللہ

وان محمد رسول اللہ فا ذا فعلوا ذالك عصموا منی دماء هم واموالهم الا بحقها وحسابهم علی اللہ} مجھے حکم دیا گیا کہ لوگوں سے قتال کروں یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار کرلیں۔ پس جب وہ ایسا کرلیں گے تو مجھ سے اپنے خون اور اموال بچالیں گے سوائے اسلام کے حق کے اور ان کا حساب اللہ پر ہے۔ تو ابو بکرؓ نے کہا {ألم يقل الا بحقها؟} کیا آپ ﷺ نے نہیں فرمایا کہ مگر اسلام کے حق کیساتھ... پس زکوۃ اسلام کا حق ہے۔ اللہ کی قسم اگر وہ ایک اونٹ کی رسی بھی جو وہ رسول اللہ ﷺ کو دیتے تھے تو میں اسے روکنے پر ان سے قتال کروں گا تو عمرؓ کہتے ہیں اللہ کی قسم میں نے دیکھا کہ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ نے ابو بکرؓ کا سینہ قتال کے لیے کھول دیا... تو میں نے جان لیا وہ حق پر ہیں۔

پس اصحاب رسول اللہ ﷺ ایسی قوم کے خلاف قتال پر متفق ہوگئے جو نمازیں پڑھتے تھے اور روزے رکھتے تھے جبکہ وہ اللہ عزوجل کے واجب کردہ بعض اموال کی زکوۃ ادا کرنے سے ممتنع تھے۔ یہ استنباط صدیقِ امت کا ہے جو اس کی وضاحت کے ساتھ وارد ہوا ہے۔

صحیحین میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا{ امرت ان اقاتل الناس حتیٰ یشهدوا ان لا اله الاالله و ان محمد رسول اللہ فاذا فعلوا ذالك عصموا منی دماء هم و اموالهم الا بحقها و حسابهم علی اللہ} مجھے حکم دیا گیا کہ لوگوں سے قتال کروں یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا اقرار کرلیں۔ پس جب وہ ایسا کرلیں گے تو مجھ سے اپنے خون اور اموال بچالیں گے سوائے اسلام کے حق کے اور ان کا حساب اللہ پر ہے ۔ پس آپ ﷺ نے خبر دی کہ آپ ﷺ کو ان کے ساتھ قتال کا حکم دیا گیا یہاں تک وہ یہ واجبات ادا کریں۔ یہ بات کتاب اللہ کے عین مطابق ہے۔

یہ حدیث نبی ﷺ سے تواتر کے ساتھ بہت سے وجوہ سے مروی ہے اور اصحاب الصحاح نے دس وجوہ سے اسے وارد کیا ہے جنہیں امام مسلم نے اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے اور کچھ کا ذکر امام بخاری نے بھی کیا ہے۔ امام احمد بن حنبلؒ کہتے ہیں "خوارج کے بارے میں حدیث دس وجوہ سے ثابت ہے"۔

نبی ﷺ نے فرمایا تم اپنی نمازیں ان کے ساتھ حقیر جانو گے اور اپنے روزے ان کے روزوں سے کم سمجھو گے، تمہارا قرآن کی تلاوت کرنا تمہیں ان سے کم لگے گا... وہ قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے متجاوز نہ ہو گا وہ اسلام سے ایسے خارج ہوں گے جیسے کوئی تیر کمان سے خارج ہوتا ہے۔ اگر ان کے ساتھ قتال کرنے والے جان لیں کہ ان کے لیے زبانِ محمد ﷺ پر کیا فضیلت وارد ہوئی ہے تو وہ عمل کرنا چھوڑ دیں گے اور ایک روایت میں ہے {لئن ادرکتھم لاقتلنھم قتل عاد} اگر میں انہیں پالوں تو میں انہیں قومِ عاد کی طرف قتل کر دوں اور ایک روایت میں ہے {شر قتلیٰ تحت ادیم السمآء خیر قتلیٰ من قتلوہ} وہ آسمان کے نیچے سب سے برے مقتول ہیں اور سب سے خیر والے مقتول وہ ہیں جنہیں وہ قتل کر دیں۔

یہ وہی لوگ ہیں جن کے ساتھ سب سے پہلے امیر المومنین علی بن ابی طالب اور آپ ﷺ کے ساتھ اصحاب رسول اللہ نے حروراء میں قتال کیا جب وہ سنت اور جماعت سے خارج ہوئے اور مسلمانوں کے خون و اموال کو مباح کر لیا۔ انہوں نے عبد اللہ بن خباب کو قتل کیا اور پیدل چلنے والے مسلمانوں پر حملہ آور ہو گئے۔ تو امیر المومنین کھڑے ہوئے اور آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا اور یہ بات ذکر کی کہ انہوں نے قتل کیا اور اموال لوٹے... ان کا قتل حلال جانا اور ان کے قتل سے بہت خوش ہوئے۔ آپ نے اپنی خلافت میں جو سب سے بڑا کام کیا وہ خوارج کے ساتھ قتال ہی تھا۔

خوارج جمہور مسلمانوں کو کافر قرار دیتے تھے یہاں تک کہ انہوں نے عثمان و علی رضی اللہ عنہما کو بھی کافر قرار دے دیا۔ جیسے سارے اہل بدعت یہی کرتے ہیں اپنی کثرتِ عبادت و ورع کے باجود وہ اپنے زعم میں قرآن پر عمل پیرا تھے۔ صحیح بخاری وغیرہ میں یہ بات کئی وجوہ سے ثابت ہے کہ آپؓ نے فرمایا {خیر ھذہ الامۃ بعد نبیھا ابو بکر ثم عمر} اس امت کے نبی ﷺ کے بعد سب سے افضل ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں پھر عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔ یہ بھی ثابت ہے کہ آپ (علیؓ) نے غالی رافضیوں کو آگ میں جلوا دیا جب انہوں نے آپ کے بارے میں الوہیت کا اعتقاد رکھا۔

آپؓ سے ہی جید اسناد کے ساتھ مروی ہے آپ نے فرمایا{ لا اوتی بأحد یفضلنی علی ابی بکر عمر الا جلدته حد المفتری } میرے پاس کوئی ایسا بندہ لایا گیا جو مجھے ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما پر فضیلت دے تو میں اسے بہتان کی حد لگاؤں گا...یعنی اسّی درے! آپ سے ہی مروی ہے کہ آپ نے ابن سباء کو طلب کیا جب آپؓ کو خبر ملی کہ اس نے ابو بکر و عمر کو گالی دی ہے تو آپ نے اسے بلا بھیجا تا کہ اسے قتل کریں تو وہ بھاگ گیا۔

عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو کوڑے لگانے کا حکم دیا جس نے انہیں ابو بکرؓ پر فضیلت دی۔ عمر رضی اللہ عنہ نے صبیغ بن عسل سے کہا جب آپ کو گمان ہوا کہ وہ خارجی ہے...اگر میں نے تجھے مونڈھا ہوا دیکھا تو تیرا سر اڑا دوں گا (کیونکہ اس وقت تک وہ ظاہر نہ ہوئے تھے اور یہ ان کی علامت تھی)۔ پس یہ امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کی سنت ہے کہ آپ نے شیعہ کو سزا دینے کا حکم دیا ان تین قسموں پر اور ان میں سے کم تر تھی، فضیلت دینے پر... پس انہوں نے اور عمر رضی اللہ عنہما نے کوڑے مارنے کا حکم دیا۔ جب کہ "غالی" مسلمانوں کے اتفاق کے ساتھ واجب القتل ہیں اور وہ ایسے ہیں جو علی کے بارے میں الوہیت اور نبوۃ کا عقیدہ رکھتے ہیں جیسے کہ النصیریۃ، الاسماعیلیۃ جنہیں "بیت صاد" اور "بیت سین" کہا جاتا ہے۔ اسی طرح وہ "مُعَطِّلَۃ" بھی ان میں شامل ہیں جو کائنات کے بنانے والے کا انکار کرتے ہیں، یا قیامت کا انکار کرتے ہیں یا شریعت کے ظواہر کا انکار کرتے ہیں مثلاً پانچ نمازیں، رمضان کے روزے، بیت الحرام کا حج اور پھر اس کی تأویل کرتے ہیں کہ وہ ان باتوں کے اسرار و رموز سے واقف ہیں اور اسے اپنے شیوخ کی زیارت پر محمول کرتے ہیں۔ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ شراب حلال ہے اور ذی محرم کے ساتھ نکاح جائز ہے۔ پس تمام ایسے لوگ کافر ہیں اور ان کا کفر یہود و نصاریٰ سے زیادہ سخت ہے۔

پس اگر ان میں کوئی ایسی بات ظاہر نہیں کرتا تو وہ منافقین میں سے ہے جن کا ٹھکانہ جہنم کا سب سے نچلا گڑھا ہے اور جو ان اشیاء کو ظاہر کرے اس کا کفر شدید تر ہے...اس کا مسلمانوں کے درمیان ٹھہرنا جائز نہیں نہ جزیہ کے ساتھ...نہ ذمہ کے ساتھ...ان کی عورتیں مسلمانوں کے لیے حلال نہیں نہ ہی ان کا

ذبیحہ جائز ہے کیونکہ وہ مرتد ہیں اور سب سے برے مرتد ہیں... پس اگر وہ کوئی ممتنع گروہ ہوں تو ان کے ساتھ قتال واجب ہے جیسے کہ مرتدین کے ساتھ قتال کیا جاتا ہے... جیسے کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور آپ کے ساتھیوں نے مسیلمہ کذاب ملعون کے خلاف قتال کیا... اور جب وہ مسلمانوں کی بستیوں میں رہ رہے ہوں تو انہیں نکالا جائے گا اور انہیں توبہ کے بعد مسلمانوں میں رہنے کی اجازت دی جائے گی اور ان پر اسلام کی ان شرائع کا التزام کروایا جائے گا جو مسلمانوں پر واجب ہے۔

یہ بات صرف کسی "غالی" کے ساتھ مختص نہیں ہے بلکہ جو کوئی مشائخ میں سے ایسا غلو کرے اور کہے کہ اسے رزق دیا جاتا ہے یا یہ کہ اسے نماز معاف ہے یا یہ کہے کہ اس کا شیخ نبی ﷺ سے افضل ہے یا یہ کہ وہ شریعتِ نبویہ ﷺ سے مستغنی ہے یا یہ کہے کہ اس کا شیخ نبی ﷺ کے ساتھ تھا جیسے کہ خضر موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھے... یہ تمام لوگ کفار ہیں ان کے خلاف باجماع، مسلمین قتال واجب ہے اور انکے مقدور علیہ کو قتل کیا جائے گا... یعنی جو کوئی ان باتوں کا ارتکاب کرتے گرفت میں آجائے!۔

اسی طرح جب کوئی خارجی یا رافضی مقدور علیہ ہو... یعنی اس پر قابو پالیا جائے تو عمر و علی رضی اللہ عنہما کا فتویٰ ہے کہ اسے قتل کیا جائے گا۔ فقہاء نے ان کے کسی ایک مقدور علیہ کے قتل میں اختلاف کیا ہے لیکن ان کے خلاف قتال کے واجب ہونے میں کوئی اختلاف نہیں جب وہ ممتنع ہوں۔... پس قتال ... قتل سے زیادہ وسیع ہے جیسے کہ فساد برپا کرنے والے باغی دشمن کے خلاف قتال کیا جاتا ہے اور جب ان میں سے کوئی پکڑا جاتا ہے تو اسے بھی وہی سزا دی جاتی ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے حکم دیا ہے۔

خوارج کے بارے میں یہ نصوص نبی ﷺ سے متواتر ہیں اور علماء نے لفظی اور معنوی طور پر اس میں ان اہلِ اہواء کو بھی داخل کیا ہے جو شریعتِ رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کی جماعت سے خارج ہیں۔ بلکہ ان میں سے بعض جیسے کہ خوارج، حروریہ، خرمیہ، قرامطہ، نصیریہ فرقے ان کی بدترین اقسام میں سے ہیں۔ پس ہر وہ شخص جو کسی بشر کے بارے میں الٰہ ہونے کا اعتقاد رکھے یا کسی گروہ کے فرد کے

متعلق یہ اعتقاد رکھے کہ وہ نبی ہے اور اس پر مسلمانوں کے خلاف قتال کرے تو وہ خارجیوں اور حروریۃ سے بھی زیادہ شریر ہے۔

نبی ﷺ نے خوراج حروریۃ کا ذکر اس لیے فرمایا کہ وہ آپ ﷺ کے بعد خارج ہونے والے پہلے اہل بدعت ہیں... بلکہ ان کا پہلا آدمی تو آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں خارج ہوا۔ تو آپ ﷺ نے انکا تذکرۃ اپنے زمانے سے قریب ہونے کے سبب بھی فرمایا... جیسے رسول اللہ ﷺ نے بعض اشیاء کا ذکر ان کے وقوع ہونے کے سبب فرمایا جیسے اللہ تعالیٰ کا قول { وَلاَ تَقْتُلُواْ أَوْلادَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلاقٍ } اور اپنی اولادوں کو تنگ دستی کے خوف سے قتل نہ کرو۔ اسی طرح اللہ کا قول { مَنْ يَرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ } جو کوئی تم میں سے دین سے مرتد ہوگا تو اللہ عنقریب ایسی قوم لے آئے گا جو اس سے محبت کرے گی اور اللہ ان سے محبت کرے گا... اسی طرح نبی ﷺ کا بعض قبائل کو بعض احکام جو ان پر قائم ہو گئے، کے ساتھ خاص کرنا جیسے کہ اسلم، غفار، جہینہ، تمیمہ، اسد، غطفان وغیرہ۔ پس جس کسی پر یہ معنیٰ قائم ہو گئے اسے انہیں کے ساتھ ملا دیا جائے گا۔ کیونکہ ان کے ذکر کو خاص کرنا حکم کے ان کے ساتھ خاص ہونے کے سبب نہ تھا بلکہ ان کی تعیین کے سبب مخاطبین کی طرف یہ حاجت تھی۔ یہ اس وقت ہے جب الفاظ انہیں شامل نہ ہوں۔

پس یہ رافضی اگرچہ منصوص علیہم خوارج سے بدتر نہیں تو ان سے علاوہ بھی نہیں... کیونکہ پہلے گروہ نے تو صرف عثمان و علی رضی اللہ عنہما کو کافر قرار دیا تھا سوائے اس کے جو قتال سے بیٹھا رہا یا اس سے پہلے فوت ہو گیا... لیکن ان رافضیوں نے ابو بکر و عمر و عثمان اور عامۃ المہاجرین والانصار رضی اللہ عنہم اور جن لوگوں نے احسان کے ساتھ آپ علیہ السلام کی پیروی کی ...اور جمہور امتِ محمد ﷺ کو... متقدمین و متاخرین... ان سب کو کافر قرار دے دیا۔ پس جو کوئی ابو بکر و عمر اور مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم کے بارے میں عدالت کا اعتقاد رکھتا ہے... یا وہ ان سے ایسے راضی ہوتا ہے جیسے کہ اللہ ان سے راضی ہو گیا... یا وہ ان کے لیے استغفار کرتا ہے جیسے کہ اللہ نے انہیں استغفار کرنے کا حکم دیا ہے... تو وہ اسے کافر قرار دیتے ہیں۔ اسی طرح وہ ملت کے اعلام کو کافر قرار دیتے ہیں جیسے کہ سعید بن المسیب، ابو

مسلم الخولانی، اویس القرنی، عطاء بن ابی رباح، ابراہیم النخعی... اسی طرح مالک، اوزاعی، ابو حنیفہ، حماد بن زید، حماد بن سلمہ، ثوری، شافعی، احمد بن حنبل، فضیل بن عیاض، ابو سلیمان الدارانی، معروف الکرخی، جنید بن محمد اور سہل بن عبد اللہ التستری جیسی زمانہ ساز ہستیوں کو وہ کافر قرار دیتے ہیں۔

جو کوئی ان سے خارج ہے وہ اس کے خون کو مباح جانتے ہیں اور اپنے مذہب کو ''جمہور کے مذہب'' کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ جیسے فلاسفہ، اور معتزلہ اسے مذہب الحشو کہتے ہیں اور عامہ اور اہلِ حدیث بھی یہ موقف رکھتے ہیں۔ پھر وہ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ اہلِ مصر، شام، حجاز، مغرب، یمن، عراق، الجزیرۃ اور تمام اسلامی ممالک کے لوگوں کے ساتھ نکاح جائز نہیں اور نہ ہی ان کا ذبیحہ حلال ہے اور ہر وہ مائع چیز جو ان مسلمانوں کے پاس ہے مثلاً پانی وغیرہ وہ نجس ہے...اور وہ یہ کہتے ہیں ان مسلمانوں کا کفر یہود و نصاریٰ سے بڑھ کر ہے...کیونکہ یہ تو ان کے نزدیک اصلی کفار ہیں جبکہ وہ مرتد ہیں اور ارتداد کا کفر اصلی کفر سے بالاجماع زیادہ شدید ہے!

اسی سبب سے وہ جمہور مسلمانوں کے خلاف کافروں کا ساتھ دیتے ہیں۔ پس وہ تاتاریوں کے ساتھ مسلمانوں کے خلاف تعاون کرتے ہیں... اور وہ کافر بادشاہ چنگیز خان ملعون کے اسلامی ممالک کے خلاف خروج کا سب سے بڑا سبب تھے...وہی عراق کے شہروں پر ہلاکو کو بلانے کا سبب تھے... حلب اور الصالحیہ کے شہروں کو لوٹنے میں انہی کا خبثِ باطن کارفرما تھا۔ اسی طرح وہی تھے جنہوں نے مسلمانوں کی عساکر کو لوٹا جب وہ مصر سے روانہ ہوئیں اور ان کے پاس سے گذریں۔ پس اس سبب وہ مسلمانوں کے رستے بھی کاٹتے ہیں...اسی سبب ان کے اندر تاتاریوں اور اس کے بعد فرنگیوں کے ساتھ تعاون ظاہر ہوا...اور اسلام کے خلاف اس قدر شدید طوفان کھڑا کیا گیا۔ اسی طرح جب مسلمانوں نے عکہ وغیرہ کا ساحل فتح کیا تو انہوں نے مسلمانوں کے خلاف عیسائیوں کی مدد کی...اور انہیں مسلمانوں پر ترجیح دی جسے خود مسلمانوں نے انہی سے سنا... یہ سب کچھ ان کے بعض امور کی میں نے صفت بیان کی ہے وگرنہ معاملہ بہت ہی عظیم ہے۔ ان احوال کے ساتھ اہلِ علم کا اتفاق ہے کہ وہ سب سے بڑی تلوار جو

اہلِ قبلہ پر سونتی گئی... وہ سب سے بڑا فساد جو مسلمانوں کے خلاف برپا ہوا وہ سب ایک ایسے گروہ کی وجہ سے تھا جو انہیں کی طرف نسبت رکھتا ہے۔

پس وہ دین اور اہلِ دین کے لیے سب سے زیادہ ضرر والے ہیں...اور اسلام اور اسکی شریعت سے سب سے زیادہ دور خوارج و حروریۃ ہیں۔ اسی لیے وہ امت کا سب سے جھوٹا فرقہ ہیں۔ پس قبلہ کی طرف انتساب رکھنے والے فرقوں میں سب سے بدترین جھوٹا اور سب سے زیادہ جھوٹ کی تصدیق کرنے والا ان سے بڑھ کر کوئی نہیں... اور نفاق تو ان میں بہت ہی اظہر ہے چنانچہ وہ ایسا ہی ہے جیسے کہ نبیں نے اس کے متعلق فرمایا{آیۃ المنافق ثلاث اذا حدث کذب واذا وعد اخلف واذا ائتمن خان } منافق کی تین نشانیاں ہیں کہ جب وہ بات کرے تو جھوٹ بولے جب وعدہ کرے تو اس کا خلاف کرے اور جب امانت دیا جائے تو خیانت کرے اور ایک روایت میں ہے {اربع من کن فیه کان منافقا خالصا ومن کان فیه خصلة منهن كانت فيه خصلة من النفاق حتیٰ يدعها اذا حدث كذب واذا وعد اخلف اذا عاهد غدر واذا خاصم فجر} چار چیزیں جس میں پائی جائیں وہ خالص منافق ہے اور جس میں ان چار میں سے کوئی ایک خصلت پائی گئی تو اس میں منافقت کی ایک خصلت ہے یہاں تک کہ اسے چھوڑ دے۔ جب وہ بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو اس کا خلاف کرے اور جب معاہدہ کرے تو غداری کرے اور جب جھگڑا کرے تو گالی دے۔

پس جس کسی کا ان کے ساتھ واسطہ پڑا ہے وہ جان لے گا ان میں یہ خصلتیں کس قدر بدرجہ اتم موجود ہیں۔ اسی لیے وہ تقیہ استعمال کرتے ہیں جیسے کہ اسے منافقین اور یہودی مسلمانوں کے ساتھ استعمال کرتے ہیں { يَقُولُونَ بِأَلْسِنَتِهِمْ مَالَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ } وہ اپنے منہ سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دل میں نہیں... اور وہ اپنی باتوں پر قسمیں اٹھاتے ہیں کہ وہ مومنوں سے راضی ہیں جبکہ اللہ اور اسکے رسول علیہ السلام اس بات کے زیادہ حق دار ہیں کہ انہیں راضی رکھا جائے۔

انکی یہودیوں کے ساتھ بہت سے امور میں مشابہت پائی جاتی ہے...یقیناً یہود السامرۃ کے ساتھ... پس وہ سارے لوگوں سے زیادہ ان سے مشابہ ہیں۔وہ امامت کے مسئلہ میں ان سے مشابہ ہیں جب وہ ایک شخص یا بطن کے متعلق امامت کا دعویٰ کرتے ہیں اور اس کے علاوہ ہر کسی کے لیے امامت کے حق کی تکذیب کرتے ہیں... اسی طرح خواہشات کی پیروی میں...کلام کو اس کی اصل سے پھیرنے میں... فطر وصلاۃ المغرب کی تاخیر وغیرہ میں...اور غیر کے ذبیحہ کی تحریم میں...اسی طرح وہ عیسائیوں سے مبالغہ آمیزی میں مشابہت رکھتے ہیں، بدعتی عبادات اور شرک کے متعلق...وہ مسلمانوں کے خلاف یہودیوں، عیسائیوں اور مشرکوں سے دوستی لگاتے ہیں اور یہ منافقین کی بد خصلتیں ہیں...اللہ فرماتے ہیں {یَا أَیُّهَا الَّذِینَ آمَنُوا لا تَتَّخِذُوا الْیَهُودَ وَالنَّصَارَى أَوْلِیَاءَ بَعْضُهُمْ أَوْلِیَاءُ بَعْضٍ وَمَنْ یَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ} اے ایمان والو!یہودیوں اور عیسائیوں کو اپنا دوست نہ بناؤ کہ وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ فرماتے ہیں {تَرَى كَثِيراً مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُوا لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ} اے نبی ﷺ آپ ان میں اکثر کو دیکھیں گے کہ وہ کافروں سے دوستیاں لگاتے ہیں، بہت ہی برا عمل ہے جو انہوں نے اپنے نفسوں کے لیے آگے بھیجا ہے کہ اللہ ان پر سخت ہے اور وہ عذاب میں ہمیشہ رہیں گے اور اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ فرماتے ہیں {وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِالله والنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَكِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ} اور اگر وہ اللہ پر اور اس کے رسول اور جو کچھ انکی طرف اتارا گیا ہے اس پر ایمان لاتے تو وہ ان کو دوست ہر گز نہ بناتے لیکن ان میں سے اکثر فاسق ہیں۔

ان کے پاس کوئی عقل و نقل نہیں،نہ دینِ صحیح ہے نہ دنیائے منصورہ...نہ ہی وہ جمعہ پڑھتے ہیں نہ جماعت جبکہ خوارج جمعہ و جماعت کا اہتمام کرتے تھے... وہ مسلمانوں کے ائمہ کے ساتھ ملکر کفار کے خلاف جہاد کرنے کو بھی جائز نہیں جانتے،نہ ان کی اطاعت کرتے ہیں ،نہ ان کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں...نہ ہی ائمہ کی اطاعت کو بجالاتے ہیں... کیونکہ ان کا اعتقاد ہے کہ یہ سب کچھ صرف ''معصوم''امام کے پیچھے ہی جائز ہے۔ پھر وہ یہ اعتقاد رکھتے ہیں وہ معصوم چار سو چالیس سال سے ایک غار نما کھوہ میں

گھس گیا ہے... اور وہ ابھی تک نہیں نکلا اور نہ ہی کسی نے اسے نکلتے دیکھا ہے... پس دین کوئی نہیں جانتا ہو اور اس کے حاصل کرنے میں کوئی فائدہ نہیں بلکہ مضرت ہے۔ اس سب کے باوجود ایمان ان کے نزدیک اس کے بغیر صحیح نہیں ہوتا اور کوئی مومن نہیں ہوتا جب تک وہ اس گمشدہ پر ایمان نہ لائے... اور جنت میں کوئی داخل نہ ہوگا جو ان کا متبع نہ ہو... اس طرح کے جاہل و گمراہ ہیں... پہاڑوں اور بادیہ نشینی میں رہنے والے اجڈ گنوار... شیطان نے جنہیں خبط میں مبتلا کر دیا ہے جیسے کہ "ابن العود" اور اس جیسے لوگ جن کی لکھی ہوئی ہفویات کا ہم نے تذکرہ کیا ہے اور ان کی صراحت کی ہے۔

اس امر کے ساتھ وہ ہر اس شخص کو کافر قرار دیتے ہیں جو اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اور اسکی اسماء وصفات پر کتاب و سنت کے مطابق ایمان لایا اور ہر وہ شخص جو اللہ عزوجل کی قضاء وقدر پر ایمان لاتا ہے... پس وہ اللہ کی قدرتِ کاملہ اور اسکی مشیئت شاملہ پر ایمان لاتا ہے... وہ ان کے نزدیک کافر ٹھہرتا ہے۔ ان کے اکثر "محققین" کے نزدیک ابو بکر و عمر اور اکثر مہاجرین وانصار رضی اللہ عنہم اور ازواج النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جیسے کہ عائشہؓ وہ سب صرف چند لمحوں کے لیے ایمان لائے... کیونکہ ایسا ایمان جس کے پیچھے کفر ہو وہ اصل میں انکے نزدیک باطل ہے اور جیسے کہ علماء اہل السنۃ کہتے ہیں!

اور ان میں سے بعض ایسا کہتے ہیں کہ نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی شرمگاہ کو آگ چھوئے گی جس سے آپ نے امہات المومنین عائشہ و حفصہ رضی اللہ عنہما کے ساتھ مجامعت فرمائی اور یہ زعم رکھتے ہیں کہ اس سے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو کافروں کے ساتھ کی گئی وطی سے پاک کیا جائے گا (نعوذ باللہ) کیونکہ کافر کے ساتھ وطی کرنا ان کے نزدیک حرام ہے... پھر اس کے ساتھ وہ احادیثِ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثابتہ، اہلِ علم کے نزدیک متواترہ کا انکار کرتے ہیں جیسے کہ بخاری و مسلم کی احادیث اور وہ زعم رکھتے ہیں کہ شیعہ رافضی شاعروں کی شاعری جیسے کہ الحمیری، الدیلمی اور عمارۃ الیمنی کی شاعری، احادیثِ بخاری و مسلم سے بہتر ہے۔ ہم نے ان کی کتابوں میں نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی ذاتِ اطہر پر بہتان طرازی دیکھی، آپ کے جانثار صحابہ پر... آپ کے قرابت داروں پر... اور ہم نے انکی کتابوں میں اس قدر جھوٹ دیکھا جتنا ہم نے اہلِ کتاب کی تورات و انجیل میں نہیں دیکھا!

اس کے ساتھ وہ مساجد کو معطل کرتے ہیں جس کا کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ اس میں اس کا ذکر بلند کیا جائے... پس وہ اس میں نہ نماز قائم کرتے ہیں نہ ہی جمعہ۔ بلکہ جھوٹی وغیر جھوٹی قبروں پر مسجدیں بناتے ہیں اور انہیں مزار بناتے ہیں۔ جبکہ اللہ کے رسول ﷺ نے قبروں کو مساجد بنانے والوں پر لعنت فرمائی ہے اور اپنی امت کو اس سے منع فرمایا ہے اور آپ ﷺ نے اپنی وفات سے پانچ دن قبل فرمایا{ان من کان قبلکم کانوا یتخذون القبور مساجد، الا فلا تتخذوا القبور مساجد فانی انھاکم عن ذالك} تم سے پہلے لوگ قبروں کو مساجد بنالیتے تھے خبردار تم قبروں کو مساجد نہ بنانا کہ میں تمہیں اس سے منع کرتا ہوں...پھر وہ یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ ان جھوٹے مزاروں کا حج کرنا بہت عظیم عبادات میں سے ہے...یہاں تک کہ ان کے مشائخ میں بعض ایسے ہیں جو اسے بیت اللہ الحرام کے مامور حج پہ فضیلت دیتے ہیں! ان حالات کا وصف بہت طویل ہے۔

یہ باتیں بیان کرتی ہیں کہ وہ عام اہلِ الاہواء سے بھی بدتر ہیں اور خوارج سے بھی زیادہ قتال کیے جانے کے مستحق ہیں...یہ سبب ہے جس کے بارے میں یہ عرفِ عام بن گیا ہے کہ اہل بدعت رافضی ہیں اسی لیے عام لوگوں میں یہ مشہور ہے کہ سنی کا متضاد فقط رافضی ہے۔ کیونکہ وہ سنت رسول کے ساتھ سب سے زیادہ معاندانہ رویہ رکھتے ہیں اور آپ علیہ السلام کی شریعت کے اہل الاہواء میں سب سے بڑے دشمن ہیں۔ اسی طرح خارجی بھی قرآن کی اتباع اپنی فہم کے تقاضوں کے مطابق کرتے تھے جبکہ یہ امام معصوم کی اتباع کرتے ہیں... جس کا کوئی وجود نہیں...خوارج کا مستند ان کے مستند سے بہتر تھا۔ اسی طرح خارجیوں میں کوئی زندیق و غالی نہ تھا...جبکہ ان میں زندیق و غالی اتنے ہیں جنہیں اللہ ہی بہتر جانتے ہیں۔

اہلِ علم نے بیان کیا ہے کہ رافضیوں کی ابتدا کرنے والا ایک زندیق عبد اللہ بن سبا تھا...وہ ظاہر مسلمان اور باطن میں یہودی تھا...اس نے اسلام میں فساد داخل کرنے کے لیے بھیس بدلا...جیسے کہ پولس نصرانی اصلاً یہودی نے عیسائیت میں فساد داخل کرنے کے لیے عیسائیت اختیار کی۔ اسی طرح ان کے ائمہ کی اکثریت ''زندیق'' ہے...وہ ''رفض'' کا اظہار اس لیے کرتے ہیں کیونکہ یہ اسلام کی عمارت

کو ڈھانے کا راستہ ہے جیسے کہ ائمہ ملحدین نے کیا جو کہ سرزمینِ آذربائیجان میں معتصم کے عہد میں بابک الخرمی کے ساتھ ظاہر ہوئے اور ان کا نام الخرمیة تھا، المحمرہ اور قرامطہ الباطنیہ جو عراق وغیرہ میں ظاہر ہوئے انہوں نے حجرِاسود چرالیا جو ایک مدت تک ان کے پاس رہا جیسے کہ ابی سعید الجنابی اور اسکے پیرو کار۔ اسی طرح وہ لوگ جو ارضِ مغرب میں ظاہر ہوئے پھر وہ مصر میں گھسے اور وہاں قاہرہ بنایا اور دعویٰ کیا کہ وہ فاطمی ہیں۔ اہلِ علم النسب کے اتفاق کے ساتھ یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے نسب سے بری ہیں اور... اصل میں ان کا نسب یہودیوں اور مجوسیوں سے ملتا ہے اور اہلِ علم کے اتفاق کے ساتھ یہ لوگ یہودیوں اور عیسائیوں سے بڑھ کر اللہ کے نبی ﷺ کے دین سے دور ہیں... بلکہ ان کے غالی و ملحد جو جنابِ علی رضی اللہ عنہ کو الٰہ مانتے ہیں جیسے کہ اہلِ دور الدعوۃ جو خراسان، شام اور یمن وغیرہ میں تھے۔

یہ لوگ مسلمانوں کے خلاف تاتاریوں کے سب سے بڑے زبان وہاتھ کے ساتھ معاون و مددگار ہیں کیونکہ وہ مسلمانوں کے خلاف یہودیوں و عیسائیوں کی بات کو ترجیح دیتے ہیں...اسی لیے کافر بادشاہ ہلاکو خان ان کے "بتوں" کو قائم رکھتا تھا۔ جبکہ خارجی تو لوگوں میں سب سے سچے اور عہد کے پاسدار لوگ تھے... جبکہ یہ لوگ سب سے بڑے جھوٹے اور بد عہد ہیں۔

فتویٰ طلب کرنے والے کا یہ کہنا!!

کہ وہ محمد ﷺ کی لائی شریعت پر ایمان رکھتے ہیں!

تو یہ عین جھوٹ ہے بلکہ انہوں نے محمد ﷺ کی لائی ہوئی ہر چیز کا انکار کیا جسکا احاطہ صرف اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ ہی کو ہے پس کبھی تو وہ نصوصِ ثابتہ کا انکار کرتے ہیں اور کبھی معانی التنزیل کا انکار کرتے ہیں۔ ان کی ذلالتوں میں سے جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اور جو ذکر نہیں کیا، اس کے متعلق ہر کوئی جانتا ہے کہ یہ باتیں محمد ﷺ کی شریعت کی مخالف ہیں!

بے شک اللہ نے اپنی کتاب میں صحابہ رضوان اللہ علیہم کی ثناء بیان کی ہے اور ان کے لیے استغفار کا ذکر کیا ہے جس کی حقیقت کے یہ (رافضی) منکر ہیں... اور اللہ نے قرآن میں جمعہ، جہاد، اطاعتِ اولی الامر کا ذکر کیا ہے جس سے یہ خارج ہیں... اسی طرح اللہ نے اپنی کتاب میں مومنوں سے دوستی رکھنے اور ان سے محبت رکھنے، آپس میں بھائی چارہ قائم رکھنے اور اصلاح کرنے کا حکم دیا ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم اس سے خارج نہیں ہیں... اسی طرح اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے کافروں سے دوستی لگانے سے منع کیا اور رافضی اس سے بھی خارج ہیں... اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی کتاب میں مسلمانوں کے خون، عزت، ان کی غیبت اور ہمز ولمز کے حرام ہونے کا حکم دیا ہے اور یہ رافضی لوگوں میں سب سے زیادہ اسے حلال جانتے ہیں... اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی کتاب میں جماعت کے ساتھ التزام کا حکم دیا اور تفرق سے منع کیا ہے اور یہ رافضی اللہ کے اس حکم کے بھی منکر ہیں... اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی کتاب میں رسول ﷺ کی اطاعت، آپکی محبت اور اتباع کا حکم دیا ہے اور یہ اس سے بھی خارج ہیں... اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے زوجین کے حقوق کا ذکر کیا ہے اور وہ اس سے بھی بری ہیں... اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی کتاب میں اپنے لیے خالص توحید، ملک، عبادتِ بے شرکت کا حکم دیا اور یہ مشرک ہیں اور جیسے کہ ان کے بارے میں معلوم ہے کہ یہ لوگ سب سے زیادہ قبروں کی تعظیم کرنے والے ہیں اور انہیں اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ کے علاوہ بت بنا کر پوجتے ہیں... یہ ایسا باب ہے جس کا ذکر بہت طویل ہے... اسی طرح اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی کتاب میں اپنے اسماء وصفات کا ذکر کیا ہے جس کے ساتھ وہ کفر کرتے ہیں... اس نے اپنی کتاب میں انبیاء کے قصے ذکر کیے ہیں اور مشرکین کے لیے استغفار سے منع کیا ہے جبکہ وہ اس سے انکاری ہیں... وہ اپنی کتاب میں فرماتا ہے کہ وہ ہر چیز پر قادر ہے اور ہر چیز کا خالق ہے اور جو چاہتا ہے ہوتا ہے اور اس کے علاوہ کسی کی کوئی قوت نہیں لیکن وہ اس بات کے بھی منکر ہیں!

جبکہ فتویٰ صرف مختصر اشاروں کا متحمل ہے نہ تفاصیل کا!

یہ بات قطعاً معلوم ہے کہ خوارج کا ایمان اس شریعت پر جسے محمد ﷺ لے کر آئے ان رافضیوں کے ایمان سے بہت بڑا ہے۔ جب امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے انہیں قتل کیا اور ان

کے لشکر کے اموال کو بطور غنیمت لیا تو یہ لوگ باالاولیٰ اس بات کے حق دار ہیں کہ ان کے ساتھ قتال کیا جائے اور ان کے اموال لیے جائیں جیسے کہ امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے خوارج کے اموال لیے۔ پس اگر علم وغیرہ کی طرف نسبت رکھنے والا کوئی شخص کسی تأویل کیساتھ یہ اعتقاد رکھے کہ ان کے ساتھ قتال کرنا باغی خارجیوں کے خلاف قتال کرنے کی مانند ہے جیسے کہ امام کے ساتھ معاملہ میں ہوا۔ جیسے امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا اہل جمل و صفین کے خلاف قتال... تو ایسا شخص غلطی پر اور اسلام کی شریعت و خصوصیت کے ساتھ جاہل ہے جو اسلام سے خارج ان لوگوں کی شریعت کے ساتھ تخصیص کر رہا ہے۔ کیونکہ یہ لوگ اگر اسلام کی شریعت کے ساتھ ملکوں کی سیاست چلاتے تو یہ باقی سارے بادشاہوں کی طرح تھے۔ جبکہ یہ لوگ نفسِ شریعت و سنتِ رسول اللہ ﷺ سے خارج ہیں۔ یہ توخوراج و حروریۃ سے بھی شریر تر ہیں اور ان کے لیے کوئی تأویل جائز نہیں۔ کیونکہ تاویلِ سائغ اسی شخص کے لیے جائز ہے جو اس کے حامل کو مقرر کرے جب اس میں جواب نہ ہو جیسے کہ علماء کا متنازع امور میں اجتہاد کرنا۔ ان لوگوں کا کتاب و سنت و اجماع میں کوئی حصہ نہیں۔ لیکن ان کی تأویلیں مانعین زکوۃ کی تاویل کی طرح ہیں جیسے خوارج، یہود اور نصاریٰ کا حال ہے اور یہ اہلُ الاَہوا کی بدترین تأویلیں ہیں۔

بعض فقہاء نے اپنی مختصرات میں ان مسائل کے لیے کوئی تحقیق نہیں پائی اور اکثر ائمہ مصنفین نے اپنی تصانیف میں شریعت کے اعتقادی و عملی اصول سے خارج لوگوں جیسے کہ خوارج اور مانعینِ زکوۃ، کے ساتھ قتال کا ذکر امام کے خلاف خروج کے ابواب میں کیا ہے جیسے کہ اہلِ جمل و صفین ۔لیکن یہ بات غلط ہے بلکہ کتاب و سنت اور اجماعِ صحابہ نے اس میں فرق کیا ہے جیسے کہ اکثر ائمہ فقہ و سنت و تصوف اور ائمہ علم الکلام نے اس کا ذکر کیا ہے۔

نبی ﷺ سے ایسی نصوص وارد ہیں جو انہیں اور ان کے گروہ کو شامل ہیں۔ جیسے کہ مسلم نے اپنی صحیح میں ابو ہریرۃ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا {من خرج من الطاعة وفارق الجماعة ثم مات مات ميتة الجاهلية ومن قتل تحت راية عميه، يغضب للعصبية ويقاتل

للعصبية فليس مني و من خرج على امتي يضرب برها وفاجرها ولا يتحاشى من مومنها ولا يفي لذى عهدها فليس مني } جو اطاعت سے خارج ہوا اور جس نے جماعت کو چھوڑا اور پھر وہ مر گیا تو وہ جاہلیت کی موت مرا اور جس نے کسی جاہلیت کے جھنڈے تلے قتال کیا، عصبیت کے لیے غصہ ہوا اور اسی کے لیے قتال کیا تو وہ مجھ سے نہیں۔ اور جس نے میری امت کے خلاف خروج کیا اور اس کے نیک و بد کو مارا اور نہ ہی اس کے مومن کا خیال کیا اور نہ ہی امت کے ذی عہد کے ساتھ عہد کو پورا کیا تو وہ مجھ سے نہیں۔ پس اس حدیث میں آپ ﷺ نے باغیوں کا ذکر فرمایا جو سلطان کی اطاعت سے اور مسلمانوں کی جماعت سے خارج ہیں۔

اسی طرح آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر ان میں سے کوئی ایک مر گیا تو وہ جاہلیت کی موت مرے گا کیونکہ جاہلیت کے لوگوں کا کوئی امام نہیں ہوتا بلکہ ان کی ایک جماعت دوسرے پر غلبہ پاتی ہے۔ پھر آپ نے اہلِ عصبیت کا ذکر کیا جیسے کہ وہ لوگ جو نسب پر قتال کرتے ہیں مثلاً قیس اور یمن۔ پس آپ نے ذکر کیا جو ان جھنڈوں کے نیچے لڑتا ہوا مارا گیا تو وہ آپ کی امت سے نہیں۔ پھر آپ نے فسادی باغی دشمن خوارج وغیرہ کا ذکر کیا کہ جس نے ان جیسا فعل کیا تو وہ اس امت سے نہیں۔

ان (رافضی) لوگوں میں یہ تینوں وصف بدرجہ اَتم جمع ہیں بلکہ انہوں نے اس سے بھی زیادہ کر لیے ہیں۔ پس یہ اطاعت و جماعت سے خارج ہیں، مومن و معاہد کو قتل کرتے ہیں اور مسلمانوں کے کسی والی کی اطاعت قبول نہیں کرتے چاہے وہ عادل ہو یا فاسق ہو اور صرف اس کی پیروی کرتے ہیں... جسکا کوئی وجود ہی نہیں! ۔ یہ لوگ عصبیت پر بلکہ عصبیت کی بری ترین قسم ذوی الانساب پر لڑتے ہیں۔ جبکہ یہ عصبیت ایک فاسد دین کے لیے ہے۔ ان کے دل مسلمانوں کے صلحاء، کبار و صغار کے متعلق غیظ و دھوکہ سے بھرے پڑے ہیں اور ان کی سب سے اعلیٰ عبادت مسلمانوں کے اولیاء اللہ ... متقدمین و متأخرین ... کو لعن طعن کرنا ہے۔ ان کا مسلمانوں کے خلاف خروج کرنا اور مومن و معاہد کو قتل کرنا، یہ ان کا حال ہے جبکہ وہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہی مومن ہیں اور ساری امت کافر ہے۔

مسلم نے اپنی صحیح میں محمد بن شریح سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا{ انه ستکون هناة وهناة، فمن أراد أن يفرق امر هذه الا مة وهي جمع فاضربوه بالسيف كائنا من كان } بے شک بنا مشقت ورنج کے بہت سی مصیبتیں آئیں گی پس جو شخص اس امت کو تفرقہ میں ڈالنا چاہے جبکہ وہ متحد ہو تو اسے تلوار سے مارو اور ایک روایت میں ہے { فاقتلوه } اسے قتل کردو اور ایک روایت میں ہے {من اتاكم و امركم جميع على رجل واحد يريد ان يشق عصاكم ويفرق جماعتكم فاقتلوه } جو کوئی تمہارے پاس اس حال میں آئے کہ تم ایک آدمی کے حکم پر متفق ہو اور وہ تمہارے اندر اختلاف ڈالنا چاہتا ہے تو ایسے شخص کو قتل کردو چاہے وہ جو کوئی بھی ہو۔ جبکہ یہ (رافضی)لوگ سب سے زیادہ اس بات کے حریص ہیں کہ مسلمانوں کی جماعت میں تفریق پھیلے۔ وہ مسلمانوں کے کسی ولی الامر کی اطاعت نہیں بجالاتے چاہے وہ عادل ہو یا فاسق...نہ اطاعت کے معاملے میں اور نہ ہی کسی اور امر میں وہ اس کی اطاعت کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک سب سے بڑا اصول تکفیر، لعن طعن اور بہترین حکمرانوں کو گالی دینا ہے... جیسے کہ خلفائے راشدین، علمائے مسلمین اور ان کے مشائخ... کیونکہ وہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ ہر وہ شخص جو امام معصوم پر ایمان نہیں رکھتا... جس کا کوئی وجود ہی نہیں...تو وہ اللہ اور اس کے رسول اپر ایمان نہیں لایا۔

یہ لوگ خارجی حروریۃ سے بھی بڑھ کے بدتر ہیں...اور اہل الاہواء سے بھی بڑھ کر کیونکہ ان کا مذہب خارجیوں کے شر سے بھی بڑھ کر شریر کو شامل ہے۔ یہ اس لیے کہ خوارج پہلے اہل الاہواء تھے جو سنت اور جماعت سے خارج ہوئے ایسے دور میں جب خلفائے راشدین باقی تھے، مہاجرین و انصار موجود تھے، علم کا ظہور تھا، امت میں عدل تھا، نبوت کا نور تھا، دلیل کی حکومت تھی...اللہ رب العزت نے اس دین کو حجت و قدرت کے ساتھ تمام ادیان پر غالب کر دیا تھا۔ خارجیوں کے خروج کا سبب وہ افعال تھے جو امیر المومنین عثمان و علی اور آپ کے ساتھیوں رضوان اللہ علیہم سے سرزد ہوئے جس میں تاویل کی گنجائش موجود ہے...لیکن انہوں نے اس کا احتمال قبول نہ کیا بلکہ اسے اجتہاد کی جگہ بنا دیا...

تو نیکیوں کو گناہ بناڈالا اور گناہوں کو کفر بنادیا اور اسی لیے وہ جنابِ ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما کے دور میں نہ نکلے کیونکہ اس وقت ان کی تاویلیں کمزور تھیں۔

یہ بات معلوم ہے کہ جب بھی نبوت کا نور واضح ہوا مخالف بدعت اسی قدر کمزور پڑ گئی...اسی لیے پہلی بدعت دوسری سے خفیف تھی اور دوسری بدعت پہلی کی برائی اور زیادتی کو لیے ہوئے تھی۔ جیسے کہ سنت کی حالت ہے کہ وہ جتنی اصل حالت پر ہوگی اتنا ہی نبی ﷺ کے اسوہ کے اقرب ہوگی اور افضل ہوگی، پس سنت بدعت کی ضد ہے۔ جس قدر وہ آپ سے قریب ہوگی جیسے جنابِ ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہم کی سیرت تو وہ اس سے افضل ہوگی جو متاخر ہے جیسے کہ عثمان و علی رضی اللہ عنہم کی سیرت۔ جب بدعت اس کی ضد میں جس قدر دور ہوگی تو قریب سے بھی شریر تر ہوگی جیسے کہ قریب کا زمانہ خوارج کا ہے۔ پس اس طرح کی باتیں کرنا تو آپ ﷺ کے زمانے میں ہی شروع ہوا لیکن ان کا اجتماع و قوت جنابِ امیر المومنین علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ظاہر ہوئی۔

پھر جنابِ علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں کلامِ رفض ظاہر ہوا لیکن انہیں قوت و شوکت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد ملی بلکہ رافضیت کا نام بھی اس وقت ظاہر ہوا جب زید بن علی بن الحسین رضی اللہ عنہ نے پہلے سو سال بعد خروج کیا...جب جنابِ ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما پر زبانیں دراز ہونا شروع ہوئیں اور ان بدعتیوں نے انکی خلافت کا انکار کیا تو انہیں رافضی یعنی منکر کہا گیا اور انہوں نے یہ اعتقاد رکھا کہ ابو جعفر ہی امامِ معصوم ہیں اور کچھ دوسرے لوگوں نے آپ کی اتباع کا دعویٰ کیا تو ان کا نام زیدیہ پڑ گیا۔

پھر صحابہ کے اواخر زمانہ میں تکلم کے سبب قدریۃ اور مرجئہ کی بدعت کا ظہور ہوا تو صحابہ کی باقیات نے اس کا رد کیا... جیسے کہ ابن عمر، ابن عباس، جابر بن عبد اللہ، ابو سعید اور واثلہ بن اسقع وغیرہم رضی اللہ عنہم۔ لیکن ان لوگوں کو کوئی قوت و شوکت نہ مل سکی تا آنکہ بعد میں معتزلہ اور مرجئہ کی کثرت ہو گئی۔

پھر تابعین کے اواخر عہد میں جہمیہ کی بدعت کا ظہور ہوا جو "صفات" کی نفی کرنے والے تھے لیکن انہیں سلطان وشوکت دو سو سال بعد جا کے ملی جب ابو العباس المامون الرشید کا دور آیا۔ اس نے لوگوں کو آزمائش میں ڈالا اور کتابیں لکھوائیں یہاں تک کہ عجمی رومیوں، یونانیوں وغیرہم کی کتب کے تراجم سامنے آئے۔

اسی کے زمانے میں "الخرمیہ" ظاہر ہوئے۔ یہ لوگ تو زندیق و منافق تھے جو صرف اپنا اسلام ظاہر کرتے تھے اور بعد میں یہ قرامطہ، باطنیہ اور اسماعیلیہ میں تقسیم ہو گئے۔ ان کی اکثریت رفض کو حلال جانتی ہے۔

اسی طرح رافضہ امامیہ تین سو سال بعد بنی بویہ کے عہد میں ظاہر ہوئے... ان کے اندر عام گمراہ اہلِ اہواء تھے... ان میں خارجیت تھی... ان میں رفض و قدریت اور تجہم جمع تھا۔

ایک عالم جب غور کرتا ہے کہ کتاب و سنت کی کون سی نصوص کا ان لوگوں نے نقض کیا ہے... تو وہ دیکھے گا کہ اس کا احاطہ سوائے اللہ کے کوئی نہیں کر سکتا۔ پس یہ ساری باتیں بیان کرتی ہیں کہ ان کے اندر خوارج حروریہ اور اس کا بھی اضافہ ہے۔ اسی طرح خارجی حروریہ تو قرآن کی اتباع کو اپنی آراء کے ساتھ جائز قرار دیتے تھے اور ان سنتوں کی اتباع کا دعویٰ کرتے تھے جن کے بارے میں ان کا زعم ہے کہ وہ قرآن کے مخالف ہیں۔ جبکہ رافضی اہل بیت کی اتباع کا دعویٰ کرتے ہیں اور یہ زعم رکھتے ہیں کہ ان میں معصوم ہیں جن پر علم کی کوئی چیز مخفی نہیں اور وہ... عمداً و سہواً... غلطی کا ارتکاب نہیں کرتے... جبکہ قرآن کی اتباع پوری امت پر واجب ہے بلکہ وہ اصلِ ایمان ہے اور ہدایت کا سرچشمہ ہے جس کے ساتھ اللہ نے اپنے رسول ﷺ کو مبعوث کیا ہے۔ اسی طرح اہلِ بیتِ رسول اللہ ﷺ کی محبت، دوستی اور ان کے حقوق کی رعایت واجب ہے اور یہ وہ {الثقلان} دو مضبوط کڑے ہیں جن کی اللہ کے نبی ﷺ نے وصیت کی۔

پس مسلم نے اپنی صحیح میں زید بن ارقم سے روایت کی ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں مکہ ومدینہ کے درمیان ایک مقام غدیر جسے ''خُم'' کہا جاتا ہے میں خطبہ دیا {ایھا الناس، انی تارك فیکم الثقلین} اے لوگو میں تمہارے اندر دو مضبوط کڑے چھوڑے جارہا ہوں اور ایک روایت میں ہے {احدھما اعظم من الآخر کتاب اللہ فیه الھدی والنور} جن میں ایک دوسرے سے بڑا ہے، اللہ کی کتاب جس میں ہدایت وروشنی ہے! پس آپ نے کتاب اللہ میں ترغیب دلائی اور ایک روایت میں ہے {ھو حبل اللہ من اتبعه کان علی الھدیٰ ومن ترکه کان علی الضلالة وعترتی اھل بیتی أذکرکم اللہ فی اھل بیتی، أذکرکم اللہ فی اھل بیتی، أذکرکم اللہ فی اھل بیتی} وہ اللہ کی رسی ہے جس نے اسے پکڑ لیا وہ ہدایت پر ہے اور جس نے اسے چھوڑ دیا وہ گمراہی پر ہے اور میری اولاد میرے اہل بیت... اور میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں... میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں... میں تمہیں اپنے اہلِ بیت کے بارے میں اللہ کی یاد دلاتا ہوں! تو زید بن ارقم سے کہا گیا آپ کے اہلِ بیت کون ہیں؟ تو انہوں نے کہا اہلبیت وہ ہیں جن پر صدقہ حرام ہے... آلِ عباس، آلِ علی، آلِ جعفر اور آلِ عقیل رضی اللہ عنہم۔ جبکہ قرآن کے اتباع پر دلالت کرنے والی نصوص کثرت کے ساتھ ہیں جن کے یہاں ذکر کی احتیاج نہیں!

اسی طرح نبی ﷺ سے بطریقِ حسّانؓ مروی ہے کہ آپ نے اپنے اہلِ بیت کے متعلق فرمایا {والذی نفسی بیدہ لا یدخلون الجنة حتیٰ یحبوکم من اجلی} اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے وہ مومن نہیں ہوسکتے جب تک میری وجہ سے تم سے محبت نہ رکھیں۔ بے شک اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے ہمیں آلِ محمد پر صلاۃ پڑھنے کا حکم دیا ہے اور انہیں صدقہ سے پاک رکھا ہے جو لوگوں کا میل کچیل ہے اور ان کے لیے خمس اور فیئی میں حق رکھا ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا جیسے کہ صحیح میں ثابت ہے {ان اللہ اصطفیٰ بنی اسماعیل و اصطفیٰ کنانة من بنی اسماعیل واصطفیٰ قریشا من کنانة و اصطفیٰ بنی ہاشم من قریش واصطفانی من بنی ھاشم فانا خیرکم نفساً وخیرکم نسباً} بے شک اللہ تعالیٰ نے بنی اسماعیل کو پسند کیا اور

بنی اسماعیل سے کنانہ کو اور کنانہ سے قریش کو اور بنی ہاشم کو قریش سے اور مجھے بنی ہاشم سے منتخب فرمایا اور میں تم سب میں حسب ونسب میں بہتر ہوں۔

اگر ہم یہاں حقوقِ قرابت اور حقوقِ صحابہ رضی اللہ عنہم کا بھی ذکر یں تو خطاب بہت طویل ہو جائے گا...پس اس کے دلائل کتاب وسنت میں بے شمار ہیں۔ اسی لیے صحابہ کے اور قرابت کے حقوق کی رعایت رکھنے پر اہل السنة والجماعة کا اجماع ہے...اسی لیے انہوں نے ان تمام ناصبیوں سے برأت کا اظہار کیا جو جنابِ علی بن ابی طالب کو کافر کہتے ہیں اور ان پر فسق کا بہتان لگاتے ہیں اور اہلِ بیت کی حرمت کی تنقیص کرتے ہیں۔ مثلاً جو انکی حکومت میں مخالفت کرتا ہے، یا ان کے واجب حقوق ادا کرنے سے اعراض برتتا ہے یا یزید بن معاویۃ رضی اللہ عنہ کی تعظیم میں مبالغہ آمیزی کرتا ہے!۔ اسی طرح اہل السنة نے ان رافضیوں سے برأت کا اظہار کیا جو صحابہ اور جمہور مومنین کے بارے میں طعن کرتے ہیں اور عام نیک اہلِ قبلہ کی تکفیر کرتے ہیں۔ اہل السنة جانتے ہیں کہ یہ لوگ گناہ وگمراہی میں اپنے پہلوں سے زیادہ ہیں جیسے کہ ہم نے ذکر کیا کہ یہ محارب رافضہ خوارج سے بڑھ کے شریر ہیں اور ہر دو گروہوں نے ایک راہ کو پکڑا ہے، لیکن قرآن ان دونوں میں بہت ہی عظیم ہے۔ اس لیے خوارج رافضیوں سے کم گمراہ تھے جبکہ یہ دونوں گروہ اللہ کی کتاب اور اس کے رسول ﷺ کی سنت کے، صحابہ کے، آپ ﷺ کی قرابت، خلفائے راشدین کی سنت کے اور آپ ﷺ کی اولادو اہلِ بیت کے مخالف ہیں۔

علمائے اصحابِ احمد وغیر ہم نے اجماع الخلفاء اور اجماعِ اولادِ رسول ﷺ کے بارے میں اختلاف کیا کہ کیا وہ حجت ہے اور اسکی اتباع واجب ہے؟ جبکہ صحیح بات یہ ہے کہ دونوں ہی حجت ہیں اور انکی اتباع واجب ہے کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا {علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین المھدیین من بعدی تمسکوا بھا وعضوا علیھا بالنواجذ} تم پر میری اور میرے خلفائے راشدین کی سنت واجب ہے اسے مضبوطی کے ساتھ دانتوں سے پکڑو۔ یہ حدیث سنن میں وارد ہے اور صحیح ہے۔ اور آپ ﷺ نے فرمایا {انی تارك فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی، و انھما لن یفترقا حتیٰ یردا علی

الحوض} میں تمہارے اندر دو مضبوط ثقلان چھوڑے جارہاہوں اللہ کی کتاب اور میری اولاد اور یہ دونوں اس وقت تک جدا نہ ہوں گے یہاں تک کہ میرے حوض پر وارد ہوں{اسے ترمذی نے حسن کہا اور کہا کہ اس میں نظر ہے}۔ اسی طرح خلفائے راشدین کے عہد میں اہل مدینۃ النبی کا اجماع بھی بمنزلہ واجب کے ہے۔

یہاں مقصود یہ ہے کہ...!

یہ بیان کیا جائے کہ یہ محارب گروہ رافضہ وغیرہم ان خارجیوں سے بدتر ہیں جن کے قتل کی نص نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے بیان فرمائی ہے اور ان کے ساتھ قتال کی ترغیب دی ہے۔ یہ اس امر کی حقیقت کو جاننے والے علماء کے درمیان متفق علیہ مسئلہ ہے۔ پھر ان میں بعض علماء ایسے ہیں جنہوں نے خوارج کی تمام اصناف واقسام کو اس میں شامل کیا ہے جبکہ بعض کی رائے یہ ہے کہ وہ باب تنبیہ وفحویٰ یا ان کے اس معنیٰ میں ہونے کی وجہ سے اس میں داخل ہیں۔

ذیل کی حدیث متنوع الفاظ کے ساتھ وارد ہے۔ صحیحین میں ہے اور یہ لفظ بخاری کے ہیں۔ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں {اذا حدثتکم عن رسول الله احدیثاً فوالله لأن أخِرَّ من السماء احب الی من ان اکذب علیه واذا حدثتکم فیما بینی وبینکم فان الحرب خدعة وانی سمعت رسول اللهﷺ یقول سیخرج قوم فی آخرالزمان حداث الاسنان سفهاء الاحلام یقولون من خیر قول البریة لا یجاوز ایمانهم حناجرهم یمرقون من الدین کما یمرق السهم من الرمیة فأینما لقیتموهم فاقتلوهم فان فی قتلهم اجراً لمن قتلهم یوم القیامة} جب میں تمہیں کوئی حدیث رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم سے بیان کروں تو مجھے یہ بات پسند ہے کہ مجھے آسمان سے گرا دیا جائے کہ میں جنابِ رسالتمآب پر جھوٹ بولوں اور جب میں کوئی بات ایسی بیان کروں جو میرے اور تمہارے درمیان ہو تو جنگ دھوکہ کا نام ہے اور بے شک میں نے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ آخر زمانے میں ایک قوم نکلے گی کم

عمر بہت زیادہ باتیں بنانے والے اور کج فہم لوگ، وہ خلقت میں بہت اچھی بات کہیں گے لیکن ایمان ان کے حلق سے متجاوز نہ ہوگا۔ وہ دین سے ایسے خارج ہوں گے جیسے تیر کمان سے خارج ہوتا ہے۔ پس جہاں بھی تم انہیں ملو قتل کر دو کہ ان کے قتل کرنے میں قیامت کے دن اجر ہے۔

اسی طرح صحیح مسلم میں زید بن وہب سے مروی ہے کہ وہ اس جیش میں شامل تھے جو علی رضی اللہ عنہ کی معیت میں خوارج کی طرف نکلا تو علیؓ نے فرمایا اے لوگو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت سے ایک قوم نکلے گی وہ قرآن پڑھیں گے لیکن تمہاری تلاوت ان کے مقابل کم معلوم ہوگی، تمہاری نمازیں ان کے مقابلے میں حقیر، اور تمہارے روزے ان کے مقابلے میں کچھ نہ ہوں گے۔ وہ قرآن پڑہیں گے اور خیال کریں گے کہ وہ ان کی مواقفت کر رہا ہے لیکن وہ ان پر حجت ہو گا... ان کی نمازیں بلند نہ کی جائیں گی وہ اسلام سے ایسے خارج ہوں گے جیسے ایک تیر کمان سے خارج ہوتا ہے۔ ان کو پانے والا جیش اگر یہ جان لے کہ ان کے متعلق ان کے نبی ﷺ کی زبان سے کیا بشارت صادر ہوئی ہے تو وہ عمل چھوڑ دیں اور اس کی نشانی یہ ہے ان کے اندر آدمی ایسے ہے کہ ان کے کٹے ہوئے بازو پر ایک پھوڑا ہے جو پستان کی مانند اور اس پر سفید بال ہیں۔ اللہ کی قسم میں امید رکھتا ہوں کہ یہی وہ لوگ ہیں... انہوں نے محرم خون کو گرایا ہے اور لوگوں پر غارتگری کی ہے... پس اللہ کا نام لیکر ان سے لڑنے کے لیے نکلو... صحیح مسلم میں کاتبِ علیؓ بن ابی طالب عبد اللہ بن رافع سے روایت ہے کہ جب حروریۃ نے خروج کیا تو میں ان کے ساتھ تھا وہ (حروریۃ) کہنے لگے " لا حکم الا اللہ " تو جنابِ علی نے فرمایا {کلمۃ حق ارید بھا الباطل، ان رسول اللہ ﷺ وصف ناسا انی لأعرف صفتھم فی ھوء لاء۔ یقولون الحق بالسنتھم لا یجاوز ھذا منھم۔ واشار الی حلقہ۔ من ابغض خلق اللہ الیہ منھم رجل أسود احدی یدیہ طبی شاۃ او حلمۃ ثدی} یہ کلمہ ء حق ہے جس سے مراد باطل ہے، بے شک رسول اللہ ﷺ نے کچھ لوگوں کی صفت بیان کی ہے اور میں ان کی صفت ان لوگوں میں اچھی طرح پہچانتا ہوں وہ اپنی زبان سے حق کہتے ہیں لیکن وہ ان کے یہاں سے متجاوز نہیں ہوتا...اور انہوں نے اپنے حلق کی طرف اشارہ کیا...اللہ کی مخلوق کے بدترین لوگ اور ان میں ایک ایسا سیاہ آدمی ہے اس کے ایک ہاتھ پر بکری کے تھنوں کی مانند یا پستان کے سر کی مانند ایک

نشان ہے۔ پھر جب علی رضی اللہ عنہ نے ان سے قتال کیا تو انہوں نے کچھ نہ پایا تو آپ نے فرمایا(انظروا) تلاش کرو تو انہوں نے دیکھا اور کچھ نہ پایا تو آپ نے فرمایا{ارجعوا فوا للہ ماکَذَبتُ ولاکُذِبتُ مرتین او ثلاثاً} پھر آپ نے دو یا تین مرتبہ فرمایا لوٹ جاؤ اللہ کی قسم نہ میں نے جھوٹ کہا نہ ہی جھٹلایا جاؤں گا۔

یہ علامت جسے نبی ﷺ نے ذکر کیا ہے یہ ان کے سب سے پہلے نکلنے والے آدمی کی ہے جبکہ یہ صرف اسی قوم تک مخصوص نہیں کیونکہ اس کے علاوہ احادیث میں یہ خبر وارد ہے کہ یہ لوگ دجال کے زمانے تک نکلتے رہیں گے...اور مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خوارج صرف اسی فوج کے ساتھ مخصوص نہ تھے۔ اسی طرح وہ صفات جن کی آپ انے صفت بیان کی ہے اس فوج کے علاوہ پر بھی عام ہیں اسی لیے صحابہؓ اس حدیث کو مطلقاً لیتے تھے۔ جیسے کہ وہ حدیث جو ابی سلمہ اور عطاء بن یسار سے مروی ہے کہ وہ دونوں ابو سعیدؓ کے پاس آئے اور ان سے حروریہ کے متعلق سوال کیا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق کچھ سنا ہے تو انہوں نے کہا میں نہیں جانتا لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ اس امت میں ایک قوم نکلے گی اور میں نہیں جانتا وہ کون ہیں کہ تم اپنی نمازیں ان کے مقابلہ میں حقیر جانو گے وہ قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے متجاوز نہ ہو گا اور دین سے ایسے خارج ہوں گے جیسے تیر کمان سے خارج ہو تا ہے... (یہ لفظ مسلم کے ہیں)۔

اسی طرح صحیحین میں ابو سعیدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں جب نبی ﷺ مالِ غنیمت تقسیم فرمارہے تھے کہ ایک آدمی عبد اللہ ذوالخویصرۃ التمیمی آیا اور ایک روایت میں ہے کہ آپ کے پاس بنی تمیم کا ایک آدمی ذوالخویصرۃ آیا تو وہ کہنے لگا اے اللہ کے رسول عدل کیجیے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا تو ہلاک ہو کون عدل کرے گا اگر میں عدل نہ کروں گا اگر میں عدل نہ کروں تو میں خسارہ میں ہو جاؤں اور ناکام ہو جاؤں تو جنابِ عمر بن الخطابؓ نے عرض کی مجھے اجازت دیجیے میں اس کی گردن اڑادوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اسے چھوڑ دو، اسکے کچھ ساتھی ہوں گے تم اپنی نمازیں ان کے مقابلے میں حقیر پاؤ گے

اور اپنے روزے ان کے مقابلے میں کم تر پاؤ گے وہ دین سے ایسے خارج ہوں گے جیسے تیر کمان سے خارج ہوتا۔

پس ان لوگوں کی اصل گمراہی ہے ان کا ائمہ ءہدایت اور مسلمانوں کی جماعت کے بارے میں اعتقاد کہ وہ عدل سے خارج ہیں اور گمراہ ہیں۔ یہ رافضہ اور ان جیسے گروہوں کا ماٰخذ ہے پھر وہ یہ کہتے ہیں کہ جسے وہ ظلم دیکھتے ہیں وہ ان کے نزدیک کفر ہے اور اس کے بعد وہ اس کفر پر احکام گھڑتے اور مرتب کرتے ہیں۔ پس یہ تین مقامات ہیں دین سے نکل جانے والے حروریۃ، رافضہ وغیر ہم کے اور ہر ایک مقام میں انہوں نے دین کا ایک اصول ترک کیا یہاں تک کہ وہ دین سے ایسے نکلے جیسے تیر کمان سے نکلتا ہے!

صحیحین میں ابو سعیدؓ سے مروی ہے {یقتلون اھل الاسلام ویدعون اھل الاوثان لئن ادرکتھم لأقتلنھم قتل عاد} وہ اہلِ اسلام کو قتل کریں گے اور بت پرستوں سے دوستیاں لگائیں گے اور میں انہیں پالوں تو قومِ عاد کی طرح انہیں قتل کر دوں۔ پس سارے خارجیوں کی یہی صفت ہے جیسے رافضہ وغیر ہم۔ وہ اہلِ قبلہ کے خون مباح ہونے کا اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ ان کے نزدیک مرتد ہیں اور وہ مسلمانوں کے خون کو زیادہ مباح جانتے ہیں بنسبت کافروں کے خون کے مباح ہونے کے جو کہ مرتد نہیں ہیں کیونکہ مرتد اپنے غیر سے بدتر ہوتا ہے۔

اسی طرح حدیثِ ابی سعیدؓ میں ہے کہ نبی ﷺ نے ایسی قوم کا ذکر کیا جو آپ اکی امت میں ہو گی {یخرجون فی فرقۃ من الناس سیماھم التحلیق} وہ لوگوں کے ایک ایسے گروہ میں نکلیں گے جن کی نشانی سر مونڈھنا ہو گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا {ھم شر الخلق او من شر الخلق تقتلھم أدنیٰ الطائفتین الی الحق} وہ بدترین مخلوق ہوں گے یا وہ ایسی بد مخلوق ہوں گے جنہیں ایسا گروہ قتل کرے گا جو حق کے سب سے زیادہ قریب ہو گا۔ پس یہ نشان پہلے لوگوں کا تھا جو پستان کی مانند تھا کیونکہ یہ ان کا وصفِ لازم تھا۔

اسی طرح امام بخاری و مسلم نے صحیحین میں حدیثِ سہل بن حنیف کو اسی معنی میں روایت کیا ہے اور بخاری نے اسے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے جبکہ مسلم نے اسے ابی ذر، رافع بن عمرو اور جابر بن عبد اللہ وغیر ہم سے روایت کیا ہے۔ نسائی نے ابو برزہ سے روایت کیا ہے کہ انہیں کہا گیا کیا آپ نے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو خوارج کا ذکر کرتے ہوئے سنا ہے؟ تو انہوں نے کہا ہاں میں نے اپنے دونوں کانوں سے سنا اور اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ... {ان رسول الله اتى بمال فقسمه فأعطىٰ من عن يمينه ومن عن شماله ولم يعط من وراء ه شيئاً فقام رجل من ورائه فقال يا محمد! ماعدلت في القسمه۔ رجل اسود مطموم الشعر عليه ثوبان ابيضان۔ فغضب رسول الله غضباً شديداً و قال له والله لاتجدون بعدى رجلاًهو اعدل منى ثم قال يخرج في آخر الزمان قوم كأن هذا منهم يقرئون القرآن لايجاوز تراقيهم يمرقون من الاسلام كما يمرق السهم من الرمية سيماهم التحليق لا يزالون يخرجون حتىٰ يخرج آخرهم مع الدجال فاذا لقيتموهم فاقتلوهم هم شر الخلق والخليقة} رسول اللہ کے پاس کچھ مال لایا گیا تو آپ نے اپنے دائیں بیٹھے ہوؤں کو اور اپنے بائیں بیٹھے ہوؤں کو دیا اور جو آپ کے پیچھے بیٹھے تھے انہیں کچھ نہ دیا تو ایک آدمی آپ کے پیچھے سے کھڑا ہوا اور کہنے لگا اے محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم آپ نے تقسیم میں عدل نہیں کیا... یہ ایک کالا گھنگھریالے بالوں والا حبشی تھا اور اس نے دو سفید کپڑے پہن رکھے تھے۔ تو نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم بہت سخت غصہ ہوئے اور فرمایا اللہ کی قسم تم لوگ میرے بعد مجھ سے بڑھ کر کوئی عادل نہ پاؤ گے۔ پھر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا کہ آخر زمانہ میں ایک قوم نکلے گی گویا کہ یہ انہیں میں سے ہے وہ قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے اوپر نہ چڑھے گا وہ اسلام سے ایسے خارج ہوں گے جیسے کہ تیر کمان سے نکلتا ہے ان کی نشانی سر مونڈھنا ہو گی اور وہ نکلتے ہی رہیں گے یہاں تک کہ ان کا آخری گروہ دجال کے ساتھ نکلے گا۔ پس جب تم انہیں ملو قتل کر دو کہ وہ مخلوق کے بدترین لوگ ہیں۔

صحیح مسلم میں عبد اللہ بن صامت سے مروی ہے وہ ابی ذرؓ سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا{ان بعدى من امتى...او سيكون بعدى من امتى...قوم

يقرؤن القرآن لايجاوز حلاقيهم، يخرجون من الدين كما يخرج السهم من الرمية ثم لا يعودون فيه هم شر الخلق والخليقة} بے شک میرے بعد یا میرے بعد میری امت سے ایک قوم ہوگی جو قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کے حلق سے متجاوز نہ ہوگا وہ دین سے ایسے خارج ہوں گے جیسے تیر کمان سے نکلتا ہے پھر وہ کبھی دین کی طرف نہ لوٹیں گے وہ بہت ہی برے پیدا کیے گئے لوگ ہیں۔ ابن صامت کہتے ہیں پھر میں رافع بن عمرو الغفاری سے ملا جو الحکم بن عمرو الغفاری کے بھائی ہیں۔ میں نے کہا وہ حدیث کیا ہے جو میں نے ابوذر سے ایسے اور ایسے سنی ہے؟ اور میں نے ساری حدیث ذکر کی۔ تو انہوں نے کہا اور میں نے اسے رسول اللہ ﷺ سے خود سنا۔

یہ معانی اس قوم وغیرہم کے متعلق موجود ہیں جن کے خلاف جناب علی رضی اللہ عنہ نے قتال کیا ہے۔ جبکہ ہم کہتے ہیں کہ علی رضی اللہ عنہ نے خوارج کے ساتھ قتال رسول اللہ ﷺ کے حکم کے سبب کیا جیسے کہ بیان کیا جاتا ہے کہ نبی ﷺ نے کفار سے قتال کیا یعنی جنسِ کفار سے قتال کیا۔ اگرچہ کفر کی مختلف انواع ہیں اور اسی طرح شرک کی مختلف انواع ہیں۔ جیسے کہ عرب جن بتوں کو الہ مانتے تھے وہ ایسے نہ تھے جنہیں ہند، چین اور ترک پوجتے تھے... لیکن جو کلمہ انہیں جمع کرتا ہے اور اس معنی میں لے کر آتا ہے وہ ہے لفظِ "شرک"۔

اسی طرح دین سے نکلنا اور اس سے خارج ہونا ہر اس شخص کو شامل ہے جو اس معنٰی میں آئے اور ایسے لوگوں کے ساتھ امرِ نبی ﷺ کے ساتھ قتال واجب ہے جیسے کہ ان (رافضی) لوگوں کے ساتھ قتال واجب ہے۔ اگرچہ اسلام سے خارج ہونے اور اس سے نکلنے کی بہت سی اقسام ہیں لیکن ہم نے بیان کیا ہے کہ رافضہ کا خروج اور ان کا دین سے نکلنا بہت ہی عظیم ہے۔

پس ان میں کسی گرفت میں آئے (مقدور علیہ) کو قتل کرنا... جیسے الحروریۃ اور رافضہ وغیرہ... اس میں فقہاء کے دو اقوال ہیں اور وہ دو روایتیں ہیں امام احمد سے اور صحیح یہ ہے کہ ان میں کسی کا قتل جائز ہے جبکہ وہ اپنے مذہب کی طرف دعوت دیتا ہو اور اس سے فساد برپا ہوتا ہو... بے شک نبی ﷺ نے فرمایا... اينما لقيتموهم فاقتلوهم... جہاں بھی انہیں پاؤ قتل کردو!

اور فرمایا لئن ادرکتھم لأقتلنھم قتل عاد...اگر میں انہیں پالوں تو انہیں قومِ عاد کی طرح قتل کر دوں!

اسی طرح امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے صبیغ بن عسل سے کہا {لو وجدتك محلوقا لضربت الذی فی عیناك} اگر میں نے تجھے سر مونڈھا ہوا پایا تو میں تیرا سر اڑا دوں گا! اور جیسے کہ امیر المومنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے عبد اللہ بن سبا کو بلا بھیجا جو سب سے پہلا رافضی تھا... تا کہ اسے قتل کریں تو وہ بھاگ گیا! اور اس لیے کہ یہ لوگ زمین کے اوپر سب سے بڑے فسادی ہیں پس اگر ان کا فساد قتل کے بغیر نہ جاتا ہو تو انہیں قتل کر دینا ہی بہتر ہے!

لیکن ان میں ہر ایک کو قتل کرنا واجب نہیں جب کہ اس سے کوئی ایسی بات ظاہر نہ ہو یا اس کے قتل میں کوئی راجح مفسدہ ہو... اسی لیے نبی کائنات ﷺ نے اس پہلے ابتداء کرنے والے خارجی کو قتل کرنے سے اجتناب کیا... تا کہ لوگ یہ نہ کہیں کہ محمد ﷺ اپنے ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں اور اس لیے کہ اس میں عام فساد برپا ہونے کا اندیشہ ہے۔ جب وہ پہلی دفعہ ظاہر ہوئے ان کے قتل کو ترک کر دیا گیا کیونکہ اس وقت وہ خلقتِ کثیر تھے اور اطاعت وجماعت میں ظاہری طور پر داخل تھے... تو اہلِ جماعت نے ان کے خلاف قتال نہیں کیا لیکن انہیں یہ بات اچھی طرح معلوم ہو گئی کہ یہ وہی لوگ ہیں جن کے متعلق مخبرِ صادق ﷺ نے خبر دی تھی!

جہاں تک ان کے کفر کا مسئلہ ہے!

تو اس میں بھی علماء کے دو مشہور اقوال ہیں اور وہ احمد بن حنبل سے دو روایتیں ہیں اور وہ دونوں اقوال خارجیوں، اسلام سے خارج حروریۃ اور رافضہ وغیرہ کے متعلق ہیں۔

صحیح بات یہ ہے کہ یہ باتیں جو ان لوگوں کے مونہوں سے سرزد ہوتی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نبی ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کیساتھ کفر ہے۔ اسی طرح ان کے افعال جو مسلمانوں کے ساتھ

جنسِ افعالِ کفار میں سے ہیں وہ بھی کفر ہیں۔ اور ہم نے اس کے دلائل بارہا مرتبہ ذکر کیے ہیں۔ لیکن ان میں سے کسی ایک معین کی تکفیر اور پھر آگ میں اس کی ہیشگی ثبوتِ شرائطِ کفر پر اور اس کے موانع کی نفی پر موقوف ہے۔ پس ہم نصوص کی بنیاد پر وعد و وعید کے باب میں تکفیر تفسیق کا قول مطلقاً کرتے ہیں اور کسی ایک معین پر یہ حکم لگا کر اسے اس عام کے مقتضیٰ میں داخل نہیں کرتے کہ جسکا کوئی معارض نہیں اور یہ قاعدہ ہم نے "قاعدۃ التکفیر" واضح بیان کر دیا ہے۔

اسی لیے نبی کائنات ﷺ نے اس شخص پر کفر کا حکم نہیں لگایا جس نے کہا تھا کہ جب میں مر جاؤں تو مجھے جلا دینا اور پھر میری راکھ پانی میں بہا دینا کہ اللہ کی قسم اگر اللہ قدرت رکھے گا تو وہ مجھے ایسا عذاب دے گا جیسا اسنے دونوں جہانوں میں کسی کو نہ دیا ہو گا۔ وہ اللہ کی قدرت کے بارے اور اس کو لوٹانے کے بارے میں شاکی تھا... اسی لیے علماء نے ایسے شخص کو جو محرمات میں سے کسی چیز کو حلال جانے، کافر قرار نہیں دیا کیونکہ اس کا عہد اسلام سے قریب ہے یا یہ کہ اس کی پرورش کسی بادیہ نشین علاقے میں ہوئی ہے۔ پس کفر کا حکم صرف رسالت ابلاغ کے بعد ہو گا۔

اور ان میں بہت سے ایسے لوگ ہیں کہ جن کے پاس صرف مخالف نصوص پہنچتی ہیں... لیکن وہ نہیں جانتے کہ رسول ﷺ کو ان نصوص کے ساتھ مبعوث کیا گیا تھا۔ پس مطلقاً ایسا قول کفر ہے اور اس کے کہنے والے کی تکفیر تب ہی ہو گی جب اس پر حجت قائم ہو جائے کہ جس کا ترک کرنے والا کافر قرار پاتا ہے۔

واللّٰہُ سبحانہٗ وتعالیٰ اَعۡلَمُ

مَجۡمُوۡعُ الۡفَتَاوِیٰ ابن تیمیۃ

صفحہ 468 تا 501 / جلد 28